# Teared Pages Within The Book Only

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224726

UNIVERSAL
LIBRARY

جلد (۸)　　شمارہ (۱)

زیر سرپرستی جناب خان فضل محمد خان صاحب ایم۔ اے ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

# حیدرآباد ریویو

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مجلس ادارت :۔ سید علی اکبر ایم اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن ملا بی اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبدالنور صدیقی بی اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) شریک مدیر
اللہ بخش بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) زائد شریک مدیر

(۱) طبقہ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقہ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

## قواعد

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (اسکہ رائجہ)
صرف اردو حصہ (۲) سالانہ قیمت فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب ضرورت تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ہ) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔
(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہوا رہے گا۔

## نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

| تعداد | سال بھر | ۶ ماہ | فی اشاعت |
|---|---|---|---|
| پورا صفحہ | ۴۰ | ۲۴ | ۴ |
| نصف صفحہ | ۲۴ | ۱۴ر | ۲ر۸ر |
| ربع صفحہ | ۱۴ | ۸ر۶ر | ۱ر۸ر |
| فی سطر | ۱ر | ۰ر۸ر | ۰ر۲ر |

اعظم انگریزی پریس حیدرآباد دکن میں طبع کرکے دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوا

# حیدرآباد ٹیچر

## بابتہ ماہ شہریور ۱۳۴۲ف م ماہ جولائی ۱۹۳۳ء

جلد (۸) فہرست مضامین شمارہ (۱)


| نشان سلسلہ | مضمون | مضمون نگار | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | افتتاحیہ | | ۲ |
| ۲ | معلم کون ہے؟ | جناب سید علی محمد صاحب اجلال | ۵ |
| ۳ | فروبل اور کنڈر گارٹن (۲) | " سید نورالحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی علیگ ڈپ ایڈ سی۔ ٹی (گلاسگو)۔ | ۷ |
| ۴ | میڈیم مانٹی سوری | جناب فیض محمد صاحب بی۔ اے۔ ڈپ ایڈ عثمانیہ | ۱۵ |
| ۵ | جان ڈیوی | جناب نواب میر احمد علیخاں صاحب ایم۔ اے ایم۔ ایڈ (لیڈز) لکچرار عثمانیہ یونیورسٹی ٹریننگ کالج | ۲۲ |
| ۶ | ماڈل پرائمری اسکول | جناب مس اے ٹائلر صدر معلمہ۔ | ۲۷ |
| ۷ | ابیات | جناب مولوی کاظم حسین صاحب قمر | ۳۲ |
| ۸ | تنقید و تبصرہ | | ۳۴ |
| ۹ | شذرات | | ۳۶ |
| ۱۰ | تعلیم ریاضی | جناب ڈی سی بھوگلے صاحب بی۔ اے بی۔ ٹی | ۴۰، ۴۳ / ۴۱، ۵۲ |

# افتتاحیہ

کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

افسوس کہ مولانا سید علی حیدر صاحب نظم طباطبائی المخاطب نواب حیدر یار جنگ بہادر نے ۱۸ محرم ۱۳۵۲ھ م ۱۸ اپریل ۱۹۳۳ء کو اس دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف حیدر آباد دکن محلہ ملا پلی میں صبح کو دفعتہً سعال کی شدت میں قلب کی حرکت رُک جانے سے رحلت کی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آہ از نیرنگی عالم کہ ہستند در جہان
ہر کمالے را زوال و ہر بہارے را خزان

نواب صاحب مرحوم کے والد جناب میر مصطفےٰ حسین صاحب مرحوم ابن میر محمد مہدی صاحب مرحوم ابن سید مکرم خان صاحب طباطبائی فوجدار جلال آباد تھے جنکا یہ ایک شعر "سیر المتاخرین" میں درج ہے ؎

ہمنے اب تک تو ترا عشق نبا ہا آہا ۔ کھا کے سو طرح کے غم۔ حیف پر تو نے کسی طرح نہ چاہا آہا۔ بانی جور و ستم

آپ کی حقیقی دادی جناب ذکیہ بیگم صاحبہ مرحومہ نواب مختار الدولہ بہادر (جو نواب آصف الدولہ بہادر کے عہد حکومت میں وزیر اودھ تھے) کی حقیقی پوتی تھیں آپکا سلسلہ نسب حضرت امام حسنؑ ابن علی ابن ابیطالب علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ اسمعیل بن ابراہیم بن حسن بن علی بن ابیطالب علیہ السلام کا لقب طباطبا ہے اور ان کی اولاد طباطبائی کہلاتی ہے کہتے ہیں کہ اسمعیل بچپن میں قاف کا تلفظ طا سے کرتے تھے۔ عید کے لئے باپ نے پوچھا کہ تمہیں کون چیز پہننے کی نبوادی جائے۔ کہا۔ "طبا طبا" یعنے "قبا قبا" اسی دن سے اُن کا لقب طباطبا ہوگیا آپ کا آبائی وطن لکھنو تھا چنانچہ آپ بھی ۱۸۵۲ء مطابق ۱۲ صفر ۱۲۶۸ھ

میں بمقام لکھنو محلہ حیدر گنج قدیم میں پیدا ہوئے۔

عربی ادبیات وغیرہ آپنے ملا طاہر نجوی اعلی اللہ مقامہ سے تمام وکمال حاصل کئے فارسی اور علم عروض وغیرہ میں منشی مینڈو لال رآز کے شاگرد تھے علوم منطق وفلسفہ وغیرہ آپنے علامہ مولوی محمد علی صاحب قلائدۃ الدین جو علامہ مفتی میر عباس صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ سے پیشتر مفتی تھے حاصل کئے عربی اور فارسی کے تمام فنون میں آپ کو اعلیٰ دستگاہ تھی آپ کے مختلف مضامین جو مختلف رسالوں میں شائع ہو رہے ہیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپنے ہر فن پر محققانہ نظر ڈالی ہے حقیقت یہ ہے اس زمانہ میں آپ کی ذات پر علامہ کا اطلاق صحیح معنوں میں تھا۔

تقریباً سولہ سترہ برس کے سن تک آپنے لکھنو ہی میں تعلیم وتربیت پائی وہاں سے پھر اپنے والد کے ہمراہ کلکتہ مٹیا برج میں تشریف لائے ایک مدت تک یہیں رونق افروز رہے اور تحصیل علوم ومطالعہ کتب علمیہ میں مشغول رہے اس درمیان میں اکثر لکھنو بھی جایا کرتے تھے۔ مٹیا برج میں جب شاہزادوں کا مدرسہ قائم ہوا تو اس مدرسہ میں آپ بھی اعلیٰ درسیات کے پڑھانے پر متعین ہوئے اور جبتک یہ مدرسہ قائم رہا آپ اپنی خدمت کو انجام دیتے رہے ۱۳۰۵ھ میں جب نواب واجد علی شاہ بہادر بادشاہ اودھ نے انتقال کیا اور مدرسۂ شہزادگان ٹوٹ گیا تو آپ کو مولوی میر افضل حسین صاحب مرحوم میر مجلس عدالت العالیہ نے اپنے فرزند آغا سید حسن صاحب مرحوم کی تعلیم کے لئے مٹیا برج سے تار دیکر حیدرآباد دکن میں بلوایا کچھ دنوں کے بعد آپ کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی کے مہتمم ہوگئے اسکے بعد پرنسپل مسٹر ہڈسن کے زمانہ میں آپ نظام کالج میں عربی کے پروفیسر ہوئے تقریباً بیس سال تک اسی خدمت کو انجام دیا پھر ہمارے اعلیحضرت قوی شوکت حضور سلطان العلوم مدظلہ العالی نے شہزادگان والاشان کی آتالیقی پر مامور کرکے شرف عزت بخشا تقریباً چار سال یہ خدمت انجام دیتے رہے پھر دارالترجمہ میں بعہدۂ ناظر ادبی تقریباً آٹھ سال رہے اسکے بعد وظیفہ پر علیحدہ ہوگئے لیکن وضع اصطلاحات کی کمیٹیوں میں انتقال سے ایک روز پیشتر تک شریک ہوتے رہے اور اپنی مفوضہ خدمت کو انجام دیا۔

مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم سے ہر سال طلبہ شعبہ عربی ودینیات سے پنجاب یونیورسٹی میں فاضل وعالم وغیرہ کے امتحان دینے جایا کرتے تھے لارڈ کرزن نے جب یہ قانون پاس کیا کہ ہر صوبے کے مدارس اسی صوبے کی یونیورسٹی کے تحت رہیں تو دارالعلوم کے طلبہ جو پنجاب میں امتحانات دینے کی اس سال تیاری کر رہے تھے مایوس ہوگئے آپنے اس امر کا احساس کرتے ہوئے ڈاکٹر اگھورناتھ پروفیسر سائنس نظام کالج سے ذکر کیا چنانچہ آپ کی اور ڈاکٹر صاحب موصوف کی کوششوں سے حیدرآباد ہی میں یہ امتحانات قائم ہوئے

اور آپ بھی منشی۔ عالم۔ فاضل وغیرہ کے ممتحن رہے۔

مدراس یونیورسٹی میں عربی فارسی کے امتحانات افضل العلماء فاضل وغیرہ جو قائم ہوئے وہ آپ ہی کی سعی مشکور کا نتیجہ ہیں۔

عربی ادب میں "بنیات[1]۔ معربات[2]۔ تعریب الاطفال[3] ہیں۔ عربی علم ہیئت میں۔ تشریح[4] الافلاک ہے اردو میں تلخیص عروض و قافیہ۔ شرح دیوان غالب۔ قابل قدر تصانیف ہیں۔

ترجمہ تاریخ طبری جلد دوم۔ شول ہسٹری آف انگلینڈ کے چار ابواب[5] کا ترجمہ کیا ہے۔ شرح دیوان امرالقیس (غیر مطبوعہ)۔ نظم طباطبائی جزو اول نظم طباطبائی جزو ثانی (غیر مطبوعہ) دیوان طباطبائی یعنے صوت تغزل اُن کے علاوہ آپ کے بہترین اور نادر مضامین مختلف عنوانوں پر شائع ہو چکے ہیں اگر وہ سب ایک کتاب کی صورت میں لائے جائیں تو ایک نادر و عجیب مجموعہ ہوگا۔

آپنے اپنے مخصوص تلامذہ کو خاص توجہ اور انہاک سے اپنے بحر علم و فن سے سیراب کیا ہے آپ شاگرد بنانے میں بہت احتیاط سے کام لیتے تھے اس کی وجہ آپ کی علمی مصروفیتیں تھیں پھر بھی بہت شاگرد ہیں ہر فن میں طلبہ نے آپسے استفادہ کیا ہے۔

پنڈت رتن ناتھ سرشار مصنف فسانۂ آزاد وغیرہ۔ مولوی عبدالحلیم شرر مرحوم لکھنوی میر نواز علی صاحب لعل مرحوم۔ غلام مصطفےٰ صاحب ذہین مرحوم میجر شائق حسین صاحب مرحوم سفیر عابد مرزا صاحب بیگم میر مہدی علی صاحب شہید حکیم محمد عابد صاحب عابد۔ مولوی سید علی محمد صاحب اجلال خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

مرحوم نے ادب اُردو کی جو بیش بہا خدمات انجام دی ہیں اُن کا احصا ناممکن ہے اور مولانا کی وفات سے ملک و قوم کو جو صدمہ پہونچا ہے اُس کی تلافی مشکل ہے۔

ہماری جناب باریتعالیٰ کے حضور میں دعا ہے کہ وہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

# مُعلّم کون ہے؟

از سید علی محمد اجلال موادی عالم مدرس مدرسہ فوقانیہ چنچل گوڑہ سکندرآباد

---

مُعلّم وہ ہے جس نے علم حاصل کرکے سمجھا — وہ ہو سرمایہ دار عقل اپنے فن میں یکتا ہو
لٹائے گوہر معنی سحاب چرخ پیما ہو — وہ کانِ علم ہو بہتا ہوا حکمت کا دریا ہو
کثافت جہل کی سب قلب کے دامن سے دھو جائے
اگر پیاسا کوئی آئے تو وہ سیراب ہو جائے

مُعلّم وہ ہے جس کے علم کا فیضان جاری ہو — خزاں ہو عالم امکان میں یا فصل بہاری ہو
گلوں سے علم کے یوں محفل حکمت سنواری ہو — دلوں پر طالب العلموں کے کیف علم طاری ہو
بڑھے ہر ایک کی ہمت اُمنگیں دل میں پیدا ہوں
صدائے اطلبوا الحکمۃ کو یہ سب سنکے شیدا ہوں

مُعلّم وہ ہے جو دل میں سمو لے علم و حکمت کو — اشاروں میں جو کر دے منکشف از حقیقت کو
لباسِ حُسن پہنا کر دکھائے فن کی صورت کو — کشش پیدا ہو جذب دل کرے مائل طبیعت کو
حصول علم کا ہر اک کے دل میں ذوق پیدا ہو
رہ نا آشنا سے سعی کرکے خود شناسا ہو

مُعلّم وہ ہے جو دکھلائے علم و فن کی منزل کو — مُعلّم وہ ہے جو عالم بنا دے ایک جاہل کو
مُعلّم وہ ہے جو دل سے ہٹا دے نقش باطل کو — مُعلّم وہ ہے جو بخشے صفا آئینہ دل کو
بنائے نفس کو تدبیر ایسی وہ ریاضت کی
اُتر آئے دلِ طلاب میں تصویر حکمت کی

مُعلّم وہ ہے جو خود پاؤں پر اپنے ہو اِستادہ　　اور اُس کے ساغرِ ہستی میں ہو عرفاں کا بادہ
کہیں دیکھے اگر وہ تشنۂ حکمت کو اُفتادہ　　وہ ہو اِیثار فطرت مے پلانے پر ہو آمادہ
پلائے اِسقدر شوقِ طرب میں جوش آجائے
نشے میں اِتنا وہ بیہوش ہو کہ ہوش آجائے

مُعلّم وہ ہے جو طُلّاب کی فِطرت سمجھتا ہو　　مہذب ہو اور اَخلاقِ حمیدہ سے مُحلّیٰ ہو
محبت کیش ہو جذبات کی اِک دِلمیں دُنیا ہو　　مسرّت اور خوشی کا وہ مجسّم اِک نمونہ ہو
دِلِ مغموم سے رنج و الم کا فور ہو جائے
جو آئے غمزدہ اِس بزم میں مسرُور ہو جائے

مُعلّم وہ ہے جو روحِ رواں ہو درسگاہوں کی　　وہ خود بھی اِک ضیا ہو علم کی تاریکراہوں کی
بڑھادے روشنی طلاب کے دِل اور نگاہوں کی　　حقیقت میں وہ ہو اِک فرد قومی خیر خواہوں کی
تسلّی اور دلاسا دیکے ہمت کو بڑھاتا ہو
پدر کیطرح مُشفق بن کے بچوں کو پڑھاتا ہو

فراہم اِس طرح سے وہ کرے سامانِ حکمت کو　　بنادے رشکِ فردوسِ بریں میدانِ حکمت کو
کرے آراستہ ہر گوشۂ ایوانِ حکمت کو　　بہار آگیں بنادے ہر گلِ بستانِ حکمت کو
بساں تو عروسِ ناز پروَر جب سنور جائے
پَری بن بن کے حکمت شیشۂ دِل میں اُتر جائے

# فروبل اور کنڈرگارٹن

از
جناب سید نورالحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) ڈپ ایڈ سی۔ ٹی (گلاسگو)

(۲)

کنڈرگارٹن کے معنی فروبل کی زندگی خصوصاً لڑکپن قید میں گذرا تھا نہ ہنسی کی اجازت تھی نہ کھیلنے کا حکم۔ یہی وجہ تھی کہ وہ محبت اور انسیت کے ذریعہ سے بچوں کی قوت کارکردگی کو بڑھانا چاہتا تھا بچے کام کرنے سے سیکھتے ہیں۔ کسی کام میں مشغول و منہمک ہونے کے بعد وہ خود بخود آلات و اسباب سے واقف ہو جاتے ہیں۔

عمل دماغ کی دوسری قوتوں کو استوار کرتا ہے۔

کنڈرگارٹن کے معنی بچوں کے باغ کے ہیں۔ مدرسہ مثل ایک باغ کے ہونا چاہیئے جسکے نازک پودے بچے ہیں۔ ان پودوں کو نہایت ہوشیاری سے بڑھنے کا موقع دینا چاہیئے۔

مختلف النوع آلات جو فروبل بچوں کو پیش کرتا ہے اُن کو تحفہ کے نام سے یاد کرتے ہیں اور مدرسہ کا کام کھیل کہلاتا ہے کھیل کا نام ہی بچوں کے لئے جادو کا اثر رکھتا ہے۔ وہ کام کو کھیل سمجھکر نہایت محنت اور دلچسپی سے کرتے ہیں۔ اسطرح سے تعلیم سے دلچسپی اور معلومات حاصل کرنے کی خواہش اُن میں بچپن سے جانگزین ہو جاتی ہے چھوٹے چھوٹے بچوں کو دیر تک بیٹھنے اور کھڑے رہنیکا حکم نہ دینا چاہیئے اور انہیں کبھی یہ محسوس نہونا چاہیئے کہ جب تک وہ

مقررہ کام کو ختم نکریں آزاد نہیں۔

بستان اطفال کے قیام کی ضرورت: اول تو ہندوستان کی معاشی حالت اسقدر ابتر ہے کہ کھانے کو غذا اور پہننے کو کپڑا میسر نہیں آتا۔ آبادی کا بیشتر حصہ فاقہ کشی کی مصیبتیں جھیل رہا ہے کثرت آبادی ایسے اشخاص کی ہے جو لاعلمی کی وجہ سے زندگی صحیح معنی میں بسر کرنا نہیں جانتے ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ سوائے چند مخصوص خاندانوں کے جنکو اللہ نے بہت کچھ دے رکھا ہے کوئی بچوں کو باقاعدہ طور پر تعلیم و تربیت نہیں دیسکتا یہ ناممکن ہے کہ ہر گھر میں بہترین آلات تعلیم مہیا کئے جا سکیں۔

اگر ایسا ممکن بھی ہو تو بھی بچوں میں وہ خوبیاں پیدا نہیں ہوسکتیں جنکی بیسویں صدی میں ضرورت ہے۔ خانگی تعلیم یافتہ لڑکوں کا زاویہ نگاہ محدود ہوتا ہے۔ اُن کو گنتی کے چند لوگوں کی زندگی دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ اُنکی ہر ضد اور ہر ہٹ گھر میں پوری کیجاتی ہے۔ گھر میں بچے کسی خاص ضابطہ اور لائحہ عمل کے پابند نہیں ہوتے۔ گھر کی تعلیم فن تعلیم کے لحاظ سے اور تربیت فن تربیت کے مطابق نہیں ہوتی۔

علاوہ بریں اجتماعی زندگی کا خواب بھی بچہ گھر میں نہیں دیکھتا۔ انفرادی زندگی کا وہ عادی ہوتا ہے اور اسی وجہ سے خود غرض اور خود پسند بن جاتا ہے جماعت کے لئے اپنی ہستی کو مٹا دینا اُسکو جب ہی آسکتا ہے جب اجتماعی زندگی بسر کرتے ہیں۔

انفرادی زندگی کا دور گذر چکا۔ بیسویں صدی میں اجتماعی زندگی ہی معرکہ حیات ہے خانگی نامیوں کو کنڈرگارٹن آسانی سے دور کرسکتا ہے۔ یہ تربیت خانے بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرتے ہیں۔ اُنکی تمام استعدادیں اور قابلیتیں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ اجتماعی زندگی عملی طور پر بسر کرتے ہیں جسکا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ عملی زندگی بسر کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں ہندوستان کی بدبختی یہ ہے کہ چھوٹا بڑا اس ملک کا فلاسفر ہے۔ جوان ہو یا بوڑھا سب کے سب خیالی دنیا کے ساکن ہیں۔ ایک شیخ چلی کا دربار ہے جہاں خوب خوب خیالی پلاؤ پکائے جاتے ہیں۔ ہوائی قلعے بنائے جاتے ہیں۔ اس قسم کی زندگی اس زمانہ میں غالباً بہتر ہو جب کھانے کو افراط سے موجود تھا۔ جب معاشی جدوجہد کا یہ عالم نہ تھا آج ہر شئے تیزی سے حرکت کر رہی ہے ناممکن ہے کہ پڑے پڑے سوچے اور زندگی کی دوڑ میں کامیاب ثابت ہو۔

ضرورت ہے کہ ہم اپنے بچوں کو زندگی کے اس معرکہ کے لئے تیار کریں۔ اُن کو عمر بھر

سماجی زندگی بسر کرنے کا عادی بنائیں۔ اُن میں روائی عمل۔ سعی۔ عقلمندی اور بصیرت جیسے جوہر پیدا کریں اِن کو قانونی فطرت کے مُوافق تعلیم دین جس سے اِن کے قوا مضبوط ہون اوَر دماغی قوتوں کی صحیح طور پر نشو ونما ہو سکے۔

رہنمائی اوَر معاونت کے ساتھ اِن کی فطری اُمنگون کو اُبھارا جائے۔ بُستان اطفال وہ طلسم ہے جس میں یہ سب خُوبیاں موجود ہیں گو ناگون تبدیلیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کنڈر گارٹن میں مختلف دماغ اوَر جسم کی بہبودی کے لئے کھیل کا اِنتظام کیا جاتا ہے اِس طریقہ تعلیم کا اثر یہ ہوتا ہے کہ آئندہ زندگی میں کام خوش اسلوبی اوَر دلچسپی سے کرتے ہیں۔ خود اعتمادی۔ صفائی۔ صحت۔ محنت۔ پھرتی جیسے اوصاف اُن میں پیدا ہو جاتے ہیں چونکہ بچوں کو بات چیت کرنے کی ترغیب دیجاتی ہے۔ لہذا ان کی زبان صاف ہوتی ہے۔ قوت مشاہدہ۔ قوت اختراع و ایجاد کے اُبھارنے کی خاص طور پر کوشش کیجاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ عادتیں لڑکپن میں دل و دماغ پر ثبت ہو جانے کے بعد نقش کالحجر ہو جاتی ہیں۔

نرس۔ آیا اور معلمہ کے اِنتخاب میں خاص طور پر احتیاط شرط ہے۔ ذرا سی لاپرواہی سے بچہ کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ یہ بات ملحوظ خاطر رہے کہ کنڈر گارٹن ایک طریق تعلیم ہے۔ کوئی عجوبہ چیز نہیں۔ روح کنڈر گارٹن کو سمجھنا چاہیئے۔ مدارس میں آزادی محبت اور ہمدردی کا اگر راج ہو تو بچے خوشی خوشی مدرسہ آئین گے اوَر کام اگر دلچسپ کھیل کی شکل میں پیش کیا جائے تو بچے ہنستے کھیلتے دن تمام کام میں مشغول رہیں گے۔ ہاں معلمہ کے لئے کام ضرور زیادہ ہو جاتا ہے۔ اُسکو پہلے اسباق تیار کرنے پڑتے ہیں پھر اُن اسباق کو کھیل کی صورت میں تبدیل کرنا پڑتا ہے۔

بستان اطفال اور اوسکے آلات و اسباب۔

مدرسہ کی عمارت وسیع ہو تاکہ تازی اور خوشگوار ہوا دل و دماغ کو فرحت بخشے بچون کی مثال نازک پودون اور پھولوں کی طرح ہے جنکو اگر آفتاب کی شعاعون اور نسیم و صرصر سے محروم کر دیا جائے تو دیکھتے دیکھتے کمہلا جاتے ہیں خصوصاً ہندوستان کے بچے جن کے والدین شہروں میں زندگی بسر کرتے ہیں اِن نعمت ہائے عظمیٰ سے محروم ہیں۔ ان کے جسمانی اور دماغی قوی کمزور ہو جاتے ہیں مدرسہ کی عمارت عام شاہراہ سے ذرا فاصلہ پر ہونا چاہیئے تاکہ خاک اُڑ اُڑ کر کمرے میں نہ آتی رہے اوَر بے تکی آوازیں کان کے نازک پردوں پر نہ پڑیں۔

مدرسہ سے ملحق ایک باغ کا ہونا لازمی ہے۔ بچون کو پودوں۔ درختوں۔ پھلوں اور پھولوں سے

خاص دلچسپی ہوتی ہے۔ یہ فطرت کے دلدادے اگر ایسے ماحول میں پرورش پائیں جہاں ننھے منے پرند۔ چھوٹی چھوٹی رنگین مچھلیاں۔ معصوم چوپائے اور نازک خوش رنگ پودے ہوں تو جمالیاتی قوت انکی طبیعت ثانیہ ہوجاتی ہے۔ مدرسہ کے اس بڑے باغ میں بچے اپنے چھوٹے چھوٹے باغیچے خود تیار کرسکتے ہیں۔ جو درخت بچے لگائیں زیادہ تر صدا بہار ہوں۔ مدرس کی رہنمائی سے بچے نہایت آسانی سے باغ میں سیر و تفریح کرتے کرتے موسموں کی تبدیلی کے راز کو سمجھ سکتے ہیں۔ کم از کم انکی سمجھ میں یہ ضرور آجاتا ہے کہ موسم پیداوار پر خاص اثر ڈالتا ہے اور مختلف موسموں میں مختلف پیداوار ہوتی ہے۔

بستان اطفال میں کم از کم دو صاف ستھرے حمام خانے ہونے چاہئیں جنمیں صاف و شفاف پانی کا انتظام باقاعدہ طور پر ہو۔ دن میں ایک مرتبہ تمام مدرسہ کے بچوں کو مدرس کی نگرانی میں غسل دیا جائے تاکہ مدرسہ میں روز نہاتے رہنے سے وہ روزانہ نہانے کے عادی ہوجائیں۔ انفرادی صفائی اجتماعی صحت کا راز ہے۔ بچوں کے بہت سے امراض جو غلاظت اور گندگی سے پیدا ہوتے ہیں اس طرح دور کئے جاسکتے ہیں۔

ہر مدرسہ میں ہاتھ منہ دھونے کا سامان ہر بچے کے لئے علیحدہ ہونا چاہیئے خصوصاً تولیہ ہر ایک کیلئے ہونا لازمی ہے۔ مدرس کی نگرانی میں یہ صفائی کے آداب کو خوشی خوشی سیکھ لیتے ہیں۔

اگر ممکن ہو تو چھوٹے چھوٹے پلنگ اور معمولی سا بستر مہیا کردیا جائے۔ تاکہ بچوں کو سلیقہ سے بستر بچھانا اور لپیٹنا آجائے۔ تعلیم یافتہ ہونے کے بعد بھی ہمکو نوکروں کا محتاج رہنا پڑتا ہے۔ میرا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ نوکر نہ رکھے جائیں بلکہ قابل تاسف یہ امر ہے کہ بغیر نوکر کے امیر گھرانے کے لڑکے اپنا ذاتی کام کرنا جانتے ہی نہیں۔

اسکے علاوہ کرسی و میز بالکل ہلکی بنی ہوئی ہوں تاکہ بچے آزادی سے انکو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجاسکیں۔ بچوں کی فطرت انکو ایک جگہ پنجلا بیٹھنے نہیں دیتی۔ یہ ستم ظریفی ہوگی اگر ہم فطرت کے خلاف انکو ایک جگہ بیٹھنے کا حکم دیں۔

مدرس کی میز اور کرسی کے علاوہ کمرہ میں ایک بڑا تختہ سیاہ ہو اور دیوار پر ایسا انتظام کیا جائے کہ بچے لکیریں کھینچ سکیں۔ بچے فطرتی طور پر مصور ہوتے ہیں دن رات وہ کچھ نہ کچھ نقشے بنایا کرتے ہیں اگر انکی اعانت کیجائے تو انکا یہ جذبہ یقینی ابھارا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ فروبل کا خود قول ہے کہ "تمام تاثرات اظہار کے لئے تڑپتے ہیں" ہمیں چاہیئے کہ بچوں کے تاثرات کا حتی الامکان موقع چھوٹی چھوٹی نیچی نیچی الماریاں ہر درجہ میں موجود رہیں تاکہ بچے کھلونوں کو اٹھا کر رکھ سکیں۔

مدرس کا فرض ہے کہ سجاوٹ اور سلیقہ کو ہر وقت مدنظر رکھے اور جو بچہ بے ڈھنگے طور پر الماری میں رکھتا ہے اُسپر خاص نظر رکھے تاکہ اُسکو اشیاء کا باترتیب طریقہ سے اُٹھانا رکھنا آجائے۔

عکسی اور قلمی تصاویر رنگا رنگ کی ہونی چاہیئے۔ تصویر بچوں کی توجہ کو جذب کرتی ہے۔ انمیں تصویر کے بابت سوالات کرنے کا شوق پیدا ہوتا ہے اِس شوق کو بڑھانا اور اچھی تصاویر جمع کرنے کا ذوق پیدا کرنا مدرس کا فرض ہے۔ متحرک تصاویر اور طلسمی فانوس کے ذریعہ سے نہایت کارآمد تعلیمی تصاویر بچوں کو دیکھائی جاسکتی ہیں اور اِسطرح معلومات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

دیگر آلات: مٹی جس سے والدین بیحد گھبراتے ہیں اور جس سے بچہ کو قدرتی طور پر لگاؤ ہوتا ہے بستان اطفال کے لئے ضروری چیز ہے۔ فطرت اُسکو مجبور کرتی ہے کہ وہ مٹی میں کھیلے۔ مٹی بچہ کے اعضائے بدن کو تقویت پہونچانے میں ممد و معاون ہوتی ہے۔ علاوہ بریں مٹی پر بچہ طرح طرح کی تصاویر بناتا ہے۔ نئے نئے حروف لکھتا ہے۔ مختلف قسم کی عمارات تیار کرتا ہے۔ یہ ہی ایک چیز ہے جہاں تاثرات کے اظہار کا موقع ملتا ہے ہماری کوتاہ بینی اور لاعلمی اِس حقیر چیز کے استعمال سے بھی اُس کو روکتی ہے۔ ہم اندھی محبت کے جوش میں بچے کو قیمتی لباس میں ملبوس کرتے ہیں اور لباس کے خراب ہونے کے ڈر سے بچے کی آزادی کو سلب کرتے ہیں اُسکو اِس قصور پر کہ قیمتی لباس کو مٹی میں کھیل کے خراب کیوں کیا سزا دیجاتی ہے بہتر یہ ہوتا کہ بچہ کو موٹے سے موٹا کپڑا سستا دیکھکر بنایا جاتا اور آزادی سے کھیلنے کودنے کی اجازت دیجاتی۔

بچوں کو خاص دلچسپی قصہ کہانی سُننے سے ہوتی ہے اوّل تو مدرس کو اِس فن کا اُستاد ہونا چاہیئے دوسرے سمعہ تصاویر کے کہانی کی کتابیں مدرسہ میں ہونا ضروری ہے۔

ترنم۔ بچہ کے کان سُریلی آوازوں کے سُننے کے اگر عادی نہوں تو زندگی کا آدھا لُطف جاتا رہتا ہے وہ مشرقی اور مغربی ترنم سے لُطف اندوز ہو ہی نہیں سکتے۔ ترنم کی تعلیم پر سقراط اور افلاطون نے جس قدر زور دیا ہے تعلیم یافتہ طبقہ پر ظاہر ہے۔ اِس کی ہندوستانی مدارس میں باقاعدہ تعلیم نہونیکا یہ اثر ہے کہ جب صبح کے وقت مدارس میں تعریف گائی جاتی ہے تو کوئی مدھم اور کوئی پنچم سُر میں الاپتا رہتا ہے۔ اگر آلات ترنم مدرسہ میں موجود ہوں اور جن بچوں کو قدرت نے خوش گلوی عطا فرمائی ہے بچپن سے بہترین راگ سنیں اور خود گائیں تو نہ صرف یہ کہ اوقات فرصت میں یہ فن دل بہلانے کا بہترین ذریعہ ہوگا بلکہ دوسروں کو محفوظ کر سکیں گے۔

بستان اطفال میں ماڈل ریل گاڑیاں، موٹریں، مختلف قسم کے جانور ماڈل گڑیوں کے گھر

اور دیگر ممالک کی طرز زندگی کے ماڈل پیش کیے جا سکتے ہیں۔

تربیت حواس (میڈم میریا مانٹے سوری نے تربیت حواس کے لئے خاص آلات ایجاد کیے ہیں جنکے توسط سے قوت لامسہ۔ قوت باصرہ۔ اور قوت سامعہ کو ترقی دیجا سکتی ہے۔ واقعی یہہ آلات اپنا جواب نہیں رکھتے لیکن گران ہونے کی وجہ سے ہندوستان سا مفلس و نادار ملک اپنے مدارس میں ان آلات کی فراہمی کا کفیل نہیں ہوسکتا۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ اساتذہ اختراع و ایجاد کی قوت کو کام میں لائیں اور ہندوستانی ماحول کو پیش نظر رکھکر اسی قسم کے آلات تیار کریں۔

فروبل کے تحفے۔ فروبل نے بیس تحفے 'بستان اطفال' کے واسطے منتخب کئے۔ فروبل کے تحفے، آجکل مقبولیت کی نظر سے نہیں دیکھے جاتے غالباً اس وجہ سے کہ موجودہ دنیا ترقی کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ یہ تحفے، روحانیت کے قائل اور صوفی منش عالم کی ایجاد ہیں۔

ان تحفوں میں مثلث، مربع، مستطیل شامل ہیں۔ مختلف رنگ کی لکڑیاں۔ دائرے اور نصف دائرے نما چھلے۔ نقشہ کشی کے آلات۔ سینے پرونے کے آلات۔ کاغذ کاٹنے کے آلات۔ کاغذ چڑھانے کا سامان۔ ماڈل کا سامان۔ وغیرہ۔

خواہ فروبل کے تحفے مقبول ہوں یا نہوں لیکن 'بستان اطفال' کا مفہوم دنیا نے سمجھ لیا اور اور یہ اسکے نام کی بقا کے لئے کافی ہے۔ بچوں کو آزادی دیکر فروبل نے نسل انسانی پر ایک گراں بہا احسان کیا۔ اسکا یہ مقولہ بستان اطفال کے ہر معلم و معلمہ کو یاد رہنا چاہیئے کہ "تعلیم عملی زندگی بسر کرنے کی دینا ہونی چاہیئے تاکہ کتابوں کی اور مدرسہ کی خود ایک چھوٹی سی دنیا ہو جسمیں بچہ عملی زندگی بسر کرے"۔

بچہ کی زندگی کا پہلا تجربہ عمل ہوتا ہے اور عمل ہی سے وہ سیکھتا، سمجھتا اور معلومات حاصل کرتا ہے لہذا بستان اطفال کی بنیادیں اور پوری عمارت عملی زندگی ہے۔

---

# میڈیم مانٹی سوری

از

جناب فیض محمد صاحب بی۔ اے۔ ڈپ۔ ایڈ (عثمانیہ)

اُنیسویں صدی عیسوی میں جبکہ حکومت نے ابتدائی تعلیم کی ذمہ داری اپنے سر نہیں لی تھی، اسکا انتظام خلق اللہ سے محبت رکھنے والوں نے اپنے ذمہ کر لیا تھا اور مالدار اور ذی اثر لوگ حسب حوصلہ دل کھولکر اس کارِ خیر میں ہاتھ بٹاتے رہے لیکن حکومت کی سرپرستی اور چند مالداروں کی اعانت و دستگیری میں زمین و آسمان کا فرق ہے اسی باعث اس زمانہ میں کم خرچ بالانشین کے اصول کے مطابق ایک مدرس طلبار کی کثیر تعداد کو تعلیم دیا کرتا تھا کیونکہ ظاہر ہے کہ اقتصادی حالات کے تحت اساتذہ کی تعداد کو زیادہ کرنا ایک مشکل بلکہ ناممکن کام تھا۔ اس خصوص میں جو زنف لنکاسٹر کا کارنامہ بہت ہی مہتم بالشان ہے۔ اس نے "خلیفائی نظام" کی مدد سے طلبار کی ایک کثیر تعداد کو تعلیم دینے کی مشکلات کو بہت بڑی حد تک حل کیا لیکن ان حالات کے ماتحت ضبط اور تدریس دونو میکانیکی تھے اور یہ فرض کر لیا گیا تھا کہ طلبار کی ایک کثیر تعداد ایک ہی کام کر سکتی ہے۔

لیکن جب حکومت نے ابتدائی تعلیم کی طرف توجہ کی تو اس کی صورت بالکل بدل گئی اسی وجہ سے گذشتہ صدی کے تعلیمی طریقوں میں کہیں نمایاں تبدیلیاں اور ترقیاں نظر آتی ہیں۔ اگرچہ اب بھی اجتماعی تعلیم کا طریقہ رائج ہے اور اس کی تائید میں یہ کیا جاتا ہے کہ طلبار کی کثیر تعداد کو ایک ہی قسم کی تعلیم کی ضرورت ہے تاہم بیسویں صدی سے تعلیم میں انفرادیت کا خیال زیادہ کیا جانے لگا اور نفسیات اور مطالعہ اطفال کے مدنظر ماہرین فن تعلیم نے اس حقیقت سے آگاہی حاصل کی کہ طلبار میں انفرادی تفرقات بہت زیادہ ہوتے ہیں اور کسی جماعت کے طلبار کے لئے ایک ہی قسم کا مواد مضمون مقرر کرنا اور سب مضامین کے لئے تمام کو ایک ہی وقت دینا ایک لغو اور فضول سی بات ہے اسی باعث اس امر کی ضرورت محسوس کی گئی کہ طلبار پر انفرادی طور سے توجہ دیکر اُن کی

انفرادی مشکلات کو حل کیا جائے۔

اس حقیقت کا بے نقاب ہونا بچوں کے لیے آیہ رحمت ثابت ہوا۔ بہت سے لوگوں نے اس سلسلہ میں نمایاں کام انجام دیے لیکن اٹلی کی مایہ ناز خاتون ڈاکٹر میریا مانٹی سوری کا طریقہ تعلیم اپنی نوعیت کے لحاظ سے ایک خاص اور ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے بچوں کی تعلیم کی حد تک اس کو عہد حاضر کی بہت ہی ممتاز ماہر تعلیم تصور کیا جاتا ہے۔

ابتدائی حالات:۔ میڈیم مانٹی سوری پیشہ کے لحاظ سے پہلے ایک ڈاکٹر تھی۔ علم طب کی تکمیل کے بعد اس کا زیادہ رجحان بچوں کے علاج کی طرف رہا اور عرصہ دراز تک اس کام کو انجام دینے کی وجہ سے وہ بچوں کی عام و خاص بیماریوں اور ان کے معقول علاج سے بخوبی واقف ہوگئی اس کے بعد اس نے معذور بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ دی۔ اس معاملہ میں وہ آئیٹارڈ Itard اور سیگوئین Seguin کی ان تحقیقات کی رہین منت ہے جو انہوں نے معذور بچوں کیلئے کی تھیں۔ یہ دونو مختلف تجربات کے بعد انفرادی دماغی قابلیتوں کا مطالعہ کر کے اس نتیجہ پر پہونچے تھے کہ دماغی قابلیت میں اگر خامی یا کمی ہو تو اس کو دور کر کے اس میں ترقی دی جاسکتی ہے۔ یہ نتیجہ ڈاکٹر موصوفہ کے لیے راہ نما ثابت ہوا۔ چنانچہ آئیٹارڈ کے متعلق اس کا خیال ہے کہ "آئیٹارڈ کی تعلیمی تصانیف بہت دلچسپ اور تعلیمی جد و جہد اور تجربوں پر مشتمل ہیں اور آج بھی جو کوئی ان کو پڑھتا ہے یہ تسلیم کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اہل میں تجرباتی نفسیات پر اس کی کوشش پہلی کوشش تھی"

آئیٹارڈ اور سیگوئین کے خیالات کی روشنی میں مانٹی سوری بچوں کی تعلیم کی طرف ایک خاص مطمح نظر کے ساتھ رجوع ہوئی۔ وہ بچوں کی بیماریوں کے چڑھاؤ اتار سے پوری طرح واقف تھی اسی بات اس کو بچوں کی تعلیم کے لیے مناسب و موزوں طریقے وضع کرنے میں کامیابی حاصل ہوئی۔ اس کا خیال ہے کہ بچوں کی تعلیم میں سب سے زیادہ اہم چیز دلچسپی ہے۔ تاوقتیکہ یہ برقرار نہ رہے تعلیم کوئی عمدہ نتائج پیدا نہیں کر سکتی۔ اس خیال کے مدنظر مانٹی سوری نے اپنے جو تعلیمی آلات ایجاد کئے ہیں وہ نہ صرف دلچسپ ہی ہیں بلکہ بچے از خود ان سے کام کرتے ہیں گویا اس طرح سے وہ اپنے آپ کو تعلیم دیتے ہیں۔ یہ تربیت خالص موضوعی نہیں ہے بلکہ اس کا منشا بچوں کے ذہنی قویٰ کو ایک عام ترقی دینا ہے، یہاں یہ خیال پیدا ہو سکتا ہے کہ شاید یہ سست طریقے نصاب سے بہت ہٹے پڑے ہوں گے لیکن مانٹی سوری نے آلات کی تشکیل کچھ اس انداز سے کی ہے کہ نصاب کے مقاصد اور نصاب التعین کو اس سے کسی قسم کا صدمہ نہیں پہونچتا بلکہ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ بچے عام طریقہ سے جلد اس طریقہ

تعلیم سے تحتانیہ سے نکلکر وسطانیہ میں داخل ہونے کے قابل بن جاتے ہیں۔ یہ بھی بجائے خود مانٹی سوری کے اصول تعلیم کی کامیابی کی ایک بڑی وجہ ہے۔

ڈاکٹر موصوفہ کے اصول معذور بچوں کے ساتھ ساتھ صحت مند بچوں کے لئے بھی وہی اہمیت رکھتے ہیں اور اُن کے ذہنی قویٰ کی اسی طرح عمدگی اور خوبی سے نشو و نما ہوتی ہے۔ گویا سب طرح کے بچے اس کے اصول سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ۱۹۰۷ء میں روما کے ایک ضلع سان لارنزو میں اُس نے ایک مدرسہ قائم کیا تھا جس کا نام اُس نے بجائے "مدرسہ" کے "خانہ اطفال" رکھا۔

آلات تعلیمی۔ مانٹی سوری نے بچوں کی تعلیم کے لئے جو تعلیمی اشیاء تیار کی ہیں اُن کو تعلیمی آلات کہا جاتا ہے۔ اُن کو ایسی جگہ رکھا جاتا ہے جہاں بچوں کا ہاتھ آسانی سے پہونچ سکے۔ بچوں کو میز کرسی دیجاتی ہے اور اُنہیں اختیار رہے کہ اگر وہ چاہیں تو فرش پر بھی کام کریں۔ اُستاد کی ہدایت (نہ کہ حکم) اور اپنی مرضی کے مطابق بچے کام کرتے ہیں۔ آزادی اور خود مختاری کی تعلیم خاص مطمحہ نظر ہے۔ البتہ صرف اتنی روک ٹوک کی جاتی ہے کہ ایک بچہ دوسرے کے کام میں خلل انداز نہ ہو اس طرح بچوں میں خود ضبطی بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

قبل اس کے کہ مانٹی سوری آلات کی تفصیل پیش کی جائے اس کے چند تعلیمی خیالات کو واضح کر دینا نامناسب نہ ہوگا۔ مانٹی سوری سزا و جزا کی قائل نہیں ہے بلکہ اُس کا خیال ہے کہ سزا اور انعامات مصنوعی یا جبری کوششوں کی طرف محرکات کا کام دیتے ہیں یعنی اُسکا مطلب بچوں کو فطری ترقی یا سعی کی طرف مائل کرنا ہے۔ وہ بچوں کے لئے ترقی جماعت کو انعام کا نعم البدل بتلاتی ہے اور حقیقت میں بچوں اور بالغوں دونوں کے لئے یہ ایک اچھا انعام ہے۔ نیز ڈاکٹر موصوفہ کا خیال ہے کہ اگر ماحول میں آزادی کی اسپرٹ ہو اور طلباء کے لئے اُن کے مدارج عمر کے لحاظ سے کام کرنے کے واسطے بہت سی چیزیں مہیا ہوں اور وہ خوشی سے اپنا کام انجام دینے پر تیار ہوں تو پھر سزا و جزا کی ضرورت باقی نہیں رہتی بلکہ بچے ہنسی خوشی مشکل سے مشکل کام بھی خود انجام دینے میں دریغ نہ کرینگے۔ مانٹی سوری کے کم و بیش تمام تعلیمی آلات میں بھی آزادی اور ذاتی سعی کی روح کارفرما نظر آتی ہے۔

تعلیمی آلات کی تفصیل۔ مانٹی سوری کے خیال کے مطابق ابتدائی مدارج میں تعلیم کا اصول یہ ہونا چاہیئے کہ اس سے حسی تربیت اور انفرادی آزادی کا منصوبہ پورا ہو، نیز بچہ میں ذاتی سعی و حسی امتیاز پیدا ہو۔ مانٹی سوری کے تمام تر آلات اسی قسم کی تعلیم کے لئے ہیں، ان کا تفصیلی ذکر بہت

طویل ہے اس لئے مشتے نمونہ از خروارے چند آلات کی تفصیل یہاں درج کیجاتی ہے جس سے اُسکے اُصولوں کی بڑی حد تک وضاحت ہوجائیگی۔ تفصیل کے لئے خود مانٹی سوری کی لکھی ہوئی کتابیں ہر مدرس اور ماں باپ کے لئے مفید ثابت ہونگی۔

شکل (۱) میں مختلف قطر اور بلندی کے دس اسطوانے ہیں اُن کا مقصد حسِ بصری کی ترتیب اور ابعاد کا اِدراک ہے۔ لکڑی کے کندے میں جو سُوراخ ہیں اُنہیں یہ اسطوانے چست بیٹھتے ہیں ہر اسطوانے کے سرے پر ایک گنڈی ہے تاکہ اُسکو بآسانی نکالا جاسکے۔ پہلے سیٹ A میں اسطوانوں کی بلندی یکساں اور قطر مختلف ہیں، دوسرے میں قطر مساوی اور بلندی مختلف ہے حتیٰ کہ آخری اسطوانہ قرص کے مانند ہے۔ تیسرے سیٹ میں اسطوانہ مختلف قطر اور مختلف بلندی کے ہیں۔

جب بچہ ان اسطوانوں کو دیکھتا ہے تو فطری طور پر اُن کو نکالنے کی ایک خواہش اُس کے دل میں پیدا ہوتی ہے اور جب بچہ سب اسطوانے باہر نکال لیتا ہے تو پھر اُن کو جانے کے لئے وہ کوشش کرتا ہے اور یہ اُس کے لئے بہت دلچسپ کام ہوتا ہے اور وہ انجان طور پر بصری اِدراک سے کام لیتا ہے۔

شکل (۲) میں دس ذوار بعتہ الاضلاع منشور ہیں۔ یہ بکھرے ہوئے ہوتے ہیں اور بچہ انکو ترتیب دیکر زینہ بناتا ہے اس طرح سے بچہ کو مختلف موٹائیوں کا اِدراک ہوتا ہے۔ پہلے آلہ میں سوراخ ایک حد تک بچہ کی رہبری کرتے ہیں کیونکہ اگر وہ چھوٹے سوراخ میں بڑا اسطوانہ داخل کرنا چاہے تو ایسا ممکن نہ ہوگا برخلاف اِسکے یہاں آنکھ کو ترتیب کی خامیوں کو محسوس کرنے کا موقع ملتا ہے اور حسِ بصری کی مکمل ترتیب ہوتی ہے۔

شکل (۴) میں مینار کی تصویر ہے۔ جسامت کے اِدراک کی مشق کے بہ نسبت مفید ہے۔ لکڑی کے کندون سے بچہ مینار بناتا ہے جس کے لئے اُسے خاصی ورزش کرنی پڑتی ہے اور ہوشیاری سے کام لینا پڑتا ہے۔

طول کے اِمتیاز کے لئے بچہ کو مختلف طول کی سلاخیں دیجاتی ہیں سب سے بڑی سلاخ کا طول ایک میٹر اور چھوٹی کا ایک ڈیسی میٹر ہوتا ہے ہر ایک سلاخ کو ایک ایک ڈیسی میٹر کے فاصلہ سے دو رنگوں مثلاً سُرخ و نیلگوں سے رنگا جاتا ہے اور بچوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ رنگ کے لحاظ سے اُنہیں جمائیں۔ اِس طرح وہ حساب کی ابجد سے تھوڑا بہت واقف ہوجاتے ہیں، ایک سے دس تک

گننا سیکھتے ہیں اور اعشاریہ کے بھی تھوڑے بہت تصورات اُنہیں حاصل ہو جاتے ہیں۔

ان کے علاوہ اور بہت سے آلات ایسے ہیں جن کے ذریعہ دیگر حواس کے ساتھ ساتھ ادراک کی بھی کماحقہ تربیت ہوتی ہے مثلاً مختلف رنگوں کی پہچان کے لئے رنگین ریشمی ڈوریاں استعمال کی جاتی ہیں۔ حسِ سماعت کی تربیت و امتیاز کے لئے مختلف بند اسطوانی ڈبے لیکر ان میں کنکر ڈالتے جاتے ہیں جس سے آواز میں اختلاف پیدا ہوتا ہے۔

حروف مختلف وضعوں کے خوبصورت ہوتے ہیں۔ سنہری، سفیدی، سیاہ، بچہ ان سے فطری طور پر دلچسپی لیتا ہے اور ساتھ ہی مختلف قسم کے رسم الخط سے واقف ہو جاتا ہے۔ یہ حروف نہایت خوبصورت اور جاذبِ نظر ڈبوں میں رکھے ہوتے ہیں۔

مانٹی سوری نے اپنے آلات میں خاص طور پر ورزش جسمانی کا خیال ملحوظ رکھا ہے، اشکال ۵، ۶، ۷ سے واضح ہوگا کہ ایک فریم کے اندر کپڑے رکھے ہوتے ہیں۔ بچے گنڈیاں لگانے اور ڈوریاں باندھنے کی مشق کرتے ہیں۔ چنانچہ یہ کہا جاتا ہے کہ مانٹی سوری کے طریقہ پر جن بچوں کی تعلیم ہوتی ہے وہ کپڑے پہننے اور اُتارنے کے معاملہ میں عام بچوں سے زیادہ چالاک ثابت ہوتے ہیں اور اس کام کو بہت جلد سیکھ لیتے ہیں۔

ہم نے یہاں صرف چند آلاتِ تعلیمی کا ذکر کیا ہے لیکن اُن کے تفصیلی جائزہ سے حیرت ہوتی ہے کہ اس پر تعلیم نے اپنی تعلیم میں زندگی کے تقریباً تمام شعبوں کی خاص رعایت رکھی ہے حالانکہ مدرسہ کی تعلیم خواہ وہ کسقدر ہی مکمل کیوں نہ ہو، اس عام تعلیم کا متمم ہو سکتی ہے جو بچہ اپنے گھر اور باہر کے سماجی اور طبعی ماحول سے حاصل کرتا ہے۔ مدرسہ کی تعلیم کا مقصد تعلیم کے تمام وسیع میدان پر حاوی نہیں چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب بچہ مدرسہ میں شریک ہوتا ہے تو اس وقت وہ بہت کچھ تعلیم حاصل کیا ہوا ہوتا ہے چنانچہ زبان کی مثال کو لیجئے۔ بچہ بہت کچھ گھر ہی میں سیکھ کر آتا ہے اور سب بچے یکساں سیکھے ہوئے نہیں ہوتے بلکہ ان کے اکتساب کا معیار اُن کے گھروں کی عام حالت کے متناسب ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مدرسہ کا مقصد مکمل تعلیم دینا نہیں بلکہ وہ عام تعلیم کا ایک متمم ہے بنا بریں یہ درست طور پر کہا جا سکتا ہے کہ گنڈیاں لگانا اور ڈوری باندھنا سکھلانا فضول اور زائد کام ہیں لیکن مانٹی سوری اپنے خیال کی تائید اسطرح کرتی ہے کہ اس قسم کے کھلونوں کے استعمال سے بچے از خود کپڑے پہننے اور اُتارنے کی حرکات سے واقف ہوتے ہیں اور مزید برآں مشق سے اُن کو استعمال بھی کر سکتے ہیں لیکن ڈاکٹر موصوفہ کا یہ خیال کسیقدر مبہم ہے کیونکہ ہم اپنی ٹائی آسانی سے باندھ سکتے ہیں لیکن

جب میز پر رکھی ہوئی ٹائی کو گرہ دینی ہو تو پھر ذرا دقت ہوتی ہے۔ اِس کے برخلاف اگر میز پر رکھی ہوئی ٹائی کو گرہ دینے میں مشق ہو تو خود اپنی ٹائی باندھنے میں دقت ہوتی ہے۔ اِسی لئے فریم میں رکھے ہوئے کپڑوں پر مشق کروانا کچھ زیادہ بہتر نہیں بلکہ اگر بچوں کو خود کپڑے پہننے کا موقع دیا جائے تو احسن ہوگا۔

اگرچہ میڈیم مانٹی سوری اِس معاملہ میں بہت دُور نکل گئی ہے تاہم اس کی مشق کوئی بُری چیز بھی نہیں ہے چنانچہ ہمارے یہاں تو اِس چیز کی سخت ضرورت ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں اور افسوس کے ساتھ دیکھتے ہیں کہ ہمارے یہاں امیروں کے بچوں کو بڑی عمر میں بھی کپڑے پہنانا اور اُتارنا برا برا نہیں آتا۔

یہاں تک تو ہم نے مانٹی سوری کے سادہ اور آسان آلات تعلیمی کا ذکر کیا ہے، اَب اعلیٰ تعلیمی آلات کو لینگے لیکن اُس سے قبل یہ مناسب ہوگا کہ فروبل کے تحائف اور اُس کے تعلیمی آلات میں جو مُشابہت یا اختلاف ہے اس کا اندازہ لگالیں۔

سرسری نظر میں ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ مانٹی سوری کے آلات فروبل کے تحائف اور مصروفیات کی ایک ترقی یافتہ صورت ہیں اور دونوں میں کسی قسم کا تضاد نہیں۔ لیکن حقیقت یہ نہیں ہے بلکہ دونوں میں بہت کچھ اختلاف ہے۔ مانٹی سوری تعلیم میں بچہ کی ذاتی سعی کا بہت زیادہ خیال ملحوظ ہے۔ اور بچہ کو مکمل آزادی دیجاتی ہے برخلاف اِسکے گو کنڈرگارٹن یا بالک باغ میں آزادی کی جھلک نظر آتی ہے تاہم اِس پر اجتماعی تدریس کا رنگ بہت کچھ غالب ہے کیونکہ ایک ہی وقت میں ایک ہی تحفہ لیکر پوری جماعت ایک ساتھ کام کرتی ہے۔ مثلاً پہلے تحفہ میں اُستاد بچوں کو گولے دیتے ہوئے کہتا ہے۔


بچو مجھے اپنے چھوٹے ہاتھ بتلاؤ
میں تمہیں ایک چھوٹا گولہ دوں گا
اَب اسے بند کرو اور چھوڑ دو
ایک پرندے کیطرح جو اپنے گھونسلے میں ہو


بچے آپسمیں گوں کا تبادلہ کرتے ہوئے گاتے جاتے ہیں، گو یہاں بھی آزادانہ عمل کا کچھ شائبہ نظر آتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ بچے ایک دوسرے کے ساتھ ملکر اجتماعی طور پر کام کرتے ہیں اور اُستاد اُن کی رہبری کرتا ہے۔ برخلاف اِس کے مانٹی سوری بچوں کو کامل آزادی دیتی ہے اور ذاتی سعی و مصروفیت کا بہت خیال رکھتی ہے چنانچہ بچوں پر کسی قسم کا جبر و تشدد نہیں کیا جاتا


اور نہ اُن سے کچھ کہا جاتا ہے با الفاظ دیگر بالکلیہ ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں اس نے ایک واقعہ قلمبند کیا ہے جو بہت ہی دلچسپ ہے۔


مانٹی سوری کے یہاں ایک سالہ بچی تھی جس کی عادت یہ تھی کہ کھلونوں اور دیگر تعلیمی آلات کو توڑ پھوڑ کر بنچ کے نیچے جا کر چھپ جایا کرتی تھی کئی دن تک یہی حال رہا اور نگرانکار ڈاکٹر موصونہ نے اس سے کچھ بھی نہیں کہا۔ لیکن ایک روز وہی بچی بجائے تعلیمی آلات کو توڑنے پھوڑنے کے ان سے کھیلنے لگی اور اس کے بعد سے وہ بہت اچھا کام کرنے لگی۔ مانٹی سوری اسی قسم کی خود روی چاہتی ہے کیونکہ اس کا یہ درست خیال ہے کہ جب تک بچہ میں کام کرنے کی دلی خواہش پیدا نہ ہو کام مسرت کا باعث نہیں بلکہ بیگار رہو جاتا ہے۔


فروبل کے یہ ایک تحفہ کو لیکر مانٹی سوری کے آلہ تعلیمی سے بحث کرنا ایک طویل کام ہے اسلئے ہم دونو کے مقابلہ سے جس نتیجہ پر پہونچے ہیں وہ یہ ہے کہ حسی تربیت کے نقطہ نظر سے فروبل نے تحفوں کے انتخاب میں غیر واضح فلسفیانہ خیالات اور مبہم اصولوں سے کام لیا تھا اور میڈیم مانٹی سوری نے آئیٹارڈ اور سنگوئیں کی ترقی یافتہ اور تجرباتی کوششوں کو پیش نظر رکھکر اس بات کا خاص لحاظ رکھا کہ وہی آلہ انتخاب کیا جائے جو بچہ کے لئے سب سے زیادہ مفید ہو چنانچہ اُس کے آلات میں جدید اصولوں کی جھلک پائی جاتی ہے۔











اعلیٰ تعلیمی آلات۔ اِس مقابلہ کے بعد اَب ہم اعلیٰ تعلیمی آلات کو لینگے ابتدائی کورس میں مانٹی سوری نے ایسی مشقیں رکھی ہیں جن سے ہندسی اَشکال کا اِدراک ہوتا ہے۔ اِس مقصد کے لئے لکڑی کے تختے میں ہندسی اَشکال کاٹ کر بٹھائی گئی ہیں۔ جن کو دَستے کے ذریعہ اُٹھایا جاتا ہے شکل ( ) بچہ نہ صرف اُن اَشکال کو اُٹھانے پر اکتفا کرتا ہے بلکہ اس کے اطراف اُنگلیاں پھرا کر اس کا مکمل اِدراک کرتا ہے اِس طرح سے اس کی عضلی نشو ونما بھی ہوتی ہے۔ اِس کے علاوہ وہ اُن اَشکال کو کاغذ پر رکھکر پنسل سے اُن کے اطراف لکیریں کھینچتا ہے اور پھر ان میں رنگ بھرتا ہے اس سے نہ صرف مختلف ہندسی اشکال کا واضح ورک میں ہوتا ہے بلکہ اِس طرح کی حرکت میں منسق ہوجانے سے لکھائی میں بڑی مدد ملتی ہے۔

لکھائی کی مشق کے لئے بڑے بڑے حروف میں رنگ بھرنے کا موقع دیا جاتا ہے اور ان حروف کے ساتھ ایسی اشیاء کی تصاویر ہوتی ہیں جن کے نام کا سرِ حرف، یہ حرف ہوتا ہے۔ بچے پہلے تو ان حروف پر اُنگلیاں پھیرتے ہیں اِس طرح سے کہ گویا وہ لکھ رہے ہیں۔ اِس کے بعد ایک لکڑی قلم کیطرح اِستعمال کی جاتی ہے، اُس سے نہ صرف عضلات کی حسّی قوت تربیت پاتی ہے بلکہ بصری حس کو بھی بڑی

تقویت بہم پہونچتی ہے۔ اسی لکھائی کے متعلق میڈیم مانٹی سوری نے ایک دلچسپ واقعہ لکھا ہے۔

"ڈسمبر کے مہینہ میں ایک دن جب کہ آفتاب نکلا تھا اور ہوا بھی پرکیف تھی میں بچوں کو لیکر چھت پر گئی۔ وہ آزادی کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ اُن میں سے چند میرے اطراف جمع ہوگئے میں مکان کی "چمنی" کے بازو بیٹھی ہوئی تھی۔ پانچ سال کا ایک بچہ میرے بازو بیٹھا ہوا تھا۔ اُس کے ہاتھ میں چاک کا ایک ٹکڑا دیتے ہوئے میں کہنے لگی اس چمنی کی تصویر تو بناؤ' اُس نے فوراً میرے کہنے کی تعمیل کی اور کوئلو پر چمنی کی تصویر بنادی۔ میں اپنے دستور کے مطابق اس کے کام کی تعریف کرکے ہمت افزائی کرنے لگی۔ بچہ نے میری طرف دیکھا' مسکرایا اور کچھ دیر تک اس طرح خاموش کھڑا رہا گویا فرط انبساط سے مدہوش ہوکر کوئی بیساختہ حرکت کرنے کو ہے اس نے چلاکر کہا "میں لکھ سکتا ہوں' میں لکھ سکتا ہوں" اور گھٹنوں کے بل بیٹھکر چھت پر اس نے لفظ" HAND لکھا۔ اسی جوش میں اُس نے چمنی' چھت وغیرہ حروف لکھے اور لکھتے لکھتے وہ کہتا جارہا تھا "میں لکھ سکتا ہوں میں لکھنا جانتا ہوں"۔

دوسرے لڑکے اُس کی آواز سُنکر اُس کے اطراف جمع ہوگئے اور ذرا حیرت سے اُسکے کام کو دیکھنے لگے۔ ان میں دو تین جذبات کے دباؤ سے کانپتے ہوئے مجھ سے کہنے لگے "مجھے بھی چاک دو میں بھی لکھ سکتا ہوں" فی الحقیقت اُنہوں نے مختلف الفاظ لکھے مثلاً ماں' ہاتھ' جان' چمنی وغیرہ وغیرہ۔

اُن میں سے ابتک کسی نے بھی چاک یا اس قسم کی کوئی دوسری چیز لکھنے کے لئے نہیں لی تھی۔ یہ پہلا وقت تھا جو اُنہوں نے لکھنا شروع کیا ہاں البتہ اُنہوں نے ہاتھ ضرور پھرایا تھا۔

اسکے بعد تو لڑکوں کی خوشی کا یہ عالم ہوگیا کہ وہ چوطرف لکھنے لگے اور تختہ سیاہ کے پاس ایک بھیڑ سی لگ گئی اور چھوٹے بچے تپائیاں رکھکر لکھنے لگے۔ دوسرے لڑکے جن کو یہاں موقع نہ ملا دروازوں اور کھڑکیوں کی طرف لپکے۔ ان دنوں تمام فرش پر چوطرف لکھت ہی لکھت نظر آتی تھی' گھروں میں بھی یہی عالم رہا یہانتک کہ اکثر ماؤں نے اپنے فرش اور دیواروں کو کالا ہونے سے بچانے کے لئے اپنے بچوں کو کاغذ اور پنسل دلوادیں

میڈیم مانٹی سوری کہتی ہے کہ "یہ بچہ کی نشوونما کا فطری طریقہ ہے" اس طریقہ سے مانٹی سوری اصول پر جن بچوں کی تعلیم دیگئی تجربہ سے ثابت ہوا کہ پانچ سال کا بچہ جو کچھ لکھ سکتا ہے وہ عام مدرسہ کا سات سال کا بچہ نہیں لکھ سکتا۔

اسی طرح مانٹی سوری نے سب میں گنتی کے لئے منکوں سے کام لیا ہے جو تاروں میں پروئے ہوئے

ہوتے ہیں۔ پہاڑوں کو یاد دلانے کے لیے بھی مقرون طریقوں سے کام لیا گیا ہے۔ حساب کے سوالات کو وہ مجرد نہیں بلکہ مقرون طور پر یعنی لین دین اور بیوپار کے ذریعہ سکھلانا اچھا سمجھتی ہے۔ چنانچہ اس مقصد کے لئے اس نے مختلف ممالک کے مصنوعی سکے تیار کئے ہیں تاکہ لین دین کے حسابات میں عملی کام ہو سکے گرامر اور تاریخ و جغرافیہ کی تعلیم میں بھی مقرون طریقہ کو ترجیح دیگئی ہے۔

اس طریقہ تعلیم سے یہ دیکھا گیا ہے کہ جس عمر میں عام طور پر بچہ تحتانیہ تعلیم کو ختم کر دیتا ہے اُس سے دو سال قبل اس اُصول کی مدد سے وہ لائق ترقی ہو جاتا ہے۔ یہ بھی گویا مانٹی سوری کے اُصول تعلیم کی کامیابی کی نمایاں دلیل ہے۔

بہر حال مانٹی سوری کا نظام تعلیم ابتدائی تعلیم کے باب میں ایک درخشان حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اس کا ایک ایسا مہتم بالشان کارنامہ ہے جو رہتی دنیا تک اُسے زندہ رکھے گا۔

# جان ڈیوی

از

جناب نواب احمد علیخاں صاحب ایم۔ اے، ایم۔ ایڈ (لیڈز) لکچرر عثمانیہ یونیورسٹی ٹریننگ کالج

ارکین کے مصلحین تعلیم میں سب سے زیادہ اہمیت ڈیوی کو دیجا سکتی ہے کیونکہ اُس کے خیالات نہ صرف جدید تعلیمی نظریہ کے ہر شعبہ سے متعلق ہیں بلکہ عام فہم ہونیکی وجہ سے وسیع پیمانہ پر اُن کا استعمال ہو رہا ہے۔ ڈیوی فلسفی بھی ہے، ماہر نفسیات بھی اور مصلح تعلیم بھی چنانچہ اُس کے خیالات میں فلسفہ کی گہرائی، اور نفسیات کی بینائی پائی جاتی ہے۔ ڈیوی ایک سائنس داں کہلانے کا مستحق ہے کیونکہ وہ مشاہدہ اور تجربہ کا قائل ہے اور اس نقطہ نظر سے اس کے خیالات میں سائنس کی دانائی بھی موجود ہے لہٰذا اُس کے تعلیمی خیالات ہر صورت سے مفید خیال کئے جا سکتے ہیں اور ان تمام سے زیادہ اہم خصوصیت ڈیوی کے خیالات کی یہ ہے کہ یہ نہایت ہی عملی ہیں، عمل سے اخذ کئے گئے ہیں اور نہ صرف موجودہ حالات سے مطابقت رکھتے ہیں بلکہ اُن میں استعداد گنجائش ہے کہ زمانہ مستقبل میں بھی ممکن العمل اور مفید ہو سکیں۔

ڈیوی کا سماجی کارکردگی کا مقصد فرد اور سماج میں موافقت و مطابقت پیدا کرنے کے دائمی

سوال کا جدید حل ہے۔ انفرادی خصوصیات و رجحانات کی نشوونما کے ذریعہ فرد کی آزادی کی تحصیل اور مختلف اداروں کی ترقی کے بدولت سماجی استواری کی تکمیل ایک ہی مقصد کے دو علیحدہ پہلو اس سماجی کارکردگی میں مضمر ہیں۔ سماج اور فرد میں مطابقت پیدا کرنے کا کوئی خاص زمانہ نہیں ہوتا۔ شروع ہی سے فرد کی تعلیم و تربیت میں اُس کا لحاظ رکھنا ضروری ہے فرد اپنی شخصیت کو زائل کئے بغیر اپنے آپ کو سماج سے مطابق کرسکتا ہے چونکہ جس ماحول میں اُسکی زندگی کا آغاز اور خاتمہ ہوتا ہے وہ سماجی ہے اور اُس کے توارث میں سب سے زیادہ موثر ورثہ اُس کو سماج ہی سے ملتا ہے۔ لہٰذا تعلیم میں اس ورثہ کو نظر انداز کر دینا یا اُس کی اہمیت کو گھٹانا سراسر غلطی ہے۔

ابتدائی تعلیم کی اہمیت محض اِس وجہ سے ہے کہ اس زمانہ میں آئندہ کا موزون پایہ رکھا جاسکتا ہے جامعہ تنگا گو کے تجرباتی ابتدائی مدرسہ کی ہفت سالہ خدمت کے دوران میں ڈیوی اِس بات پر متوجہ ہوا کہ شروع ہی سے بچہ کو اُسکے مختلف ماحول سے مطابق کرلینے میں مدد دیجائے۔ اِس ضمن میں اِس بات پر اصرار کرنا ضروری ہوا کہ بچہ اور ماحول دونوں بدلتے رہتے ہیں اور تعلیم و تربیت اِسطور پر دیجائے کہ بچہ میں مناسب لچک ہو تاکہ وہ آئندہ اپنے ماحول سے بہ آسانی مطابقت پیدا کرلے۔ اگر بچہ کی قوتوں اور رجحانات کو قائم تصور کرلیا جاتا اِس قسم کی تعلیم و تربیت ناممکن ہوجاتی۔ اِسکے برخلاف ارتقاء اور بالیدگی کا قبول کرنا مطابقت کے مقصد کی تائید اور آئندہ کی ترقی کی اُمید کو تازہ کرتا ہے۔ اِن خیالات کی عملی تائید ڈیوی کے تجرباتی مدرسہ کے شاغل اور مصروفیات سے پوری طور پر ہوتی ہے۔

مدرسہ میں گھر جیسی فضا پیدا کرنا اور بچوں کے دِلوں سے مدرسہ کی ہیبت کو دور کرنا تعلیم کے لوازمات میں سے ہے۔ ڈیوی جیسے تجربہ کار اور روشن دماغ ماہر گھر اور مدرسہ میں تعلق پیدا کرنے کو کبھی غیر مفید نہیں سمجھ سکتا۔ لیکن ساتھ اسکے تعلیم اور مدرسہ کے ماحول کو محض طلباء کی خوشنودی کے مدنظر ترتیب و تنظیم دینے کے یہ معنی ہونگے کہ زندگی کے کڑوے، پیچیدہ اور حقیقی پہلوؤں کو نظر انداز کرکے طلباء آرام پسند بنادئے جائینگے، حقیقی زندگی سے بےبہرہ ہوجائینگے اور مشقت سے جی چُرا کر زندگی کو کامیاب بنانے سے قاصر رہینگے۔ تعلیم کا مفید مقصد وہی ہے جس میں دلچسپی اور کوشش بروقت اکسائی جائے۔ ڈیوی کے تجرباتی مدرسہ میں اس مقصد سے کام لیا گیا اور نہ صرف گھر کی محبت اور ہمدردی مدرسہ کی فضا میں داخل کئے گئے بلکہ قوم یا سماج کے اہم مصروفیات اور مقاصد کی نمایندگی یہاں کی گئی۔

اِس قسم کی نمایندگی ضروری بھی تھی کیونکہ گھر یا خاندان کے محدود ماحول سے مطابقت کرلینا کافی نہیں بلکہ اس سے زیادہ وسیع ماحول سے مطابقت کرنا اس ماحول میں اپنی زندگی کو کامیاب بنانا اور سماج کی

ترقی کا باعث ہونا بہت زیادہ اہم ہے۔ مگر ممکن نہیں تھا کہ ابتدائی تعلیم کے دوران میں طلبار کی اسقدر وسیع تیاری ہوسکے اول تو ابتدائی تعلیم کا تعلق طلبار کی عام نشوونما سے ہے، دوسرے اس تعلیم کا زمانہ کم اور تیسرے طلبار کی محدود قابلیت اُس وسیع مقصد کی تحصیل سے قاصر ہے۔ اِن تینوں چیزوں کا لحاظ کرتے ہوئے کوئی ایسی تدبیر اختیار کرنی پڑی جو اس مقصد کی تحصیل میں بطور تمہید کے کام دے۔ انقلابی کہلائے جانے سے بچکر اپنے مفید اُصول کو مقبول بھی بنانا، نئے اِصلاحات کا خیال بھی کرنا اور تعلیمی رواج کی ایک حد تک پابندی بھی کرنا ناگزیر ہوا۔ چنانچہ ڈیوی کے مشاغل میں جدید نفسیات کی روشنی بھی پائی جاتی ہے، حالیہ تعلیمی رجحانات کی جھلک بھی دکھائی دیتی ہے اور قدیم رواج کا بھی اثر موجود ہے۔

جدید نفسیات کا مرکز و محور طالب علم ہے جسکے فطری رجحانات کا مطالعہ اس کا اساسی پایہ اور اُن رجحانات کی تربیت اُس کا اولین مقصد ہے۔ ارتقار کی یہ معتقد اور تعلیمی مضامین و مصروفیات کے انتخاب، تنظیم و درجہ بندی میں طالب علم کے نقطہ نظر کو اہمیت دیتی ہے۔ ڈیوی کے مشاغل میں اس نفسیات کی مناسبت سے بچوں کی ذہنیت و قابلیت کا خیال رکھا گیا ہے۔ جہاں سماجی یا قومی زندگی کی نمایندگی مقصود ہے وہاں پہلے یہ دریافت کرلیا گیا ہے کہ آیا سماجی یا قومی مصروفیات بچوں کے اُن کے خاص حالات کے مدنظر موزوں بھی ہیں اور کیا انکو وہ سمجھ سکتے اور اُن پر عمل کرسکتے ہیں اور کیا بچوں کی عام نشوونما میں اُن سے مدد ملسکتی ہے۔

ذاتی عمل اور خود روی کے بغیر کام میں نہ تو سلسلہ قائم رکھا جاسکتا ہے اور نہ اسکا اثر بچوں کے عادات و تربیت پر مستقل ہوسکتا ہے ذاتی عمل اور خود روی کو اُگسانے کی ضرورت ہے کہ تعلیمی مشاغل و مصروفیات کا تعلق بچوں کی ضروریات سے کیا جائے۔ ڈیوی اور اُس کے ساتھی اپنے تجرباتی مدرسہ کے آغاز کرنے میں اس اہم مسئلہ کے حل میں منہمک رہے کہ کونسی تدابیر اختیار کی جائیں جنسے مضامین و مصروفیات تعلیم بچوں کی روزمرہ اور عملی زندگی میں بھی کارآمد ثابت ہوں نہ کہ صرف مدرسہ تک ہی اُنکا تعلق رہے۔ موضوعی مضامین کی تنظیم و تعلیم بھی اسی خیال سے ہوتی رہی۔ یہیں سے پراجکٹ میتھڈ کی اختراع بھی ہوئی جس میں طلبا کے غور و فکر، ذاتی سعی اور انہماک پر زور دیا جاتا ہے۔

اٹھارویں صدی کے آخر سے جمہوریت کے اثرات میں اضافہ ہوتا گیا یہانتک کہ بیسویں صدی کے آغاز سے قبل ہی اسکے اثرات تعلیمی دائرہ میں نمایاں ہونے لگے۔ ہر ایک کو تعلیمی مواقع دینے کی تدابیر وقوع میں آئیں اور ہر ایک کو اپنی اہلیت و قابلیت کی مناسبت سے ترقی کرنے کی آزادی کی طرفداری میں اضافہ ہوا۔ مدرسہ کی فضا اور کاروبار کے ذریعہ جماعتی احساس پر اہمیت دی گئی۔ آزادی، اشتراکیت، شہریت، مساوات ڈیوی کے سماجی کارکردگی کے مقصد کے شعلات ہیں جو جمہوریت کی حقیقی خصوصیات ہیں۔

جدید رجحانات کا اہم پہلو حقیقی تعلیم و معاشی رہبری سے متعلق ہے۔ ابتدائی تعلیم میں ممکن نہیں کہ صنعتی تعلیم باقاعدہ طور پر شروع کیجائے لیکن اسبات کی کم از کم ضرورت ہے کہ بچوں کو عملی کاروبار سے واقف کرایا جائے۔ اس کے لئے مفید ترین مواد قوم کی اس مصروفیت سے حاصل ہوسکتا ہے جس کی کامیابی پر قوم کی ترقی کا انحصار ہے۔ اِس ضمن میں ڈیوی کے مدرسہ میں شاپ ورک رکھا گیا تھا جس میں لکڑی اور اوزار سے کام لیا جاتا پکانا سکھلایا جاتا اور سینے اور بُننے سے بچوں کو واقف کرایا جاتا تھا۔ اِن چیزوں کے سلسلہ میں بچے تاریخی جغرافی اور علمی معلومات ایک حد تک حاصل کرلیتے اور اُن کے مفاد سے روشناس ہو جاتے اور اُن کی آئندہ تعلیم کا پایہ ڈالا جاتا۔ ذرا غور کرنے سے معلوم ہوجائیگا کہ ڈیوی نے ان شاغل کی تنظیم میں ارتباط باہمی کے مسئلہ کا عملی حل بھی پیش کیا ہے۔ اِس سے بڑھکر ڈیوی مرکزیت کے اُصول کی تائید کرتے ہوئے سماجی زندگی کو مرکز قرار دیتا ہے جس کے ضمن میں مدرسہ کی دوسری مصروفیات کارآمد شمار کی جاتی ہیں۔ ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ڈیوی خصوصی تعلیم و تربیت کی ضرورت کو واضح کرتا ہے مگر ساتھ اِسکے اِس تعلیم و تربیت کو محدود نہیں کرنا چاہتا بلکہ شائستگی اور مفاد کے مقاصد کی تحصیل ساتھ ساتھ کرنے پر توجہ دلواتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان مقاصد پر ابتدائی تعلیم میں عمل نہیں کیا جاسکتا لیکن آیندہ تیاری کے لئے پایہ ڈالنے پر توجہ کی جاسکتی ہے کیونکہ فطری رجحانات پیدائشی ہیں جنکا مشاہدہ شروع ہی سے کرکے کارآمد تربیت کا چارہ کار اختیار کیا جاسکتا ہے۔

جدید نفسیات کے باوجود اس بات کی ضرورت ہمیشہ لاحق ہوتی رہیگی کہ ابتدائی زمانہ میں خصوصاً اور تمام موضوعی تعلیم کے دوران میں عموماً مقصد، نظم و نسق و طریقہ تعلیم کے اختیار کرنے، رواج دینے، اور عمل میں لانے کی ذمہ داری طلبار سے باہر کسی ذریعہ یا ذرائع پر عائد کیجائے چاہے یہ ذریعہ خاندانی ہو، مذہبی ادارہ ہو یا کہ ریاست یا اُنکے نمائندے۔ طلبار کبھی نہ کبھی اپنے سے زیادہ تجربہ کار، جہاں دیدہ اور قابل اشخاص کی رہبری، رائے و مشورہ کے محتاج رہینگے۔ مثل قدیم رواج کے مقتدر شخصیت کی اہمیت برقرار ہے اور اُس کے وجود کا اعتراف کرنا پڑیگا، البتہ زمانہ کی رفتار کے ساتھ ایسی شخصیتوں کے بیجا اثرات طلبار کی انفرادیت کو فرو کرنے کے کم مجاز رہینگے لیکن یہ ذرائع اپنے اثرات بالکل ہی زائل نہیں کرسکتے۔ حالیہ مصلحین و مفکرین تعلیم نہ صرف اُن ذرائع کو تسلیم کرتے ہیں بلکہ اُن کے تعلیمی پروگرام کی کامیابی اُن ذرائع کی امداد اور کارکردگی پر منحصر ہے۔ مثل زمانہ ماقبل کے معلومات کا حاصل کرنا، معلومات کا بہم پہونچانا اور معلومات کی اشاعت آجکل بھی اہم ہیں اور آیندہ بھی اُن کی اہمیت برقرار رہیگی چونکہ جسقدر زیادہ علم جو رکھتا ہو اُسیقدر عام طور پر وہ عملی کام بخوبی انجام دیسکیگا۔ مشتملات تعلیم سے معلومات خارج نہیں کئے جاسکتے البتہ طلبار کی نفسیات کا لحاظ کرکے اُن کی پیشکشی اور اُن کے انکشاف کے طریقوں پر توجہ ہوتی رہیگی۔ مواد تعلیم کے سلسلہ میں آجکل

ضروری غیر ضروری، مُفید اور غیر مُفید پر بحث ہوتی ہے مگر باوجود اِسکے زمانہ ماقبل کے زیبائش کے خیال نے اپنا اثر زائل نہیں کیا چنانچہ موجودہ زمانہ کے ماہرین تعلیم نے ادبی اور اخلاقی عناصر کو نظرانداز نہیں کیا اور درحقیقت اُن کا نظرانداز کر دینا گویا قوم کی ترقی کو محدود کر دینا ہے۔ حالیہ تعلیمی نصابات میں ادبی مضامین پر کافی اہمیت دی جاتی ہے جو شائستگی کی طرفداری کی دلیل ہے۔ ڈیوی کا تعلیمی نصاب فائدہ اور شائستگی کے مدنظر تنظیم دیا گیا ہے ڈیوی قدیم اور جدید مقاصد کو ایک جگہ کرنا چاہتا ہے۔ اُس کے تعلیمی مشتملات میں وہ مضامین شامل ہیں جو ایک زمانہ سے مدارس کا نصاب رہے ہیں۔ طلبار کی تعلیم و تربیت میں رہبر اور رہبری کو ضروری خیال کرتا ہے گو طلبار کی نشوونما میں انفرادیت اور آزادی کے پہلوؤں پر زور دیا گیا ہے۔ جمہوریت کے باوجود مساوات عمل میں ناممکن ہے ڈیوی جیسے مصلحین سب کو یکساں تعلیمی مواقع دینا چاہتے ہیں مگر قدیم خیال کو تسلیم کرنا پڑیگا کہ سب کے لئے یکساں ترقی ممکن نہیں۔ چنانچہ اعلیٰ بچے، غبی بچے، کند ذہن بچے، اسبات کا ثبوت دیتے ہیں کہ قدیم رواج کی مطابقت اس حد تک کرنی لازمی ہے کہ انفرادی خصوصیات کی مناسبت سے جو زیادہ اہل ہیں اُن کو کامیابی کے زیادہ مواقع دیئے جائیں کہ یکساں سب کو موقع دینے کے خیال سے اُن کی ترقی محدود ہو جائے۔

سائنس انسان کی زندگی کے تقریباً ہر شعبہ کو متاثر کر رہا ہے۔ تعلیم میں بھی نہ صرف مشاہدے، تجربے اور تحقیقات کی اہمیت بلکہ اُن کی ضرورت کا احساس دن بدن ترقی پر ہے اور جان ڈیوی ان چیزوں پر زور دیکر ترغیب دلاتا ہے کہ اُس کے خیالات کو عمل میں لانے سے قبل مقامی اور قومی حالات کی مناسبت سے اُن کی جانچ کیجائے۔ یہی طریقہ دراصل کامیابی کا باعث ہوگا نہ کہ کسی کی اندھی تقلید۔

# ماڈل پرائمری اسکول

از مس۔ اے۔ ٹائیلر۔ صدر معلمہ

اس مدرسہ کا قیام تجربہ کی غرض سے عمل میں آیا ہے۔ ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ایک ہندوستانی مدرسہ جس میں آب وہوا اور مختلف حالات کا لحاظ بھی رکھا گیا ہے۔ ان نئے اصول پر جو امریکہ اور انگلستان کے موجودہ اور جدید قسم کے اکثر مدارس میں رائج ہیں کس طرح چلایا جا سکتا ہے اس کے متعلق یہاں چند ضروری باتیں قابل ذکر ہیں۔

(۱) لڑکوں اور لڑکیوں کا باہم مل جل کر تعلیم پانا۔ لڑکے اور لڑکیاں باہم اسطرح مل جلکر کام کریں کھیلیں کودیں گویا ایک ہی خاندان میں رہتے سہتے ہیں فرق اتنا ہوتا ہے کہ لڑکے مردانہ کاموں میں حصہ لیتے ہیں اور لڑکیاں سینے پرونے کا کام کرتی ہیں لڑکے فٹ بال کھیلتے ہیں اور لڑکیاں ہیاڈ منٹن میں شریک ہوتی ہیں لڑکیاں آٹھ سال کی عمر تک رہتی ہیں لیکن لڑکا دس یا گیارہ سال کی عمر تک رہ سکتا ہے کیونکہ اس مدرسے کی حیثیت نہ صرف کنڈرگارٹن کی بلکہ ایک مکمل پرائمری اسکول کی ہے۔

(۲) انفرادی کام۔ اس سے مراد وہ کام ہے جو بچہ اپنی مرضی کے مطابق جتنی دیر میں چاہے اتنی دیر میں انجام دے جسمیں وقت کا تعین از روئے قواعد نہ کیا گیا ہو۔ اس طرح پر کام لیا جائے تو جماعت میں کوئی لڑکا ایسا نہ ملیگا جو بیوقوف کہلائے اکثر حالتوں میں بیوقوف لڑکے سے اگر اسکی مرضی کے مطابق کام لیا جائے تو وہ بھی دوسرے لڑکوں کی طرح چالاک ثابت ہوگا قصور لڑکے کا نہیں بلکہ مدرسے میں شریک ہونے سے پہلے یا تو اسکی تعلیم ناقص ہوئی ہے یا کوئی دوسرے اسباب ایسے پیش آئے ہیں جنکی وجہ سے وہ جماعت میں پیچھے ہے اور اس معیار تک جو اس کے ہم عمر بچوں کے لئے مقرر کیا گیا ہے نہیں پہونچ سکتا ہے لڑکوں کو اُن کی استعداد کے مطابق ایک جماعت سے دوسری جماعت میں منتقل کرنیکا خیال کوئی نیا نہیں ہے لیکن ہندوستان میں یہ ایک نئی بات سمجھی جائیگی۔ فرض کیجئے کہ آپ کا بچہ اُردو میں جماعت سوم کے قابل ہے حساب میں جماعت دوم میں چل سکتا ہے۔ اور صرف

انگریزی میں اسکی استعداد ایسی ہے کہ وہ دونوں جماعتوں میں سے کسی جماعت میں بھی رکھا جا سکتا ہے اس طرح پر اگر اس کو انہیں لڑکوں کے ساتھ رکھا جائے جو اُس کے ہم استعداد ہیں تو اسکی تعلیم کی بنیاد اچھی قائم ہوتی ہے نہ وہ کام کو زیادہ سخت پاکر پست ہمت ہوتا ہے اور نہ اپنی استعداد سے گھٹے ہوئے کام سے اُس میں کہالت کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔ ایک بہت ہی چالاک لڑکا اُن لڑکوں کے ساتھ مل کر کام کر سکتا ہے جو اُس سے بہت زیادہ عمر کے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ کسی مضمون کی کمزوری کی وجہ سے نیچے کی جماعت میں روک لیا گیا ہے تو آپ کو ہرگز کسی قسم کا اندیشہ نہ کرنا چاہیئے اور نہ یہ خیال کرنا چاہیئے کہ اگر وہ اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ نہ رہے تو اس کی کچھ بھی تعلیم نہ ہوگی۔

(۳) ہمارے طریقہ ہائے تعلیم:۔ کنڈرگارٹن میں ہم مانٹی سوری کے طریقوں پر کاربند ہوتے ہیں اس طریقہ تعلیم میں حواس خمسہ کی تربیت ہوتی ہے اور عمل کے ذریعہ سے تعلیم دیجاتی ہے مانٹی سوری کے طریقہ تعلیم کے لئے جن جن آلات اور سامان کی ضرورت ہے وہ سب یہاں موجود ہیں اور جیسی جیسی ضرورتیں پیش آتی ہے اُن میں ہم اپنی ایجادات کا بھی اضافہ کرتے رہتے ہیں۔ کنڈرگارٹن کے لئے جو معلمہ صاحبہ مامور ہیں اُنہوں نے اطالیہ میں خود ماڈیم مان ٹیسوری سے مان ٹیسوری طریقہ کی ٹریننگ حاصل کی ہے۔ اس کے علاوہ ایک معلمہ انگلستان میں کنڈرگارٹن کی ٹریننگ یافتہ، ایک فزیکل کالج کا تعلیم یافتہ میٹرک کامیاب مدرس، اور ایک۔ الف، اے کامیاب ٹریننڈ مدرس بھی یہاں موجود ہے۔ موانٹے میں دو اور ٹریننڈ مدرسین کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ جس وقت طلبہ کی تعداد بڑھ جائیگی اُن کا بھی تقرر کر لیا جائیگا غرضکہ اس پرائمری اسکول کا جملہ اسٹاف ماہر فن ٹریننڈ مدرسین پر مشتمل ہے۔ جب بذریعہ عمل کنڈرگارٹن میں بچوں کو تعلیم دلوائی جائیگی تو بڑے ہونیکے بعد اُستاد کی مار کا خوف یا انعام کی ہوس اُنہیں تعلیم پر مائل نہ کریگی بلکہ اُن میں خود تعلیم کا اصلی شوق پیدا ہوگا۔ ہم بچوں کو کھیل کود کے ذریعہ سے تعلیم دیتے ہیں۔ امریکہ میں یہی طریقہ تعلیم رائج ہے اور انگلستان میں بھی میں نے اُس کو نہایت کامیابی کے ساتھ چلایا ہے۔ میں یہاں بھی اسی طریقہ کا تجربہ کرنا چاہتی ہوں اور اس خصوص میں آپ حضرات کی مدد کی خواہاں ہوں۔

جس طریقہ تعلیم کا میں نے ذکر کیا ہے وہ اسطرح آسانی سے آپ کی سمجھ میں آجائیگا۔ مثلاً آپ میں اکثر حضرات ایسے ہونگے جو کوئی نہ کوئی دلچسپی کا شغلہ ضرور رکھتے ہونگے اور اسمیں اپنے وقت کا ایک بڑا حصہ خوشی خوشی صرف کرتے ہونگے۔ آپ کا بہت سا وقت ٹینس میں یا اسٹامپ جمع کرنے میں یا فوٹوگرافی میں یا موسیقی میں یا کسی اور دوسرے مشغلے میں صرف ہو جاتا ہے اور اسی سلسلے میں آپ کو بہت ساری باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ آپ کو ان مشغلوں میں وقت صرف کرنیکا ذرہ بھر بھی افسوس نہیں ہوتا اور جیسے ہی آپ اپنے دن بھر کے کاموں سے فراغت پا جاتے ہیں فوراً ان شغلوں میں لگ جاتے ہیں۔ اسیطرح بچہ کی دلچسپی کا شغلہ بھی کھیل ہے۔ لیکن

اُس کے لئے کھیل تضیع اوقات کا باعث نہیں جیسا کہ آپ کی دلچسپی کا شغلہ آپ کے لئے تضیع اوقات کا باعث ہے۔ بچے کو جو الفت کھیل سے ہوتی ہے اُسی کو ہم تعلیم کے کام میں لاتے ہیں جس سے اُس کے اسباق اُس کے لئے دلچسپی کا شغلہ بن جاتے ہیں جو کچھ بھی وہ کرتا ہے رضا و رغبت سے کرتا ہے نہ کہ جبر و اکراہ سے کام اُس کے لئے خوشگوار بن جاتا ہے جس قدر زیادہ کام ہو اسیقدر خوشی سے وہ اُس کو کرتا ہے۔ آپ حضرات میں سے کتنے ہی ایسے ہونگے جنہوں نے جغرافیہ کے شوق میں اپنے کھیل کود کے اوقات اور گیس کے گھنٹوں کو نظر انداز کر دیا ہے یہاں بھی جماعت دوم میں بالکل ایسا ہی واقعہ پیش آیا۔ اُستاد کے پڑھانے کے بعد بھی بچوں نے جغرافیہ کو جاری رکھا اور یہ درخواست کی کہ اُنہیں بھی کام کرنے کی اجازت دیجائے گھر پر بھی اُن کو یہی کام دیا جائے اور کھیل کے وقت میں بھی اُن سے یہی کام لیا جائے۔ کیا آپ میں سے کسی کو یاد ہے کہ آپ نے کبھی اس شوق و رغبت سے ہوم ورک دینے کی اُستاد سے درخواست کی ہو؟ جغرافیہ کے نمونے بچوں کے آگے دوسرے لوگوں کی زندگیوں کا مرقع پیش کرتے ہیں چنانچہ جغرافیہ کے جس قدر اسباق ہیں اُن میں ہم اسی انسانی زندگی کے عنصر کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ یعنے ہم بچوں کو یہ بتلاتے ہیں کہ انسان کیا کھاتے ہیں کیا پہنتے ہیں کیسے بڑے ہوتے ہیں کس طرح بود و باش کرتے ہیں اور ہم میں اُن میں فرق کیوں ہے۔ تاریخ میں ڈرائنگ کے نمونوں اور ڈراموں کے ذریعے سے کام لیا جاتا ہے کسی ایک پرانے زمانے کے واقع کو ڈرامے کی شکل میں لڑکوں کے سامنے اِس طرح پیش کیا جاتا ہے کہ قدیم زمانے کے لوگوں کی زندگی کا مرقع ہو بہو اُن کے سامنے آجائے اور سنین ماضیہ کا تصور خود بخود اُن کے دل میں پیدا ہو جائے۔ اِس امر کی ضرورت باقی نہیں رہتی کہ اُن کو سنین رٹوائے جائیں۔

کیا آپ اِس طریقہ کو پسند نہیں کرینگے کہ علم حساب میں طول کا تصور گز یا کے گھر کے ذریعہ سے بچے کے دماغ میں پیدا کروا دیا جائے اور مٹھائی کی خرید و فروخت سے یہ بتلایا جائے کہ پیسے آنے اور پائی کی قیمت کیا ہوتی ہے اور بقدر قیمت اُن کو کتنی مٹھائی ملیگی۔ اِس مٹھائی کی خرید و فروخت میں اوزان کا اندازہ بھی ہوگا اور چھوٹے چھوٹے سوالات بچے خوشی خوشی حل کرلینگے مثلاً اگر سیر کی قیمت چار روپئے ہوتی ہے تو ایک اونس مٹھائی کی کیا قیمت ہوگی۔ علم حساب میں بعض غیر دلچسپ مسائل بھی ہیں۔ لیکن یہ مسائل بھی تاش کے پتوں اور اعداد کے تختوں اور ٹکڑوں کے جوڑنے اور علیحدہ کرنے کے ذریعے سے جسمیں خوش رنگی کا زیادہ لحاظ رکھا جاتا ہے دلچسپ بنائے جا سکتے ہیں۔

یہاں مختلف قسم کی دستکاریاں بھی بچوں کی تعلیم میں داخل ہیں مثلاً کلے ماڈلنگ (مٹی کے نمونے بنانا) نشانات کا کام نقاشی، ڈیزائین، ڈرائینگ، مقوے اور کاغذ کے نمونوں کا کام (اس سے مراد بے کار طریقوں پر کاغذ کو موڑنا نہیں بلکہ کھلونے بنانا ہے) ابتدائی نجاری۔ اجتماعی طور پر کام کرنا وغیرہ۔

آپ تمام کمروں میں جاکر لڑکوں کے کام کا معائنہ فرمائیں لیکن اس امر کو یاد رکھیں کہ بچہ اپنا کام آپ کرتا ہے اساتذہ کا اسمیں کوئی دخل نہیں۔ اساتذہ صرف سکھلاتے ہیں۔ خود کسی چیز کو ہاتھ نہیں لگاتے۔ لڑکا غلطیوں ہی سے کام سیکھتا ہے۔ اُس کو غلطیوں سے منع کرکے کام نہیں سکھایا جاتا۔ یہاں آپ یہ نہیں دیکھینگے کہ مدرس کسی چیز کا نقشہ بورڈ پر کھینچ دے اور لڑکے بیٹھے ہوئے اُس کی نقل اُتار دیں بلکہ وہ اصلی چیز کو دیکھ کر اسکی نقل اُتارتے ہیں صرف اُنکی غلطیاں اُن کو بتلادی جاتی ہیں۔ اور حتی الوسع اُنہیں سے اُن کی اصلاح کروائی جاتی ہے۔ اگر غلطی کی اصلاح لڑکے کی دسترس سے باہر ہو تو پھر دوبارہ اس سے وہی کام کروایا جاتا ہے۔ بچوں سے پیاڑن Pattern بنانے اور لکڑی کے چھاپے کا کام بھی کروایا جاتا ہے جن کو آپ گڑیا گھر کی دیواروں اور آلو کے بلاک اور چھاپے کے کام میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

اعلیٰ پیمانے کی دستکاری جس میں وقت کا صرفہ زیادہ اور الماریوں کی زینت کے سوا کوئی فائدہ نہیں یہاں نہیں سکھلائی جاتی۔ جو کچھ ہم سکھلاتے ہیں اوسمیں اولاً اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ وہ کہاں تک کارآمد ہے اور ثانیاً یہ کہ خود بچے اس کو بنا سکیں اور ثالثاً جہاں تک ممکن ہو چیز اچھی بنے۔ ان ابتدائی مراحل میں تعلیم صرف بچوں سے کام کروانیکا ایک طریقہ ہے۔ اعلیٰ صفت کے نمونوں سے ہم کو غرض نہیں کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ بچہ اعلیٰ صفت کے کام نہ خود کرتا ہے اور نہ کرسکتا ہے۔ وہ کام جو بے نقص اور اعلیٰ قسم کا ہو معلمین کا ہوسکتا ہے نہ کہ بچوں کا۔

ورزش جسمانی کے لحاظ سے بھی جہانتک میرا خیال ہے ہمارا اسکول دوسرے پرائمری مدارس سے بڑھا ہوا ہے کیونکہ یہاں ہر ایک بچے کے لئے روزآنہ ایک پیریڈ ڈرل کا ایک گیمس کا اور ایک باغبانی کا رکھا گیا ہے۔

حاضری کے بعد ہر ایک بچہ اپنا بیلچہ کھرپی اور پانی کا ہزارہ لئے ہوئے باغ میں کام کرنے کے لئے چلا جاتا ہے اور پیریڈ کے آخر میں اپنے آلات و اوزار کو صاف بھی کرلیتا ہے۔ اُس سے بچوں کو اس بات کا سبق ملتا ہے کہ محنت کوئی ذلت نہیں بلکہ ایک تفریح بخش شغلہ ہے۔ اس سے بچوں میں خود اختیاری کا مادہ بھی پیدا ہوتا ہے۔ وہ کسی کام میں دوسروں کے محتاج نہیں رہ سکتے۔

گذشتہ چھٹیوں میں بچے اپنے اپنے باغوں کی اپنے ہاتھ سے بوئی ہوئی ترکاریاں مثلاً گاجر، گوبی، ساگ اور مرچیں وغیرہ اپنے اپنے گھر لے گئے۔ آپ قیاس کرسکتے ہیں یہ چیزیں کیسی مزیدار ثابت ہوئی ہونگی۔

باغبانی کے بعد حساب کا پیریڈ آتا ہے اس کے بعد دو پیریڈ اُردو کے اور اُن دو کے بیچ میں

کھیل کے لئے کسیقدر وقفہ دیا جاتا ہے اس کے بعد ڈرل ہوتی ہے پھر انگریزی یا قصہ گوئی کا سبق یا دینیات ایک گھنٹہ کھانے اور کھیلنے کے لئے رکھا گیا ہے۔ دوپہر کے بعد انگریزی، دستکاری اور گیمس ہوتے ہیں۔ کنڈرگارٹن کے لئے قبل دوپہر ایک آرام کا پیریڈ رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی وقفے رکھے گئے ہیں۔ ٹائم ٹیبل ایسا تیار کیا گیا ہے جو حفظِ صحت اور نفسیات کے نقطۂ نظر سے نہایت ہی مکمل سمجھا جا سکتا ہے۔

کنڈرگارٹن کے شعبہ سے جسقدر دلچسپی بچوں کی ماؤں اور عورتوں کو ہو سکتی ہے وہ آپ حضرات کو نہیں ہو سکتی۔ لیکن میرا یہ دعویٰ ہے کہ جہاں تک مجھے علم ہے یہی ایک کنڈرگارٹن ہے جو ایک ٹرینڈ مانٹی سوری مدرس کی نگرانی میں چلایا جا رہا ہے۔ اس جماعت میں اس بات کی کوشش نہیں کی جاتی کہ بچے انگریزی میں بات چیت کریں ایک چھوٹے بچے کو دوسری کسی زبان میں بات چیت سیکھنے سے قبل خاص اپنی مادری زبان میں بات چیت کرنی چاہیئے۔ مانٹی سوری طریقہ تعلیم کا ہر ایک ضروری سامان یہاں موجود ہے۔ علاوہ ازیں مدرسین نے بھی اپنی اختراعات کا اس میں اضافہ کیا ہے۔ حواس خمسہ کی تربیت کے متعلق ہم ہمیشہ کسی نہ کسی چیز کا اضافہ ہی کرتے رہتے ہیں اور ہمارے مدرسین ان چیزوں کے بنانے میں بڑی جانفشانی سے کام لیتے ہیں میں چاہتی ہوں کہ آپ وہ چند چیزیں ملاحظہ فرمائیں جو یہاں استعمال کی جاتی ہیں۔ اس کے بعد آپ کو خود اندازہ ہو گا کہ بچوں کو ان کے ذریعہ سے کس طرح تعلیم دیجاتی ہو گی۔

انگریزی میں چند اشیاء کے نام اور گنتی کھیل کے طور پر سکھلائی جاتی ہے۔ سات سال سے کم عمر والے بچوں کو انگریزی مضمون میں صرف سادہ اوامر اور چھوٹے چھوٹے خلیقانہ جملے سکھائے جاتے ہیں اگر آپ بعض تعلیمی سادہ سامان کو ملاحظہ فرمائیں تو ان طریقوں کا علم ہو سکتا ہے جو یہاں استعمال کئے جاتے ہیں جب انگریزی الفاظ سے بچوں کے کان مانوس ہونے لگتے ہیں تو پڑھائی شروع کرا دی جاتی ہے۔ ان کو کتابیں نہیں پڑھائی جاتیں بلکہ بڑے بڑے جلی الفاظ میں لکھے ہوئے تختوں سے پڑھنا سکھایا جاتا ہے۔ انہیں بڑے بڑے تختوں کے ذریعہ سے بچوں میں خواندگی کی اس قدر استعداد پیدا کرا دی جاتی ہے کہ جب وہ اس کے بعد درجے میں جہاں لکھنا پڑھنا دونوں شروع کرا دئے جاتے ہیں پہونچتے ہیں تو کتابیں پڑھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

کل حقیقی تعلیم شروع سے آخر تک اردو میں دیجاتی ہے لیکن اوپر کے درجوں میں بچے انگریزی میں اچھی طرح بات چیت کرنے کے قابل بنا دیئے جاتے ہیں۔ گو ایسی زیادہ روانی کے ساتھ گفتگو نہیں کر سکتے تاہم اس بات کی مشق کروائی جاتی ہے کہ تلفظ درست ہو اور کانوں کو بھلا معلوم ہو۔

(مترجمہ اللہ بخش صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی)

# ابیات

## جناب مولوی سید کاظم حسین صاحب قمر

ذیل میں جو ابیات درج کی جارہی ہیں وہ قمر صاحب نے موزوں کی ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ ان کو یاد کرنے سے بچوں کو مولوی سجاد مرزا صاحب ایم۔ اے کے قاعدہ اُردو کے حروف یاد ہو جائیں۔ قمر صاحب اِن ابیات کو نرسری رائم سمجھتے ہیں اور ہمارے لائق دوست جناب جی۔ اے چندا در کار صاحب ایم۔ اے ہمیں یقین دلاتے ہیں کہ اُن کے تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ بچے ان ابیات کو بڑی خوشی اور جلد یاد کر لیتے ہیں ہمیں ان کو نرسری رائم ماننے میں تعذر ہے اور یہ بھی شکایت ہے کہ بعض ابیات میں ثقیل اور مشکل الفاظ ٹھونس دیئے گئے ہیں۔ البتہ اگر اُن سے بچوں کو واقعی سہولت ہوئی ہے تو ہمارے نزدیک یہ مناسب ہوگا کہ دوسرے مدارس کے معلمین کرام بھی ان ابیات سے اِستفادہ فرمائیں۔ مگر ہم یہ رائے ظاہر کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اگر تھوڑی محنت اور کی جاتی تو اُن سے بہتر، اُن سے زیادہ دلکش، پُراثر، معنی خیز اور سبک ابیات منظوم ہو سکتی تھیں۔ فقط

مدیر

آم آم ہی کیسا ہرا رسیلا — کھٹا، میٹھا لال اور پیلا
سبز اگر ہو کھٹا ہوگا — لال اور پیلا میٹھا ہوگا

کان کانوں سے ہم سنتے ہیں باتیں — سُنتے ہیں اِن سے ہم آوازیں

گائے گائے نہ ہو تو کس کے بس کا — دودھ، دہی، بالائی، مسکا

دو ایک میں گر ایک اور ملا دو — ایک سے پھر بن جائینگے دو

دس دس بجنے پر مدرسہ آنا — چار بجے پھر گھر کو جانا

**کالا** بال اور حبشی رات اور کوّا — اِن چاروں کا رنگ ہی کالا
**لال** دیکھو سیب ہی کیسا پیارا — خُوب بڑا اور لال انگارا
**ڈول** ڈول بناتے ہیں لوہے کا — پانی کھینچتے ہیں پینے کا
**ورق** ورق سی ہی بنتی ہیں کتابیں — اُن میں رہتی ہیں کام کی باتیں
**گاڑی** دو پہیوں کی ہی یہ گاڑی — بَیلوں سی چلتی ہی اگاڑی
**آرا** دانت ہیں آرے کے چھوٹے چھوٹے — کٹتے ہیں شہتیر اُس سی مُوٹے
**ڈاٹ** ڈاٹ بھی ہی اِک قسم کی لکڑی — نرم بہت ہوتی ہی یہ لکڑی
**دوا** جاتی ہی بیماری دوا سے — اس کو پی کر ہوتے ہیں اچھے
**دری** دری ہی سوت کی پیاری پیاری — رنگ ہی اُس میں کیا گلناری
**کارڈ** کارڈ پہ اپنا مطلب لکھ کر — بھیجتے ہیں ہم شہر کے باہر
**دوات** ہی یہ دوات ایک آنہ والی — اِس میں سیاہی ڈالی ہی کالی
**درزی** سیتا ہی درزی کپڑے ہمارے — اچھے سُتھرے صاف اور پیارے
**وردی** اُون کی ہی یہ کالی وردی — اُس میں کم لگتی ہی سردی
**دروازہ** دروازہ ہی یہ اِک گھر کا — بنا ہوا ہی کا ریگر کا

# تنقید و تبصرہ

۱۔ آئینہ معرفت ۔ یہ جناب سید اعجاز حسین صاحب اعجاز ۔ ایم ۔ اے ۔ لکچرار شعبہ اُردو الہ آباد یونیورسٹی کی قابل قدر تصنیف ہے ۔ کتاب کا موضوع "اُردو شاعری میں تصوف" ہے قابل مصنف نے پہلے اسمیں تصوف اور صوفی کی تعریف کی ہے اور مشرق و مغرب کے مشہور مصنفین اور فلسفیون کے اقوال پیش کئے ہیں پھر صوفیوں کے مختلف فرقوں کے عقیدے اور حالات قلمبند کئے ہیں جملہ مسائل تصوف فاضلانہ انداز سے بیان کرکے آخر میں فاضل مصنف نے مختصر طور پر اُردو شاعری پر تصوف کے نتائج بیان کئے ہیں جو فی الحقیقت قابل داد و ستائش ہیں ۔ اِس موضوع پر غالباً یہ پہلی کتاب ہے جسکی تصنیف کا سہرا ممدوح کے سر رہا ۔

سچی بات یہ ہے کہ مصنف موصوف نے بڑے اہم موضوع پر قلم اُٹھایا یہ بڑی تحقیق و نظر کا کام تھا اگرچہ ہم یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اس موضوع پر یہ کتاب کافی نہیں ہے لیکن پھر بھی مصنف نے تصوف کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی ہے اور حتی الامکان مختصر اور مفید ثابت کر دکھایا ہے ۔ اُردو زبان میں یقیناً یہ قابل قدر اضافہ ہے شائقین ادب ضرور ملاحظہ فرمائیں ، ہمارے مدارس کے کتب خانون میں یہ کتاب رہنے کے قابل ہے ۔

قیمت عہ ۔ ناشر رام نرائن لال ۔ کٹرہ روڈ ۔ الہ آباد ۔ (۱ جلال)

۲۔ روح ادب ۔ یہ مولوی سید حیدر عباس صاحب حیدر منشی کامل رسنگر نبارس اسٹیٹ کی تالیف ہے اِس کتاب میں قابل مؤلف ان اکثر الفاظ کو جو اُردو میں لوگ غلط بولتے اور استعمال کرتے ہیں صحیح کیا ہے ۔ حقیقت امر یہ ہے کہ یہ کام بڑی تحقیق اور ذمہ داری کا ہے یقیناً مولانا نے ایک حد تک اس اپنی سعی میں کامیابی حاصل کی ہے لیکن پھر بھی بعض مقامات پر تسامح ہوگیا ہے ۔

صفحہ ۲۰ لفظ قدوم کے متعلق یہ لکھا ہے کہ یہ قدم کی جمع نہیں ہے یہ بالکل صحیح ہے اِسلئے کہ قدم کی جمع زبان عرب میں اقدام ہے اگر اسی پر اکتفا کیجاتی تو بات بنجاتی لیکن اِسکے بعد ہی یہ بھی لکھدیا ہے کہ "قدمانے بھی اسکے آگے سیمنت لزوم لگا کر خوب لکھا" مگر واضح ہو کہ اِس مقام پر قدوم قدم کی جمع نہیں ہے بلکہ قدوم

عربی میں مصدر ہے اور اس کے معنی "آنا" کے ہوتے ہیں لہٰذا مطلب یہ ہوگا کہ آپکا آنا برکت کے آنے کو لازم ہے۔

صفحہ ۵۲ حاشیہ ۱ لفظ نورچشمی پر یہ لکھا ہے کہ "ممکن ہے کہ کوئی نکتہ چین اعتراض کرے کہ نورچشمی میں "ی" متکلم کی ہے تو جواب میں یہ سمجھ لینا کافی ہے کہ پھر دختر کے ساتھ تخصیص کیسی لڑکوں کو بھی یہی القاب لکھ سکتے ہیں لیکن اسپر کوئی عمل نہیں ہوتا"

اعتراض کا یہ جواب نہیں ہوسکتا بلکہ یوں ہونا چاہیئے کہ فارسی میں "ی" متکلم کی نہیں ہے فارسی میں متکلم کے لئے سیم مخصوص ہے یعنی سرم اور اسپم کہینگے سری اور اسپی نہیں کہتے چشم فارسی ہے اسمیں بھی متکلم کی "ی" نہیں لگ سکتی یائے متکلم عربی میں آتی ہے اور عربی الفاظ میں یائے متکلم لگا کر فارسی میں استعمال کرتے ہیں جیسے مجسی مشفقی وغیرہ بہرحال اردو ادب کے لئے ایسی کتابوں کی بہت سخت ضرورت ہے خصوصاً طلبہ کے لئے ایسی کتابوں کا مطالعہ لازمی ہے ہمارے نزدیک ایسی کتاب کو ہر طالبعلم ہر وقت اپنے پاس رکھے اور صحت الفاظ کرکے صحیح لکھے اور صحیح بولے۔ قیمت ۸

۳۔ محشرستان ۔ یہ جناب محشر عابدی صاحب بی۔ اے کی تالیف ہے اسمیں بارہ افسانے ہیں جو چار حصوں پر منقسم کئے گئے ہیں پہلے حصے کے افسانے "زائرین فلک" کے عنوان سے موسوم ہیں انمیں خواب وخیال کی آسمانی سیر و نہیں بُری بھلی تصویریں دکھائی گئی ہیں دوسرا حصہ "اصنام محبت" کے زیر عنوان ہے ان افسانوں میں عشق ومحبت کی ناکامی کا تذکرہ ہے تیسرے حصے کی سرخی "کشتی حیات" ہے اسمیں تعیش کی مختلف صورتوں کے المناک نتائج ہیں چوتھا حصہ اسکا عنوان "نقوش تخیل" ہے اسمیں تخیلات کے تعجب خیز اور حیرت انگیز اثرات اور انجام میں حسرت وافسوس کی ناکام تصویریں دکھائی گئی ہیں۔

انسانی فطرت غم کے بعد راحت۔ عُسر کے بعد یُسر کا نہایت بیچینی کے ساتھ انتظار کرتی ہے جس کو ٹریجیکل کامیڈی کہتے ہیں۔ اور یہی شئے یعنے انجام میں کامیابی انسانی جذبات کو برانگیختہ کرکے ہمت میں تقدیم کی اور جرات میں تہور کی روح پھونک دیتی ہے۔ غالباً اسی غرض کے پورا کرنے کے لئے بلکہ اسی مطلب میں اُمید سے زیادہ کامیابی حاصل کرنے کے لئے افسانے کی ایجاد کی گئی ہے۔ ورنہ تاریخ بھی اپنے دامن میں اسی سے ملتے ہوئے گلہائے مراد لئے ہے لیکن واقعات کی پابندی اور نتائج کا حسب دلخواہ نہ ہونا تاریخ کو ہمارے مقصد سے پیچھے ہٹا کر افسانوں کو ان مع العسر یسرا کا زبردست اور مسرت خیز کارنامہ بنا کر اور قیود تاریخ سے آزاد کرکے رہنمائے ہمت بنا دیتا ہے۔

ہم یہ کہکر قابل مولف کے جذبات کو صدمہ نہیں پہونچانا چاہتے کہ یہ کتاب اس معیار سے گری ہوئی ہے اس کے علاوہ اکثر ترجمہ کرنے میں اور عبارت آرائی میں زبان کی غلطیاں ہوگئی ہیں بعض مقامات پر کاتب کیطرف

اِن غلطیوں کا اِنتساب کیا جا سکتا ہے بہرحال آئندہ ایڈیشن میں صحت ہو سکتی ہے ہمیں یقین ہے کہ آئندہ اُردو زبان کیلئے ایسے افسانے بہت زیادہ مفید ثابت ہونگے۔ قابل مولف کی توجہ اُردو ادبیات کیطرف قابل قدر ہے ؎

گر اِسی رفتار سے چلتے رہے تو ایکدن
حسرت منزل نوید جانفزا ہو جائیگی

# شذرات

۱۔ سالانہ کانفرنس و نمائش انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد دکن بابتہ ۱۳۴۲ف سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ بلدہ بابتہ ۱۳۴۲ف بروز جمعہ و شنبہ بتواریخ ۲۴ ر ۲۵ ر آبان ۱۳۴۲ف مطابق ۲۹ ر ۳۰ ر ستمبر ۱۹۳۳ء بمقام سٹی کالج بلدہ منعقد ہوگی۔ عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر معتمد تعلیمات عدالت و کوتوالی و اُمور عامہ نے ازراہ کرم کانفرنس کی صدارت قبول فرمائی ہے کانفرنس کے اِنتظامات میں جناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و دیگر ممبران مجلس انجمن اساتذہ و دیگر اراکین منہمک ہیں اور کانفرنس کو دلچسپ و ہر لحاظ سے کامیاب ثابت کرنیکی کوشش کیجارہی ہے۔ ضروری اِنتظامات کے لئے تین کمیٹیاں مقرر ہوئی ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

(۱) پروگرام کمیٹی

(۱) ریورنڈ جی سندرم بی۔ اے پرنسپل متھڈسٹ بائیزائی اسکول۔ صدر
(۲) مسٹر نورالحسن۔ ایم۔ اے معتمد

ارکان:۔ (۱) جناب مولوی فیض محمد صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ (۲) جناب مولوی غلام دستگیر صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی
(۳) " " محمد سلطان صاحب۔ (۴) جناب مولوی اللہ بخش صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔
(۵) ریورنڈ جارج بی گارڈن ایم۔ اے۔ (۶) مسٹر جی سندر یار او بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔
(۷) مسٹر ڈی۔ ڈی۔ ہارڈیکر بی۔ اے۔

## (۲) استقبالیہ کمیٹی

(۱) جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ اسپیشل مددگار نظامت تعلیمات۔ صدر

(۲) مسٹر جی۔ اے چنداوارکر ایم۔ اے۔ معتمد

ارکان:۔

(۱) جناب مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی بی۔ اے۔
(۲) " " عبدالنور صاحب صدیقی بی۔ اے۔ بی ٹی
(۳) " " سعادت اللہ خاں صاحب
(۴) " " حبیب خاں صاحب بی۔ ایس۔ سی۔ ڈپ ایڈ۔ عثمانیہ
(۵) " " سید محمد رضا صاحب بی۔ اے
(۶) " " ناظم صاحب صدیقی بی۔ ایس۔ سی
(۷) " " سردار خاں صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔
(۸) " " یوسف حسین صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔
(۹) " " عبدالوہاب صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔
(۱۰) " " محمد صدیق صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔

(۳) نمائش کمیٹی۔

(۱) مس ڈی۔ ولبسٹر ہیڈ مسٹرس پری پرٹیری سکشن گرامر اسکول۔ صدر
(۲) مولوی سید نذیر حسین شریف صاحب۔ معتمد

ارکان:۔

(۱) مس اے۔ ٹیلر ہیڈ مسٹرس ماڈل پرائمری اسکول
(۲) مس ڈی نندی
(۳) مس رئید
(۴) مسز گارڈن
(۵) مس ہامٹس
(۶) مسٹر سدا پورکر
(۷) مسٹر گنگا دھر پپاٹک
(۸) مسٹر نثار علی صاحب

اب تک مذکورہ بالا کمیٹیوں کے متعدد جلسے ہو چکے ہیں گذشتہ کانفرنس میں کنڈرگارٹن و پیشڈی بجوئی

دو کمیٹیاں مقرر ہوئی تھیں جن کے ارکان حسب ذیل ہیں:۔

(۱) کنڈرگارٹن کمیٹی۔

(۱) جناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ — صدر
(۲) " " عبدالنور صاحب صدیقی۔ — معتمد

ارکان:۔

(۳) مس ڈی۔ ولبسٹر
(۴) مس اے۔ ٹیلر
(۵) مسز گارڈن
(۶) مس ریڈ
(۷) مس ڈی نندی
(۸) مس ہالٹس
(۹) مس شامرٹ

(۲) بیاک ورڈ چلڈرن کمیٹی:۔

(۱) جناب مولوی سالم بن سعید صاحب — صدر
(۲) " غلام دستگیر صاحب — معتمد
(۳) " ڈاکٹر شنڈر کر صاحب
(۴) " فیض محمد صاحب
(۵) " مولوی نورالحسن صاحب
(۶) " سید فخرالحسن صاحب

مندرجہ بالا کمیٹیوں کے صدر و ارکان اسوقت تک مختلف مدارس تحتانیہ و ثانویہ کا معائنہ کر چکے ہیں بعد تحقیق و تدقیق رپورٹ تیار کر کے سالانہ کانفرنس میں پیش کی جائینگی اور مشاہدہ و تجربہ پر مبنی ہونے کے سبب سے یقین ہے کہ نہایت دلچسپ ہونگی آئندہ سال کے لئے دو مضامین (۱) امتحان اور (۲) اسکولی حفظان صحت مرکزی انتظامی کمیٹی نے منتخب کئے ہیں۔

سالانہ کانفرنس کے ضمن میں بروز پنجشنبہ مورخہ ۲۳ آبان ۱۳۴۲ف کو بمقام متھڈسٹ بائیز ہائی اسکول نمائش کا افتتاح ہوگا۔ نمائش میں کنڈرگارٹن کا ایک علیحدہ کمرہ ہوگا۔ اسی روز شام کو گولکنڈہ کے متعلق طلسمی لالٹین

کے ساتھ تقریر ہوگی جس کے لئے جناب مولوی غلام یزدانی صاحب ناظم محکمہ آثار قدیمہ سے استدعا کیجارہی ہے بروز جمعہ ۲۴ آبان ۱۳۴۲ف کانفرنس کا جلسہ آغاز ہوگا۔ جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب اُردو میں اور مسٹر چنداورکر انگریزی میں خطبۂ استقبالیہ پڑھینگے۔

معتمد عمومی کی رپورٹ کے بعد عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر خطبۂ صدارت پڑھینگے۔ کنڈرگارٹن پروگرام کے بعد انگریزی میں پروفیسر اسپیٹ کی تقریر ہوگی دوپہر کو بصدارت مولوی سید علی اکبر صاحب کنڈرگارٹن کا ضمنی جلسہ بصدارت ریورنڈ ایف سی فلپ سست ذہن طلبہ پر انگریزی میں ضمنی جلسہ ہوگا شب کو گرامر اسکول میں مشاعرہ ہوگا جس کے انتظام کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر ہوئی ہے جس کے معتمد مولوی سعادت اللہ خاں صاحب ہیں۔

طرح مصرع:- زلف برہم تھی مزاج یار اگر برہم نہ تھا

بروز شنبہ اجلاس اول میں جناب مولوی محمد عثمان ٹی ڈی (لندن) وائس پرنسپل ٹریننگ کالج بلدہ تختہ انضباط اوقات تعلیم پر مضمون پڑھینگے سست ذہن طلبہ کی تعلیم پر اُردو ضمنی جلسہ ہوگا وزیر صدارت سنہ انگلیر کنڈرگارٹن کی انگریزی سکشنل میٹنگ ہوگی۔ دوپہر کو تقاریر ہونگی اور کنڈرکارٹن ڈرل کا مظاہرہ ہوگا معتمد نمائش کمیٹی کی رپورٹ پڑھی جائیگی و انعامات تقسیم ہونگے اور جناب صدرنشین صاحب کی اختتامی تقریر کے بعد شام کے پانچ بجے عصرانہ ہوگا۔

۲۔ روئداد جلسہ تعلیمی مدرسہ تحتانیہ درجہ اول دامرگدہ ضلع گلبرگہ شریف۔ بتاریخ ۲۸ شہریور ۱۳۴۲ف زیر صدارت جناب مولوی سید جعفر علی صاحب ناظر تعلیمات گلبرگہ شریف مدرسہ تحتانیہ دامرگدہ میں جلسہ تعلیمی منعقد کیا گیا۔ باوجود بارش کے قصبہ کے سیٹھ ساہوکار و رعایا کثیر التعداد میں جمع ہوئے۔ طلبار کے علم دوست عالم و جاہل پر اُردو و تلنگی میں دلچسپ مکالمے ہوئے۔

انباجی راؤ صاحب نے منجانب رعایا تقریر کی و مدرسہ کی موجودہ اطمینان بخش حالت کا اظہار کیا۔

۳۔ ماڈل پرائمری اسکول۔ ماڈل پرائمری اسکول کو کھلے ہوئے کچھ ہی اُوپر ایک سال ہوا ہے۔ یہ مدرسہ سرکاری ہے اور تعداد طلبہ فی الوقت ۶۲ ہے۔ اسمیں تین اور چھ سال کے بچوں کی تعلیم کے لئے خاص طور پر انتظام کیا گیا ہے اور جدید ترین آلات تعلیم خصوصاً مانٹی سوری کے آلات مہیا کئے گئے ہیں۔ صدر معلمہ مس اے نائیلر نے بچوں کی تعلیم کا وسیع تجربہ ولایت میں حاصل کیا ہے۔ اِن کے علاوہ مدرسہ میں دو ہندوستانی خواتین بھی ہیں۔ اِن میں سے ایک نے تو اطالیہ میں قیام کرکے خود ماڈیم مانٹی سوری سے ٹریننگ حاصل کی ہے

اور دوسری نے انگلستان میں کنڈرگارٹن کی تعلیم پائی ہے۔ جن اُصول پر تعلیم دیجاتی ہے اُن کا صدر معلمہ صاحبہ نے اپنی رپورٹ میں تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ مدرسہ کی خصوصیات حسب ذیل ہیں:۔

(۱) یہ مدرسہ خاص تحتانی مدرسہ ہے اور اس سے ملحق خصوصی کنڈرگارٹن اور مانٹی سوری شعبے ہیں۔

(۲) ذکور و اُناث کی مشترکہ تعلیم۔

(۳) باغبانی، دستی مشاغل، اور ورزش جسمانی پر خاص توجہ کی جاتی ہے۔ اِس مدرسہ میں ایک اعلیٰ قابلیت کا معلّم ورزش ہے۔

(۴) ذریعہ تعلیم اُردو ہے مگر کوشش کی جاتی ہے کہ انگریزی کا وہی معیار رہے جو ان مدارس کا ہے جہاں بچوں کو انگریزی کے ذریعہ تعلیم دیجاتی ہے۔

مدرسہ نے ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء کو بروز دوشنبہ اپنا جلسہ منایا۔ باوجود مسلسل بارش کے عہدہ داران تعلیمات اور اولیاء طلبہ کا کثیر مجمع تھا۔ اِس جلسہ کی ایک شان یہ بھی تھی کہ بچوں کے ہاتھ کا بنایا ہوا کام نمائش کے لئے سجایا گیا تھا۔ کنڈرگارٹن کے شعبہ میں مانٹی سوری کام کا مظاہرہ بچوں نے کیا معائنہ اشیاء کے بعد بچوں نے رام اور سیتا کا ڈرامہ دکھایا جس کو حاضرین جلسہ نے بیحد پسند کیا اِس کے بعد کنڈرگارٹن کے بچوں نے نظم خوانی کی۔

مدرسہ کی صدر معلّمہ مس اے ٹائیلر نے رپورٹ پڑھکر سُنائی جو ہم نے دوسری جگہ چھاپی ہے اسکے بعد حضور مہاراجہ بہادر نے مختصر سی تقریر انگریزی میں فرمائی اور جو کچھ مدرسہ میں ملاحظہ فرمایا تھا اس پر اپنی خوشنودی کا اظہار فرمایا اور مس ٹائیلر کے حُسن کارگزاری پر مبارکباد دی۔

جلسہ کے اختتام پر مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے مہاراجہ بہادر اور دوسرے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ اور اِس امر کی طرف اِشارہ کیا کہ مدرسہ اِس غرض سے کھولا گیا ہے کہ ہندوستانی حالات کا پورا لحاظ کرتے ہوئے بچوں کی تعلیم کے تجربات کرنے میں سہولتیں بہم پہونچیں۔ یہ بات طمانیت بخش ہے کہ مدرسہ اطمینان بخش طور پر اپنا کام انجام دے رہا ہے۔ دوسرے مدارس کے مُعلمین کو بھی موقعہ دیا جاتا ہے کہ وہ ماڈل اسکول کا معائنہ کریں اور جو تجربات زیر مشق ہوں اسکا مطالعہ کریں۔ مولوی سید علی اکبر صاحب نے یہ بھی ذکر فرمایا کہ سر مہاراجہ کشن پرشاد یمین السلطنت بہادر کو ابتدائی تعلیم سے بیحد دلچسپی ہے اور ممدوح کو چھوٹے بچوں کے ساتھ بیحد شغف ہے۔

ایک ہندسی ضرب میں ان سے زیادہ حاصل ضرب کی ضرورت نہیں ہوتی لہذا تختہ مذکور میں دی ہوئی باتیں یاد رکھی جائیں تو چھوٹے بچوں کے لئے کافی ہے۔

پہاڑوں کی تعلیم دیتے وقت بچوں کو کسی قدر ضرب کا تصور ہو سکتا ہے۔ وہ اگر پہاڑوں کا تختہ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے خود مرتب کر کے اعادہ و ملاحظہ کے لئے اپنے پاس رکھیں تو ان کو ضرب کے سوالات حل کرنے میں بہت کچھ مدد اس تختہ سے مل سکتی ہے۔ پہاڑے یاد ہو جانے کی صورت میں تختہ مذکور کی ضرورت نہیں۔

چونکہ بچے پہاڑے جانتے ہیں مضروب اور مضروب فیہ اگر ایک ہی ہندسہ والے اعداد ہوں تو مندرجۂ ذیل قسم کے مشقی تاش ان کو دے کر ان سے سوالات حل کرائے جا سکتے ہیں۔

مشقی تاش جگہ مضروب اور مضروب فیہ ایک ہندسے والے اعداد ہوں

| | ۵ | ۷ | ۴ | ۹ | ۶ | ۸ | ۲ | ۳ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | | | | | | | | | |
| ۴ | | | | | | ۳۲ | | | |
| ۶ | | | ۲۴ | | | | | | |
| ۷ | | | | | | | | | |
| ۸ | | | | | | | | | |

افقی اور عمودی قطاروں میں سے کسی ایک قطار کے ہندسوں کو مضروب سمجھکر دوسری قطاروں کے ہندسوں کو مضروب فیہ سمجھا جائے اور حاصل ضرب متعلقہ خانوں میں بچوں سے لکھوایا جائے۔ اس طرح کافی مشق ہونے کے بعد بچوں کو ایسے سوالات دئے جائیں جن میں مضروب دو ہندسوں کا عدد ہو اور مضروب فیہ ایک ہندسہ والا عدد ہو لیکن عمل میں حاصل لینے کی ضرورت نہ ہو۔ اور مضروب فیہ کا پہاڑہ بچے جانتے ہیں۔


**ضرب بلا حاصل** بچوں کو یہ معلوم ہو چکا ہے کہ ضرب جمع کی ایک خاص قسم ہے۔ اسی بنیاد پر ذیل کی مثال بچوں سے حل کرائی جائے۔

مثال ۲۳ × ۲

جمع کے ذریعہ تو بچے سوال مذکور کا جواب صحیح ضرور بتائیں گے پھر سوال ان کو ضرب کی صورت میں لکھنے کے لئے کہا جائے اور مدرس بھی اس کو تختہ سیاہ پر لکھے

| | اکائی | دہائی |
|---|---|---|
| اب بچوں سے یہ سوال کیا جائے کہ اس سوال کے حل میں کیا عمل | ۳ × | ۳ |
| | ۲ | |
| | ۶ | ۹ |

اختیار کیا جائے اور یہ بات اُن سے اخذ کرائی جائے کہ ۳ اکائیاں ۳ مرتبہ لینے سے ۹ اکائیاں ہوں گی جو اکائیوں کے خانہ میں لکھدی جائیں اور ۲ دھائیاں ۳ مرتبہ لینے سے ۶ دھائیاں ہوں گی جو دھائیوں کے خانہ میں لکھدی جائیں اور جواب ۶۹ بتایا جائے۔ ایسے سوالات کو سمجھانے کے لئے چیزوں کی چنداں ضرورت نہیں البتہ اشکال سے کام لیا جائے۔




| | دھائیاں | اکائیاں |
|---|---|---|
| ۳ × | ۲ | ۳ |
| | ۲ | ۳ |
| | ۲ | ۳ |
| | ۶ | ۹ |

۹ اکائیاں ۶ دھائیاں

بچوں کو اگر ۳ × ۲ کا پہاڑہ آتا ہو تو اس کی تصدیق پہاڑے سے ۳ × ۲۳ تئے ۶۹ کہکر ہو سکتی ہے +

اس کے بعد ایسے سوالات دئے جائیں کہ مضروب دو ہندسے والا عدد ہو اور مضروب فیہ ایک ہندسے والا عدد ہو لیکن عمل میں حاصل لینے کی ضرورت ہو۔

## ضرب حاصل والی

مثال ۴۳ × ۷

بچے ۴۳ کا پہاڑہ نہیں جانتے اس لئے بچوں کو اس سوال کے حل میں کسی قدر مشکل معلوم ہوگی۔

تختہ سیاہ

| | اکائی | دھائی |
|---|---|---|
| | ۳ | ۴ |
| × | ۷ | |
| | ۲۱ | ۲۸ |

پھر یہ سوال لکھکر بذریعہ سوال وجواب بچوں کی مدد سے اس کو حل کرایا جائے ۴۳ کی تحویل کرکے اکائی اور دھائی کے درجہ میں متعلقہ ہندسے لکھدئے جائیں اور بچوں کی مدد سے یہ نتیجہ نکلوایا جائے کہ ۳ اکائیاں ۷ مرتبہ لینے سے ۲۱ اکائیاں ہوتی ہیں اور ۴ دھائیاں ۷ مرتبہ لینے سے ۲۸ دھائیاں ہوتی ہیں۔ اب بچوں سے یہ سوال کیا جائے کہ ایا جواب اسی حالت میں

لکھدیا جائے گا کہ ۲۱ اکائیوں کی ۲ دہائیاں بنتی ہیں جو ۲۸ دہائیوں میں ملائی جائیں اور ایک اکائی اکائی کے درجے میں لکھدیجائے۔ یہ جدید بنی ہوئی دو دہائیاں حاصل کی کہلاتی ہیں جو ۲۸ دہائیوں میں ملانے سے ۳۰ دہائیاں ہونگی جن کے ۳ سینکڑے بن سکتے ہیں۔ دہائی میں کچھ نہیں رہتا۔
لہذا جواب ۳۰۱ ہوا۔ اس قسم کے سوالات کی کافی مشق کرائی جائے۔ عبارتی سوالات دئے جائیں۔ لیکن کافی مشق کے بعد سوال کا عمل حسب ذیل ہوگا۔

۷ تئے ۲۱ کا ۱ حاصل آئے ۲ ۴۳
۷ چوکے ۲۸ ۲۸ اور ۲ برابر ۳۰ × ۷
۳۰ کے ۳۰ جواب ۳۰۱ جواب ۱ ۰ ۳

مثال ۲۸ × ۴ اس کا عمل حسب ذیل ہوگا۔

اکائی دہائی سیکڑہ


۶ ۸ = ۶۸
× ۴ ۴ مساوات کی صورت میں
۲ ۴ ۴ ۳ = ۲۷۲ ۶۸ × ۴ = ۲۷۲
۲ ۷ ۲ =
۲ ۷ ۲ =

زبانی عمل ۔ ۴ اٹھے ۳۲ ۳۲ کے ۲ حاصل آئے ۳ اکائیوں کے خانہ میں ۲ لکھدئے جائیں ۴ چھکے ۲۴ ۲۴ اور ۳ = ۲۷ ۲۷ کے ۲۷ دہائیاں۔ دہائیوں کے خانے میں ۷ لکھدئے جائیں اور سیکڑے کے خانہ میں ۲ لکھدئے جائیں۔ جواب ۲۷۲ بتایا جائے حقیقت میں حساب کے بنیادی اصول کا عمل ضرب سے شروع ہوتا ہے یہ اصول اکثر قانون انقلابی (COM MUTATIVELAW) اور قانون انقسامی (DISTRIBUTIVE LAW) سے نامزد کئے جاتے ہیں۔


جمع کا قانون انقلابی یہ ثابت کرتا ہے کہ جمع کے سلسلہ میں ارکان کی ترتیب بدلی جاسکتی ہے۔ یعنے ارکان جملہ کو جس ترتیب سے چاہو لکھ لو جملہ میں کچھ فرق نہیں آتا۔ مثلاً ۴ + ۵ = ۵ + ۴ ،
۴ + ۵ + ۷ = ۷ + ۵ + ۴ = ۴ + ۷ + ۵ = ۵ + ۴ + ۷ وغیرہ
ضرب کا قانون انقلابی یہ ثابت کرتا ہے کہ اجزاء ضربی کو بدل دینے سے حاصل ضرب کی

قیمت میں کچھ فرق نہیں آتا مثلاً ۴ × ۵ = ۵ + ۴ ) ۴ + ۵ × ۷ = ۵ × ۴ × ۷ =
۴ × ۵ = ۵ × ۷ × ۴ وغیرہ۔

پہاڑوں کی تعلیم دینے وقت اس اصول کو بچے ذاتی تجربہ سے خود معلوم کر چکے ہیں کہ ۳ × ۴
= ۴ × ۳




۳ × ۴ = ۱۲




۴ × ۵ = ۲۰

اگرچہ کہ ان کو اس قانون کا نام معلوم نہ ہو۔

اس اصول کا عمل درحقیقت ضرب میں بہت کارآمد ہوتا ہے۔

میکانی سوالات میں مناسب (موزوں) مضروب فیہ کا انتخاب کرنا گو یا عقلی تربیت کی آزمایش ہے مثلاً ۹ کو ۱۴ میں ضرب دینا ہو تو ۹ × ۱۴ یعنے ۹ چودہ مرتبہ گننے میں کسی قدر دقت پیش آئے گی کیونکہ ۹ کا پہاڑہ ۱۴ تک گننا مشکل معلوم ہوتا ہے لیکن بموجب قانون انقلابی ۹ × ۱۴ کا حاصل ضرب ۱۴ × ۹ کے حاصل ضرب کے برابر ہوگا لہذا ۹ ضرب ۱۴ کو ۱۴ × ۹ کی صورت میں بدل سکتے ہیں۔ اور یہ ترتیب ضرب کے عمل کے لئے زیادہ آسان ہے۔

قانون انقسامی کی تشریح حسب ذیل ہے۔

(۱) ہندسوں میں۔ ۴ (۵ + ۳ + ۲) = ۴ × ۱۰ = ۴۰

= ۴ × ۵ + ۳ × ۴ + ۲ × ۴ = ۲۰ + ۱۲ + ۸ = ۴۰

(۲) الفاظ میں

اگر کسی عدد (۴) کو کثیر التعداد کے حاصل جمع (۱۰) میں ضرب دیا جائے تو حاصل ضرب وہی ہوگا جو ضروری حاصل ضربوں (۲۰ + ۱۲ + ۸) کو جوڑنے سے ہوگا۔ یعنے جملہ وحدانی کو کثیر الارکان میں ضرب دینے کا قاعدہ یہ ہے کہ جملہ کثیر الارکان کے ہر ایک جزو کو جملہ وحدانی میں ضرب دیا جائے اور اور ان جزوی حاصل ضربوں کو جمع کیا جائے۔ یہ لمبی ضرب کی بنیاد ہے۔

اوپر بتایا گیا ہے کہ ضرب کھیلنے پہاڑوں سے پوری واقفیت جمع میں پوری مہارت ضروری ہے۔ ضرب میں بچوں کو اس طرح عادی بنایا جائے کہ وہ فوراً ضرب بھی کر سکیں اور حاصل آنے والے اعداد اسی وقت بغیر کسی جگہ لکھنے کے اجزوی حاصل ضرب میں ملا کر عمل کر سکیں۔ اس کے لئے حسب ذیل قسم کی زبانی مشق کافی کار آمد ہو سکتی ہے مثلاً (۶ × ۷) + ۵ = ؟ (۵ × ۹) + ۶ = ؟ (۶ × ۳) + ۴ = ؟ وغیرہ۔

**تحریری عمل**

**عجلت و صحت**

اگر عجلت و صحت کی عادت بچوں میں پیدا کرنی ہو تو مشقی تاش بہت کار آمد ہوتے ہیں ایک ہی کارڈ سے متعدد بار کام لیا جا سکتا ہے مشقی کارڈ بچوں میں تقسیم کر کے جواب تحریری ان کی سلیٹ یا کاپی پر بتانے کے لئے ان سے کہا جائے۔ اس بات کی احتیاط رکھی جائے کہ بچے جوابات حفظ یاد نہ کریں بلکہ سمجھ کر سوالات حل کریں مشقی کارڈ کے سوالات مختلف ترتیب سے حل کرائے جائیں۔ مشقی تاش کا نمونہ ذیل میں بتایا ہے مشقی تاش کی عدم موجودگی میں تختہ سیاہ سے کام لیا جائے لیکن عین وقت پر سوچنے میں زیادہ وقت صرف ہونیکا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے پہلے سے ہی سوچ سمجھکر سوالات کا مرتب ہونا مناسب ہے۔

| ضرب (بلا حاصل) کا مشقی کارڈ | | | | ضرب (یا حاصل) کا مشقی کارڈ | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۲۳ | ۲۴ | | ۱۲ | ۲۵ | ۱۳ | ۱۵ |
| ۴× | ۳× | ۲× | | ۶× | ۴× | ۵× | ۷× |
| ۳۲ | ۲۲ | ۴۳ | | ۱۷ | ۲۸ | ۳۲ | ۵۳ |
| ۳× | ۴× | ۲× | | ۴× | ۳× | ۸× | ۴× |

اس کے بعد ایسی مثالیں دیجائیں جن میں مضروب تین یا چار رہند سے والا عدد ہو اور مضروب فیہ ایک ہی ہندسہ والا عدد ہو۔

مثال ۷۳۴۲ × ۴

اس مثال میں مضروب کی تحلیل کر کے سوال مذکور حسب ذیل حل کیا جائے

۷۰۰۰ × ۴ = ۸۰۰۰
۴۰۰ × ۴ = ۱۶۰۰
۳۰ × ۴ = ۱۲۰
۷ × ۴ = ۲۸
۲۴۳۷ × ۴ = ۹۷۴۸

بلحاظ قانون انقسامی
۲۴۳۷ × ۴ کا حاصل ضرب وہی ہوگا۔
جو جزوی حاصل ضربوں کو یعنے ۷ × ۴ + ۳۰ × ۴ + ۴۰۰ × ۴ + ۲۰۰۰ × ۴ کو جمع کرنے سے ہوگا۔

اا ۷ + ۳۰ + ۴۰۰ + ۲۰۰۰
× ۴
۲۸ + ۱۲۰ + ۱۶۰۰ + ۸۰۰۰

۸ ۴ ۷ ۹ = ۹۷۴۸ جواب

اس کے بعد یہی مثال تختہ سیاہ پر مروجہ صورت میں لکھی جائے۔ اور حاصل کا اصول سمجھا کر کہ سوال حل کر کے بتایا جائے

| | اکائی | دہائی | سیکڑہ | ہزار |
|---|---|---|---|---|
| | ۷ | ۳ | ۴ | ۲ |
| | | | | ۴ |
| | ۲۸ | ۱۲ | ۱۶ | ۸ |
| | ۸ | ۴ | ۷ | ۹ |

نیچے اب حاصل کا اصول آسانی سے سمجھ سکیں گے۔ ۹۷۴۸

اور ایک سوال اسی قسم کا بچوں کی مدد سے تختہ سیاہ پر سمجھایا جائے۔

← سے حاصل کی علامت سمجھی جائے

اس کے بعد ایسی مثالیں دیجائیں جن میں مضروب فیہ دو ہندسے والا عدد ہو۔

**۱۰ کی ضرب** دس کے پہاڑے کیطرف بچوں کی توجہ مبذول کرا کے یہ بات ان کے ذہن نشین کرائی جائے کہ جب کسی عدد کو ۱۰ میں ضرب معلوم ہوتا ہے مثلاً ۳ × ۱۰ = ۳۰، ۷ × ۱۰ = ۷۰، ۱۲ × ۱۰ = ۱۲۰ وغیرہ یعنے دس میں ضرب دینے سے مضروب کے ہر ایک ہندسہ کا ایک ایک درجہ بڑھتا ہے یعنے اکائی کا ہندسہ دہائی اور دہائی کا ہندسہ سیکڑہ سیکڑہ کا ہزار بنتا ہے۔ علیٰ ہذا۔

**۱۰ کے ضعف کی ضرب** کسی عدد کو ۲۰، ۳۰، ۴۰ وغیرہ سے ضرب دینا۔ ایسی صورت میں مضروب کو دہائی کے ہندسے میں مثلاً ۲، ۳، ۴ وغیرہ میں ضرب دیگر جو حاصل ضرب آئیگا اس کی دائیں طرف ایک صفر لگا دیا

جائے تو جواب مطلوبہ حاصل ہوسکتا ہے۔ اس میں زبانی مشق کافی طور پر کرائی جائے۔

اسی طرح ۱۰۰ اور ۱۰۰ کے ضعف میں ضرب دینے کا طریقہ بتانے کے بعد ایسے سوالات دیے جائیں جن کے مضروب فیہ میں ۲ یا زیادہ ہندسے ہوں مثلاً ۷۸۵۶ × ۲۳۴۔

مثال مذکور میں بجائے مضروب کی تحلیل کے مضروب فیہ کی تحلیل کرنا زیادہ مناسب ہوگا کیونکہ بچے اب ضرب کے ایسے سوالات آسانی سے حل کرسکتے ہیں مضروب دو یا زیادہ ہندسے والا عدد ہو۔ اور مضروب فیہ ایک ہندسہ والا عدد ہو۔ اسی اصول کی بنیاد پر مندرجہ بالا قسم کے سوالات بچوں سے حل کروائیں گے۔

مثال مذکور میں مضروب فیہ کو حسب ذیل درجوں میں منقسم کریں گے۔

۲۳۴ = ۴ + ۳۰ + ۲۰۰ یعنے ۲ سیکڑے ۳ دہائیاں ۴ اکائیاں ان میں سے ہر ایک ہندسے سے الگ الگ ضرب دیکر جزوی حاصل ضربوں کو جمع کریں گے۔ حاصل جمع مطلوبہ حاصل ضرب ہوگا۔

سوال مذکور کا عمل مختلف طریقوں سے ہوسکتا ہے جن میں سے چند ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی طریقہ جماعت کی استعداد کے لحاظ سے اختیار کیا جاسکتا ہے۔ طریقے بتائے جائیں اور بچوں سے کافی مشق بھی کرائی جائے۔

(۱) ۷۸۵۶ × ۲۳۴

| | |
|---|---|
| ۷۸۵۶ | ۷۸۵۶ × ۴ = ۳۱۴۲۴ |
| ۲۳۴ | ۷۸۵۶ × ۳۰ = ۲۳۵۶۸۰ |
| ۳۱۴۲۴ | ۷۸۵۶ × ۲۰۰ = ۱۵۷۱۲۰۰ |
| ۲۳۵۶۸ | |
| ۱۵۷۱۲ | |
| ۱۸۳۸۳۰۴ | ۷۸۵۶ × ۲۳۴ = ۱۸۳۸۳۰۴ |

اوپر کے حل میں بائیں طرف جو عمل بتایا گیا ہے اس میں یہ بات نظر آئے گی کہ اکائی کے ہندسے میں جو ضرب دیگئی ہے اس کا حاصل ضرب اکائی کے درجے سے لکھا گیا ہے۔ دہائی کے ہندسے میں جو ضرب دیگئی ہے۔ اس کا حاصل ضرب دہائی کے درجے سے لکھا گیا ہے۔ لہٰذا اکائی کا درجہ کا خانی معرّی چھوڑ دیا گیا ہے سیکڑے کے درجہ میں جو ضرب دیگئی ہے اس کا حاصل ضرب سیکڑے کے درجہ سے لکھا گیا، لہٰذا اکائی و دہائی کے درجے خانی معرّی چھوڑ دے گئے ہیں۔ اور تینوں جزوی حاصل ضربوں کو

اون کے درجوں کے لحاظ سے جمع کیا گیا ہے۔

دائیں طرف جو عمل بتایا گیا ہے وہ زیادہ واضح ہے اور ان میں مضروب فیہ کے ہر درجہ کے ہندسوں کو اکائیوں کی صورت میں ظاہر کر کے ضرب کا عمل کیا گیا ہے۔ اور جزوی حاصل ضربوں کو جمع کیا گیا ہے۔

دونوں عمل میں جزوی حاصل ضربوں کے ہندسے تو وہی ہیں فرق صرف صفر جوڑنے میں ہے۔ ۳۰ کی ضرب میں اکائی کے درجے میں ایک صفر اور ۴۰۰ کے ضرب میں اکائی اور دہائی کے درجوں پر ایک ایک صفر لگایا گیا ہے لیکن دونوں صورتوں میں نتیجہ وہی آیا ہے۔

| | |
|---|---|
| (ii) ۲۳۴ × ۷۸۵۶ | ۷۸۵۶ |
| ۱۵۷۱۲۰۰ = ۲۰۰ × ۷۸۵۶ | ۲۳۴ |
| ۲۳۵۶۸۰ = ۳۰ × ۷۸۵۶ | ۱۵۷۱۲(۰۰) |
| ۳۱۴۲۴ = ۴ × ۷۸۵۶ | ۲۳۵۶۸(۰) |
| | ۳۱۴۲۴ |
| ۱۸۳۸۳۰۴ = ۲۳۴ × ۷۸۵۶ | ۱۸۳۸۳۰۴ |

---

اوپر کے حل میں بائیں طرف جو عمل کیا گیا ہے اس میں اول سیکڑے کے ہندسے میں ضرب دیگئی ہے اور اس کا حاصل سیکڑے کے درجے سے لکھنا شروع کیا ہے۔ بعد میں دہائی کے ہندسے میں ضرب دیگئی ہے جس کا حاصل ضرب دہائی کے درجے سے لکھنا شروع کیا ہے اور آخر میں اکائی کے ہندسے میں ضرب دیگئی ہے جس کا حاصل ضرب اکائی کے درجے سے لکھا گیا ہے سیکڑہ اور دہائی کے ہندسوں میں ضرب دیتے وقت حاصل ضرب میں جہاں اکائیاں اور دہائیاں نہیں ہیں۔ وہاں بریکٹ (قوس) میں صفر رکھدیے ہیں۔ تاکہ عمل بچوں کو ٹھیک طور پر سمجھ میں آجائے کافی مشق کے بعد صفر لکھنے کی ضرورت نہیں جزوی حاصل ضربوں کو جمع کیا گیا۔

دائیں طرف بھی وہی عمل زیادہ واضح طور پر بتایا گیا ہے۔ اس میں مضروب فیہ کی تحویل کے ہر درجے کے ہندسوں کو اکائیوں کی صورت میں بتا کر ضرب کا عمل کیا گیا ہے دونوں صورتوں میں نتیجہ مساوی پایا جاتا ہے۔

اس قسم کی ضرب میں (جس میں مضروب فیہ دو یا زیادہ ہندسہ والا عدد ہوتا ہے) دو سوال

پیدا ہوتے ہیں (۱) ضرب کا عمل چھوٹے درجے کے ہندسے سے شروع کیا جائے یا اعلیٰ درجہ کے ہندسے (۲) دہائی یا دہائی کے اوپر کے درجے میں ضرب دیتے وقت سطر کے آخر میں صفر رکھنا ضروری ہے یا نہیں۔

عام رواج تو یہ ہے کہ مضروب فیہ کے اکائی کے ہندسہ سے عمل شروع کرتے ہیں اور دہائی یا دہائی کے اوپر کے درجہ میں ضرب دیتے وقت صفر نہیں لگائے جاتے بلکہ وہ جگہ خالی چھوڑ دیتے ہیں زمانہ حال کے مدرسین طریقے مذکور کو پسند نہیں کرتے وہ اعلیٰ درجہ کے ہندسے سے ضرب کا عمل شروع کرتے ہیں۔ اور دہائی اور دہائی کے درجوں کے ہندسوں میں ضرب دیتے وقت صفر بھی رکھدیتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔

جدید طریقے پر عمل کرنے سے حسب ذیل فوائد نظر آتے ہیں۔

(۱) بڑے درجے کے ہندسے سے ضرب کا عمل شروع کرنے میں بڑا جزوی حاصل ضرب جلد معلوم ہو سکتا ہے۔

(۲) زیادہ مشکل مضروب فیہ کے اعلیٰ درجہ کے ہندسہ میں ضرب دینے کا عمل پہلے ہی ہو جاتا ہے۔

(۳) جواب کا تقریباً اندازہ لگانے میں سہولت ہوتی ہے تخمیناً جواب لانے کی صورت میں یہ طریقہ زیادہ کارآمد ہو سکتا ہے۔

سب کے اعلیٰ درجہ کے ہندسہ سے ضرب دینا زیادہ مشکل کام ہے کیونکہ اس میں ہندسوں کو ہٹانیکا کام زیادہ ہوتا ہے۔ سَو کے درجے میں ضرب دینی ہو تو حاصل ضرب سَو کے درجہ سے لکھنا شروع کرنا چاہئے یعنے اکائی سے دو درجے بائیں طرف سے عمل شروع کرنا ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں اکائی اور دہائی کے درجوں پر صفر رکھنے سے آیندہ مضروب فیہ کے ہندسوں سے (دہائی اور اکائی سے) ضرب دیتے وقت غلطی ہونیکا اندیشہ (حاصل ضرب کے ہندسہ سے لکھتے وقت) بہت کم ہوتا ہے۔ اس سے عمل بھی واضح اور صاف پایا جاتا ہے۔

اور ایک سوال جدید طریقہ پر بتایا جاتا ہے۔ مثال ۲۶۸۷ × ۲۴۵

```
  ۲۶۸۷
   ۲۴۵
-------
 ۵۳۷۴۰۰
 ۱۰۷۴۸۰
  ۱۳۴۳۵
-------
 ۶۵۸۳۰۵   جواب
```

مدرس بچوں سے سوالات حل کراتے وقت ان کے عمل کو غور سے دیکھتا رہے اور اس بات کی احتیاط رکھے کہ بچے ہندسے بالکل صاف اور باترتیب لکھیں ۔ صاف ۔ سادہ ۔ اور باترتیب ہندسے جواب کی صحت کیلئے ضروری ہیں ۔ بچے ذیلی عمل اپنے دل میں کیا کریں اس کو کاغذ یا سلیٹ پر لکھنے کی ضرورت نہیں ۔ ان کا عمل اس قدر صاف ہو کہ اس سے ان کے خیالات کا اندازہ صحیح طور پر ہو سکے ۔

مدرس اور طلبا ر کو یہ خیال ہرگز نہ ہونا چاہئے کہ ضرب گویا ایک میکانی عمل ہے ۔ ضرب کے سوالات حل کرنے میں بھی ذہنی قوتوں کو اچھی ورزش مل سکتی ہے ضرب کے مختصر طریقے طول طویل طریقوں سے ہی اخذ کئے ہوئے نتائج ہوتے ہیں ۔ ضرب کے طول طویل عمل پر حاوی ہونے کے بعد طلبار کو مندرجہ ذیل مختصر طریقے ان کی ذاتی کوشش سے دریافت کرنے کی ترغیب دلائی جائے ۔

(۱) ایسی ضرب جس کا عمل تفریق کی مدد سے آسان ہو سکتا ہے مثلاً ایسی ضرب جس میں مضروب فیہ ۹ ، ۹۹ ، ۹۹۹ وغیرہ ہو ۔

جو طالب علم ۳۷۴۲ × ۹۹ کو حل کر سکتا ہے وہ اس بات کو جانتا ہے کہ ۹۹ = ۱۰۰ − ۱ یہ ذاتی کوشش سے سوال مذکور کو حسب ذیل حل کرتے تو اس کو یہ ترکیب پسند آئے گی کیونکہ اس ترکیب سے سوال جلد آجائے گا ۔

۳۷۴۲ × ۹۹ کا حل ۔ چونکہ ۹۹ = ۱۰۰ − ۱

لہذا ۳۷۴۲ × ۹۹ = ۳۷۴۲ × ۱۰۰ − ۳۷۴۲ × ۱

= ۳۷۴۲ − ۳۷۴۲

= ۳۷۴۲ (۱۰۰ − ۱) = ۳۷۴۲۰۰ − ۳۷۴۲

= ۳۷۰۴۵۸ جواب

تصدیق ۳۷۴۲

× ۹۹

۳۳۶۷۸

۳۳۶۷۸

۳۷۰۴۵۸ جواب

(۲) ایسی ضرب جس میں ضرب کا عمل اور جزوی حاصل ضربوں کی تعداد مضروب فیہ کے ہندسوں کا مقابلہ کرنے سے کسی قدر کم ہو سکتی ہے ۔ مثلاً مضروب فیہ اگر ۳۵۷ ہو تو مضروب کو ۷ میں ضرب دینے سے جو حاصل ضرب آئے گا اسی کو ۵ میں ضرب دینے سے ۳۵ کا حاصل ضرب معلوم ہو سکتا ہے ۔ اس طرح

بجائے تین سطروں کے ضرب کا عمل دو سطروں میں ہو سکتا ہے یعنی جزوی حاصل ضرب کی تعداد تقدیر ایک کم ہوی۔ مثال ۔ ۱۸۳۵ × ۳۵۷ ۔

۱۸۳۵ × ۳۵۷ = (۷×۱۸۳۵) + (۵۰×۱۸۳۵×۷) ۔

تفصیلی عمل حسب ذیل ہے ۔

۱۸ ۳۵

۳۵۷

۷ × ۱۸۳۵ = ۱۲۸۴۵

۵۰ × ۱۲۸۴۵ = ۶۴۲۲۵(۰)

جواب ۳۵۷ × ۱۸۳۵ = ۶۵۵۰۹۵

مثال ۲۳۴۷ × ۳۶۱۲

مثال مذکور میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ مضروب فیہ کے آخری دو ہندسے (۱۲) اگلے پہلے دو ہندسوں (۳۶) کا سہ گنا ہیں لہذا اس ضرب کا عمل دو سطروں میں ہو سکتا ہے ۔

۲۳۴۷

۳۶۱۲

۱۲ × ۲۳۴۷ = ۲۸۱۶۴

۳۰۰ × ۲۸۱۶۴ = ۸۴۴۹۲(۰۰)

۳۶۰۰ × ۲۳۴۷ =

جواب ۸۴۷۷۶۴ = ۳۶۱۲ × ۲۳۴۷

ضرب کے جوابات کی جانچ میں بھی یہ طریقہ کارآمد ہو سکتا ہے ۔

**ضرب بذریعہ اجزاء ضربی** یہ عمل عام استعمال میں نہیں ہے۔ تاہم بچوں کو سمجھانے میں ہرج نہیں ہے مثلاً کسی عدد کو ۱۲ میں ضرب دینا ہو تو اس کو پہلے ۴ میں ضرب دیکر بعد میں اس حاصل ضرب کو ۳ میں ضرب دینے سے نتیجہ معلوم ہو سکتا ہے یہاں ۱۲ کے اجزاء ضربی ۴ اور ۳ لئے ہیں ۔ مثال ۲۵ × ۱۲ = ۲۵ × ۴ × ۳

= ۱۰۰ × ۳ = ۳۰۰ جواب

مثال ۳۶ × ۱۸ = ۶ × ۳۶ × ۳

(i) ۶۴۸ = ۳ × ۲۱۶ =

۱۸ × ۳۶ = ۲ × ۳ × ۳ × ۳۶

= ۲ × ۳ × ۱۰۸

(ii) ۶۴۸ = ۲ × ۳۲۴ =

عمل (i) میں ۱۸ کے اجزا ضربی ۶ اور ۳ لئے ہیں

عمل (ii) میں ۱۸ کے اجزا ضربی ۳، ۳، ۲ لئے ہیں۔

دونوں صورتوں میں نتیجہ وہی آیا ہے۔

بعض وقت یہ بھی تجربہ ہوتا ہے کہ مضروب فیہ کے اجزا ضربی تو آسانی سے معلوم ہو سکتے ہیں لیکن عمل میں آسانی نہیں پائی جاتی۔ مثلاً (۹۷ × ۲۸ میں ۹۷ کو ۲۸ میں ضرب دینے میں تقریباً اتنا ہی وقت صرف ہوگا جتنا کہ ۹۷ کو پہلے ۴ میں دیکر اس حاصل ضرب کو ۷ میں ضرب دینے میں صرف ہوتا ہے۔

ابتدا میں بچوں کو ضرب کا طول طویل (تفصیلی) عمل بتایا جائے۔ اور ان سے اس قدر مشق کرائی جائے کہ سوالات کے جواب عجلت اور صحت کے ساتھ دے سکیں اور اس کے بعد کسی صورت میں ضرب بذریعہ اجزا ضربی بتانا مناسب ہوگا جبکہ وہ اعداد کے اجزا ضربی سے واقف ہوں

*Hygiene.*

'Hygiene and Health Education' by M. B Davis.

'The Hygiene of the School Child' by Terman and Almack.

*General English.*

'The Writing of English' by P. J. Hartog.

*Reference (General.)*

'The Editoral' by Leon Nelson Flint.

*Reports.*

'A Report on the use of the Mother tongue as the Medium of Instruction and Examination in certain subjects for the Matriculation Examination of the Bombay University' by M. R. Pranjpe.

Indian Statutory Commission Interim Report on Education

Report of The Punjab University Inquiry Committee.

*Miscellaneous.*

'Carpentry for Beginners' by Evans Brothers, Ltd., London.

'What Life should mean to You' by Alfred Adler.

## Additions to the Teachers' Library.

*Education (General).*

'Teaching Dull and Retarded Children' by Inskeep.

'The New Senior School' by T. Payten Gunton.

'Developing a Project Curriculum for Village Schools in India' by William J. McKee.

'The Evolution of Educational Theory' by John Adams.

'Education in Denmark' by Andreas Boje etc.

'Emile; or Concerning Education' by Jean Jacques Rouseav.

'How to Study' by McMurray.

'Educational Movements and Methods' by John Adams.

'Socrates persists in India' by F. L. Brayne.

'Problems for the Schoolroom' by Herbert McKay.

'Schools with a Message in India' by D. J. Fleming.

'The Young Teacher's Primer. by J. L. Davis.

'School Organisation' by S. E. Bray.

'Teaching: its Nature and Varieties' by B. Dumville.

'Citizen Training in School' by G. S. Krishnayya.

'Schools of Tomorrow' by John Dewey and Evelyn Dewey.

'The Education of Mentally Defective Children' by Alice Descoendres.

*Educational Methods.*

'Teaching by Projects' by McMurry.

'Science Teaching' by F. W. Westaway.

'The Teaching of Elementary Mathematics' by D.E. Smith.

'The Teaching of Elementary Mathematics' by Godfrey and Siddons.

'Classroom Management' by Bagley.

'Modern Developments in Educational Practice' by J. A. Adams.

'The Teaching of History' by C. H. Jarvis.

'How to teach Geography' by L. D. Stamp.

*Child Education.*

'The Child His Nature and Nurture' by W.B. Drummand.

'Practical Kindergarten for Infant Schools' by Mrs. E. Martimer.

'The Advanced Montessori Method I' by Maria Montessori.

'The Advanced Montessori Method II' by Maria Montessori.

'The Montessori Method' by Maria Montessori.

'Early Childhood Education' by Pickett and Boren.

*Examinations and Tests.*

'Systems of Examinations' by Ziauddin Ahmad.

'Mental and Scholastic Tests' by Cyril Burt.

'Intelligence' by P. L. Boynton.

'Handbook of Tests' by Cyril Burt.

'How to Measure' by Wilson and Hoke.

*Psychology.*

'How We Think' by John Dewey.

'Problems of Subnormality' by Wallin.

*India.*

'Medieval India' by A. Yusuf Ali.

*Geography.*

'The Countries of the World' by A. M. Dell.

*General Science and Mathematics.*

'An Introduction to Mathemaics' by A. N. Whitehead.

new words to those already learnt in Readers I to VI, Dr. West has brought a great English book within the reach of the Matriculation students. Price Rs. 1/4.

(3) "**England and the English People**" by C. E. Eckersley, (Price Rs. 2/6/6). Though difficult, this book is a good introduction to a few great names in English literature.

(4) "**A Wonder Book**" and "**Kidnapped**" (Price Rs. 1/3/3 each) in the Simplified English Series are books which the pupils of High School classes can read and understand without the aid of a dictionary.

(5) "**The New Age Poetry Books I, II, and III**" contain many poems suitable for class recitations. These poems are simple not only in language but also in metre and thought.

(6) "**Pioneers of Progress**" by Higham. (Price Re. 1). Social history receives scanty attention in the ordinary history text-books. "Pioneers of Progress" is an attempt to supply this gap. It contains stories dealing with the great changes which have taken place in social conditions in England and with the development of moral ideas during the last two centuries. Besides being full of useful information, the book is written in a simple and attractive style and is well illustrated. It should find a place in the library of every High School. It is also suitable as a prize book.


## The Hyderabad Teacher.

ADVERTISEMENT RATES.

| Space. | Whole year. | | Six months. | | Per Issue. | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | B. G. Rs. | As. | B. G. Rs. | As. | B. G. Rs. | As. |
| Full page ... | 12 | 0 | 6 | 0 | 4 | 0 |
| Half page | 6 | 0 | 3 | 8 | 2 | 0 |
| Quarter page | 3 | 0 | 1 | 12 | 1 | 0 |
| Per line ... | 0 | 10 | 0 | 8 | 0 | 6 |

SUBSCRIPTION RATES.

For the Nizam's Dominions O. S. Rs. 3 annually, (including postage).
For British India B. G. Rs. 3 a year (including postage).
Single copy O. S. As. 12 for H. E. H. the Nizam's Dominions.
Single copy B.G. As. 12 for British India.

The Urdu Section is published separately also. Subscription Re. 1 As. 14 a year.

Members of the Hyderabad Teachers' Association can obtain back numbers of THE HYDERABAD TEACHER at a reduced price.

*Apply to* **S. M. KHAIRATH ALI, Manager,**
**"The Hyderabad Teacher"**
**Gun Foundry, Hyderabad-Deccan.**

# Reviews

**"Citizen Training in School"** by Dr. G. S. Krishnayya (Oxford University Press, Price Rs. 2).

The author Dr. G. S. Krishnayya needs no introduction to the readers of *The Hyderabad Teacher*. In this book he has stressed the need for treatingextra-curricular activities as essential elements of every school. Sir Philip Hartog has rightly pointed out in his Foreword that "it is only by such activities that those two correlatives, individual character and the corporate spirit, can be effectively developed". The value of Dr. Krishnayya's work lies in the fact that, besides describing how extra-curricular activities are carried on in the Western countries, he has given practical hints and concrete suggestions on the organisation, supervision and financing of such activities in Indian schools. There are useful and interesting chapters on The Student Council, The School Assembly, School Publications, Excursions and Parties, Clubs and Societies, Athletics and Boy Scouting.

While athletics, Boy Scouting, excursions, the school assembly and clubs and societies have been successfully introduced in many secondary schools in India, school publications and students' self-government present serious practical difficulties, the former on financial grounds and the latter on account of the lack of teachers who can give the right direction to the movement. The author does not, however, suggest that every extra-curricular activity described in the book should be inaugurated without regard to the peculiar conditions of each school. His main purpose is to help institutions "to direct these desirable efforts so that the maximum good may be secured". Any one who reads the book will agree that it fulfils this purpose admirably. The style and the arrangement of the matter are excellent. We strongly recommend this book for the libraries of all secondary schools.

---

## Books received from Messrs. Longmans Green & Co., Ltd.,

**(1) The New Method Reader VI** by Dr. M. West (Price Re. 1) This book will be found particularly useful in schools where the New Method Readers I-IV are being taught. While retaining all the good features of the previous readers, it contains, besides, discussions on the meanings of English words, thus giving the pupils practice in the intelligent use of a dictionary.

**(2) The New Method Reader VII** (*The Vicar of Wakefield*) is the final work of the serries. By adding merely 471

# Editorial

## OURSELVES.

With the publication of this issue, *The Hyderabad Teacher* begins the eighth year of its existence. We regret to say that owing to his transfer to Aurangabad, Dr. Krishnayya has had to resign from the editorial staff. We thank him for the assistance which he gave to the journal during his stay in Secunderabad and hope that, though he is no longer able to serve on the editorial staff, he will continue to help us with his valuable contributions.

---

## The Forthcoming Conference of the Hyderabad Teachers' Association.

Arrangements are being made for the 7th Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association, which will be held in the City College on the 29th and 30th September, 1933, under the presidency of Nawab Zulcader Jung Bahadur, M. A., Barrister-at-Law, Home Secretary. The afternoon session on the first day and the morning session on the second day will, as usual, be devoted to Sectional Meetings, which will deal with Backward Children, Kindergartens and The School Time-table, respectively. There will be two lectures—one on "The Meaning of Japan" by Professor E. E. Speight and one on "The Role of the Teacher in the light of Modern Psychology and the changing conditions of the World" by Professor Khalifa Abdul Hakim. Along with the Conference, an educational exhibition will be held in the Methodist Boys' High School Assembly Hall, and it will be opened by the President of the Conference on the 28th September at 5 p. m. A feature of the Exhibition will be the introduction of a separate Kindergarten Section where a demonstration of Montessori and other Kindergarten apparatus will be organised. There will also be a *mushaira* on the night of 29th September.

is indebted to the school for the work it has done to improve the sanitary condition of the city and to free the place from the periodic attacks of cholera and typhoid.

The school boys take the hospital patients in their boats to cheer them up and to give them fresh air and change. The charity boxes that are kept in the classrooms serve not only to help the poor students of the school but also to support a number of widows. The pupils of the school are sometimes seen carrying weights for old men and women. They are also well known for their sympathy towards animals.

It is interesting to observe that out of every ten Government employees nine are ex-students of this school. I had the opportunity to meet and converse with some of the old students of the school and was much impressed by their character and spirit of service. They are scouts in the true sense of the term, though they do not wear the scout dress nor belong to the scout organisation.

Unlike most educational institutions in India, the C. M. S. School at Srinagar does not merely prepare its students for examinations but does all it can to build up their character, so that they may become useful citizens. Every student when he leaves the school, goes out into the world surcharged with the idea of service to his fellow-beings and to his country. Besides being well-informed and cultured, he is honest and truthful and is always prepared for self-sacrifice. Such is the education the Kashmir youth is fortunately receiving. It is earnestly to be hoped that other schools in India will follow in the footsteps of this institution to fulfil the real object of education.

of school. It is through the example of the masters that the boys are encouraged to go out to do all sorts of jobs of social service. There are countless stories of kindness, un-selfishness and bravery of these wonderful men of the staff.

*Character Form.*—There is a Character Form which is a combined health and character report. In the form the character side is divided into mind, body and soul and marks are allotted for each sub-heading under these three main heads. Before the form is signed by the Principal, the boy and the teacher in charge are asked questions, if necessary. Apart from other advantages, this method enables the Principal to find out whether the teacher has been taking interest in his pupils. Inspiring mottos such as the following are displayed in different parts of the school building.

1. "Trust in God."
2. "Honest labour is worship."
3. "Say little, do much, be careful."

*Social Service.*—A Knight Errant Society has been formed in the school whose members take a pledge to help womanhood. There have been thousands of instances where these Knight Errants, present and past students of the school, have done chivalrous deeds in the way of the moral protection of women.

The school boys have on various occasions served as the best fire brigade and saved the public from heavy loss. Fires are of common occurrence in Kashmir, for the houses are mostly built of wood.

The staff and the students have done much in the direction of marriage reform and have been instrumental in bringing about a few widow re-marriages. Another achievement of the school is dress reform. 'Pherans' are being gradually replaced by more sensible dress. The municipality

The punishment for dirty tricks is to perform the objectionable tricks in the school compound repeatedly, standing on a perch called the " Monkey Pole".

A money box is kept in each class and the classes compete as to which one will give most in charity every month. On one occasion the Principal came to open the boxes before the assembled school and found all the boxes empty. The school doors were closed and every boy was searched. The culprit was caught with 76 copper coins. A blacksmith was sent for and a necklace ordered out of the coins to fit the neck of the culprit which he had to wear for 76 days.

یہ انجمن اپنے فریضہ کو کما حقہ ادا کرنے میں قاصر رہے گی اگر اس کی جانب سے ہمارے ہر دلعزیز اور بیدار مغز ناظم تعلیمات جناب خان فضل محمد خان صاحب کا شکریہ ادا نہ کیا جائے کیونکہ نہ صرف انجمن ہذا بلکہ اس کے ارگن رسالہ حیدرآباد ٹیچر کو بھی صاحب موصوف کی سرپرستی اور رہنمائی کا شرف حاصل ہے صاحب موصوف نے از راہ علم پروری و حوصلہ افزائی حیدرآباد ٹیچر کے مزید (۲۰) کاپیاں مدارس کے لئے یکم آذر ۱۳۴۳ف سے جاری فرمانے کی منظوری صادر فرما کر انجمن ہذا کی جو امداد فرمائی ہے اس سے رسالہ مذکور کی اجرائی اور بقا میں مزید سہولت پیدا ہو گئی ہے۔

اس کے علاوہ ایک اور بھی ہستی ہے جس کے لئے انجمن ہذا اپنی خوش نصیبی پر جس قدر فخر و ناز کرے کم ہے کیونکہ صاحب موصوف جیسی اخلاق مجسم اور جامع کمالات وقف تعلیم ہستی اس انجمن کی مستقل صدر ہے۔ اور وہی اس انجمن کے روح رواں ہیں یعنے ہماری انجمن کے مستقل صدر مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ یہ ہماری غفلت شعاری اور احسان فراموشی ہوگی اگر ہم ان کی مسلسل اور متقل مستعدی اور غیر محدود سرگرمی اور غیر معمولی محنت کا ذکر اور شکریہ نہ ادا کریں جس نے انجمن ہذا اور اس کے سہ ماہی ارگن سالہ حیدرآباد ٹیچر کو کہاں سے کہاں پہونچا دیا۔

انجمن ہذا آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرس ایسوسی ایشن سے بھی عرصہ ہوا الحق و تسلیم ہو چکی ہے۔ اور ایسوسی ایشن مذکور انجمن ہذا کو اپنی ایک بہترین شاخ تصور کرتا ہے اور اس کے کام پر نازاں ہے۔ ہر سال انجمن ہذا کی طرف سے چند نمایندے فیڈریشن کے سالانہ اجلاس میں حصہ لینے کے لئے جو کرسمس کی تعطیلات میں ہر سال ہندوستان کے کسی نہ کسی بڑے شہر میں منعقد ہوا کرتا ہے جایا کرتے ہیں۔

اس موقع پر یہ عرض کرنا بے موقع نہ ہوگا کہ اب وقت آگیا ہے کہ اس کو اپنی سرگرمیوں کا دائرہ پورے ممالک محروسہ میں وسیع کرنا چاہئے۔ بظاہر کوئی امر اس کو ممالک محروسہ کی ایک مرکزی انجمن بنانے میں

نہیں معلوم ہوتا ہے اکثر اضلاع اور مستقر صوبہ جات میں ایسی ہی تعلیمی انجمنیں قائم ہیں۔ اس کی سخت ضرورت ہے کہ سردست ہر مستقر صوبہ پر اس کی ایک ایک شاخ قائم کی جائے اور اگر کوئی انجمن قائم ہے تو اس کو اس میں ضم کیا جائے۔ جس کو تبدریج جملہ مستقر ہائے اضلاع پر وسعت دی جا سکتی ہے۔

اگر عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات اور ارباب اقتدار اس جانب اپنی ادنیٰ توجہ بھی مبذول فرمائیں تو یہ مشکل جلد آسان و حل ہو سکے گی۔

اب میں اپنے معزز و محترم مہمانوں کی طرف مخاطب ہوتا ہوں اور شرکت کانفرنس اساتذہ بلدہ کے لئے از راہ ہمدردی و تعلیمی دلچسپی آپ کی زحمت فرمائی اور تشریف آوری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس قدر عرض کرنے کی بھی جرأت کرتا ہوں کہ آپ صاحبان تعلیمی معاملات میں اگر مزید دلچسپی اور کسی قدر ایثار اور اتحاد عمل سے کام لیں اور ہمارے مشکل اور اہم کام کو آسان اور خوشگوار بنانے میں انجمن کی اعانت اور امداد فرمائیں تو ہماری کامیابی یقینی ہے جس سے ہمارے کام میں نہ صرف ترقی بلکہ اس میں مزید سرعت پیدا ہوگی۔ اس قسم کی دلچسپی کے اظہار کا بہترین محل و موقع یہی ہو سکتا ہے کہ جیسا کہ ہمارے محترم منتخب صدر نے بہت عرصہ پہلے ارشاد فرمایا ہے کہ کارکنان تعلیمات اور اساتذہ کے ساتھ منجانب اکابرین پبلک اتحاد عمل فرمایا جائے اس طرح سے کہ آپ اپنے بچوں کے خانگی اوقات میں ان کی تعلیمی اور تفریحی مشاغل اور اخلاقی حالت کی نگہداشت اور دیکھ بھال اور ان میں ورزش جسمانی کا شوق اور مطالعہ کا صحیح ذوق پیدا کریں۔ اس طرح اساتذہ اور والدین کے باہمی ارتباط اور نگرانی اور اتحاد عمل سے ہم نونہالان ملک کی علمی جسمانی۔ اور اخلاقی تربیت اور اس کی صحیح نشو نما کر سکتے ہیں۔ آپ حضرات۔ مجھے معاف کریں گے اگر میں یہ کہوں کہ زمانہ موجودہ میں مجھے اکثر ایسے والدین سے سابقہ پڑا ہے جن کو یہ بھی علم نہیں تھا کہ ان کے بچے کس جماعت میں تعلیم پا رہے ہیں اور ان کا تعلیم دلانے سے آئندہ کے لئے کیا مقصد ہے اور بچے کا طبعی رجحان کس طرف ہے اور اس کو کس شعبۂ زندگی کے لئے تیار کیا جا رہا ہے۔ والدین کو ان باتوں کا تکلیف دہ اور مایوس کن علم اس وقت ہوتا ہے جب کہ خدانخواستہ ان کا غفلت شعار بچہ سالانہ امتحان میں ناکام ہو جاتا ہے یا جب کبھی اس کا نام کسی وجہ سے مدرسہ سے خارج ہوتا ہے۔

اس کی شدید ضرورت ہے کہ ہم اپنا تھوڑا سا وقت اپنے معصوم اور ناواقف اور ناتجربہ کار بچوں کی تعلیمی حالت کی اصلاح اور ان کی آئندہ زندگی کی تیاری کے لئے صرف کریں جیسا کہ آج کل تمام دوسرے متمدن ممالک کا دستور اور عمل ہے اور آپ کی مصروف بہ جہ البتہ نظریں اپنے بچوں کے تعلیمی حالات کی خرابی و ابتری یا خوبی کو بے نقاب اور ان کو صحیح رنگ میں دیکھ لیں اور مائل بہ

اصلاح و ترقی ہوں۔

اب میں اپنے ہم پیشہ اساتذہ یعنی تعلیمی برادری کے کارکنوں کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور آپ سب کو خوش آمدید کہتے ہوئے اس کانفرنس اور نمائش ہذا کی کامیابی کے لئے آپ کے اتحاد عمل اور شبانہ روز کی انتھک محنت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہ آپ سب کی پرخلوص امداد و محنت و ایثار کا ہی نتیجہ ہے کہ سال بہ سال یہ کانفرنس روز افزوں ترقی کے ساتھ کامیابی کے مدارج طے کر رہی ہے۔

آپ حضرات کا طبقہ ایک ایسے پیشے سے تعلق رکھتا ہے جس کی بہت کم عزت کی جاتی ہے بلکہ حالیہ فضا میں بعض لوگوں کا سلوک بعض اوقات حقارت کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے۔ لیکن اس سے ہم کو پست ہمت یا رنجیدہ نہ ہونا چاہئے۔

باوجود اس سلوک کے سب اس کو تسلیم کرتے ہیں کہ مدرسی کا پیشہ دنیا میں شریف ترین پیشہ ہے اس کی کامیابی کے لئے محنت اور ایثار دو لازمی جزو ہیں۔ آپ کے سپرد چند اہم ذمہ داریاں ہیں خصوصاً نونہالان قوم و ملک کے نگہداشت مدرسہ میں ان کی تعلیم و تربیت۔ اور بازگاہوں میں ان کی موثر نگرانی اس خصوص میں آپ کے فرائض دنیا کے دیگر نت نئی ایجادوں اور ترقیوں کے ساتھ روز افزوں ترقی پر ہیں۔ آج کل تعلیمی دنیا میں ایک انقلاب عظیم برپا ہے۔ اور اگر ہم کو دنیا کے ہم قدم اور جدید تعلیمی ایجادات اور اختراعات کی واقفیت اور استعمال کے ساتھ ترقی کرنا ہے تو ہمارا فرض و کام اور بھی دقت طلب اور مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کانفرنس کا اہم فرض یہ بھی ہے کہ اپنے اراکین کو ایسی چیزوں سے واقف اور روشناس رکھے۔ اس غرض کے لئے سرکار نے ایک ماڈل پرائمری اسکول کا افتتاح کیا ہے تاکہ عملی طور پر جدید تعلیمی طریقوں سے آپ کو واقف کرایا جائے جس کے عملی و تحریری نمونے آپ کے سامنے پیش ہوں گے اور کانفرنس ہذا اس لئے سال بسال چند اہم تعلیمی مضامین کے طریقوں کو جدید انکشافات کی روشنی میں آپ کے سامنے پیش کرتی رہتی ہے جن کو کنڈرگارٹن پہسڈی طلبار کی تعلیم و تیاری ٹائم ٹیبل وغیرہ جیسے فن واری ضمنی جلسوں کی شکل میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ سال حال کے ایسے جلسوں میں تعلیم کنڈرگارٹن جیسا اہم بنیادی شعبہ بھی شامل ہے۔

آپ نہ صرف طلبار کی تعلیمی ترقی کے ذمہ دار و جواب دہ ہیں بلکہ ان کے اخلاق و تربیت کی نشو نما کا اہم فریضہ بھی آپ ہی کے ذمہ ہے۔ ہر مدرس کو اپنے عملی نمونہ سے طلبار کی رہنمائی کرنی پڑتی ہے جس میں بڑے غور و احتیاط کی ضرورت ہے تاکہ آپ کے کسی قول و فعل سے ان کے

دلوں پر کوئی بُرا نقش نہ بیٹھے اور نہ آپ کے کسی قابل اعتراض لب ولہجہ۔ چال ڈھال۔ حرکات وسکنات۔ سے جس کی نقل اتارنا بچوں کا فطری خاصہ ہے۔ ان پر کوئی برا اثر پڑے۔ اساتذہ کو چاہئے کہ وہ اپنے کو ایک قسم کا غیر ذمہ دار مزدور نہ سمجھیں بلکہ یہ خیال کریں کہ وہ بنی نوع انسان کے حقیقی خادم اور ہمدرد ہیں۔ جیسا کہ میں نے اس سے پہلے کہا ہے کہ محنت وایثار ان کے دو نہایت اہم صفات ہیں ان کی کمی کی صورت میں ہمارے ملک کی تعلیم کا مستقبل کبھی امید افزا نہیں ہوسکتا ہے ایسی خامیوں کو دور کرنا اور مدرسین میں جوش عمل اور سرگرمی کی روح پھونکنا ہی ایسی انجمنوں اور کانفرنسوں کا خاص مقصد ہے۔

اب میں کانفرنس ہذا کے بعض دوسرے اغراض ومقاصد اور کارروائیوں پر مختصر تبصرہ کرکے اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔

انجمن ہذا نے اپنی پہلی دو کانفرنسوں میں مسائل فن تعلیم کو نظر انداز کر دیا تھا اور ضروری تجربات کی منظوری پر اکتفا کی تھی لیکن تیسری کانفرنس منعقدہ امرواد ۱۳۳۶ف سے ایسے مسائل کو بھی جن کا تعلق تعلیم کے فنی پہلو سے ہے بہ نظر افادہ واہمیت شریک پروگرام کیا گیا۔ اس امر کی تکمیل کے لئے یہ ضروری خیال کیا گیا کہ ایسی سب کمیٹیوں کا جن کا تعلق خالصتاً فن تعلیم کے مسائل سے ہو اور جن میں اس فن کے ماہر اساتذہ شریک ہوں تقرر کیا جائے۔ چنانچہ ہر سال ان کمیٹیوں نے اپنے متعدد اجلاس منعقد کئے اور اب سال بسال ان کی سعی وکوشش کے نتائج غور وخوض کے لئے مختصر رپورٹوں کی شکل میں آپ کے روبرو پیش ہو رہے ہیں۔ یہ صرف اس کانفرنس ہی کی خصوصیت ہے کہ اس میں مختلف مضامین نصابی اور تعلیمی کے متعلق ماہر مدرسین کے تجربات کی بنا پر رپورٹیں پیش کی جا رہی ہیں۔ ان کمیٹیوں کے جملہ ارکان ایسے مدرس منتخب ہوتے ہیں جو سب کمیٹی کے مفوضہ مضامین سے دلچسپی اور عملی تعلق رکھتے ہیں اس طرح سے یہ کمیٹیاں نہ صرف طبقہ مدرسین کے حقیقی ترجمان ہوتی ہیں بلکہ مضامین متعلقہ پر کافی عبور ودسترس بھی رکھتی ہیں یہ رپورٹیں بعد غور وخوض اور بحث مباحثہ کے بعد مرتب ہوتی ہیں۔ جن کی سفارش فنی معلومات کی روشنی میں ان کے جملہ عملی پہلوؤں سے بھی تعلق رکھتی ہیں اور مدارس اور مدرسین کی دشواریوں اور ضرورتوں اور خیالات کا آئینہ ہوتی ہیں امید ہے کہ یہ مفید سلسلہ اس طرح سے جاری رہے گا۔

اب تک جن اہم مضامین پر غور وخوض ہوچکا ہے اور جن کی رپورٹیں پاس ومنظور ہوچکی ہیں۔ وہ درج ذیل ہیں۔

تعلیم جغرافیہ۔ تعلیم تاریخ۔ تعلیم انگریزی۔ تعلیم ریاضی۔ پیشہ ورانہ تعلیم۔ تعلیم اردو۔ تعلیم عمانی تعلیم سائنس۔ تعلیم ڈرائنگ۔ تعلیم اخلاقیات۔ تعلیم السنۂ قدیم۔ سال حال تعلیم کنڈرگارٹن۔ اور پھسڈی لڑکوں کی تعلیم کی رپورٹیں آپ کے سامنے پیش کی جارہی ہیں۔ انجمن اساتذہ کی جانب سے علاوہ ضروری مسائل فن تعلیم کی رپورٹوں کی تیاری و منظوری کے تعلیمی لکچروں کا بھی ہر سال انتظام کیا جاتا ہے۔ چنانچہ سال زیر رپورٹ میں ایسے چار مفید لکچروں کا انتظام ہوا تھا۔

۱۔ لکچر پروفیسر واڈیا زیر صدارت عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر۔ موجودہ تعلیم کے رجحانات۔

۲۔ لکچر مس اوکی بیک ورڈ چلڈرون یا پھسڈی طلبا پر۔

۳۔ لکچر مس ریڈ کنڈرگارٹن پر۔

۴۔ لکچر ڈاکٹر ٹریس اسٹرانگ طلبا کی ضروریات پر۔

سال گذشتہ تک کانفرنس ہذا میں علاوہ دیگر ضروری مسائل کے چند مفید تحریکات (رزولیشن) بھی پیش ہوتی رہی ہیں اور کافی غور و خوض و بحث کے بعد منظور یا نامنظور ہوئی ہیں۔ ایسی منظورہ تحریکات کو صرف حاطہ کانفرنس تک ہی محدود نہیں رکھا گیا بلکہ دوران سال میں برابر اسکی نسبت اربابِ مقتدر اور دفاتر متعلقہ کو توجہ دلائی جاتی رہی خدا کا شکر ہے کہ کانفرنس کے سعی بیکار اور صد البصر اکا مصداق نہیں بن رہی ہیں بلکہ ان میں سے اکثر تحریکات بڑا آور ہو چکی ہیں جسکیلئے ان محکمۂ ہائے مقتدار کا کانفرنس

آپ حضرات سے رخصت ہونے سے پیشتر میں اپنے ہم پیشہ مدرسین اور کارکنان تعلیم سے یہ کہنا ضروری خیال کرتا ہوں کہ اس دور ترقی اور جہد البقا میں جبکہ مدارس میں ضروریات زمانہ کے مطابق جدید مضامین نصاب کی ضروری اور نئی نئی ایجاد کی مکمل معلومات لازمی ہے تو جدید معلومات کے ہمراہ جب تک ہم بھی دنیا کے قدم بہ قدم نہ چلیں ہمارا اس سفر میں دوسروں سے پیچھے رہ جانا اور ترقی کی برکات سے محروم رہنا ایک لازمی امر ہے۔ ہماری اور ہمارے ملک کی کامیابی و ترقی اس وقت مکمل اور یقینی ہوگی کہ ہم لوگ اپنے آفتاب علم سلطان العلوم۔ علم پرور عدل گستر اولوالعزم و روشن دماغ۔ محبوب و محترم آقا اعلیحضرت نواب میر عثمان علیخان خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہ کے ظل امن و عاطفت میں محنت، باہمی ہمدردی، اشتراک عمل اور ایثار کو اپنا نصب العین بنالیں اور اپنی ہستیاں درس و تدریس کے نثار خسروی کی تکمیل کے لئے وقف کردیں اور اپنی محنت اور انہماک سے اپنی درسگاہوں کو موقر اور فخار بنادیں۔

اس یقینی امید کے ساتھ کہ ان تمام معاملات اور کانفرنس کی جملہ کارروائیوں کو ہمارے قابل و محترم صدر سے فاضلانہ رہبری و کامیابی حاصل ہوگی میں آپ حاضرین کی سمع خراشی کی معافی

طلب گار ہو کر آپ حضرات اور جناب صدر نشین کانفرنس ہذا کا مکرر نہایت فراخ دلی سے خیر مقدم کرتا ہوں۔

شیخ ابوالحسن
اسپیشل مددگار ناظم تعلیمات سابق پرنسپل مدرسہ فوقانیہ
دار العلوم بلدہ سرکار عالی

# رپورٹ انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن

بابتہ آبان ۱۳۴۱ف لغایتہ مہر ۱۳۴۲ف

صدر عالی قدر۔ معزز خواتین و حاضرین پر تمکین۔

آپ حضرات کو بخوبی معلوم ہے کہ یہ انجمن (۸) سال سے عام طور پر ممالک محروسہ سرکار عالی اور خصوصاً بلدہ میں اہم خدمات انجام دے رہی ہے اور ہر سال علمی کام میں اضافہ ہوتا جارہا ہے سال زیر رپورٹ میں بدقسمتی سے بوجہ طاعون تقریباً (۵) ماہ تک اکثر مدارس مسدود رہے جس سے انجمن کے کام میں خلل واقع ہوا۔

گذشتہ سال کانفرنس میں تعلیم ڈرائنگ اور السنہ قدیم کی سب کمیٹیوں کی رپورٹیں پڑھی گئی تھیں اور اس سال کے لئے کنڈرگارٹن" و کنڈ ذہن بچوں کی تعلیم" دو مضامین مقرر ہوئے تھے اس لئے اس کانفرنس میں مردہ مضامین مذکورہ بالا کی سب کمیٹیوں کی رپورٹیں پیش ہوں گی یقین ہے کہ یہ رپورٹیں نہایت مفید ثابت ہوں گی کیونکہ ہر کمیٹی کے ارکان نے (جن کا انتخاب ان کے وسیع تعلیمی تجربہ کی بنا پر کیا گیا ہے) مختلف مدارس ابتدائیہ و ثانویہ کا بطور خاص معائنہ و طلبا کی حالت کا مشاہدہ کر کے غور و خوض و بحث و مباحثہ کے بعد رپورٹیں تیار کی ہیں۔

**شاخہائے انجمن**۔ انجمن کی شاخوں کی موجودہ تعداد (۱۲) ہے۔ بمقابلہ سال گذشتہ (۳) کی کمی ہوئی ہے۔ کیونکہ مدارس سکندرآباد کے (۳) مرکزوں کا تعلق انجمن ہذا سے منقطع ہوا اور ماڈل پرائمری اسکول جدید مرکز مقرر ہوا۔

**اراکین انجمن** سکندرآباد کے مدارس کا تعلق دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے منقطع ہونے کے سبب سے تعداد اراکین میں کمی ہوئی۔ انجمن اساتذہ سکندرآباد کے انجمن ہذا سے الحاق کا مسئلہ زیر غور ہے۔ موجودہ تعداد اراکین انجمن تقریباً (۸۰۰) ہے۔

**مرکزی انتظامی کمیٹی کے جلسے** سال زیر رپورٹ میں جس کی مدت (۱۲) ماہ ہے۔ مرکزی انتظامی کمیٹی کے حسب ضرورت (۵) جلسے منعقد ہوئے جن میں حسب قواعد انجمن ماہانہ جلسوں کے لئے سہ ماہی پروگرام قبل از قبل مرتب کیا گیا اور انتخاب عہدہ داران انجمن وحسب معمول سالانہ کانفرنس کے انتظامات کے لئے کمیٹی ہائے متعلقہ کا تقرر عمل میں آیا۔ حسب سال گذشتہ اس سال بھی پروگرام کمیٹی، نمائشی اور استقبالیہ کمیٹی مقرر کی گئی اور مشاعرہ کے انتظام کے لئے ایک علیحدہ سب کمیٹی مقرر ہوئی۔

**معمولی ماہانہ جلسے** سال زیر رپورٹ میں انجمن کے جملہ مرکزوں میں (۸) مضامین پر بحث ہوئی۔ چونکہ ماہانہ جلسوں کے لئے جو مضامین مقرر کئے گئے تھے ان کا تعلق یا تو کنڈرگارٹن یا کند ذہن بچوں کی تعلیم سے تھا۔ اس لئے جملہ اراکین کو ان دو مضامین پر غور اور تبادلۂ خیالات کرنے کا کافی موقع مل چکا تھا۔ جس کے مدنظر قوی توقع ہے کہ ذیلی کمیٹیوں کے اجلاس نہایت کامیاب ہوں گے۔ ماہانہ جلسوں میں جن مضامین پر بحث ہوئی وہ حسب ذیل تھے۔

۱۔ مدارس میں چھ سال سے کم عمر کے طلبا رکھنے کے لئے کن انتظامات کی ضرورت ہے۔
۲۔ کمزور طلبا اور ان کی کمزوری کے اسباب دریافت کرنا۔
۳۔ کمزور طلبا کی ترقی کے متعلق کیا تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں۔
۴۔ بچوں کی تعلیم میں کھیل کی اہمیت خصوصاً کنڈرگارٹن میں۔
۵۔ ہوم ورک خصوصاً غبی و کند ذہن بچوں کے لئے۔
۶۔ سامان متعلق کنڈرگارٹن۔
۷۔ ماحول و توارث کا اثر غبی و کند ذہن طلبا پر۔

سال گذشتہ میرے پیش رو نے معتمد صاحبان شاخہائے انجمن سے استدعا کی تھی کہ ہر سہ ماہی کے اختتام پر وہ جلسوں کی ایک مختصر روئداد معتمد عمومی کے پاس روانہ کریں تاکہ ان روئدادوں کو مقررہ کمیٹیوں سے معتمدین کے پاس روانہ کرنے کے علاوہ حیدرآباد ٹیچر میں شایع کیا جائے لیکن افسوس ہے کہ اس طرف کافی توجہ نہیں کی گئی۔ اکثر مرکزوں سے بروقت رپورٹیں وصول نہیں ہوئیں۔

**عام جلسے** زمانہ زیر رپورٹ میں چار عام جلسے منعقد ہوئے جن میں سے ایک منجانب انجمن بصدارت

عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر جنرل سیکریٹری ہال میں ہوا جس میں پروفیسر واٹیا نے موجودہ تعلیم کے رجحانات پر تقریر فرمائی۔ تین جلسے چادر گھاٹ برانچ کے تحت ہوئے جن میں مس اوکی نے بیاک ہیرڈ چلڈرن پر دس ریڈنے کنڈرگارٹن پر و ڈاکٹر ٹریسن اسٹرانگ نے تلمیار کی ضروریات پر تقریریں فرمائیں اس طرح اس برانچ نے جو نظیر قائم کی ہے وہ قابل تقلید ہے۔

**انجمن ہذا کی لائبریری** انجمن ہذا کی لائبریری میں جملہ (۴۲۳) کتب موجود ہیں بمقابلہ سال گذشتہ تعداد کتب میں (۱۷۳) کا اضافہ ہوا ہے موزوں کتب کا انتخاب نہایت جانفشانی سے کیا گیا ہے۔ لائبریری کے لئے علیحدہ کمرہ ہے سال زیر رپورٹ میں (۷۰) ارکان انجمن نے (۱۲۹) کتب کا مطالعہ کیا۔ اردو کتب سے بہت کم حضرات نے استفادہ کیا ہے۔ امید کہ آئندہ اس کی تلافی کی جائے گی۔ کتب کی ترتیب و دیگر امور میں مسٹر چندر واکر ایم اے ہیڈ ماسٹر زینانہ مڈل اسکول نے کافی حصہ لیا۔ اور نہایت دلچسپی سے مفوضہ فرائض انجام دئے خصوصاً عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب) صدر انجمن کی محنت و دلچسپی و نگرانی کا نتیجہ ہے کہ لائبریری میں بہت مفید کتب فراہم ہو چکی ہیں جن سے سالانہ کانفرنس کے موقع پر کافی امداد ملتی ہے اور نہایت شوق سے پڑھی جاتی ہیں۔ اراکین انجمن سے استدعا کی جاتی ہے کہ اس لائبریری کو اپنی لائبریری سمجھیں اور موزوں کتب کے نام یا مناسب تجاویز پیش فرمائیں۔ وقتاً فوقتاً جو کتابیں خریدی جاتی ہیں ان کی فہرست حیدرآباد ڈیجسٹ میں شائع کی جاتی ہے۔

**انجمن کی مالی حالت** سال زیر رپورٹ میں جملہ ضروری مصارف کے بعد ختم مہر ۱۳۴۲ف پر خزانہ انجمن میں (۱۱۴۷) سکہ عثمانیہ تھے۔ اس میں سال حال کی کانفرنس کے اخراجات کی رقم جو تقریباً (۴۴۵) ہے شامل نہیں ہے۔

**خزانچی کے فرائض** جناب مولوی سید خیرات علیصاحب ابتدائے قیام انجمن سے نہایت محنت و دلچسپی سے انجام دے رہے ہیں۔ انجمن کے حسابات کی تنقیح کے لئے مولوی شرف الدین صاحب محاسب مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم و مسٹر ونکٹ نرسمہم سررشتہ دار دفتر صدر مہتمی تعلیمات مستقر بلدہ کا انتخاب کیا گیا ہے جو اوایل آذر ۱۳۴۳ف میں تنقیح کر کے رپورٹ پیش کریں گے۔

**رسالہ حیدرآباد ڈیجسٹ** انجمن کا یہ سہ ماہی رسالہ اساتذہ کی امداد و رہبری کر کے ملک کی جو تعلیمی خدمات انجام دے رہا ہے وہ آپ حضرات سے مخفی نہیں۔ اخراجات ٹپہ میں اضافہ ہونے کی وجہ سے رسالہ مزید مالی مشکلات میں پڑ گیا تھا۔ لیکن مدیر مسئول عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب

کی استدعا کو قبول فرما کر ازراہ علم پروری عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات ملک سرکار عالی نے فرید (۳۰) مدارس کے لئے یکم آذر سنہ ۱۳۴۲ ف سے رسالہ جاری کرنے کی منظوری عطا فرمائی ہے یقین ہے کہ اس سے رسالہ کے اجرا میں سہولت ہوگی۔ انجمن ہذا عالیجناب ناظم صاحب تعلیمات ملک سرکار عالی کی اس امداد۔ علم پروری و حوصلہ افزائی کی تہہ دل سے ممنون ہے۔ رسالہ کے معیار کو قائم رکھنے میں خصوصاً صدر حلقۂ ادارت عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کنٹب) میر مجلس انجمن اور جناب ممدوح کے معاونین رولرنڈ فلپ مولوی عطاء الرحمن صاحب مولوی سید فخر الحسن صاحب مولوی محمد عبدالنور صاحب صدیقی۔ و مولوی سید اللہ بخش صاحب نے غیر معمولی محنت و جانفشانی کا اظہار فرمایا ہے۔ انجمن کو ان معزز اصحاب کا ممنون ہونا چاہئے۔

معزز حضرات!

اب میں انجمن کی جانب سے عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم اے (کنٹب) بیرسٹر ایٹ لا صدر نشین جلسہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جناب والا نے صدارت کانفرنس کو قبول فرما کر ارکان انجمن کی عزت افزائی فرمائی۔ رپورٹ کو ختم کرتے ہوئے خدائے بزرگ و برتر سے دست بدعا ہوں کہ وہ ہمارے آقائے ولی نعمت مدظلہ العالی کا سایۂ عاطفت ہمارے سر پر مدت مدید تک قائم رکھے آمین ثم آمین۔ ع

این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد

مرزا ضیاء الدین بیگ۔ بی اے بی ٹی
معتمد عمومی انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

# خطبۂ صدارت

از نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم۔ اے کنوینر معتمد تعلیمات و امور عامۂ کنوینر عالی

یہ ایک عام دستور ہے کہ ایسے موقعوں پر اظہار تشکر کیا جائے لیکن میں رسمی طور پر شکریہ ادا کرنا نہیں چاہتا بلکہ اُس عزت افزائی کا جو انجمن اساتذۂ بلدہ نے میرے اور میرے عہدے کے اعزاز کو مدنظر رکھ کر آج مجھے یہاں خطبۂ صدارت دینے کے لئے مدعو کیا ہے سچے دل سے اعتراف کرتا ہوں۔

یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ میرا خطاب اساتذہ سے ہے جن کا میں کامل احترام ملحوظ رکھتا ہوں اور جن کی خدمات سے جو اکثر ناشکور ثابت ہوتی ہیں مجھے پوری پوری ہمدردی حاصل ہے۔ مجھے ان کی مشکلات کا اور اس جوش و سرگرمی کا جس سے وہ اپنے فرائض کی ادائگی میں کام لیتے ہیں۔ بہت کچھ احساس ہے۔

اب ہم ایک ایسے دور میں سے گذر رہے ہیں جس میں دنیا کی جنگ عظیم کے بعد پھر سابقہ حالت پہ عود کر آنے کی جد وجہد ہو رہی ہے اور باوجود اپنی تمام ترقیوں، دولت اور ازدیاد علم و قابلیت کے ہم اب تک اس پستی سے ابھرنے کے قابل نہیں ہوئے جس میں مبتلا ہیں۔ ہماری یہ پستی محض مالی حالت کے سنبھل جانے سے دور نہیں ہو سکتی ہم میں بہت سی بدنصیب ہستیاں ایسی ہیں جو عقائد و نظریات اور ایقان کی پستی میں بھی مبتلا ہیں جس کا بین نتیجہ یہ ہے کہ ہم یہ تک نہیں جانتے کہ کیا کر رہے ہیں اور کدھر جا رہے ہیں۔ چنانچہ زمانۂ حال کا ایک مصنف مسٹر جے ایچ میاکسول تعلیم کے متعلق اس بے اطمینانی پر بحث کرتے ہوئے جس کا اظہار مسٹر ایچ۔ جی۔ ویلس نے کیا ہے لکھتا ہے:۔

تعلیم میں ایک ایسا مسئلہ ہمارے درپیش ہے جس کو ہم حل نہیں کر سکتے ہماری حالت اس شخص کی سی ہے جو اندھیرے میں ٹٹول رہا ہو۔ تعلیم کا مقصد یا تو تربیت ہونا چاہئے۔ یا آیندہ زندگی کی تیاری۔ کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو ہمیں یہ تبلا سکے کہ زندگی کیا چیز ہے یا اس کے کیا معنے ہیں ہمیں اس امر کا ایک دھندلا سا تصور ہوتا ہے کہ تعلیم کا مقصد قابلیت کی نشو نما کردار کی درستی اور علم کی اشاعت ہونی چاہئے لیکن فطرت انسانی اور کردار کامل طور پر ضوابط و اصول کے پابند نہیں ہیں۔ اور تعلیمی جال کے پھندوں میں چاہے وہ کتنے ہی پیچ در پیچ کیوں نہ ہوں مفید ہو کر نہیں رہ سکتے یہی وجہ ہے

تعلیم ہمیشہ غیر اطمینان بخش رہی اور تعلیم کا مسئلہ کم و بیش اسی طرح مایوس کن رہے گا۔ ہم ہر ایک دور کے اساتذہ سے زیادہ سے زیادہ جو توقع رکھ سکتے ہیں وہ یہی ہے کہ وہ اپنے مفوضہ کام کو بحسن و خوبی انجام دیں اور نوجوان پود کے روبرو ایک ایسی کام کی مثال قائم کر دیں جو بہ تمام و کمال اور ایمانداری کے ساتھ تکمیل کو پہونچا ہو۔ اگر آنے والی نسل اپنی پیش رو نسل کے تجربات اور غلطیوں سے فائدہ اٹھائے تو ضرور کچھ نہ کچھ سیکھ لے گی اس میں شک نہیں کہ اعلیٰ نصب العین کو مطمح نظر رکھنا ایک اچھی بات ہے، لیکن اس سے زیادہ اچھی بات یہ ہے کہ انسان اس منتشر خیالی کے باوجود بھی جو فطرت انسانی کا خاصہ ہے اور ان مایوسیوں میں بھی جو دوران تجربات پیدا ہوتی ہیں اور ان رکاوٹوں کے موجود ہوتے ہوئے بھی جو زندگی میں پیش آتی ہیں اپنے ماحول اور حاصل کردہ معلومات سے متمتع حاصل کرے۔ آپ کو اس کا بخوبی علم ہوگا کہ ان کے مقاصد اور طریقوں پر کیا کیا تنقیدیں ہو رہی ہیں۔ اور یہ ایک اچھی بات ہے کہ ہم ان تنقیدوں پر اگرچہ کہ ان میں باہمی تناقض ہی کیوں نہ ہوں ٹھنڈے دل سے غور کریں اور ان سے جو نظریات برآمد ہوتے ہیں ان پر دل کھول کر بحث مباحثہ کریں اور ان کا تجربہ بھی کر کے دیکھیں۔ لیکن یہ بالکل درست نہیں کہ کسی نتیجہ پر پہنچنے کے بعد ہم عقل سلیم کھو بیٹھیں اور اپنی پر جد و جہد زندگی کے ان اہم فرائض کو فراموش کر دیں جو بحیثیت مدرس ہونے کے ہم پر عاید ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ وہ فرائض ہیں جن کو فطرت انسانی کی ضرورتوں اور واقعات زندگی نے ہمارے لئے مشخص کر دئے ہیں اور ان فرائض کا اُن مافوق الفطرت چیزوں سے جن کا ہم آئے دن مشینی ترقیوں یا ذہن انسانی کی غیر معمولی قوتوں میں مشاہدہ کرتے رہتے ہیں کوئی تعلق نہیں۔ یہی اصلی و بنیادی فرائض ہیں جیسا کہ سر ولیم رامزے نے کہا ہے "ایک مدرس کے نقطۂ نظر سے ہمیشہ ہمارے لئے یہی بہتر ہوگا کہ ہم بنیادی اصول کی جانب رجوع کریں"۔

اصل بحث پر رجوع کرنے سے قبل میں صرف اتنا کہہ دینا چاہتا ہوں کہ اس ریاست اور ممالک دیگر کے اساتذہ کی مشکلات اور دقتوں کا جو ان کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں پیش آتی ہیں مجھے نہ صرف احساس بلکہ افسوس بھی ہے۔ مدرس جس کام کو دیانت داری سے انجام دے وہ کام اس کے لئے ہمیشہ سخت ثابت ہوتا ہے اور جو مالی صلہ مدرسین کو ان کی خدمات کے معاوضہ میں ملتا ہے وہ ان کی محنتوں کے مقابلے میں کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتا لیکن ساتھ ہی میں یہ بھی کہوں گا کہ بعض صورتیں بالکل اس کے برعکس بھی ہوتی ہیں۔ حیدرآباد میں بھی تعلیم کے راستہ میں بہت سی رکاوٹیں ہیں مثلاً کمال درجہ کی مفلسی، گرمی کی شدت، گرد و غبار کی کثرت مہلک وبائی امراض

اور دیگر مشکلات جن کو دور کرنے کی گورنمنٹ آہستہ آہستہ استقلال کے ساتھ کوشش کر رہی ہے۔
لیکن ایک حقیقی مدرس جو اپنے شاگردوں کی فطرت سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ غریب سے غریب اشخاص اور ان لوگوں میں بھی جن کو ہم جاہل مطلق سمجھتے ہیں صفات حسنہ کا فقدان نہیں ہے۔ جو اس قصہ سے بخوبی ثابت ہوتا ہے۔ جس کو عبداللہ ابن دینار نے بیان فرمایا ہے اس قصہ سے ہم پر ظاہر ہوتا ہے کہ ہمیں ان لوگوں کو بھی نظر تحقیر سے نہ دیکھنا چاہئے جو سوسائٹی میں بار نہیں پاسکتے۔ وہ فرماتے ہیں "ایک بار میں مکہ معظمہ کے قرب وجوار میں خلیفۃ المسلمین حضرت عمرؓ کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ راستہ میں ہمیں ایک چرواہے کا غلام لڑکا ملا جو بکریوں کا گلہ ہانکے لئے جا رہا تھا حضرت عمرؓ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا کیا تم ایک بکری میرے ہاتھ بیچتے ہو؟"
لڑکا۔ یہ بکریاں میری نہیں بلکہ میرے مالک کی ہیں"۔ حضرت عمرؓ نے پھر اس کو آزمانے کی غرض سے دریافت فرمایا "اچھا تو تم اس سے کہہ سکتے ہو کہ ایک بھیڑیا اسے اٹھا لے گیا اور مالک کو یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ اصل واقعہ کیا ہے۔ (لڑکا) مالک کو اصل واقعہ معلوم ہو یا نہ ہو لیکن خدا سے تو کوئی بات چھپی نہیں۔ وہ بکتی"۔ یہ سنکر حضرت عمرؓ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور چرواہے کو بلوا کر اس غلام لڑکے کو یہ فرماتے ہوئے آزاد فرما دیا "تو نے ایک ایسی بات کہی جس کی وجہ سے نہ صرف اس دنیا میں بلکہ آخرت میں بھی تجھے چھٹکارا مل جائے گا۔
اب کہیں چلکر یہ بات ہمیں یاد آئی ہے کہ بچوں کے معلم کو زندگی کی ایک مشکل مہم سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس شخص کو جس کی معصومیت کا زمانہ گذر چکا ہو معصوموں کی رہنمائی کرنی پڑتی ہے۔ اس دنیا سے بے خبر بچے جس میں ہم رات دن متضاد حالات دیکھتے رہتے ہیں۔ اور جس میں بہ نسبت خیر کے شر کا عنصر زیادہ ہے اپنی معصومیت کی حالت میں ان افراد کے حوالے کر دیا جاتا ہے جن کی بچپن کی فطرت کا زمانہ گذر چکا ہے اور جنہوں نے زمانے کے سرد و گرم کا بہت کم تجربہ حاصل کیا ہے۔
میں یہاں منطقی یا نفسیاتی نقطۂ نظر سے کوئی بات پیش کرنے والا نہیں ہوں جو سب کو مغالطے میں ڈالدے بلکہ تاریخ اسلام کا اور نیز اس زمانے کی اقوام یورپ کی انسانیت کا جبکہ اٹلی میں خود مختار ریاستیں قائم اور زندگی کی خاطر کثرت سے شورشیں برپا تھیں مطالعہ کرنے اور خود اپنے ملک کے اساتذہ و طلبہ سے عرصۂ دراز تک میل جول رکھنے کی بنا پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرا متذکرۂ صدر بیان کس قدر واقعیت پر مبنی ہے یہ وہ حقیقت ہے جس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ لیکن حضرات و

خواتین! جس بات پر آج میں زور دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہم اس مسئلہ پر ایک پہلو سے غور کریں۔ اکثر اشخاص مسئلہ تعلیم پر غور کرتے ہوئے۔ بچہ پر اُستاد کے تفوق کو تسلیم کر لیتے ہیں لیکن معدودے چند ایسے ہیں جو اُن امکانات کو پیش نظر رکھتے ہیں جن کی رو سے بچہ بھی اس قابل ہوتا ہے کہ استاد کو تعلیم دے سکے اس سے مراد نصاب کی تعلیم نہیں بلکہ وہ تعلیم ہے جو بچے کی موجودگی کے نامعلوم اثر سے استاد کو حاصل ہوتی ہے لیکن اس سے بھی کم تعداد ان اشخاص کی ہے جو اپنی قوت متخیلہ کی مدد سے اس نتیجہ کو دیکھ سکتے ہیں جو اساتذہ اور طلاب کے باہمی میل جول سے رونما ہوتا اور ایسے خوش گوار حالات پیدا کر دیتا ہے کہ ایک کو دوسرے کے ساتھ دلی ہمدردی پیدا ہو جاتی ہے

یہ امر ہم سب کے لئے کچھ کم باعث فخر و مباہات نہیں کہ حیدرآباد میں مذکورہ بالا میل جول اور ہمدردی کی دو عمدہ مثالیں موجود ہیں۔ جن کو میں یہاں اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر آپ حضرات کے روبرو بیان کر سکتا ہوں۔ شاید یہاں بہت سے افراد ایسے ہوں گے جن کو یہ معلوم نہ ہو کہ چادر گھاٹ ہائی اسکول میں جس کی صدارت میرے دوست مسٹر پکچھال نہایت قابلیت کے ساتھ انجام دے رہے ہیں منجملہ اور عمدہ چیزوں کے جو ایک عمدہ مدرسہ میں ہونے چاہئیں۔ ایک کنڈرگارٹن بھی ہے۔ جو نو سال سے حیدرآباد کے نونہالوں کے لئے گوناگون مسرتوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے میں خیال کرتا ہوں کہ میرا یہ کہنا ایک حد تک درست ہوگا۔ کہ یہی وہ کنڈرگارٹن ہے جو پہلے پہل اردو میں قائم کیا گیا۔ اور ایک قابل قدر مدرس مسٹر سید پیر کی نگرانی میں پھل پھول رہا ہے دوسری مثال جس کی جانب میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وکٹوریہ میموریل آرفینج ہے جو اس قابل ہے کہ آپ اپنی فرصت کے اوقات میں ضرور اس کا معائنہ کریں یہ دارالیتامے مسٹر اور مسز آلگس کی نگرانی میں چل رہا ہے پہلے اس کی حالت نہایت ابتر تھی لیکن اب ایسا معلوم ہوتا ہے گویا جادو کے زور سے اس کی کایا پلٹ ہو گئی ہے۔ قابل سے قابل مبصرین کی اس دارالیتامے کے متعلق یہ رائے ہے کہ یہ اپنی نوعیت میں ہندوستان بھر میں آپ اپنی نظیر ہے اگر کوئی شخص اس دارالیتامے میں بچوں کے ساتھ جب وہ اپنے پڑھنے لکھنے یا دستکاری یا کھیل میں مصروف ہوں ایک یا دو گھنٹے بسر کرے تو اس کو غایت درجہ مسرت حاصل ہوگی اور اس امر کا پتہ چل جائے گا کہ کیوں شہزادگان و شہزادیان والا تبار اس درس گاہ کی اعانت و سرپرستی میں اس قدر گہری اور عملی دلچسپی لیتے ہیں۔

ایک ایسا مدرسہ جو بچوں کے لئے اس قسم کی دلچسپیوں اور خوشیوں کا سامان جمع کر دے

بے شک ایک نہایت ہی عقلمند نہایت ہی قابل قدر اور نہایت ہی جوشیلا مدرس ہے اگر وہ اپنے آپ کو مٹی سے خوشنما مورتیں بنانے والا تصور کرے تو بالکل بجا ہے۔ اُس کا دل ایسے احساسات سے لبریز ہوتا ہے جن کی ترجمانی برٹرانڈرسل نے ان الفاظ میں کی ہے۔

"وہ اُن تمام اشیاء میں جو ذی حیات ہوتی ہیں خصوصاً صنف انسانی میں اور اس میں بھی زیادہ تر بچوں میں ایک ناقابل توضیح پاکیزگی اور ایک گراں بہا منفرد ہستی کا احساس کرتا ہے۔ یہ منفرد ہستی اس کو ایک بڑھنے والا اصول زندگی اور دنیا کی خاموش جدوجہد کا ایک مجسم جز معلوم ہوتی ہے۔ وہ بچے کی موجودگی میں ایک ناقابل بیان عجز محسوس کرتا ہے ایسا عجز جس کی کوئی معقول وجہ تبلائی نہیں جاسکتی۔ تاہم وہ اساتذہ اور والدین کی خود اعتمادی کی بہ نسبت زیادہ قرین عقل ہوتا ہے۔ بچے کی ظاہری بے بسی اور دوسروں کی مدد کی محتاجی اس میں ایک ایسی ذمہ داری کا احساس پیدا کر دیتی ہے جس کا تمام تر اعتماد اسی کی ذات پر ہوتا ہے۔ اس کی قوت متخیلہ اس کو تبلاتی ہے کہ بچہ آگے چل کر کیا ہوگا وہ برائی اختیار کرنے والا ہوگا یا بھلائی اس کی قوت ارادی کی نشوونما کس طرح ہوسکتی ہے یا وہ کس طرح کسی دوسرے رخ پر لگائی جاسکتی ہے۔ اس کی امیدوں میں انحطاط پیدا ہونے اور اس میں جو ایک اُپج کا مادہ ہوتا ہے اس کے کم ہوتے جانے اور اس کی قوت اعتمادی کے زائل ہونے اور اس کی خواہشات کی تیزی کے کم ہوجانے اور اس میں ایک ہی بات کی ادھیڑ بن میں لگے رہنے کی عادت کے پیدا ہونے کے کیا اسباب ہیں۔ جب وہ ان سب باتوں پر غور کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک زبردست خواہش اس امر کی پیدا ہوتی ہے کہ وہ اس کش مکش کی حالت میں بچے کی مدد کرے پھر وہ بچے کی احتیاجوں کو پورا کرتا اور اس کے حوصلوں کو بڑھاتا ہے۔ محض اس وجہ سے نہیں کہ کوئی خارجی قوت یا حکومت کے مجوزہ احکام یا کوئی ذی اقتدار ہستی اس کو ایسا کرنے پر مجبور کرتی ہے بلکہ محض بچے کا طبعی جوش اور رجحان اس کو اس جانب مائل کرتا ہے کہ وہ شخص جو اس قسم کے احساسات رکھتا ہے وہی اس قابل ہے کہ آزادی کے اصول پر قائم رہ کر تعلیم کا علم بردار کہلا سکے۔

مندرجہ بالا نصب العین کے برخلاف جب ہم اکثر نوجوانوں کو اپنے مدرسین کی سختی یا کاہلی یا عدم ہمدردی کو یاد کرکے اپنے مدرسے کے زمانۂ گذشتہ کا تلخی کے ساتھ تذکرہ کرتے ہوئے پاتے ہیں تو یہ کہنا پڑتا ہے۔ ؎ ببیں تفاوت رہ از کجا است تا بکجا۔ اس میں شک نہیں کہ اُس زمانے میں ضبط اور کتابی تعلیم اچھی تھی لیکن دوسری بہت سی ایسی چیزوں کا فقدان تھا جو لذت کے

تعلیمی بورڈ کے ایک مشہور و معروف سابق رکن سر رابرٹ مورانٹ کی مندرجہ ذیل تحریر میں بیان کی گئی ہیں:۔

اساتذہ مثال اور اثر کے ذریعہ اس امر کی کوشش کر سکتے ہیں کہ بچوں میں محنت، خودداری اور مشکلات کا جرارت انگیز ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کرنے کی عادتیں راسخ ہو جائیں وہ ان میں اعلےٰ اوصاف پیدا کر سکتے اور ان کو ایثار نفس کے لئے تیار کر سکتے ہیں اور اس قابل بنا سکتے ہیں کہ وہ صداقت اور بے لوثی کے اصول پر عمل کرنے کے لئے انتہائی کوشش کام میں لائیں وہ بچوں میں فرض شناسی کا زبردست احساس اور اپنے ابنائے جنس کے متعلق اس ادب و احترام کے جذبات پیدا کر سکتے ہیں جو بے غرضی اور تمام عمدہ اطوار کی بنیاد ہیں"۔

اس سے آپ کو ہرگز اختلاف نہ ہوگا کہ یہ ایک اعلیٰ طریقۂ تعلیم ہے اور ویسا ہی ہے جیسا کہ مٹی سے برتن ڈھالے جائیں۔ ڈھالنے کا کام خدائے تعالیٰ کی جانب سے تکمیل کو پہونچ چکا ہے اب استاد کی بڑی ہنرمندی یہی ہے کہ وہ بچے کی ان قوتوں کو جو اظہار کے لئے تڑپ رہی ہیں تحریک میں لاوے اور اس کے رجحانات جبلتوں اور ارادوں کو صحیح راہ پر لگا دے یا بہ الفاظ دیگر بچوں کے لئے مواقع اور ہدایتیں مہیا کر دے۔

صحیح معنوں میں تعلیم وہی ہے جو ذہنی قویٰ کا جمہور کے ساتھ ربط پیدا کر دے اور اس طرح ایک شائستہ حکومت کی ترقی میں ممد و معاون ہو۔ اسی تعلیم سے اس سوسائٹی کی بنیاد قائم ہوتی ہے جس پر انسانیت کا اطلاق ہو سکتا ہے"۔

یہ باتیں کیونکر عملی صورت میں لائی جائیں۔ یہی ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی جانب دور حاضرہ کے ماہرین تعلیم کی توجہ ایک عرصہ سے مبذول ہو رہی ہے اور بہت سی ایسی تجاویز اور طریقہ ہائے عمل وضع کئے گئے ہیں جو اس مقصد کے حصول میں مؤثر ثابت ہوں لیکن میرے خیال میں اس مسئلے کا حل شخصیت سے تعلق رکھتا ہے ایسی شخصیت سے جو ایثار کے لئے مستعد ہو جائے اور ایسے کام کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دے جو اگرچہ کہ حقیر لیکن شریفانہ ہے جتنے بڑے اساتذہ گزرے ہیں سب نے شخصی مفاد کو نظر انداز کر دیا ہے ہم سب اس امر سے بخوبی واقف ہیں اور افسوس کرتے ہیں کہ معلمین اور خصوصاً طبقۂ تحتانیہ کے معلمین کا کام سخت اور معاوضہ کم ہے حالانکہ یہی وہ کام ہے جس پر سب کچھ منحصر ہے۔

مسٹر کو کنگز کالج لندن کے سابق پرنسپل پروفیسر ارنسٹ بارکر نے اس خصوص میں کہ شائستہ حکو

ترقی دینے کے کیا اصول ہیں ہمارے لئے ایک واضح لائحہ عمل پیش کیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں:-

فرقہ دماغوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ لہٰذا اس کا تعلق لازمی طور پر دماغ ہی سے ہے وہ تعلیم جو اس تعلق کے اظہار کا طریقہ مہیا کر دے ایک عمیق ہی نہیں بلکہ اس سے کہیں عمیق تر مسئلہ ہے جیسا کہ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے وہ محض علم ہی سے متعلق نہیں بلکہ اس کا تعلق مذاق اور چال چلن سے بھی ہے وہ انسان کو کام ہی کے لئے نہیں بلکہ اوقات فرصت کے لئے بھی تیار کرتا ہے۔ وہ طبیعت کی مناسبت اور فرائض متعلقہ کے لحاظ سے بدلتا اور منقسم ہوتا رہتا ہے اور وہ اس اتحاد کا بھی ذریعہ ہے۔ جو سوسائٹی کو ایک ہی رنگ میں رنگ دے۔ وہ عطیات (Grants) مشاہرات، وظائف حسن خدمت، نظام الاوقات اور نصاب تعلیم کے مسائل کو مستر ض بحث میں لانا اور ان کے طریقہ ہائے کار تبلاتا ہے لیکن ان تمام انتظامی امور سے الگ اور بالاتر ایک اور نہایت ہی دلچسپ و خوشگوار کام بھی ہے جو انسان کے تفویض کیا گیا ہے۔ یہ کام مدرس اور ایک پختہ اور تربیت یافتہ دماغ کا ہے جس کو بچوں کے نمو پانے والے دماغ سے سابقہ رہتا ہے انسان کا اس سے زیادہ مرغوب کام کوئی اور نہیں ہو سکتا"

یہی وہ درخشاں اور ہدایت آموز پروگرام ہے جس کو ایک نہایت جفاکش مدرس ہی تیار کر سکتا ہے بلکہ اس کی نوعیت ایک پروگرام سے بھی کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ یہ بات واضح طور پر ہمیں تبلادی گئی ہے کہ تعلیم کے جدید نظریے کے مطابق انیسویں صدی کے مدرس کو مذہب کے ساتھ سائنس اور طریقۂ تعلیم سے بھی پوری واقفیت رکھنی چاہئے انہیں دو قوتوں یعنے مذہب اور سائنس کے امتزاج سے انسانی فلاح و بہبود کے نتائج برآمد ہوتے ہیں گو ہم اگلے مذہبی معتقدات کو روبہ زوال دیکھکر مجروح و افسوس اور سائنس کی روز افزوں طاقت پر اظہار نارضگی کرتے ہیں لیکن جب ہم اس امر کا احساس کرتے ہیں کہ مدرسے میں پڑھانے والے مدرس میں بھی وہی جوش کام کر رہا ہے۔ جو اگلے زمانے کے مذہبی مصلح اور مبلغ کا خاصہ تھا اور جب یہ بھی دیکھتے ہیں کہ سائنس کی نہایت قابل قدر تحقیقات سے بھی تعلیم میں عموماً کام لیا جا رہا ہے ہماری مسرت کی کوئی حد نہیں رہتی۔

سائنٹیفک طریقہ کا حاصل کرنا جو فن تعلیم کا ایک نہایت اہم شعبہ ہے مدرس کے لئے ایک گراں بہا شئے ہے۔ جب اس کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ وہ ایک روحانی دور کا بانی ہے تو اس کو اپنے کام میں اور بھی جوش و انہماک پیدا ہو جاتا ہے۔ لیکن یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کس طرح ایک شخص اپنے ابنائے جنس میں اعلیٰ زندگی بسر کر سکتا ہے جب کہ اس کو ایک

ایسی دنیا میں اپنا فرض ادا کرنا پڑتا ہے جہاں ہر شخص اپنی ذاتی ترقی کے لئے کوشاں ہے "جدید شاہراہوں پر سے گذر کر ہم اعلیٰ مقامات میں کس طرح فروکش ہو سکتے ہیں؟" اس سوال کا جواب ہم کو مس وائڈ اسکڈر کے مندرجۂ ذیل الفاظ میں ملتا ہے۔

جس کام کا اشارہ متذکرۂ صدر سوال میں کیا گیا ہے اس کے لئے بہت کچھ ضبط نفس، قوت ارادی برداشت اور تحمل کی ضرورت ہے یہ ان بے ریا کاموں میں سے ہے جن کے لئے بہت سی پوشیدہ قربانیاں عمل میں آئی ہیں جو دنیا کو تباہی سے بچانے کا باعث ہوئیں"۔

شاید یہاں میرا یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو کسی سنہری دنیا کا خواب دیکھتے یا اس کا مبہم تذکرہ کرتے ہیں۔ تاریخ کا مطالعہ مجھے یہ سکھاتا ہے کہ اس قسم کی خیالی چیزوں پر اعتبار کرنا ایک افسوس ناک نقیت ہے بلکہ میری مطمح نظر وہ ممکن الوقوع چیز اور وہ ترقیاں ہیں جو لگاتار جد وجہد سے رونما ہوئی ہیں میرے پیش نظر وہ ایجادات ہیں جو آج بھی حالانکہ رات دن ہماری نظر سے گذرتی رہتی ہیں اسی طرح ایک خواب سی معلوم ہوتی ہیں جس طرح ازمنۂ قدیم میں تصور کی جاتی تھیں یہ چیزیں ہوائی پرواز، لاسلکی آلات خوردبینی و دوربینی و آلات تحلیل شعاع وغیرہ ہیں۔

موجودہ دنیا اور اس کی تمام سخت اور سرگرم کوششوں کے نتائج بھی ایک زمانے کے بعد فنا ہو جائیں گے اور ان کی جگہ ایک نئی دنیا جو نہ صرف تازہ جوش اور امیدوں سے بلکہ اس سے بھی کہیں بڑھ کر عزیمت و استقلال سے بھری ہوئی ہوگی نمودار ہوگی۔ پھر میں یہاں لارڈ رسل کے الفاظ کی طرف رجوع کرتا ہوں:۔

وہ دنیا جس میں ہم رہتے ہیں پر تنوع اور حیرت انگیز ہے اس کی بعض چیزیں ایسی ہیں جو بادی النظر میں نہایت سیدھی سادی معلوم ہوتی ہیں لیکن جیسے جیسے ان پر غور کیا جائے۔ ویسے ویسے مشکل ثابت ہوتی ہیں بعض ایسی ہیں جن کی دریافت بالکل غیر ممکن سی نظر آتی ہے۔ لیکن انسانی جودت اور محنت کے ذریعہ وہ پردہ اخفا سے نکل آتی ہیں۔ خیال کی قوتیں اور وہ وسیع قلمرو جس پر وہ احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور اس سے کہیں زیادہ وسیع قلمرو جس کا صرف ایک دھندلا سا تصور قوت متخیلہ میں پیدا ہو سکتا ہے اُن اشخاص کو روزمرہ کی حقیر اور معمولی چیزوں سے بے نیاز رکھتی ہے جن کے دماغ اعلیٰ معلومات کے ذخیرہ سے معمور ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کی کل زندگی دلچسپی سے معمور ہوتی ہے اور وہ عامیانہ چیزوں کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں

دیکھئے مثال کے طور پر اس شوق مہمات ہی کو لیجئے جو انسانوں کو قطب شمالی تک لے جاتا ہے اور اس جوش شجاعت کا خیال کیجئے جو اشخاص کو میدان جنگ میں پہونچا دیتا ہے یہ ایسی چیزیں ہیں ایک حوصلہ مند خیال میں تباہ کن اور بے رحمانہ متصور نہیں ہوتیں بلکہ انسان کی عظمت کو بڑھانے والی اور زندگی کو تابناں و درخشاں جاہ و جلال سے ممتاز بنانے والی ہیں جس کو انسانی جوش اور ہمت پر دہ غیب سے عالم شہود میں لاتی ہے۔ اسی مسرت سے ان لوگوں کو جو اس کے اہل ہیں کم و بیش بہرہ اندوز کرنا ہی وہ اعلیٰ مقصد ہے جس کے لئے دماغ کی تعلیم و تربیت بے حد ضروری اور قدر و قیمت کے قابل سمجھی گئی ہے۔" (برٹرانڈ رسل)

اب یہ زمانہ نہیں ہے کہ ہم اپنی کھوئی ہوئی عظمت پر آنسو بہائیں اس عظمت کا بیشتر حصہ خصوصاً ایسی سرزمین میں جو لگاتار جنگ و جدل کا مرکز بنی ہوئی ہو اور جہاں تھوڑے تھوڑے عرصہ کے لئے حکومتیں قائم ہو کر مٹ گئی ہوں۔ محض ہوس عز و جاہ بے رحمی اور انتقام گیری پر مبنی تھا۔ بلکہ اس زمانہ، ماضی سے ہم ایک اور قسم کی عظمت، جان توڑ کوشش اعلیٰ نصب العین پر استواری فرض شناسی اور احساس ذمہ داری کا سبق حاصل کر سکتے ہیں جو بجائے خود ایسے خزانے ہیں۔ جو تمام مادی ترقیوں سے بڑھے چڑھے ہیں یہ دل و دماغ کے خزانے ہیں۔ جن پر قبض و تصرف رکھنے کی وجہ سے زمانہ، ماضی کے شریف و شجیع سورماؤں کے نام ابتک زندہ ہیں۔ سر اے۔ جی ویلس لکھتے ہیں۔

"ہماری موجودہ پستی کی بے حسی نے ہم کو اس قدر اندھا کر دیا ہے کہ ہم ان واضح اور روشن امور کو بھی نہیں دیکھ سکتے جن پر عمل کرنے سے چند ہی نسلوں کے بعد ہر ایک چھوٹے سے چھوٹا ملک ایتھنز بن سکتا ہے۔ ہر ایک انسان شریف النسل اور جسمانی و دماغی لحاظ سے توانا و صحت مند ہو سکتا ہے کل ٹھوس زمین انسان کے حق میں مدن بن سکتی ہے اور اس کے بعید ترین خطے اس کی جولانگاہ بن سکتے ہیں۔

یہ ایک عمدہ اور ہمت افزا پیش گوئی ہے جس کا بہت ہی جلد عملی صورت میں ظاہر ہونا امکان سے بعید نہیں معلوم ہوتا کیونکہ اس سے آپ بخوبی واقف ہیں کہ ہمارے محبوب تاجدار اعلیٰحضرت حضور نظام نواب میر عثمان علیخان بہادر خلد اللہ ملکہٗ و دولتہ کے شاندار عہد حکومت میں تعلیم نے میدان ترقی میں کس قدر قدم آگے بڑھائے ہیں۔ ہمارے ماہرین تعلیم کنڈرگارٹن سے لیکر اونچی سے اونچی درس گاہوں تک اس مبارک دور میں حقیقی جوش اور دلچسپی سے کام کر رہے ہیں۔

جاگیر دار کالج کی مثال ہمارے سامنے ہے جو نہ صرف جماعتی تعلیم میں بلکہ ورزشی کھیلوں کے میدان میں بھی توقع سے زیادہ کامیاب ثابت ہو رہا ہے اور ہماری عثمانیہ یونیورسٹی جس سے تعلیم مسلمانان ہند کی تاریخ میں ایک روشن و شاندار باب کا اضافہ ہو لہے۔ ہزار ہا طالبعلموں کا جو اردو زبان کے ذریعہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں مرجع بنی ہوی ہے۔ مشرقی اور مغربی تہذیب کے میل ملاپ سے اس بات کا یقین ہو رہا ہے کہ بہت جلد اس یونیورسٹی کو مابین الاقوامی شہرت حاصل ہو جائے گی۔ اور ہمارے ملک دکن کی علمی ترقیوں اور ہمارے بیدار مغز شہریار کی معارف نوازیوں کو دنیا تسلیم کرنے لگے گی کیونکہ یہ ہمارے خسرو ذیجاہ سلطان العلوم کے علمی تبحر اور اعلیٰ شاعرانہ ذوق کی وجہ ہے کہ یونیورسٹی کے مقاصد میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہوتی جا رہی ہے۔

اوپر ان مشکلات کا ذکر ہو چکا ہے، جن سے مدرس کے کام میں رکاوٹ پیش آتی ہے ان مشکلات میں تنہائی، بے وطنی اور حیدر آباد میں جہاں زندگی کی تحریص انگیز مسرتیں روز بروز بڑھتی جا رہی ہیں۔ متبدل ہونے کی خواہش اور بھی اضافہ کر دیتی ہے۔ لیکن بجز معدودے چند افراد کے جو اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں۔ ہر شخص اس قابل نہیں ہوتا کہ جس جگہ وہ متعین کیا گیا ہو وہاں آرام و چین کی زندگی بسر کر سکے اور میرے خیال میں یہی ایک بہت بڑی مشکل ہے جو زندگی میں پیش آتی ہے خصوصاً ایک مدرس کے حق میں تو اس کا اثر نہایت مہلک ہوتا ہے۔ کیونکہ بچے (ہمیں خود اپنے بچپن کا زمانہ یاد ہے) بہت حساس ہوتے ہیں۔ اور ان لوگوں کے خلوص و عدم خلوص کو جن کی صحبت میں وہ رہتے ہیں بہت تیزی سے محسوس کر لیتے ہیں۔

اگر کوئی مدرس یہ محسوس کرے کہ ایک ایسی جگہ پر جس کو وہ ادنیٰ خیال کرتا ہے۔ ادنیٰ لوگوں میں مامور کئے جانے کی وجہ سے زندگی اس کیلئے کوئی دلچسپی نہیں رکھتی تو اس کو وہی کرنا چاہئے جو کہ دنیا کی بڑی اور صداقت شعار ہستیوں نے کیا ہے۔ اس کو چاہئے کہ مشکلات کا مقابلہ کر کے ان کو اپنے کردار کے زور سے مغلوب کر دے اس کو شہرۂ آفاق مضمون نگار اینٹن کے الفاظ یاد رکھنا چاہئے جو اس طرح رقمطراز ہے "حتیٰ کہ غریبوں سے بھی قدرت دن رات ایسے صبر و استقلال کے اثرات ظاہر کرواتی ہے جو اس سے کہیں پاکیزہ تر ہوتے ہیں جس کے اعلیٰ نمونے ہم مدارس میں دیکھتے ہیں۔

مدرس کو ہرگز اس بات کا احساس نہ ہونا چاہئے کہ اس سے لاپروائی برتی گئی ہے کیونکہ اگر وہ ایسا محسوس کرے گا تو گویا اپنے آپ سے لاپروائی کرنے لگے گا جو اس سے کہیں

زیادہ برا ہے کہ دوسرے اس سے لاپروائی کریں چاہئے کہ وہ اپنے فرض کو ایک ایسی آزمائش خیال کرے جو اس پر حکام کی جانب سے نہیں بلکہ ان سے کہیں بزرگ تر ہستی یعنے اس کے اپنے ضمیر کی جانب سے عائد کی گئی ہے اس کو چاہئے کہ وہ اپنے فرائض منصبی کو چاہے وہ کتنے ہی حقیر کیوں نہ ہوں ترش روئی کے ساتھ اور با دل ناخواستہ انجام نہ دے بلکہ اس بات کا عزم مصمم کر کے ان پر عمل پیرا ہو کہ وہ اپنے ماحول کو جو بری حالت میں ہے بہتر حالت میں تبدیل کر دیگا چاہیے ایسی صورت میں اس کو ترقی کا کوئی موقع نظر نہ آئے اور اس کا مستقبل اس کو تاریک ہی کیوں نہ دکھائی دے اس کو چاہئے کہ وہ آلیور کرامویل کے ان الفاظ کو یاد رکھے یعنے "کوئی شخص اتنی رفعت حاصل نہیں کر سکتا جیسا کہ وہ شخص حاصل کر سکتا ہے جس کو یہ بھی نہیں معلوم کہ وہ کدھر جا رہا ہے۔

بطور جملۂ معترضہ مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ اگر آپ بیرونی دنیا اور اس کے حقوق کے تسلیم کرنے کی جانب بے توجہی کا اظہار کریں گے تو یہ آپ ہی کے حق میں مضر ہوگا۔ اس دنیا میں انسانی قوتوں کے باہمی تعلقات کا سمجھنا مشکل ہے ان قوتوں میں قوت آلہی کام کر رہی ہے کیونکہ وہ خدا ہی کے بنائے ہوئے طریقے ہیں۔ وہ خدائے تعالیٰ کی جانب سے ہدایات ہیں اور اسی کی دانش کے مظاہر ہیں۔ نظر حقیقت سے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ منشا ایزدی یہی تھا۔ کہ ہم متحدہ کوشش کے ساتھ مخالف موجوں کا مقابلہ کرتے ہوئے انہیں طریقوں کی وساطت سے ترقی کے زینے پر پہنچیں اور یہ کہ ہماری منفردانہ ترقی محض اسی وقت ظہور پذیر ہوگی جب ہم مخالف قوتوں کو بتدریج زیر کرتے جائیں۔ اسی کو علمائے سائنس کی اصطلاح میں ارتقا کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ جہاں تمہاری ناراضگی کا سبب یہ ہوتا ہے کہ تم سے کم قابلیت رکھنے والے لوگ تمہارے حقوق کو غصب کر رہے ہیں تو تمہاری یہ ناراضگی حق بجانب ہے جہاں تم ان باہر سے آنے والے لوگوں کے ہارج و مزاحم ہوتے ہو۔ جن کی قابلیت تمہارے لئے ایک نمونہ ہے تو یقیناً تمہارا یہ طرز عمل درست نہیں ہے تمہاری مشکلات کی وجہ یہی ہے کہ تم ابھی تاریکی میں ہو تم اس حقیقت کو بھولے ہوئے ہو کہ گو حیدرآباد کو اب پہلے سے بہت زیادہ شہرت حاصل ہو چکی ہے اور گو ہم میں یہاں بہت سی چھپی ہوئی قابل ہستیاں موجود ہیں تاہم اب تک ہم دنیا سے بہت کچھ الگ تھلگ ہیں اور میدان عمل میں مسابقت کے لئے بہت کم تیار ہیں۔ یہ بیرونی دنیا ہمارے لئے ضروری ہے یہی وہ ہے جس پر نہ صرف ہماری ترقی بلکہ

ہماری بقا کا بھی دار و مدار ہے اگر تم اس کو محسوس نہیں کرتے تو واقعات خود تمہیں محسوس کرنے پر مجبور کر دیں گے جس سے خود بخود تمہاری تشفی ہو جائے گی اور چونکہ ہم میں سے اکثر افراد کے لئے بلحاظ صحت جسمانی یہ ناممکن ہے کہ عرصہ دراز تک بیرونی دنیا سے فوائد حاصل کرنے کی غرض سے وہاں رہیں لہذا ہمیشہ ہم کو اس بات کی ضرورت لاحق ہوتی رہے گی کہ جن عملی سرگرمیوں اور اعلیٰ مقاصد میں ابھی ہم حصہ لینے کے قابل ہیں اور نہ عرصہ دراز تک ہو سکیں گے تو عملی سرگرمیوں اور اعلیٰ مقاصد کے نمایندوں کو اپنے ملک میں بلائیں اور ان کا خیر مقدم منائیں۔ ان میں حصہ لینے کے مستحق ہم محض اس جان توڑ محنت کے ذریعہ ہو سکتے ہیں جو آپ اساتذہ صاحبان ہی کا حصہ ہے اور جس سے بتائید ایزدی آپ ہی اچھی طرح کام لے سکتے ہیں

میں نے جو باتیں آپ سے کہی ہیں اس سے میرا مطلب آپ کی خوشامدانہ طور پر ہمت افزائی کرنا نہیں ہے۔ بلکہ آپ کی حیثیت اور فرض منصبی اور ان مواقع کو جو ان کے ذریعہ حاصل ہو سکتے ہیں آپ کے روبرو واضح طور پر پیش کرنا ہے میں آپ کو یہ محسوس کرانا چاہتا ہوں کہ گو آپ کی مشکلات اور مایوسیاں بہت زیادہ ہیں لیکن دوسرے بھی ان سے ناواقف نہیں ہیں اور ایسی ہی مشکلات انھیں بھی درپیش ہوتی ہیں۔ اگرچہ آپ کو اس کا علم نہیں ہے رہے بڑھ کر میں آپ کو یہ بات محسوس کروانا چاہتا ہوں کہ گو آپ یہ سمجھتے ہوں گے کہ عزیز بچوں کی تعلیم و تربیت کی بڑی ذمہ داری آپ کے سپرد کی گئی ہے تاہم آپ کو اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالنا چاہئے کہ آپ کی تعلیم مکمل ہے۔ جب آپ اپنے ملک سے باہر جاتے ہیں تو آپ کی تعلیم کا جو حصہ سخت ترین ہوتا ہے وہ ابتدا ہی کا ہوتا ہے۔ آپ کو نہایت ہی سرگرمی سے کام کرنا بہت زیادہ پڑھنا بہت کچھ محنت کرنی اور ان چیزوں کو جن کے متعلق آپ کا خیال ہے کہ آپ سے متعلق نہیں ہیں سمجھنا پڑھتا ہے۔

اسی بات کو مدنظر رکھکر سوچو گے تو معلوم ہو جائے گا کہ آپ میں سے بعض افراد دیہات میں رہنے کو جو ایک قسم کی دوری اور جلا وطنی سمجھتے ہیں۔ دراصل ایسا نہیں ہے بلکہ یہی دوری اور جلا وطنی شہر کی زندگی سے جہاں انسان کے وقت اور صحت و توانائی کو زائل کرنے کی بہت سی ترغیبات موجود ہیں بدرجہا زیادہ کام کرنے کا موقع بہم پہونچاتی ہے چنانچہ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے "تم دنیا میں رہکر اپنے آپ کو دنیوی ترغیبات سے محفوظ نہیں رکھ سکتے۔ جیسا کہ تم پانی میں جاکر بغیر بھیگے ہوئے نہیں نکل سکتے آپ کو ایک مختلف

دنیا میں دعوت عمل دی گئی ہے وہ بچوں کی پاک دنیا ہے۔ جہاں آپ ان کی معصومیت، ان کی محنت اور محبت کی خواہش اور ان کی نہ صرف ہونے والی قوت سے جو آپ کو سب غلطیوں سے بڑا عطیہ یعنے خوشی اور طمانیت بخشتی ہے دوچار ہوتے ہیں۔

اگر آپ ان بچوں کی صحبت میں جن کو آپ پڑھا رہے ہیں کوئی مسرت حاصل نہیں کر سکتے تو مجھے صاف الفاظ میں یہ کہنا پڑتا ہے کہ آپ کی تعلیم غلط اصول پر ہو رہی ہے۔ اگر ان سب امور کے باوجود بھی دنیا آپ کی بہت کچھ مخالف ہے تو میں آپ کی ہمت مردانہ سے اپیل کرتا اور یہ نصیحت کرتا ہوں کہ آپ اپنے آپ کو واجب الرحم ظاہر کرنے سے اسی طرح بچیں جیسا کہ طاعون سے بچتے ہیں۔ اپنے دل میں مایوسی کا شائبہ تک نہ پیدا ہونے دیں اور اُس عدیم المثال جوش سے اپنے آپ کو کام کے لئے وقف کر دیں جس کا ذکر شاعر شیلے نے اپنے ان ہمیشہ یاد رہنے والے الفاظ میں کیا ہے وہ کہتا ہے :۔

اُن غم و آلام کا سہنا جن کو امید بے پایاں سمجھتی ہے۔
اُن غلطیوں کا معاف کرنا جو موت اور رات سے زیادہ تاریک ہیں۔
اس طاقت سے مقابلہ کرنا جو زبردست نظر آتی ہے۔
محبت کرنا اور مصائب برداشت کرنا اور اس وقت تک امید کے دامن کو ہاتھ سے نہ دینا۔
جب تک کہ اسی امید شکستہ سے وہ چیز برآمد نہ ہو جو اس کا مدعا ہے۔
ارادہ کو نہ بدلنا جادہ استقلال پر قائم رہنا اور پشیمان نہ ہونا۔
یہی وہ باتیں ہیں جن سے عظمت، اچھائی خوشی اور خوش اسلوبی حاصل ہوتی ہے۔
صرف یہی ہے زندگی، خوشی، سلطنت، حکومت اور فتح و نصرت"

(ترجمہ سید اللہ بخش بی۔ اے۔ بی ٹی)۔

# "طلبہ و علمائے ماضی و حال"

از محمد حسام الدین فاضل ادیب و مولوی فاضل بکانفرنس اساتذہ منعقدہ ۲۵ آبان ۱۳۴۲ھ

معزز صدر نشین صاحب و حضرات کرام۔ طلبہ و علمائے ماضی و حال پر میری تقریر کا یہ مقصد نہیں کہ گذشتہ علما کے فضائل و محامد کا اظہار کیا جائے اور موجودہ زمانے کے اہل علم طبقے کے معائب و نقائص بیان کرکے اس معزز جماعت کی تنقیص کیجائے۔ میں شرقی و غربی تعلیم یافتہ اصحاب میں باہمی منافرت کو قوم کی بدقسمتی سمجھتا ہوں مجھے انگریزی میں مہارت نہیں ہے۔ اس لئے میرے دل میں انگریزی دان صاحبین کی وہی عظمت ہے جو ایک نادان کے دل میں علما کی ہونی چاہئے۔

حضرات جو کچھ یہاں عرض کیا جائے گا۔ وہ آپ کی اصلاح کی غرض سے نہیں بلکہ صرف اس لئے کہ آپ باعتبار علم و فضل قوم کے نمایندے ہیں اور ہونہار طلبا آپ ہی کے سایۂ عاطفت میں پرورش پاتے ہیں۔ آپ کی تعلیم و تربیت سے مستفیض ہوتے ہیں۔ پس جو کچھ آپکے گوش حق نیوش تک پہونچادیا جائے گا۔ اس کی عزت و غائت صرف یہ ہے کہ وہ طلبا تک آسانی سے پہنچ جائے اور طلبہ گذشتہ طلبہ کے حال سے ایام طالب علمی میں سبق آموز ہوں۔ اور تحصیل علم کے بعد علماء کرام کے اعلیٰ صفات سے متصف رہیں۔

**شوق علم و طلب صادق** حضرات اس جدید تہذیب و شائستگی کے زمانے میں بھی کنڈرگارٹن اصول پر تعلیم دیجارہی ہے۔ اس میں بھی جس طرح کل کے مظاہرہ میں آپ نے ملاحظہ فرمایا استاد کا نقشہ خوردسال بچوں کے ذہن میں یہی جما دیا گیا ہے کہ وہ آنکھیں نکال کے ڈرا دینے والا اور بار بار بید بتانے والا ہے باوجود استاد کا تصور اس قدر خوفناک ہونے کے خدا جانے گذشتہ زمانے کے اساتذہ میں کیا کشش تھی کہ طلبہ استادوں کے والہ و شیدا رہتے تھے۔ چنانچہ امام اسمٰعیل نے سترہ برس کی عمر میں جب محمد بن ابو ب رازی کی خبر وفات سنی تو رو رو کے چیخے۔ کپڑے پھاڑ ڈالے اور سر پر خاک ڈالی۔ ان کی پریشانی دیکھکر سارے

گھر والے جمع ہو گئے اور پوچھا کہ خیر ہے کیا حال ہے انہوں نے کہا کہ تم لوگ مجھکو سفر کرنے سے روکتے رہے آخر محمد ایوب وفات پا گئے اب میں ان کو کہاں پاؤں گا۔ گھر والوں نے انھیں تسلی دی اور انتظام کر کے ماموں کے ہمراہ شہر نسا کو ایک دوسرے شیخ وقت ابن سفیان کی خدمت میں بھیج دیا۔

اگلے زمانے کے طلبہ کو شوق اس حد تک تھا کہ سخت ترین افلاس و مصیبت میں بھی وہ تحصیل علم سے کنارہ کش نہ ہوتے۔ حافظ الحدیث حجاج بغدادی شبابہ کے یہاں تحصیل علم کو جانے لگے تو ان کے مقدرت کی کل کائنات یہ تھی کہ ان کی دلسوز والدہ نے سو کلچے پکا دے جن کو وہ ایک گھڑے میں بھر کر ساتھ لے گئے۔ روٹیاں مہربان ماں نے پکا دیں سالن ہونہار اور دلبر فرزند نے خود تجویز کر لیا یعنے دجلے کا پانی۔ حجاج ہر روز ایک روٹی دجلے کے پانی میں بھگو کر کھا لیتے۔ اور استاد سے پڑھتے جس روز وہ روٹیاں ختم ہو گئیں ان کو استاد کا فیض بخش دروازہ چھوڑنا پڑا۔

امام بخاری کو ایام طالب علمی میں ایک سفر میں تہیدستی نے اتنا مجبور کیا کہ تین دن برابر انہوں نے جنگل کی جڑی بوٹیاں کھا لیں۔ حکیم ابو نصر فارابی عہد طالب علمی میں ایک سفر میں مفلسی کی بدولت چراغ کا تیل خریدنے سے بھی معذور تھا رات کو پاسبانوں کی روشنی میں کتاب کا مطالعہ کرتا اسی تنگ حالی میں اس نے وہ علمی ترقی کی کہ سارے جہان میں اپنا نام روشن کر دیا۔

آج مدارس عام میں غریب سے غریب طالب علم بھی اتنا مفلس نہیں ہے غرما کے لئے سرکار عالی سے وظائف مقرر ہیں مگر تحصیل علم و تکمیل فضل کا حقیقی شوق مفقود سا نظر آتا ہے۔

گذشتہ طلبہ کے ذوق علم کا یہ حال تھا کہ حضرت یحییٰ ناقل موطا مدینہ منورہ میں ایک روز امام مالک رحمہ کے درس میں حاضر تھے کہ غوغا اٹھا کہ ہاتھی آیا۔ عرب میں ہاتھی عجوبہ چیز ہے لوگ ہاتھی کو دیکھ رہے ہیں مگر یحییٰ اسی طرح اطمینان سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ امام مالک نے فرمایا کہ یحییٰ تمہارے ملک اندلس میں ہاتھی نہیں ہوتا تم بھی جا کر دیکھ آؤ۔ جواب دیا کہ حضرت اندلس سے میں آپ کو دیکھنے اور علم سیکھنے آیا ہوں ہاتھی دیکھنے کے واسطے بے خان و مان نہیں ہوا۔

ہمارے طلبہ کے شوق و انہماک کا یہ عالم ہے کہ ذرا سی آہٹ پر ان کے خیالات منتشر ہو جاتے ہیں۔ اور معمولی معمولی ضروریات اور غیر ضروری دعوتیں۔ ان کو تحصیل علم اور حضوری مدرسہ سے روکنے کے لئے کافی ہیں۔

**مطالعہ** مطالعہ کا زمانۂ ماضی کے طلبار کو اتنا شوق تھا کہ ایک ایک کتاب کو سو سو مرتبہ مطالعہ کر لیتے۔ ابونصر فارابی نے ارسطو کی کتاب النفس کو سو مرتبہ پڑھا تھا۔ آج سو سو مرتبہ ایک ایک کتاب کا پڑھنا تو کجا درسی کتاب کا بھی کچھ حصہ ہمیشہ کے لئے مطالعہ سے محروم رہ جاتا ہے طلبہ کے پاس بعض کتابیں ایسی بھی دیکھی گئیں کہ تعلیمی سال ختم ہو گیا۔ مگر نئی کتاب کے بعض اوراق چاک بھی نہیں کئے گئے۔

**حفظ و استحضار علمی** امام ابو عیسیٰ ترمذی مصنف جامع ترمذی نے ایک دفعہ دو جزو ایک شیخ کے روایت کردہ احادیث کے لکھے تھے حسن اتفاق سے اس عرصے میں خود وہ شیخ انہیں مل گئے جن سے احادیث مذکورہ کی اجازت طلب کی اور شیخ نے ان کی استدعا قبول فرمائی۔ اور ان احادیث کو سنانا شروع کر دیا۔ درخواست کرتے وقت ابو عیسیٰ کو خیال تھا کہ مذکورۂ بالا دونوں جزو ان کے پاس ہیں۔ اب جو دیکھا تو بجائے ان کے دو سادے جزو انھوں نے غلطی سے اپنے پاس رکھ لئے تھے۔ اب سوا اس کے کچھ نہ بن پڑا کہ وہی سادے جزو ہاتھ میں لے کر شیخ کی حدیث سننے لگے سوء اتفاق سے شیخ کی نظر ان اوراق پر پڑ گئی اور انہوں نے بگڑ کر کہا کہ تمہیں شرم نہیں آتی انہوں نے اصلی ماجرا بیان کیا اور کہا کہ جو حدیث آپ سناتے ہیں وہ مجھکو یاد ہوتی جاتی ہیں۔ شیخ کو ان کے قول کا اعتبار نہ آیا اور فرمایا سناؤ۔ انہوں نے سب سنی ہوئی حدیثیں لفظ بہ لفظ سنا دیں۔ ان کا شبہ اب بھی نہ گیا اور کہا کہ شاید یہ حدیثیں میرے سنانے سے پہلے تم حفظ کر چکے تھے۔ اور نئی حدیثیں بطور امتحان روایت فرمائے۔ چنانچہ چالیس حدیثیں انہوں نے سنائیں ان کو بھی ابو عیسیٰ نے فوراً دہرا دیا اور ایک بھی غلطی نہیں کی۔

جب حسن ابن سہل وزیر خلیفہ مامون الرشید عراق میں آیا تو اس نے علمائے ادب سے ملنے کی خواہش ظاہر کی۔ جب ایمار اصمعی۔ ابو عبیدہ۔ ابو بکر نحوی بارگاہ وزارت میں حاضر ہوئے ان سے مخاطب ہونے سے پیشتر وزیر نے ان عرائض پر فیصلے لکھوائے جو اہل حاجت کی اس کے سامنے پیش کی گئیں جب ان عرضیوں پر جو شمار میں پچاس تھیں دستخط کر چکا تو ان ادبا کی طرف متوجہ ہو کر معذرت کی اور سلسلہ کلام شروع کیا۔ اثنار کلام میں ان علمائے گذشتہ کا ذکر ہوا جن کی قوت حافظہ مشہور تھی۔ اور امام زہری اور قتادی کا ذکر ہونے لگا۔ ابو عبیدہ نے کہا اس وقت یہاں ایسا شخص موجود ہے کہ کبھی کتاب کو ایک بار پڑھ کر دوبارہ دیکھنے کی

اس کو حاجت نہیں ہوتی ۔ یہ سنکر اصمعی نے کہا کہ یہ میری طرف اشارہ ہے ۔ اس دعوی کو میں اس طرح ثابت کر سکتا ہوں کہ وزارت مآب نے اس وقت جتنے عرائض سنے ہیں اور ان پر فیصلے لکھے ہیں ان سب کا خلاصہ مضمون اور فیصلوں کی اصل عبارت سنا دوں وزیر کے حکم سے کل عرضیاں واپس اگر پیش ہوئیں ۔ اصمعی نے بیان کرنا شروع کیا کہ فلاں عرضی کے پیش کنندہ کا یہ نام اور یہ کام اور یہ فیصلہ اس پر ہوا ۔ اسی طرح وہ نادرۂ روزگار بیان کرتا گیا ۔ جب کچھ اوپر چالیس عرضیوں کی نوبت پہنچی تو حاضرین میں سے ابو نصر نے کہا کہ اصمعی خدا کے لئے اپنی جان پر رحم کر دکھیں نظر نہ لگجائے ۔ یہ سنکر وہ جیتا ہوا بلبل خاموش ہو گیا ۔

گذشتہ طلبا و علما کی قوت حافظہ کی ایک دو مثالیں آپ نے سن لیں آپ آجکل کے استحضار علمی کی کیفیت ملاحظہ ہو ۔ میں کرائے کی موٹر میں حیدر آباد سے کچھ دور جا رہا تھا ۔ راستے میں میرے بچے نے کہا بابا جان گھر سے نکلتے وقت (۳۴) میل (۶) فرلانگ ہوئے تھے ۔ تو میرے ہمراہیوں میں سے ایک نے پوچھا کہ میل کتنے فرلانگ کا ہوتا ہے ۔ اس کے جواب میں باقی دو ساتھیوں میں سے ایک جو میٹرک میں زیر تعلیم تھے کہنے لگے دو فرلانگ کا ایک میل ہوتا ہے ۔ تو دوسرے صاحب جو مڈل تک پڑھ چکے تھے فرماتے ہیں نہیں بلکہ تین میل کا ایک فرلانگ ہوتا ہے ۔

اصل یہ ہے کہ ہمارے اگلے علما کا ایک دور ہ تھا ۔ جب کتاب کا وجود بھی نہ تھا ۔ جو کچھ استادوں سے پڑھتے اور سیکھتے اسی کو حافظہ پر ثبت کرتے اسی لئے جیسے اساتذہ فن تعلیم کے اس روشن زمانے نے پیدا کئے وہ کتاب خوانی کے طریقہ سے پیدا نہ ہو سکے ۔ متاخرین کے پاس سرمایہ فخر حاشیہ و شرح نویسی ہے ۔ برخلاف متقدمین کے کہ وہ مجتہدانہ قوت پر ناز کرتے تھے ۔ غور کرنے سے متقدمین کی قوت علمیہ کو ان کے تین ذرائع سے بہت مدد ملتی تھی ۔

۱ حفظ (۲) کتابوں کا اپنے ہاتھ سے لکھنا (۳) کثرت مطالعہ متاخرین سے رفتہ رفتہ یہ سب سلب ہو گئے ۔ حفظ کو کتابوں کی تصنیف نے باطل کر دیا ۔ اور تحریر کتابوں کی کثرت سے فضول ہو گئی ۔ اور مطبعوں کی وجہ سے کتابوں کا نقل کرنا تضیع اوقات سمجھا جانے لگا ایک مطالعہ باقی تھا تو ہمارے زمانے کی شرح و نوٹ نویسی نے اس کو بھی غارت کر دیا ۔ ادھر کوئی کتاب لکھی گئی یا داخل نصاب ہوئی کہ اس کی شرح تیار ہو گئی تاکہ شارحین کو کچھ مالی فائدہ ہو جائے نتیجہ یہ ہے کہ طلبا ان کتابوں کو خرید کر نہ مطالعہ کی محنت شاقہ اٹھاتے ہیں ۔ نہ اساتذہ کی تقریر کو پورے طور سے قابو میں کرتے ہیں ۔ اس اعتماد نے کہ ہماری کتابیں سب کچھ لکھا ہوا ہے ۔

جب ضرورت ہوگی دیکھ لیں گے۔ دماغی قوت کو بالکل بیکار کر دیا

**کتابوں کا لکھنا** گذشتہ زمانے کے طلبہ کے دلوں میں کتاب کی قدر و منزلت کتاب لکھنے کا شوق بدرجۂ اتم موجود تھا۔ شیخ الفقہا امام برقانی جب اسفرائن پڑھنے گئے تو ان کے پاس تین اشرفیاں اور ایک درہم تھا سو اتفاق سے اشرفیاں گم ہوگئیں درہم باقی رہ گیا۔ اسفرائن پہنچکر وہ درہم انہوں نے ایک نان بائی کے یہاں جمع کر دیا۔ ہر روز نان بائی کے پاس سے دو روٹیاں لے لیتے اور احمد بن بشیر کے پاس سے ایک جزو کتاب لاکر شام تک نقل کرتے اور شام کو نقل شدہ جزو واپس پہنچا دیتے۔ تیس جز نقل ہوئے تھے کہ درہم ختم ہوگیا اور انہوں نے مجبور ہوکر سفر اختیار کیا۔ آج بھی طالب علم ہیں مگر کتابوں کا اپنے ہاتھوں سے لکھنا تو درکنار چند ٹکڑوں میں کتاب کا خریدنا بھی بار ہے کبھی تعلیمی سال کے مہینوں گذر جاتے ہیں۔ طالب علم کتاب خریدتا ہی نہیں اور جو کتابیں خریدی جا چکیں ہیں ان کا عجیب حال رہتا ہے ان کی جلد بندی ہے نہ اور کوئی حفاظت پرسوں ہی ایک طالب علم کی کتاب کے اوراق چاک شدہ دیکھکر میں نے اس سے کہا کہ تمہاری ایک انگلی یا ٹوپی کے پھندنے کی سی قدر و منزلت بھی کتاب کی نہیں یہ کیا غضب ہے کہ انگلی زخمی ہو تو فوراً مرہم پٹی کیجائے۔ پھندنا ناقص ہو تو اسی وقت نیا خرید لیا جائے اور کتاب ردی ہوتی جاتی ہے تو اس کو درست کرنے کا خیال تک نہیں۔

**سفر** تحصیل علم کے شوق میں پہلے کے طلبہ سفر کی ناقابل برداشت مصیبتیں اٹھایا کرتے۔ امام بخاریؒ نے چودہ برس کی عمر میں سیاحت شروع کر دی تھی بخارا سے لیکر مصر تک تمام ممالک اس عالی مقام امام کے سفر کی فہرست میں ہیں۔ ابو حاتم رازی نے نو ہزار میل سے زیادہ پیادہ پا سفر کیا۔ یہ ان کی سیاحت کی انتہا نہیں بلکہ شمار کی حد ہے کیونکہ امام ممدوح نے اس کے بعد میلوں کا شمار کرنا چھوڑ دیا۔

مادر زاد نابینا حافظ الحدیث ابو العباس رازی نے حدیث حاصل کرنے کے لئے بلخ بخارا نیشاپور۔ بغداد کا سفر کیا۔ آج اگر سیکل پر کوئی سفر کرتا ہے تو قدر و منزلت کے آسمان پر پہنچا دیا جاتا ہے اور طلبا کے لئے سفر کی یہ مشقتیں اٹھانا رہا ایک طرف اگر کسی دن سیکل ناقص ہوجائے تو مدرسے کی غیر حاضری منظور مگر گھر سے مدرسے تک پیدل آنا ناممکن۔

**علمی حمیت** اگلے زمانے کے طالب علموں کی صرف ایک علمی غلطی ان کے لئے تحصیل کمال کا ذریعہ ہوجاتی اور ان کی خودداری اس کی اجازت نہ دیتی کہ وہ اپنی غلطی

کیونکہ جسے کسی مجلس علم میں شرمندہ ہوں۔ فن ادب کے مشہور امام کسائی ایک مجلس علما میں اکثر جایا کرتے تھے۔ ایک دن جو وہاں پہنچے تو بہت خستہ ہوگئے تھے اپنی خستگی ظاہر کرنے کیلئے انہوں نے کہا کہ عییت (بالتشدید) لینے میں تھک گیا۔ اہل مجلس نے ٹوکا کہ تم غلط لفظ استعمال کر رہے ہو اس لئے کہ اگر تمہاری مراد ماندگی ہے تو اعیت کہو اور اگر درماندگی کا اظہار مقصود ہے تو لفظ عیت (بالتخفیف) استعمال کرو۔ کسائی کے دل پر اس اعتراض سے ایک چوٹ لگی اور فوراً مجلس سے باہر نکل آئے اور دل میں تہیہ کر لیا کہ اس فن میں کمال حاصل کرنا چاہیئے تاکہ پھر آئندہ ایسی خفت کسی محفل میں حاصل نہ ہو۔ یہ عزم کرکے کسائی فن ادب کے استاد یگانہ خلیل بصری کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے ادب عربی کی تحصیل کرنے کے بعد شہر چھوڑ کر صحرا کی راہ لی قبیلہ در قبیلہ اتنے پھرے کہ اس فن کے امام بن گئے جس کے نہ جاننے سے شرمندہ ہونا پڑا تھا۔ اس واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگلے طلبہ کی علمی حمیت کیسی حساس تھی جس کے جوش میں لانے کے لئے ادنیٰ تحریک کافی ہوتی تھی آج مجمع عام میں سو سو غلطیوں پر بھی ندامت کا نام نہیں ایک ایک امتحان میں سات سات سال تک طلبہ ناکام ہوتے جاتے ہیں پھر ان کی غیرت و حمیت پر کچھ بھی اثر معلوم نہیں ہوتا۔

**علم سے سیر نہ ہونا** علامہ ابن العلاء سے ایک بار کسی نے پوچھا کہ آدمی کو علم کب تک حاصل کرنا چاہیئے اس عالی دماغ نے جواب میں کہا کہ جب تک حیات مہربان رہے اسی لئے پہلے کے علما علم سے کبھی سیر نہ ہوتے تھے۔ امام ادب ابوالعباس ثعلب کی عمر اکانوے برس کی ہو چکی تھی کہ ایک دن جمعہ کے بعد مسجد سے جانے لگے۔ راستے میں کتاب دیکھتے جاتے تھے۔ کتاب میں محویت اور اس پر ثقل سماعت پھر وہ آواز کیا سنتے ایک گھوڑے کا دھکا لگا اور اس کے صدمے سے بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑے اور اسی حالت میں رحلت کی۔ انتہائے پیری میں بھی ان کا شوق طلب اتنا قوی تھا کہ رہ نوردی میں جو وقت گذرتا اس کا جاتا رہنا بھی گوارا نہ ہوا۔

اب طالب علموں کی حالت یہ ہے کہ مطالعہ اسباق بھی بار خاطر ہے عین امتحان کے قریب گذشتہ اسباق کا بعجلت ممکنہ مطالعہ یا اعادہ ہو جاتا ہے۔ رہ نوردی کے وقت کو کام میں لانا تو رہا ایک طرف اپنے گھر میں چین سے بیٹھے ہوئے مطالعہ ناپسند ہے گذشتہ زمانہ میں عام لوگوں میں شوق علم اس درجہ تھا کہ ایک ایک مجلس علم میں ہزاروں کا مجمع رہتا تھا۔

امام عاصم میدان میں ایک کھجور کے درخت کے سہارے املائے حدیث فرماتے خلیفہ معتصم باللہ نے شرکا کا اندازہ اپنے معتمد سے کرایا تو ایک لاکھ بیس ہزار تعداد تھی۔ میدان کی پیمائش اور دواتوں کی گنتی سے یہ اندازہ کیا جاتا تھا ہزاروں طلبہ پر ایک استاد ضبط قائم رکھتا۔ آج جماعت میں چالیس سے زیادہ طالب علم ہو جائیں تو تنظیم ہونا مشکل معلوم ہوتا ہے۔

**اساتذہ کا احترام** اگلے زمانے کے طلبہ اپنے اساتذہ کے احترام و ادب میں اپنی آپ نظیر تھے حضرت امام اعظم نے جبتک آپ کے استاد حماد زندہ رہے ان کے گھر کی طرف پاؤں بھی دراز نہ کیا

آج استاد صاحب کے ادب کا یہ حال ہے کہ ایک مدرسے میں جماعت کا رجسٹر حاضری گم ہوگیا۔ استاد نے طلبہ سے کہا تمہیں لوگوں میں سے کسی نے لیا ہوگا۔ وہ تو خیر گذری کہ رجسٹر مل گیا ورنہ طلبہ نے آپس میں طے کرلیا تھا کہ استاد پر ہتک حرمت کے الزام میں فوجداری کر دیجائے۔

جہاں پہلے طلبہ اساتذہ کا یہ احترام کرتے تھے اساتذہ کی بھی حق پسندی بے مثال تھی ایام طالب علمی میں ایک روز امام دارقطنی ابن انباری کی مجلس درس میں شریک ہوئے دوران املا میں ابن انباری نے ایک نام میں غلطی کی دارقطنی کو اتنی تو جسارت نہ ہوئی کہ ابن انباری کو متنبہ کرتے مگر مستملی کو وہ جتا دی۔ جب دوسرے جمعہ کو دارقطنی پھر مجلس مذکور میں گئے تو ابن انباری نے اعلان فرمایا کہ ہم نے اس روز فلاں نام میں غلطی کی تھی اس نوجوان نے سمجھوا اس غلطی پر آگاہ کر دیا۔

جوش حق پسندی اس کو کہتے ہیں اگر ابن انباری اس راز کو فاش نہ کرتے تو شاید دنیا کو اس کی خبر بھی نہ ہوتی۔ مگر انہوں نے یہ خیال فرمایا کہ اپنی ایک خطا ظاہر ہو جائے تو مضائقہ نہیں لیکن نوجوان طالب علم دل بڑھائے جانے کا مستحق ہے ان کی حق تلفی نہ ہونی چاہئے۔ آج اگر کوئی طالب علم اپنے استاد کی صریح غلطی پر آگاہ کرنے کی کوشش کرتا ہے تو استاد صاحب بجائے قائل ہونے کے اس کو اپنی توہین خیال کرتے ہیں اور طالب علم معتوب ہو جاتا ہے۔

**دیانت و راست گوئی** دیانت و راست گوئی میں گذشتہ زمانے کے علماء کا یہ حال تھا کہ ابو عبید لغوی نے جب اپنی کتاب فن لغت میں تصنیف کی تو امیر مجاہد مرسیہ کے ابتدا فرمانروا نے اپنے ایک معتمد کے ہاتھ ایک ہزار اشرفیاں ان کے پاس بھیجیں اور یہ فرمائش کی کتاب مذکور کے دیباچے میں یہ الفاظ درج کر دیں کہ اس کتاب کو ابو عبید نے امیر مجاہد کے لئے

تصنیف کیا ہے ابو غالب نے عطیہ شاہی واپس کر دیا اور کہلا بھیجا کہ اگر ساری دنیا مجکو دیجائے تو بھی میں جھوٹ بولنا روا نہ سمجھوں گا میں نے یہ کتاب خاص کر امیر کے واسطے تالیف نہیں کی بلکہ عام نفع کے خیال سے لکھی ہے۔

اب طالب علموں کی دروغ بیانیاں اظہر من الشمس ہیں اچھے خاصے رکر بیماری کے نام سے درخواست رخصت والد و سرپرست کے نام سے اپنے یا کسی دوست کے قلم سے تصدیق طلبہ کے نزدیک معمولی چیزیں ہیں۔

حضرت امام ابو حنیفہ کو ایک دفعہ حاکم کوفہ نے یہ حکم دیا تھا کہ ابو حنیفہ فتویٰ نہ دیا کریں چنانچہ امام صاحب نے فتویٰ دینا چھوڑ دیا تھا۔ اس عرصہ میں ایک دن امام ممدوح گھر میں تشریف رکھتے تھے آپ کی صاحبزادی نے روزے کے متعلق ایک مسئلہ پوچھا۔ آپ نے فرمایا کہ بیٹا یہ مسئلہ اپنے بھائی حماد سے پوچھ لو مجھکو حاکم کی طرف سے فتویٰ دینے کی ممانعت ہے اس لئے میں تمہارے سوال کا جواب نہیں دے سکتا۔

کیا اس سے بڑھکر حق پرستی اور اطاعت حاکم کی مثال ہو سکتی ہے۔ آج جماعت میں استاد کی موجودگی اور عدم موجودگی اور عہدہ دار کے سامنے رہنے اور نہ رہنے کی اوقات کا باہمی فرق کھلے طور پر محسوس ہوتا ہے حضرت عمر بن عبدالعزیز رح جو نہ صرف بادشاہ بلکہ جید عالم بھی تھے سرکاری شمعیں دیکھ رہے تھے کہ آپ کا غلام آکر خانگی حالات کہنے لگا۔ آپنے چراغ خاموش کر دیا کہ سرکاری رقم کے تیل کی روشنی میں گھر کے حالات سننے کا مجھے حق نہیں۔

آج جماعتوں میں سے کتابوں کا مدرسوں میں سے سیکلوں کا چوری جانا معمولی کام ہے۔

**قناعت** قناعت وخودداری میں گذشتہ علماء کو بد طولیٰ حاصل تھا۔ امیر سلیمان بن علی نے ہواز سے ایک قاصد امام ادب خلیل بصری کے پاس بھیجا۔ اور ان کو امیر زادے کی تعلیم کے لئے طلب کیا۔ ایلچی کی خبر پاکر وہ ادیب بے مثل باہر آیا خشک روٹی کا ایک ٹکڑا ہاتھ میں تھا وہ ٹکڑا قاصد کو دیا اور کہا کھا لو میرے پاس تو یہی ہے اور یہ جبتک موجود ہے خلیل کو سلیمان کی پروا نہیں۔

موجودہ زمانے میں اہل علم کی عدم قناعت۔ ملازمت کے لئے پریشانی۔ عہدہ داروں کے در دولت کی حاضری جیسی کچھ ہے۔ حرص کا جو کچھ عالم ہے۔ محتاج بیان نہیں۔

**اپنا کام آپ انجام دینا** تعلیم سے غرض کسر نفسی وخاکساری بھی ہے جس میں اپنا کام آپ

انجام دینا بھی شامل ہے۔

امام بخاری نے شہر بخارا کے باہر ایک مہمان سرا بنوائی تھی۔ اس کی تعمیر کے وقت جو مزدور معماروں کو اینٹیں پہونچاتے تھے ان میں خود امام بخاری بھی شامل تھے۔ یہ امام ربانی اپنے سر پر اینٹیں رکھکر لے جاتے اور معماروں کو دیتے۔ ایک شاگرد نے از راہ دلسوزی ایک روز عرض کیا کہ آپ کو اس محنت کی کیا ضرورت ہے امام ممدوح نے فرمایا۔ یہ وہ کام ہے جو مجھے نفع دے گا۔

ابوالاسود دُؤلی واضع فن نحو پر اخیر عمر میں فالج گرا تھا اور اس کے اثر سے ان کے ہاتھ پاؤں مؤف ہوگئے تھے اس معذوری کی حالت میں بھی وہ ہر روز گھسیٹتے ہوئے بازار کو جاتے اور اپنا کام انجام دیتے۔ یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ ضرورت ان کو اس تکلیف پر مجبور کرتی تھی۔ کیونکہ ابوالاسود بہت آسودہ تھے اور بہت سے خادم ان کی سرکار میں حاضر رہتے ایک روز کسی نے از راہ تعجب کہا کہ اس قدر خادموں کے ہوتے یہ شاقہ مصیبت ہر روز کیوں برداشت کرتے ہیں اس ادیب نے یہ بے مثل جواب دیا کہ بات یہ ہے آمد و شد میں یہ نفع بھی ہے کہ جب میں گھر میں لوٹ کر آتا ہوں تو لڑکے بھی کہتے ہیں کہ آگئے لونڈیاں بھی کہتی ہیں کہ آگئے۔ اگر میں گھر میں پا شکستہ ہو کر پڑا رہوں تو کوئی پوچھکر بھی نہ دیکھے گا۔ پہلے علماء کی اس کیفیت کے ساتھ آج کل کے بعض تعلیم یافتگان کا مقابلہ کر کے دیکھا جائے تو تعلیم کے بعد عموماً ان کی ذہنیت کچھ عجیب ہو جاتی ہے کہ اپنا کام آپ انجام دینا وہ اپنے علم کی توہین سمجھتے ہیں۔

ایک طالب علم نل پر صراحی میں پانی بھرنے میں مصروف تھا اتفاقاً میرا گذر ادھر سے ہوا۔ جیسے ہی مجھ پر اس کی نظر پڑی صراحی نل کے پاس چھوڑ کر اس طرح وہاں بھاگ نکلا جس طرح ایک مجرم فرار ہو جاتا ہے

**ورزش جسمانی** ورزش جسمانی کے متعلق آج کل دو مختلف خیالات ہیں نئی روشنی کے لوگ تو اس ترقی جدید کا ایک جلوہ اور تعلیم علوم کے برابر ورزش کو بھی مہتم بالشان سمجھ رہے ہیں پرانی فیشن کے بزرگ اس کو لہو لعب اور متانت کے خلاف تصور فرما رہے ہیں حقیقت یہ ہے دونوں خیال واقعیت سے دور ہیں اہل علم میں جسمانی ریاضت کا اہتمام نہ تہذیب جدید کا نتیجہ ہے نہ خلاف متانت و وقار۔ صدہا برس گذرے جب یہی ہمارے علماء مردانہ ورزشوں کے پابند تھے علماء کے حالات ایک طرف تیر اندازی اور گھوڑے کی سواری کی مشق کی تاکید حضرت سرور کائنات نے فرمائی ہے بعض دفعہ گھوڑ دوڑ کا اہتمام آپ نے بنفس نفیس فرمایا ہے۔ اور خود بھی شرکت فرمائی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جسمانی ریاضت ہمارے اہل علم

کا خاص شعار ہونا چاہئے۔

علماء سلف کی عمریں عموماً بڑی ہوئی ہیں اور آخر عمر تک ان کے قوای کام دیتے رہے ہیں یہ حقیقتاً اس ریاضت کا کرشمہ تھا جس کے وہ عادی تھے ورنہ اس زمانہ کی طرح ضعف دماغ جسموں کی کمزوری اس زمانہ کے علماء کی بھی خاص علامت قرار پاتی۔ امام شافعی تیر اندازی میں وہ ملکہ حاصل کیا تھا کہ ان کے دس تیر دس نشانے اڑا دیتے تھے۔ امام بخاری کو بھی تیر اندازی سے کمال دلچسپی تھی۔ اور اس فن میں بھی اس قدر مہارت رکھتے تھے کہ عمر بھر میں آپ کے صرف دو تیروں نے خطا کی۔

آج طالب علم باضابطہ ورزش جسمانی سے بالکل دلچسپی نہیں لیتے شہسواری تیراندازی۔ رہی ایک طرف گھر سے مدرسے تک پیادہ روی بھی مشکل ہوگئی ہے جسمانی ریاضت درکنار مضر صحت اشیاء سے پرہیز اور قویٰ کو کمزور کرنے والے اسباب سے محفوظ رہنا بھی انہیں بار خاطر ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ بچپن ہی میں عینک کے محتاج ہیں۔ اور جسمانی کمزوری کہہ رہی ہے ع قیاس کن زگلستانِ من بہار مرا۔

**یت** گذشتہ علماء نے طالب علمی حق پسندی کے ساتھ ساتھ دنیوی تعلقات کو بھی نہایت خوبی سے **بحار** نباہا۔ اور سلیقے اور خوبی کے ساتھ سب کے حقوق ادا کئے اور نہ صرف عابد و زاہد ہی تھے۔ بلکہ اعلیٰ درجہ کے معاملہ فہم اور دنیوی امور پر غور کرنے والے بھی تھے۔ انہوں نے اپنی معاش قوت بازو سے حاصل کی اور اکثروں کا رجحان خاطر کسب معیشت میں تجارت کیطرف رہا ہے چنانچہ بڑے بڑے علماء کے نام تاجروں کی فہرست میں داخل ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ حضرت عبداللہ بن مبارک۔ پارچہ کی حسن ابن ربیع کوفی استاد بخاری بورئے کی۔ امام ابن جوزی۔ تانبے کی تجارت کرتے تھے اور کبھی کبھی اپنے نام کے ساتھ صفار (ٹھیٹھیرا) لکھدیتے۔ علمائے کرام جس طرح تجارت کی طرف راغب تھے اسی طرح حرفت کو بھی ضروری سمجھتے تھے۔ اور کسی قسم کے پیشے کو عیب نہ جانتے تھے۔ ان بلند پایہ علماء میں بعض نجار بعض حداد (لوہار) بعض دیگر معمولی معمولی پیشے کرنے والے تھے جن کی تفصیل باعث تطویل ہے۔

آج اہل علم کا رجحان صرف ملازمت کی طرف ہے اور بس۔ تجارت کی طرف رغبت نہیں صنعت و حرفت تو ایک عیب سمجھی جاتی ہے۔ مجھے ایک صاحب نے موجودہ اہل علم حضرات کی

ایک مطبوعہ فہرست عنایت فرمائی جس میں ہر ایک صاحب کے نام کے محاذی ان کے پیشے بھی لکھے ہوئے تھے میں نے بار بار غور سے فہرست پر نظر ڈالی مگر سوا ملازمت و وکالت وغیرہ کے تجارت یا دیگر پیشوں کے کرنے والے ایک صاحب بھی پائے نہ گئے اس سے اندازہ لگائیے کہ ہمارے تربیت یافتہ دل و دماغ کے رجحانات کا نتیجہ آیندہ کیا ہوگا۔

الغرض گذشتہ علماء سے شوق و تبحر علمی اور دیانت و خدا ترسی۔ اور ریاضت و جفاکشی اور دیگر قابل تقلید امور میں ہمیں سبق لینا چاہئے۔

اب میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں ع۔ در خانہ اگر کس است یک حرف بس است

والسلام مع الاکرام۔

# رپورٹ نمائش تعلیمی بابتہ ۱۳۴۲ف

متعلقہ اجلاس ہفتم کانفرنس انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

---

جناب صدر، خواتین کرام و حاضرین عظام!

میں اس وقت آپ حضرات کے روبرو نمائش تعلیمی سال حال کی رپورٹ گوشگذار کرنے کی غرض سے حاضر ہوا ہوں الحمد للہ کانفرنس انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد دکن کے ساتھ حسب سابق نمائش تعلیمی بھی منعقد کی گئی۔

اس سال جملہ (۶۱) مدارس ذکور و اناث بلدہ سکندرآباد و دلارم سے اشیاء نمائش تیار کردہ مدرسین و طلبا رمن ابتدائے ۱۹ر لغایت ۲۱ر آبان ۱۳۴۲ف داخل نمائش ہوئے جس کی تعداد (۱۲۴۰) رہی کل اشیا حسب ایمائے جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات بلدہ اسی سال کی تیار کی ہوئی تھیں جس میں تعلیمی نقطہ ملحوظ رکھا گیا تھا جس سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ دستی مشاغل کی تعلیم میں جدت و اختراع کا خیال پیدا ہو رہا ہے امید کہ اس خیال کو فروغ دیا جاکر آیندہ نمائش کو اس سے زیادہ کامیاب بنانے کی سعی کیجائے گی۔ حسب قرارداد مجلس انتظامی انجمن اساتذہ مسٹر ولسٹہ صدر معلمہ سنٹ جارجس گرامر اسکول پرائمری ڈیپارٹمنٹ نمائش تعلیمی کی میسر مجلس مقرر

کی گئیں جس موصوفہ نے نہایت دلچسپی سے اپنے فریضہ کو انجام دیا جسکے لئے میں منجانب کمیٹی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

تصفیہ انعامات کے لئے حسب قرارداد مجلس انتظامی مولوی سید عزیز علی صاحب گورنمنٹ آرکیٹکٹ مسٹر نارمن واکر مسٹر حسن لطیف صاحب مسٹر حسین علی خان صاحب مسٹر انگلر مسٹر سید علی اکبر صاحب کو تکلیف دیگئی جنہوں نے ازراہ نوازش تنقید اشیا بلحاظ عمر وطبقہ فرماکر (۳۸) انعام حسب تفصیل ذیل مشخص کئے۔

| نمبر | مدارس | تعداد انعام | نمبر شمار | مدارس | تعداد انعام |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | زنانہ کالج نام پلی | ۱ | ۱۵ | مدرسہ وسطانیہ نسوان چینی محلہ | ۱ |
| ۲ | ،، ٹریننگ اسکول | ۱ | ۱۶ | ماڈل پرائمری اسکول بلدہ | ۲ |
| ۳ | نظام کالج | ۲ | ۱۷ | مدرسہ تحتانیہ خیرت آباد | ۲ |
| ۴ | مدرسہ فوقانیہ ناپلی | ۲ | ۱۸ | مدرسہ تحتانیہ چادرگھاٹ | ۱ |
| ۵ | دارالعلوم ہائی اسکول | ۲ | ۱۹ | مدرسہ تحتانیہ نوان گوئی گوڑہ | ۱ |
| ۶ | مدرسہ فوقانیہ چنچلگوڑہ | ۳ | ۲۰ | عثمانیہ سنٹرل ٹکنیکل انسٹیٹوٹ سیف آباد | ۱ |
| ۷ | آل سنٹس انسٹیٹوشن | ۱ | ۲۱ | وکٹوریہ میموریل آرفنج | ۱ |
| ۸ | میتھوڈسٹ بائز ہائی اسکول | ۱ | ۲۲ | خادم المسلمین | ۱ |
| ۹ | سینٹ جارجس گرامر بائز اسکول | ۱ | ۲۳ | ۳۴ سکندرآباد اسکوٹ ٹروپ | ۱ |
| ۱۰ | مدرسہ فوقانیہ دارالشفاء | ۱ | ۲۴ | نظام کالج اسکوٹس کیمپ | ۱ |
| ۱۱ | مدرسہ وسطانیہ شاہ علینڈہ | ۲ | ۲۵ | (۶) پچن پٹرول گائڈس | ۱ |
| ۱۲ | مدرسہ وسطانیہ اردو شریف | ۴ | ۲۶ | (۶) رابن پٹرول گائڈس | ۱ |
| ۱۳ | اسٹائلی گرلز ہائی اسکول | ۱ | ۲۷ | (۳) بلارم بلو برڈز پیارٹ پٹرول | ۱ |
| ۱۴ | مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج | ۱ | | | |

چونکہ اکثر مدارس بلدہ میں نیچر اسٹڈی کی تعلیم دیجاتی ہے لہذا تعلیم مذکور کی ترغیب اور اس کو باقاعدہ بنانے کے لئے سال حال باغیچہ جات مدارس کو بھی میدان مسابقت میں آنیکا

موقع دیا گیا۔ چنانچہ مس آمنہ پوپ پرنسپل زنانہ کالج ناپسلی اور مسز آلن نے از راہ کرم (۵) مدارس کا بدیں غرض معائنہ فرمایا اس مقابلہ میں مدرسہ اردو شریف کا نمبر سب سے اول رہا جس کے صلہ میں درجہ اول کی سند اور ایک نقرئی کپ انجمن اساتذہ کی جانب سے دیا گیا۔ جو سال بسال اسی سلسلہ میں ۳ سال تک دورہ کرتا رہے گا۔ جو مدرسہ تین سال متواتر مقابلہ بانچہ میں اول ثابت ہوگا۔ مذکورہ نقرئی کپ اس مدرسہ کی ملک متصور ہوگا۔

سال حال انعامات کے مصارف بذریعہ عطیات طے پائے۔ چنانچہ حضرات وخواتین ذیل نے از راہ ہمدردی عطیات مرحمت فرما کر اپنی علم پروری کا ثبوت دیا جس کے لئے کمیٹی ہذا شکور رہے۔

| نمبر شمار | اسمار گرامی معطیان | تعداد انعام | نمبر | اسمار گرامی معطیان | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | عالیجناب مولوی خان فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات ملک سرکار عالی | ۳ | | مس دبسٹر صدر معلمہ پرائمری سپارٹمنٹ جارجس گرامر اسکول | ۱ |
| ۲ | عالیجناب مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری نائب ناظم تعلیمات | ۲ | ۱۰ | ومسٹر ہوزڈن مددگار سپرنٹنڈنٹ جارجس گرامر اسکول | |
| ۳ | عالیجناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات متعلقہ بلدہ | ۱ | ۱۱ | مس ٹائلر ہڈ مسٹرس ماڈل اپر اسکول بلدہ | ۱ |
| ۴ | عالیجناب مولوی سجاد مرزا صاحب پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج | ۱ | ۱۲ | مسز جمال الدین صاحبہ مددگار ماڈل اپر اسکول | ۱ |
| ۵ | مولوی غلام ربانی صاحب مددگار اول ناظم صاحب تعلیمات کار عالی | ۱ | ۱۳ | مس نندی مددگار ماڈل اپر اسکول | ۱ |
| ۶ | مولوی شیر محمد خاں صاحب معتمد کمشنر امتحانات کار عالی | ۱ | ۱۴ | مس ہاملٹن | |
| ۷ | فتح ابوالحسن صاحب اسسٹنٹ مددگار ناظم تعلیمات کار عالی | ۱ | | مس فراسٹ | ۱ |
| ۸ | نرسنگ راؤ صاحب مددگار ناظم تعلیمات کار عالی | ۱ | | مس فلپ | |
| | مولوی سید خیرات علی صاحب مددگار مہتمم بلدہ تعلیمات | ۱ | ۱۵ | جناب مولوی مرزا ضیاء الدین بیگ صاحب ناظر مدارس بلدہ جنوبی حلقہ | |

بتاریخ ۲۳ آبان ۱۳۴۲ف اجلاس کانفرنس سے ایک روز قبل بوقت ۵ ساعت شام مقام متھوڈسٹ ہائی اسکول عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر صدر نشین کانفرنس نے نمایش کا افتتاح فرمایا۔ صاحب ممدوح نے ہر ایک شئے کو نہایت غور کے ساتھ ملاحظہ فرما کر خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ اور بتاریخ ۲۵ آبان روز شنبہ اجلاس کانفرنس میں انعامات مذکورۃ الصدر تقسیم فرمائے بروز یکشنبہ مدارس بلدہ و سکندرآباد کے طلبہ صبح سے شام تک جوق جوق آتے اور

نمایش دیکھنے گئے جنکی تعداد ۲۰۰۰ سے زائد تھی۔ روز دوشنبہ حسب قرارداد مستورات کے لئے پردہ کا اہتمام کیا گیا تھا میس ڈیزی ولسٹر پریذنٹ نمایش نے بامداد دیگر یورپین و پارسی معلمات خاص انتظام رکھا تھا۔ معلمات وطالبات مدارس نسوان بلدہ وسکندرآباد کے علاوہ معزز بیگمات نے نہایت مسرت کے ساتھ نمایش ملاحظہ فرمائی۔ جملہ ناظرات کی تعداد (۲۰۰۰) سے زائد تھی۔

میرا یہ فریضہ ہے کہ سب سے پہلے ریورنڈ مسٹر سندرم پرنسپال متھوڈسٹ بائز اسکول کا شکریہ ادا کروں جنھوں نے اپنے مدرسہ کا اڈریس ہال اور فرنیچر نمایش کے لئے عاریتاً مرحمت فرمایا اور اور اس کے بعد مسٹر گارڈن کا شکریہ مجھ پر واجب ہے کہ صاحب موصوف نے انتظام نمایش میں میری ہر طرح مدد فرمائی۔ آخر میں ان مدرسین صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے نمایش کے کامیاب بنانے میں مجھے ہر طرح کی مدد دی۔ نظیر حسین شریف معتمد نمائش

## رپوٹ متعلقہ مقابلہ باغیچہ ہائے مدارس (از معائنہ کنندگان)

بتاریخ ۲۸ ستمبر ۱۹۳۲ء بروز دوشنبہ ہم نے مندرجۂ ذیل مدارس کے باغیچہ ہائے طلاب کا معائنہ کیا:-

ماڈل پرائمری اسکول۔ مدرسہ فوقانیہ نام پلی۔ مدرسہ وسطانیہ اردو شریف۔ مدرسہ فوقانیہ دارالشفا اور مدرسۂ عثمانیہ چادرگھاٹ۔ باغیچہ کے مقابلہ کا خیال بہترین ثابت ہوا۔ اور ہم دونوں کو اس تحریک کے نتائج دیکھ کر جو باوجود ناموافق حالات کے بھی بہترین صورت میں برآمد ہوئے نہایت ہی حیرت اور خوشی ہوئی۔ بہ حیثیت مجموعی صفائی کی حالت قابل تحسین تھی لیکن اساتذہ کی جانب سے تفہیمی ہدایات دئے جانے کا ثبوت بجز ایک مدرسہ کے اور کہیں نہیں ملا۔ یہ ایک جدید تحریک ہے اور غالباً اس سے طلبہ کو کافی طور پر رہنمائی حاصل ہوی ہوگی ہماری یہ رائے ہے کہ آیندہ باقاعدہ طور پر اندراجات محفوظ رکھے جائیں جن سے ایک تو طلبہ کا ہفتہ واری کام معلوم ہو سکے گا دوسرے یہ اندراجات باغبانی کے کام کا مقابلہ اندازہ کرنے میں بھی مفید ثابت ہوں گے۔

ان مدارس نے اپنی اپنی مفوضہ زمین کو جس خوش اسلوبی سے استعمال کیا اس سے ہم کو بے حد مسرت ہوی اردو شریف کے مدرسہ میں خاص طور پر یہ خوبی نظر آئی اس مدرسہ میں اساتذہ کا اتحاد عمل قابل قدر تھا۔

ہم نے صرف دو ہی مدارس میں دیکھا کہ وہاں ایسے بچوں سے کام لیا گیا تھا جن میں حقیقی تعلیمی استعداد ہو۔ مس آمنہ پوپ مسز آلن

# روداد ساتویں کانفرنس انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن

جمعہ و شنبہ ۲۴ ر ۲۵ ر آبان ۱۳۴۲ف م ۲۹ ر ستمبر ۱۹۳۳ء

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کی ساتویں کانفرنس کے ضمن میں بتاریخ ۲۴ ر آبان ۱۳۴۲ف پانچ بجے بمقام میتھوڈسٹ بائز ہائی اسکول تعلیمی نمائش کا افتتاح عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم۔اے بار ایٹ لا معتمد تعلیمات و عدالت و کوتوالی و امور عامہ سرکار عالی نے فرمایا جناب خان فضل محمد خاں صاحب ایم۔اے ناظم تعلیمات اور جناب سجاد مرزا صاحب ایم اے پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج و دیگر معزز حضرات و خواتین کثیر تعداد میں شریک تھے حاضرین نے اشیاء نمائش ملاحظہ فرماکر اظہار پسندیدگی فرمایا۔ آلات کنڈرگارٹن ایک علیحدہ کمرہ میں رکھے گئے تھے۔ اور دیگر اشیا نمائش مثلاً قلمی تصاویر، سامان بیدبافی، مٹی کے نمونہ جات، کارچوب اور کشیدہ کے نمونہ جات وغیرہ کثیر تعداد میں نہایت سلیقہ کے ساتھ رکھے گئے تھے۔ اور ان اشیاء کے متعلق ضروری معلومات ارکان انجمن بہم پہونچا رہے تھے۔

شام کے سات بجے مولوی یوسف الدین صاحب بی۔اے نائب ناظم محکمۂ آثار قدیمہ نے بیدر پر بمقام جمناز یم ہال سینٹ جارج گرامر اسکول فانوسی لکچر دیا۔ بیدر کی مختصر تاریخ بیان کرنے کے بعد مشہور عمارات کے فلم بتائے گئے اور مختصر حالات بیان کئے گئے خصوصاً مدرسہ محمود گاوان سلاطین بہمنیہ و بریدشاہی گنبدوں اور قلعہ کی قابل دید عمارتوں اور حضرت سید شاہ خلیل اللہ کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کی چوکھنڈی شریف کے مناظر قابل دید تھے۔

## اجلاس اول

بتاریخ ۲۴ ر آبان ۱۳۴۲ف بروز جمعہ دن کے ۹ بجے بمقام سٹی کالج زیر صدارت عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر جلسے کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ حاضرین میں خصوصاً جناب خان فضل محمد خان صاحب ایم۔اے ناظم تعلیمات سرکار عالی و جناب سجاد مرزا صاحب پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج بلدہ جناب مولوی سید حسین صاحب و جناب مولوی احمد حسین خان صاحب و جناب مولوی فیض الدین صاحب صدر مہتمان اسمات قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ اضلاع کے اور بھی بہت سے عہدہ دار اور مدرسین شریک جلسہ تھے مولوی عبدالباری صاحب قاری مددگار مدرسۂ اعزہ نے قرارت سنائی اس کے بعد مسٹر گنگا دھر پھاٹک مددگار فوقانیہ دارالشفاء نے سنسکرت میں دعا

جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب صدر مجلس استقبالیہ نے بزبان اردو اور مسٹر بی اے چندرو کر ایم اے معتمد استقبالیہ کمیٹی نے بزبان انگریزی خطبۂ استقبالیہ سنایا۔ مولوی مرزا ضیاء الدین بیگ صاحب معتمد عمومی نے رپورٹ انجمن بابتہ ۱۳۴۲ف سنائی۔ مسٹر ای۔ آئی۔ اسپٹ پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ نے ہم جاپان سے کیا سیکھ سکتے ہیں" موضوع پر نہایت دلچسپ تقریر کی۔ اس کے بعد عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر صدر نشین جلسہ نے اپنا عالمانہ خطبۂ صدارت سنایا۔ جو علٰحدہ شائع کیا گیا ہے۔

مس ریڈ وس شامرٹ کے زیر نگرانی طلبا رمدرسۂ عالیہ نے کنڈرگارٹن کا مظاہرہ پیش کیا۔ پیانو کی سریلی آواز کے ساتھ معصوم و ہونہار بچوں کی باقاعدہ جسمانی حرکات جوان کی نشوونما کی محمد تھیں نہایت دلچسپ مناظر پیش کر رہی تھیں میں ڈی نندی کی نگرانی میں یہ طلبو طالبات ماڈل پرائمری اسکول سے اس ورزش جسمانی کا نمونہ کھیل کی شکل میں تبلایا جو کمسن طلبا رکے لئے مناسب و موزوں تھا۔ اس کے بعد طالبات میتھوڈسٹ بائز ہائی اسکول نے پیانو کے ساتھ پرترنم لہجے میں نظمیں سنائیں۔ غرض کہ تینوں مدارس کا مظاہرہ نہایت دلچسپ و سبق آموز تھا جس سے حاضرین بے حد محظوظ ہوئے

**اجلاس دوم** ۲½ بجے دن سے بمقام سٹی کالج ضمنی جلسے شروع ہوئے۔ بصدارت جناب مولوی محمد عثمان صاحب بی۔ اے ڈپ ایڈ (لنڈن) وائس پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج بلدہ کنڈرگارٹن پر بزبان اردو ضمنی جلسہ منعقد ہوا کنڈرگارٹن کمیٹی کی تیار کردہ رپورٹ سنائی گئی اس کے بعد بحث کا موقع دیا گیا۔ مولوی محمد سلطان صاحب مدوگار فوقانیہ نام پلی نے رپورٹ کی تعریف کرتے ہوئے اپنے چند شبہات کا اظہار فرمایا جس کو جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کینٹب) صدر مہتمم تعلیمات مستقر بلدہ و اطراف بلدہ نے منجانب کنڈرگارٹن کمیٹی رفع فرمایا۔ اس کے بعد مولوی عبدالستار صاحب سبحانی۔ بی۔ اے۔ اہل۔ بی۔ پرنسپل فوقانیہ دارالعلوم نے تقریر فرمائی اور اس امر پر زور دیا کہ کنڈرگارٹن کا کام نہ صرف ٹرینڈ مدرسین ہی انجام دے سکتے ہیں بلکہ ہر ایک مدرس اگر وہ بچوں کی تعلیم کے مسئلہ میں غور و خوض کرکے نئے نئے طریقے سوچ کر نکالے تو اصول کے مطابق کام کر سکتا ہے۔ مولوی عبدالمجید صاحب فاروقی مدوگار فوقانیہ دارالعلوم اور مولوی فضل اللہ صاحب مہتمم گشتی کتب خانہ کی مختصر تقاریر کے بعد صدر جلسہ جناب مولوی محمد عثمان صاحب نے افتتاحی تقاریر میں کنڈرگارٹن کی اہمیت تلا کر رپورٹ کی موزونیت و کامیابی پر کمیٹی کو مبارکباد دی۔ بغلبۂ آرا رپورٹ منظور ہوئی۔

دوسرے ہال میں بصدارت جناب ڈاکٹر ڈی۔ ڈی شنڈار کر صاحب پی۔ ایچ ڈی (لنڈن) لکچرار ٹریننگ کالج

بلدیہ پس افتادہ طلبہ کا ضمنی جلسہ بزبان انگریزی منعقد ہوا کمیٹی کی تیار کردہ رپورٹ پڑھی گئی اس کے بعد مباحثہ شروع ہوا مسٹر بی۔ اے چندرور کرنے ان مشکلات کا اظہار کیا جو پس افتادہ طلبہ کی تعلیم میں پیش آتی ہیں مولوی یوسف حسین صاحب مولوی سید محبی حسین صاحب نقوی نے بحث میں حصہ لیا بلدیہ آرا رپورٹ منظور ہوئی

رات کو ۹ بجے بصدارت جناب مولوی عبدالحق صاحب بی اے پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ ممبئی ہال گرامر اسکول میں مجلس مشاعرہ منعقد ہوئی جس میں متعدد اساتذہ صاحبان نے مصرع طرح "زلف برہم تھی مزاج یار اگر برہم نہ تھا" پر طبع آزمائی فرمائی۔ مشاعرہ کی تفصیلی رپورٹ آئندہ اشاعت میں ہدیہ ناظرین کی جائے گی۔

دوسرا روز ۲ر آبان ۱۳۴۲ف / ۱۲ر ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ

**صبح کا اجلاس** ۹ تا ۱۲ بجے

بصدارت جناب مولوی محمد عبدالستار صاحب سبحانی ۹ بجے ضمنی جلسہ شروع ہوا۔ جناب مولوی محمد عثمان صاحب بی۔ اے ڈپ ایڈ (لنڈن) نے اسکول ٹائم ٹیبل پر ایک تفصیلی اور مدلل تقریر فرمائی جو آئندہ اشاعت میں ہدیۂ ناظرین کی جائیگی مولوی عبدالستار صاحب سبحانی نے تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

حضرات! فاضل مقرر مولوی محمد عثمان صاحب نے ٹائم ٹیبل کے متعلق جو عالمانہ تقریر فرمائی اور اس کے مقاصد و اصول کو جس خوبی اور وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا وہ ہم سب کی رہنمائی کے لئے بہت کافی ہے۔ میں اپنی تقریر میں صرف ان دقتوں کو رفع کرنے کی کوشش کروں گا۔ جو ترتیب ٹائم ٹیبل میں عملاً کسی صدر مدرس کو پیش آتی ہیں۔

ٹائم ٹیبل کے متعلق دو باتیں نہایت ضروری ہیں ایک تو اس کی ترتیب میں مدرسین کی علمی و تعلیمی استعداد کا لحاظ دوسری اس میں اصلاح کی صلاحیت۔ سررشتہ کی ضروریات کا بعض اوقات یہ تقاضہ ہوتا ہے کہ اندروں سال ایک ہی مدرسہ کے متعدد مدرسین کا تبادلہ عمل میں آئے ان کے بدل بعض وقت ایسے مدرسین ہوتے ہیں جو یا تو اپنے پیش رو کے مضامین نہیں پڑھا سکتے یا بالکل امیدوار ہوتے ہیں جن کے تفویض ان کے پیش رو کا کام نہیں ہوسکتا ایسی صورت میں اگر ٹائم ٹیبل میں وقتاً فوقتاً خاطر خواہ ترمیم ناممکن ہو تو مدرسے کا کام خوش اسلوبی کے ساتھ کبھی انجام نہیں پاسکتا۔ بعض وقت کسی خاص مضمون کے لئے مدرسہ میں ایک ہی مدرس ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بعض وقت مضامین کے اوقات اور ان کی مدرسین پر تقسیم ایسی پیچیدہ ہوتی ہے کہ ہم کسی مضمون کو اس کی اہمیت کے لحاظ سے ہر جماعت میں اس کے مناسب گھنٹے مقرر نہیں کرسکتے پس مجبوراً بالحاظ مناسبت اوقات مضامین کا ردوبدل عمل میں آجاتا ہے اس لئے مناسب یہ ہے کہ گھنٹوں کے معمول میں فرق کر دیا جائے مثلاً پہلا گھنٹہ (۵۰) منٹ کا اور باقی گھنٹے تدریجاً کم وقت کے رکھے جائیں اس سے یہ ہوگا کہ طلبہ کو مدرسہ کی فضا سے متاثر ہونے میں کچھ وقت

صرف ہونے کے بعد مضمون کی تعلیم کے لئے کافی وقت بچ رہے گا۔

اکثر ماہرین فن تعلیم کا خیال ہے کہ بچوں کی عمر کے لحاظ سے مدرسہ میں طبقہ واری علیحدہ علیحدہ ٹائم ٹائیبل رکھے جائیں۔ جن میں گھنٹوں کی مدت مختلف ہو یہ اسی وقت ممکن ہے جبکہ ہر طبقہ کے لئے عمارت علیحدہ ہو اور مدرسین کی تعداد اتنی ہو کہ ہر طبقہ کا اسٹاف علیحدہ ہو سکے۔ بصورت دیگر گھنٹوں کی مدت میں اختلاف کام میں بدنظمی پیدا کرتا ہے اور ایک طبقہ کے مدرس کو ہر گھنٹے میں بروقت پہنچنا ناممکن ہوتا ہے اس خصوص میں بحالت موجودہ یہ مناسب ہے کہ ٹائم ٹیبل تو ایک ہی رہے۔ مگر جن جماعتوں میں چھوٹے گھنٹوں کی ضرورت ہے ان کو ایک ہی گھنٹے میں ایک ہی مضمون کے مختلف شعبوں کی تعلیم دی جائے تعلیمی گھنٹوں کے درمیانی وقفہ کا اصول سوائے جماعت کنڈرگارٹن کے اور کسی جماعت میں ممکن العمل نہیں وقفہ سے بچوں کو غیر حاضری کی ترغیب ہوتی ہے دوسرا وقفہ میں بچوں کا کھیل کود دوسری جماعتوں کے لئے ہرج کا رکا باعث ہوتا ہے۔ اگر وقفہ سے یہ مقصد ہے کہ مدرسین کو آرام ملے تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ آرام بعض علما کے نزدیک تبدیل مشغلہ کا نام ہے بیکاری کو آرام نہیں کہتے۔ مدرس میں بے آرامی کے لئے ہمارا اپنا طرز عمل بھی ایک بڑی حد تک ذمہ دار ہے ہماری ہر وقت یہ کوشش رہتی ہے کہ ذرا سا بہانہ ملے اور رخصت اتفاقی کی درخواست پیش کر دیں ـــــ اس طرح ایک ایک وقت میں کئی کئی اصحاب مدرسہ سے غیر حاضر ہو جاتے ہیں۔ اور ان کا کام ان مدرسین کو کرنا پڑتا ہے۔ جو ہمیشہ حاضر رہتے ہیں۔ اسی طرز عمل کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مدرسین پر کام کا بار زیادہ پڑ جاتا ہے۔ پس اول تو ہم کو یہ چاہئے کہ جب تک شدید ضرورت نہ ہو رخصت کا خیال نہ کریں اگر بلحاظ حالات مدرسہ کا کام واقعی زیادہ ہو تو اس کو اس طرح انجام دیں کہ تھکاوٹ محسوس نہ ہو مثلاً اگر مسلسل دو یا تین اہم مضامین پڑھانے پڑتے ہیں تو ایک گھنٹے میں پڑھائیں۔ دوسرے میں لکھائیں جس گھنٹے میں ایک دن پڑھائی ہو اسی گھنٹے میں دوسرے دن لکھائی ہو۔

اسکول کے ٹائم ٹیبل کے علاوہ ایک اہم ٹائم ٹائیبل ہوم ورک کا ہے اگر ہوم ورک کا ٹائم ٹیبل نہ ہو اور اس کی کافی نگرانی نہ کی جائے تو ہر مدرس اپنے ہی مضمون کو اہم سمجھ کر ضرورت سے زیادہ کام دے گا جس کی وجہ سے اول تو عام مضامین کے ہوم ورک کی مجموعی تعداد طالب علم کے لئے بار ہو گی اور ہوم ورک سے جو فوائد ہیں ان سے وہ محروم رہے گا۔ دوسرے ہوم ورک کی تکمیل اس کو خانگی مدرس کے رکھنے پر مجبور کرے گی جس کا وجود اس کو بجائے فائدہ پہونچانے کے اس کی

خرابی کا باعث ہوگا۔ پس صدر مدرس کا یہ فریضہ ہے کہ مضامین کی اہمیت اور استعداد طلبا اور جماعت کے لحاظ سے ہر جماعت میں ہر مضمون کے ہوم ورک کے لئے وقت مقرر کرے اور اس امر کی نگرانی رکھے کہ کام اسی قدر دیا جائے جو وقت مقررہ میں آسانی کے ساتھ انجام پا سکے۔"

بصدارت جناب مولوی سجاد مرزا صاحب کنڈرگارٹن کا ضمنی جلسہ بزبان انگریزی منعقد ہوا آغاز جلسہ سے قبل شامرٹ معلمہ مدرسہ عالیہ نے نیچر اسٹڈی پر عملی سبق دیا کمسن طلبہ کو زندہ خرگوش کا مشاہدہ کرایا گیا۔ خرگوش کے مختلف اعضا رنگ شکل و شباہت و عادات وغیرہ پر سوالات کئے گئے جن کے جوابات بچوں نے مشاہدہ کی بنا پر دئے مس موصوفہ نے نہایت دلچسپ پیرایہ اور سلیس اردو میں توضیح کی آخر میں بچوں نے خرگوش کی مختلف حرکات و سکنات کی تصاویر کو جو کاغذ سے کاٹ کر بنائی گئی تھیں ایک تختہ پر بمحاظ تقدیم مناسب و موزوں جگہ پر چسپاں کیا تختہ پر جنگل کا ایک نمکین نقشہ اتارا گیا تھا جس میں خرگوش کے رہنے کی جگہ اور جنگل کا منظر بتایا تھا بچوں کے انہماک کا یہ عالم تھا۔ کہ باوجود مجمع کی کثرت کے ان کی توجہ سبق کی جانب تھی اور نہایت بے تکلفی سے معلمہ صاحبہ کے سوالات کے جوابات دیتے رہے اور نئے معلومات حاصل کر کے خوش ہو رہے تھے سبق نہایت کامیاب رہا۔

جناب مولوی سجاد مرزا صاحب نے افتتاحی تقریر میں فرمایا کہ کنڈرگارٹن کی معلمات اس قدیم دستور کو توڑنے کی جانب پیش قدمی کر رہی ہیں۔ جس میں ذکور کو اناث پر ترجیح دی گئی ہے جس کی تائید مردم شماری کی تازہ ترین رپورٹ سے بھی ہوتی ہے۔ یعنے رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے کہ اولاد ذکور کو والدین کے کریا کرم کے لئے نہ صرف ہندو ہی میں اہمیت دی گئی ہے بلکہ دوسری قوموں میں بھی ذکور کا وجود ضروری سمجھا گیا ہے غرض کہ عورتوں کے متعلق ہر جگہ نہایت تعصب برتا جاتا ہے، لیکن انگلستان یورپ امریکہ میں جنس ذکور کو تعلیمی معاملات میں ایک ثانوی درجہ دیا گیا ہے چنانچہ اکثر کتب تعلیمی میں جہاں معلم کا تذکرہ کیا گیا ہے وہاں ضمیر مونث شی استعمال ہوئی ہے۔ ڈاکٹر ماٹنی سوری نے فروبل اور اس کے پیش روؤں کے خیالات اور نظریوں میں بہت کچھ رد و بدل اور اصلاح کی ہے اسی نے بچوں کی تربیت میں عورتوں کی ضرورت کو ثابت کر دکھایا اور انھیں سے کام لیا۔ رپوٹ کے ان جملوں کو دہرانے کے بعد صاحب موصوف نے اپنی یہ رائے ظاہر فرمائی کہ آئندہ موقوں پر صدر نشینی کے لئے کسی خاتون کا انتخاب موزوں ثابت ہوگا اور اس تجویز پر آئندہ ضرور لحاظ کیا جائے گا۔ آخر میں صدر نشینی کی عزت افزائی کا شکریہ ادا

کرتے ہوئے فرمایا کہ کنڈرگارٹن کی صدر کمیٹی سے اپنی رپورٹ سنانے کی درخواست کرنے سے پہلے میں یہ ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ کنڈرگارٹن کے مظاہرات دیکھ کر مجھے بے حد مسرت ہوئی اور نیز اس کانفرنس میں عملی مظاہروں کا وقت نظری بحثوں سے پہلے جو رکھا گیا نہایت مناسب تھا۔"
اس کے بعد جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے کنڈرگارٹن کمیٹی کی تیار کردہ انگریزی رپورٹ سنائی رپوٹ کے اختتام پر صدر نشین جلسہ جناب مولوی سجاد مرزا صاحب نے حسب ذیل تبصرہ فرمایا۔

۱۔ یہ بتلانا صحیح نہیں ہے کہ ہندوستان میں کنڈرگارٹن کی ابتدا اسی وقت سے ہوئی جبکہ انگریزی تعلیم رائج کی گئی بلکہ ہندوستان میں تعلیم اوپر سے شروع ہوئی لارڈ ہیسٹنگز کے زمانے میں علوم مشرقیہ کے کالج کا قیام اور ۱۸۵۷ء میں تین یونیورسٹیوں کی بنیاد اس کا کافی ثبوت ہے۔

۲۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ جدید طریقۂ تعلیم کے موجب کم از کم چھ سال کی عمر میں بچوں کو مدرسوں میں شریک کرایا جائے لیکن کہی جاتی ہے کہ مذکورہ عمر سے بھی کم عمر والے بچے جماعت اول میں شریک کئے جاتے ہیں کمیٹی نے اس طرز عمل کے جو وجوہ بیان کئے مدلل نہیں ہیں یہ کیا وجہ ہے کہ عہدہ دار خود اپنے مقرر کردہ ضوابط پر قائم نہیں رہتے۔ اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ بچے اور اس کی ابتدائی تعلیم کو اہمیت نہیں دیجاتی مدرسین اپنی کارگذاری دکھلانے کی غرض سے اعلیٰ جماعتوں کے سرکاری امتحانات کے نتائج کی طرف زیادہ توجہ کرتے ہیں۔ اسی طرح نچلی جماعتوں خاصکر صغیر جماعت میں تعداد میں اضافہ کرنا کارگذاری خیال کرتے ہیں۔

۳۔ یہ بہت اچھی تجویز ہے کہ مدارس کنڈرگارٹن کا افتتاح "آل انڈیا ویمنس کانفرنس" کی جانب سے عمل میں آئے لیکن حیدرآباد کے چائلڈ ویلفیر سنٹرس (مرکز ہائے بہی خواہان اطفال) سے اس کی ابتدا ہو تو اور بہتر ہے علاوہ ازیں گورنمنٹ کو بھی توجہ دلائی جائے کہ ہمارے کارخانوں کے مالکوں اور منتظموں کو اپنے اپنے ملازمین کے بچوں کے لئے ابتدائی مدارس اور کنڈرگارٹن قائم کرنے کی غرض سے جو یہ قانون نافذ کرے یہ تجاویز ان اساتذہ کی پیش کردہ ہیں جو عثمانیہ ٹریننگ کالج میں ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں۔

۴۔ سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ یورپ اور ہندوستان کے بچوں میں بہت زیادہ فرق پایا جاتا ہے۔ ہندوستانی بچوں کا رجحان کھیل کی طرف نہیں بلکہ بیکار بیٹھے رہنا پسند کرتے ہیں۔ گو ہندوستانی مذہب پرست اور سنجیدہ مزاج ہوتے ہیں لیکن اس میں شک ہے کہ یہ خصوصیت بچوں میں بھی پائی جاتی ہے یا نہیں تمام دنیا کے بچے ایک ہی طرح کے ہوتے ہیں لیکن ہندوستانی بچوں کی عدم توجہی کی سب سے بڑی وجہ

یہ ہے کہ یہاں کی ساٹھ فی صد عورتوں کو عدم تولید خون کی شکایت ہے صرف بنگال میں، ۸ فیصدی عورتیں امراض شش میں مبتلا ہیں۔

۵۔ کمیٹی میں کنڈرگارٹن کے لئے موزوں مضامین کا قرارداد کیا گیا ہے لیکن ان کی تفصیلات نہیں دیگئی ہیں علاوہ ازیں مضامین میں باہمی تعلقات پیدا کرنے کے متعلق زور دیا گیا ہے جو چھوٹی جماعتوں میں بہت ضروری ہے۔ ہمارے مدارس میں مضامین جیسے ہیں ویسے ہی بلا تشریح و توضیح پیش کردئے جاتے ہیں۔ آلات تعلیمی کا مسئلہ ابھی تک عملی صورت میں پیش نہیں کیا گیا۔

۶۔ ٹریننگ کالج میں بچوں کی تعلیم کو لازمی قرار دیکر زور دیا جا رہا ہے لیکن عملی کام کے لئے آسانیاں نہیں ہیں اگر ٹرینڈ اساتذہ حیدرآباد میں کنڈرگارٹن پر متعین کردئے جائیں تو ممکن ہے کہ کم صرفے سے اس کام میں ترقی ہوسکتی ہے۔

ہمارے مدارس میں دو سوال پیش نظر ہیں اول قابل تعریف نتائج نکالیں دوم بچوں کو اس قابل بنایا جائے کہ معمولی نصاب جلد از جلد پڑھ سکیں کمیٹی نے پروجکٹ میتھڈ اور ساتھ ہی ساتھ فروبل اور مانٹی سوری طریقۂ تعلیم کی بھی تجویز پیش کی ہے قصبات میں کنڈرگارٹن کا مسئلہ حل طلب ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ دیہاتی مدرس کو کوئی باقاعدہ طریقہ نہیں بتلایا گیا جس کو اس طریقۂ تعلیم کے متعلق خاص اور تفصیلی ہدایات ملنی چاہئیں۔

بحیثیت مجموعی رپورٹ نہایت اچھی تھی کنڈرگارٹن کمیٹی کے صدر اور ارکان مستحق ستایش ہیں جنہوں نے اس اہم ترین مسئلہ تعلیم کے حل کرنے کی کوشش کرکے ایک قابل تقلید مثال پیش کی ہے جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے مولوی سجاد مرزا صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا کہ صاحب موصوف نے جو مفید مشورہ دیا ہے وہ کنڈرگارٹن کمیٹی میں پیش کردیا جائے گا۔ رپورٹ بغلبۂ آرا منظور ہوئی۔

بصدارت جناب مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی۔ بی۔ اے ڈپ۔ ایڈ (لنڈن) "پس افتادہ طلبا" کا ضمنی جلسہ بزبان اردو منعقد ہوا مولوی غلام دستگیر صاحب نے رپورٹ پڑھی۔ مولوی سید محمد سلطان صاحب نے فرمایا کہ بلاشبہ رپورٹ بہت اچھی ہے مگر اطمینان کرنا چاہتا ہوں کہ کن ذرایع سے پس افتادہ طلبہ کی کمزوری کا پتہ چلایا گیا جن کو اعداد کی صورت میں رپورٹ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ مولوی غلام دستگیر صاحب نے فرمایا کہ جن پیمانوں سے کام لیا گیا ہے وہ پیش نہیں کئے جاسکتے اس کا سمجھنا وقت سے خالی نہیں البتہ دوسرے پرچہ میں اس کی مثالیں بتادی گئی ہیں۔ اس کے ملاحظہ سے اطمینان ہوسکتا ہے۔ مکرر مولوی محمد سلطان صاحب نے یہ اعتراض کیا کہ عمر کی نسبت کس طرح اطمینان کیا جاسکتا ہے۔ مدرسہ میں جو عمر درج رہتی ہے۔ وہ اکثر غلط

بتائی جاتی ہے۔ مولوی نورالحسن صاحب اول مددگار فوقانیہ نام پلی نے تفصیلی جواب دیا جس کا حاصل یہ تھا کہ عمر کا اطمینان سوائے اس کے کہ رجسٹر سے کیا جائے ہمارے لئے اور طریقہ ممکن نہیں مزید بحث کے بعد رپوٹ بغلبۂ آرا منظور ہوئی۔

**اجلاس دوم** (دوپہر) ۲ تا ۴ ساعت سام۔

بصدارت عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر جلسہ شروع ہوا حاضرین کی خاصی تعداد تھی جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب نے حسب ذیل رزولیوشن پیش کیا "تاریخ افتتاح انجمن سے گذشتہ سال تک تقریباً سات سال جناب مولوی سید شریف صاحب مشہدی ناظر مدارس نے جو قابل قدر خدمات انجام دی ہیں انجمن انکا اعتراف کرتی ہے" معتمد عمومی نے اس کی تائید کی اور بغلبۂ آرا رزولیوشن منظور ہوا۔

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب پی۔ ایچ ڈی پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ نے "نفسیات جدیدہ اور مقامی حالات کی روشنی میں معلم کا کام" پر فلسفیانہ و پرمذاق انداز میں تقریر فرمائی جو آیندہ اشاعت میں شایع کی جائے گی۔ مولوی حسام الدین صاحب مدوگار مدرسۂ فوقانیہ دارالعلوم نے عالمانہ انداز میں "طلبا و علمائے ماضی و حال" پر تقریر فرمائی جو علحدہ شایع کی گئی ہے۔ مولوی نظر حسین شریف صاحب معتمد نمایش کمیٹی نے رپورٹ نمایش سنائی جو علحدہ شایع کی گئی ہے۔

عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر صدر نشین جلسہ نے انعامات تقسیم فرمائے اور افتتاحی تقریر میں صدر انجمن جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کو کانفرنس کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے فرمایا کہ انجمن کا قیام بہت مفید ہے نیز یہ سب سے بڑھ کر مجھے اس بات سے مسرت ہوئی کہ مدرسین نے نہایت جوش و گرمجوشی سے انجمن کے کاروبار اور کانفرنس کو کامیاب بنانے میں حصہ لیا ہے۔

صدر انجمن جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے جناب صدر نشین صاحب جلسہ کا انجمن کی جانب سے شکریہ ادا کیا کہ جناب ممدوح نے کرسی صدارت کو زینت بخش کر انجمن کی عزت افزائی فرمائی اس کے بعد ارکان کنونشن کمیٹی و بیاک ورڈ چلڈرون کمیٹی کا شکریہ ادا کرکے فرمایا کہ ارکان مذکور نے اپنی انتھک کوششوں سے رپورٹ کی تیاری میں مدد دی نیز یہ کہ اب تک جس قدر کانفرنسیں ہوئیں اور کامیاب رہی ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے اور یہ کامیابی استقبالیہ کمیٹی نمایش کمیٹی اور دیگر رفقاء کار کی غیر معمولی محنت و کوشش کا نتیجہ ہے اس کے بعد مسٹر ای آئی اسپیٹ پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ و جناب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب و جناب سجاد مرزا صاحب و ڈاکٹر شنڈ ارکرو جناب مولوی محمد عثمان صاحب و مولوی حسام الدین صاحب نے ان حضرات و خواتین کا جنہوں نے کانفرنس کو کامیاب بنانے میں مدد دی اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد کانفرنس کا آخری اجلاس خاست ہوا اور حاضرین و

ارکان انجمن ایٹ ہوم میں شریک ہوئے۔ بینڈ کا انتظام کیا گیا تھا۔

مغرب سے قبل و بعد نماز مغرب "سوشیل گیاورنگ" کا انعقاد کیا گیا اور ارکان انجمن نے اپنے اپنے کمال موسیقی سے دوسروں کو محظوظ فرمایا۔ جناب مولوی سید رضا صاحب مددگار رفوقانیہ وارالشفا نے جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کا ارکان کی جناب سے شکریہ ادا کیا کہ صاحب موصوف نے اس طرح یکجائی باہمی ارتباط و اتفاق کا موقع دیا جس سے کانفرنس کی تکان جاتی رہی۔ جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب نے "سوشیل گیاورنگ" کو اپنے کمالات موسیقی سے کامیاب بنانے والے حضرات اور صدر انجمن جناب مولوی سید علی اکبر صاحب کا شکریہ ادا کیا۔

آخر میں جناب مولوی سید علی اکبر صاحب نے حاضرین کے باہمی اتحاد عمل کا شکریہ ادا فرمایا اور کانفرنس برخاست ہوئی۔

از مولوی مرزا ضیاء الدین بیگ صاحب۔ بی۔ اے بی ٹی۔
معتمد عمومی انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد دکن۔

## ایڈیٹوریل

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ انجمن اساتذہ بلدہ کی ساتویں سالانہ کانفرنس اپنی چند در چند خصوصیات کی وجہ سے بہ نسبت سالہائے سابق کے زیادہ دلچسپ اور کامیاب رہی اس سال بعض ارکان انجمن کی سعی و کوشش سے دو نہایت ہی مفید اور قابل قدر کام انجام پائے پہلے پس افتادہ طلبا اور گنڈر گارٹن کی کمیٹیوں کی مبسوط اور مفصل رپورٹیں پیش کیگئیں جن میں مدرسین کی رہنمائی کے لئے اچھا خاصہ مواد جمع کر دیا گیا ہے۔ دوسری خصوصیت اس کانفرنس کی یہ تھی کہ اس میں کنڈر گارٹن کے نہایت دلچسپ و سبق آموز نظارے دکھلائے گئے۔ جن سے نہ صرف حاضرین کو فائدہ بلکہ بے حد سرور و انبساط بھی حاصل ہوا تیسری خصوصیت مجلس مشاعرہ تھی جو مولوی عبدالحق صاحب بی اے پروفیسر اردو کلیہ جامعہ عثمانیہ کے زیر صدارت منعقد کی گئی۔ چوتھی خصوصیت "سوشیل گیاورنگ" یعنی محفل احباب تھی یہ پہلا ہی موقع تھا کہ بلا امتیاز عہدہ و گریڈ کل مدرسین و عہدہ دار ایک جگہ جمع ہوئے اور تھوڑی دیر تک ہنس بول کر اپنا وقت بسر کیا۔ آلات موسیقی بھی مہیا تھے جن جن حضرات کو فن موسیقی سے لگاؤ تھا انھوں نے اپنی دوستوں کی سازنوازی فرمائی لیکن ذرا تکلف کے ساتھ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ محفل میں یہ تکلف باقی نہ رہے گا۔ اور حسب الارشاد جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب بہت سے احباب ایک سال کے عرصہ میں کافی مہارت پیدا کریں گے اور دل کھول کر اپنے کمالات سے دوستوں کو محظوظ و مسرور فرمائیں گے اس میں شک نہیں کہ ایسے موقعوں پر محفل احباب کی تجویز بالکل انوکھی اور دلچسپ تھی جس کی وجہ سے دو روز کی لگاتار حاضری اور تگ و دو کی کوفت مطلق جاتی رہی اور کل احباب خوش و شاداں اور تر و تازہ ہو کر اپنے اپنے گھر واپس گئے۔ امید قوی ہے کہ سال آئندہ مجلس مشاعرہ اور محفل احباب بہت زیادہ کامیاب رہیگے

نمایش اور فانوسی کچہری کا انتظام بھی سال حال اعلیٰ پیمانہ پر کیا گیا تھا اور ان ہر دو شعبہ جات کا کام بے حد اطمینان بخش اور قابل تحسین رہا جس کی وجہ سے کارپردازان حضرات مستحق مبارکباد ہیں۔

We can only make it our own by some service, and that service is to lend it love and beauty from our soul."

"Cherish the ideal of perfection, and to that, relate all your work, all your movement. Then though you love the material things of earth, they will not hurt you, and you will bring heaven to earth and soul into things."

Among the other important meetings which Dr. Tagore addressed during his stay at Hyderabad were one at the Nizam College and another at the City College. A report of the proceedings of the latter meeting, which had been arranged conjointly by the City College Union and the Hyderabad Teachers' Association, will appear in our next issue.


## The Hyderabad Teacher.

ADVERTISEMENT RATES.

| Space | Whole year | | Six months. | | Per Issue. | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | B. G. | | B. G. | | B. G. | |
| | Rs. | As. | Rs. | As. | Rs. | As. |
| Full page ... | 12 | 0 | 6 | 0 | 4 | 0 |
| Half page | 6 | 0 | 3 | 8 | 2 | 0 |
| Quarter page | 3 | 0 | 1 | 12 | 1 | 0 |
| Per line ... | 0 | 10 | 0 | 8 | 0 | 6 |

SUBSCRIPTION RATES.

For the Nizam's Dominions O. S. Rs. 3 annually, (including postage).
For British India B. G. Rs. 3 a year (including postage).
Single copy O. S. As. 12 for H. E. H. the Nizam's Dominions.
Single copy B.G. As. 12 for British India.
From Government O. S. Rs. 4 a year (including postage).

The Urdu Section is published separately also. Subscription Re. 1 As. 14 a year.

Members of the Hyderabad Teachers' Association can obtain back numbers of THE HYDERABAD TEACHER at a reduced price.

*Apply to* **S. M. KHAIRATH ALI, Manager,**
**"The Hyderabad Teacher"**
**Gun Foundry, Hyderabd-Deccan.**

He expressed his appreciation of the principle of using an Indian language as the medium of instruction and congratulated the Chancellor, His Excellency the Maharaja Bahadur, on the success of the University. He also paid a fitting tribute to Sir Akbar Hydari, who had the vision and courage to launch the scheme and who has contributed so much to its success.

It was a lofty and inspiring message which the poet delivered to the students of the Osmania University. The following are extracts from his address:—

"Free yourselves from the meshes of self-abasement.....and search in your own homes for things that are of undying worth..... Imitation belongs to the dead mould ; life never imitates, it assimilates."

"We must accept truth when it comes from the West, and not hesitate to render it our tribute of admiration. Unless we accept it our civilization will be one-sided, it will remain stagnant. Science gives us the power of reason, enabling us to be actively conscious of the worth of our own ideals."

"We have been in need of this discovery to lead us out of the obscurity of dead habit, and for that we must turn to the living mind of the West with gratefulness, never encouraging the cultivation of hatred against her. Moreover, the Western people also need our help, for our destinies are now intertwined."

"No one nation of to-day can progress, if the others are left outside its boundaries. Let us try to win the heart of the West with all that is best and not base in us, and think of her and deal with her, not in revenge or contempt, but with goodwill and understanding, in a spirit of mutual respect."

"We, in the East, had once tried our best to muzzle the brute in man and to control its ferocity. But to-day the titantic forces of intellect have overwhelmed our belief in spiritual and moral power."

"Truth is for all...Science also is Truth. It has its own place, in the healing of the sick, and in the giving of more food, more leisure for life. But when it helps the strong to crush the weaker, to rob those who are asleep, that is using truth for impious ends and those who are so sacriligeous will suffer and be punished, for their own weapons will be turned against them as the signs are plain to-day."

"To be able to love material things, to clothe them with tender grace and yet not be grossly attached to them, this is a great achievement. Providence expects that we should make this world our own, and not live in it as though it were a rented tenement.

ing for expression, of directing its tendencies and instincts and impulses in right directions". The great problem of education is to find the right kind of teacher; and as Nawab Zulcadar Jung Bahadur said, the right kind of teacher is one who, possessing personality, sympathy and the spirit of self-sacrifice, "thinks of his duty as a test that is imposed upon him not by the educational authorities, but by something greater than they, that is, his own conscience", and who enters upon those duties "not with a sour face and words of grumbling but with deliberate determination to make of his surroundings something far better than he found them".

Nawab Zulcader Jung Bahadur's address is remarkable not only for the high ideals which he put before the teachers but also for his sympathy and regard for the teaching profession. It is encouraging for the teachers of Hyderabad to feel that the Educational Secretary has a keen appreciation of their disabilities. "I realise and regret", he said, "the disabilities under which so many teachers in these Dominions, as in other parts of the world, have to do their work. That work is always exacting for one who does it honestly, and, the material reward which is given to teachers is rarely an idex of the value of their work."

**Dr. Rabindranath Tagore at Hyderabad, Deccan.**

The public of Hyderabad owed to His Excellency Maharaja Sir Kishen Pershad Bahadur, President of the Council, the opportunity and privilege which it recently had of hearing the great poet and international figure, Dr. Rabindranath Tagore, for it was on the invitation of the Maharaja Bahadur that the poet visited this city. The warmth of the welcome which was accorded to the distinguished guest could be guaged from the packed audiences which he addressed as well as the crowds of visitors who called at the Government Guest House personally to pay him their respects.

Shortly after his arrival here, Dr. Tagore delivered an Extension Lecture arranged by the Osmania University.

# Editorial Notes

## The Seventh Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association.

We publish elsewhere in this issue an account of the proceedings of the Seventh Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association, which was held on the 28th, 29th and 30th September, 1933, under the distinguished presidency of Nawab Zulcader Jung Bahadur, M. A. (Cantab), Barrister-at-Law, Home Secretary, H. E. H. the Nizam's Government. The Conference and the educational exhibition, which was held along with it, were a great success, on which we congratulate Mr. Shaik Abul Hasan, Chairman of the Reception Committee and Miss D. Webster, Chairman of the Exhibition Committee. The Kindergarten Displays, for which Miss M. E. Read, Miss J. A. Chamarette and Miss D. Nundy were mainly responsible, added greatly not only to the interest but to the usefulness of the Conference. Two reports were adopted by the Conference, viz., the reports prepared by the Kindergarten and Backward Children Sub-Committees, respectively. We are issuing the former as a supplement to the English Section and the latter as a supplement to the Urdu Section of this number of *The Hyderabad Teacher*, reserving the English version of the Backward Children Report and the Urdu version of the Kindergarten Report for the next issue.

## The Teaching Profession.

The full text of the Presidential Address which Nawab Zulcader Jung Bahadur delivered at the Seventh Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association appears elsewhere in this issue. In this address he gave teachers much food for thought. Too often teaching in India is dominated by text-books and examinations. This is not education in the true sense of the word. As Nawab Zulcader Jung Bahadur has pointed out, "the teacher's great task is one of setting free the powers of the child which are struggl-

ficant in appearance that he was mistaken by strangers for a servant of the institution, had a wonderful record of attendance. During twenty-three years he had only been absent from duty for half a day, that on which his mother died.

I know you like a moral to be pointed—I will try to do it.

Why does Japan arouse such interest in you? Is it not because of moral qualities which have enabled her, alone of all Asiatic countries, to stand alone, to defy all invasion, and to make her independence not a reason for self-satisfaction and further seclusion, but a stimulus to struggle that is winning for her people the fullest opportunity to reveal and develop her great constructive powers in so many directions?

That is why we wish to know more of Japan, to visit the country and see the conditions in which her people live and work and make their wonderful plans.

Now every one of you here is a little Japan unknown, secluded, only to become of interest to the outside world if you assert your character and enhance it by sternness to yourself and kindness to others, strength of will, by endurance, by resolution, by opposition to evil, by a high conception of your duty in whatever situation, and by determination to make of that situation something more and better than when you entered upon it. By doing this you are making the best preparation for higher opportunities when they shall arise.

If you can imitate Japan in these ways, you too will become renowned, you will be sought out and however humble your work, you will add a fragrance and a glory to that work, and you will be given your country a fame of a kind she is happily, and largely through wise educational policy, now beginning to earn.

———

Physical Development to the Imperial Navy was so much troubled at having killed two Germans at Tsingtau, that he resigned and was spending his days and nights in meditation and religious practice. He had three fine children, a little girl and two younger boys, and when the two boys were taken from him by death within a month, he was convinced it was a direct result of his transgression of a divine law.

And I discovered that the true religious teachers of Japan are generally poor men of firm principles and earnest conviction, who, in school and jujitsu class, and still more often in private intercourse devote themselves to the encouragement of young men in the virtues which are the basis of Japan's greatness. "Who ever hath any advantage is priest to him that hath it not."

And everywhere there are men of affluence who are nobly and unostentatiously, like our generous friend the Nawab Salar Jung, helping students along their pilgrimage of learning.

Along with this great spiritual inheritance there goes a passionate devotion to self-improvement, and an ardent desire to learn everything of real value, from whatever land, everything which can enhance the fair name of Japan.

ترتیب نظام الاوقات کے وقت تین اُمور کا ملحوظ رکھنا ازبس ضروری ہے اولاً طالب علم ثانیاً مضامین نصاب ثالثاً مدرس۔ یہ گویا تعلیمی مُثلث کے تین زاوے ہیں۔ اگر اُن میں سے کسی ایک کو بھی نظر انداز کر دیا جائے تو تعلیم کے عمل میں خرابیوں کے پیدا ہو جانے کا قوی احتمال ہے۔

**طالب علم** قوانین توجہ کی رُو سے ہر شخص کی توجہ میں بہت جلد جلد تبدیلی ہوتی رہتی ہے یعنی کوئی چیز چند لمحوں سے بڑھکر ہمارا مرکز توجہ نہیں بن سکتی اِس قاعدہ کے لحاظ سے طلبہ میں عموماً اور کمسن طلبہ میں خصوصاً توجہ کے مرکز کا جلد جلد تبدیل ہونا ضروری ہے اِسلئے کمسن طلبہ کے ساعات تعلیمی بڑی عمر کے طلبہ کے ساعات کے نسبت کرتے چھوٹے ہونے چاہئیں تاکہ مضامین میں جلد جلد تبدیلی ہوتی رہے اور

طلبہ تعلیم سے کماحقہٗ استفادہ کرسکیں۔ بڑی جماعتوں کے ساعات تعلیمی بھی ۴۵ منٹ یا ۵۰ سے زیادہ کے نہ ہوں کیونکہ ان جماعتوں کے طلبہ بھی اس سے زیادہ دیر تک کسی مضمون پر توجہ نہیں دے سکتے۔

قوانین توجہ کے مطالعہ سے اس امر کا بھی اظہار ہوتا ہے کہ کوئی شخص کسی کام کے آغاز ہوتے ہی اس پر اپنی توجہ پوری قوت کے ساتھ مبذول نہیں کرسکتا بالفاظ دیگر کسی کام میں ۱۵ یا ۲۰ منٹ سے قبل انہماک نہیں پیدا ہوتا اسلئے اس قاعدہ کی رُو سے پہلے ساعت تعلیمی میں انگریزی یا ریاضی کی تعلیم، جو اور مضامین نصاب کے مقابلہ میں زیادہ مشکل اور اہم ہیں، ہرگز نہیں دی جانی چاہیئے بلکہ اس ساعت میں کسی قدر مشکل مگر مانوس مضمون مثلاً مادری زبان کی تعلیم دی جائے تو مناسب ہے۔

ماہرین نفسیات کی تحقیقات سے اب یہ امر بھی پایۂ ثبوت کو پہنچ گیا ہے کہ من حیث الکل صبح کے کام کی نوعیت سہ پہر کے کام کی نوعیت سے بہتر ہوتی ہے اسلئے سارے اہم اور مشکل مضامین مثلاً انگریزی و ریاضی کی تعلیم صبح کے دوسرے اور تیسرے ساعات میں دی جائے اور اگر مضامین نصاب کی کثرت کی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو مجبوراً سہ پہر کے درمیانی گھنٹے میں باقی اہم مضامین کی تعلیم دی جاسکتی ہے۔

**مضامین نصاب۔** ترتیب نظام الاوقات کے موقع پر مضامین نصاب میں اوقات تعلیمی کی تقسیم کا سوال بھی بہت اہم ہے۔ ماہرین تعلیم کی رائے ہے کہ مشکل اور اہم مضامین کی تعلیم کا روزانہ انتظام کیا جانا چاہیئے تاکہ وقت مقررہ سے قبل نصاب کی تکمیل کی جاسکے اور طلبہ کو آموختہ کے ایک دو دور کرنے کا موقع بھی مل جائے اس کے علاوہ ایسے مضامین کی تعلیم بھی روزآنہ ہونی چاہیئے جن کا حجم زیادہ ہے۔ اگر ایسا نہ کیا جائے گا تو مدرس کو اپنی تعلیم کی رفتار تیز کردینی ہوگی اور طلبہ کو حقیقی استفادہ سے محروم رہنا پڑے گا لیکن اس کا ہرگز ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ جن مضامین نصاب کی تعلیم روزآنہ نہیں ہوتی ہے وہ کم اہم یا غیر ضروری ہیں مثلاً دینیات یا اخلاقیات بلکہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ نصاب وقت پر ختم ہوجائے اور طلبہ تعلیم سے خاطر خواہ استفادہ کرسکیں۔

**مدرس۔** تقسیم کار کے وقت مدرس کا خیال رکھنا بھی بیحد ضروری ہے کیونکہ وہ بھی

ایک انسان ہے مشین نہیں اور ہر انسان کی طرح وہ بھی جذبات، خواہشات، اجتماعی ذمہ داریاں رکھتا اور دوسروں کی طرح تھک بھی جاتا ہے۔ اگر ترتیب نظام الاوقات کے وقت صدر مدرس اپنے مددگاروں کے صلاح ومشورہ کے بعد ان میں کام کی تقسیم کرے تو بہت مناسب ہو ایسے موقع پر اس کو نہ صرف ہر مدرس کے اسنادی قابلیت، اس کے مذاق، طبیعت، تجربہ اور فرائض غیر از اوقات مدرسہ ہی کا خیال رکھنا چاہیئے بلکہ اس امر کو بھی ملحوظ رکھنا ہوگا کہ ہر مدرس کے ذمہ کتنے مضامین کی تعلیم دی جائے وہ روزآنہ کتنے مضامین کی خاطر خواہ تیاری کرسکتا ہے اور اس کے مفوضہ کام میں تبدیلی کیسے کی جانی چاہیئے۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ اگر تقسیم کار کے وقت مدرسین کے مذاق کو ملحوظ نہ رکھا جائے گا تو اس سے اساتذہ اور طلبہ دونوں کو فائدہ کے بجائے نقصان ہوگا کیونکہ مدرسین کسی مفوضہ کام سے دلچسپی اور لگاؤ نہ ہونے کی وجہ سے اس کی تیاری معقول طور پر نہ کرسکینگے۔ اس سے نہ صرف ان کی زندگی بے لطف ہوجائے گی بلکہ طلبہ بھی ان کی تعلیم سے کچھ زیادہ فائدہ نہ اُٹھاسکیں گے مدرسین کی طبیعت کا بھی لحاظ کرنا اس لئے ضروری ہے کہ بعض مدرسین فطرتاً ایسے ملنسار ہوتے ہیں کہ وہ کمسن طلبہ میں خصوصاً بہت جلد گھل مل جاتے اور ان کے رازدار بن جاتے ہیں چھوٹی جماعتوں کی تعلیم ایسے مدرسین کے تفویض کرنا بے حد مناسب ہے تاکہ وہ ہر بچہ کی قدرتی اور خانگی مجبوریوں سے واقف ہوکر اپنی تعلیم میں اس کے مطابق ردوبدل کرسکیں جن مدرسین میں کمسن طلبہ کے رازدار بننے کی صلاحیت نہیں ہوتی اُنہیں بڑی جماعتوں کی تعلیم کا کام دیا جائے۔

مدرس کا تجربہ بھی اس کی کارکردگی کا ایک اہم جزء ہے۔ بقول "پیش طبیب مرو پیش تجربہ کار برو" کام کی تقسیم کے وقت اگر مدرسین کی محض اسنادی قابلیت پر بھروسہ کیا جائے اور اُن کے تجربہ کو نظر انداز کردیا جائے تو کام میں ابتری پھیل جانے کا قوی امکان ہے اس لئے ایک تازہ اور نومور گریجویٹ پر ایک ایف۔ اے کامیاب مگر تجربہ کار مدرس کو ترجیح دینے میں کوئی تامل نہ ہونا چاہیئے۔ اُن مدرسین کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے جن کو اوقات تعلیمی کے علاوہ اپنے خانگی وقت میں مدرسہ کا کام کرنا ہوتا ہے مثلاً ریاضی یا ترجمہ یا انشاء کی بیاضوں کی تصحیح، کھیلوں کی نگرانی یا بزم ہائے ادب تاریخ وجغرافیہ کی تنظیم وغیرہ اگر اس کو ملحوظ نہ رکھا جائے گا تو مدرس کی صداقت اور خلوص میں تنزل اور کام میں ابتری پیدا ہوجائے گی

یہ سوال کہ ہر مدرس کے ذمہ کتنے مضامین کی تعلیم ہونی چاہیئے بہت اہم ہے۔ اس زمانہ کو "متخصصین کا زمانہ" کہا جاتا ہے اس لئے ماہرین کا خیال ہے کہ اگر متخصصین کے تفویض صرف انہی مضامین کی تعلیم کی جائے جس کے وہ متخصص ہیں تو اُن کی دلچسپیوں کا دائرہ بہت گھٹ جائیگا اور زندگی کے مختلف شعبوں کے متعلق ان کی نظر میں وہ وسعت پیدا نہ ہوگی جو ہر مدرس میں ہونی چاہیئے اس لئے ہر متخصص کو اپنے خاص مضمون کے علاوہ کوئی اور مضمون بھی ضرور پڑھانا چاہیئے البتہ چھوٹی جماعتوں میں تین مضامین کی تعلیم ہر مدرس کے تفویض کی جاسکتی ہے کیونکہ ماہرین تعلیم کی رائے میں کسی مدرس سے اس سے زیادہ مضامین کی روزانہ خاطر خواہ تیاری کرنے کی توقع رکھنا عبث ہے۔ اس کے علاوہ مدرسین کے کام میں جلد جلد تبدیلی بھی نہ ہونی چاہیئے مثلاً ایک سال یا اس سے کم مدت میں انگریزی کی تعلیم کے بجائے تاریخ وجغرافیہ یا ریاضی کی تعلیم تفویض کرنا کیونکہ یہ معلّم اور متعلم دونوں کے لئے مضر ہے ہاں اگر کسی مدرس کے غلط طریقہ تعلیم سے طلبہ کو یقینی طور پر نقصان پہنچ رہا ہو تو اور بات ہے۔

---

# تعلیم سائنس سے متعلق چند مشورے

از سید عبد الحکیم صاحب ایم ایس۔ سی۔ ایل۔ ٹی

انگلستان، امریکہ، جرمنی، جاپان اور دوسرے ممالک میں جنہوں نے آئے دن کے عجیب وغریب ایجادات سے دنیا کو محو حیرت بنا دیا، تعلیم سائنس کے مختلف طریقہ رائج ہیں۔ امریکہ اور انگلستان میں (HEURISTIC) طریقہ تعلیم کو مقبولیت حاصل ہے۔ جرمنی اور جاپان اس طریقہ کے زیادہ قائل نہیں۔ امریکہ کے مدارس میں میکینکس پر خاص زور دیا جاتا ہے۔ جرمنی میں تعلیم کیمیا کو اہمیت حاصل ہے۔ ایسے ہی دو چار اختلافات کے علاوہ ان میں سے ہر ایک تعلیم سائنس کو عملی جامہ پہنانے اور سائنس کے اُصولوں کو زندگی میں آنے والے روزمرہ واقعات سے وابستہ کرنے میں منہمک ہے۔ طلبہ کو موقع دیا جاتا ہے کہ وہ صنعت وحرفت کے کارخانوں کا اُستاد کی نگرانی میں معائنہ کریں اور دیکھیں

کہ سائنس کے اُصولوں کو عملی صورت دے کر کس طرح کارآمد بنایا جاتا ہے۔ طلبہ کے گروہ کے گروہ سائنس سے متعلقہ مقامات کو بذریعہ ریل دیکھنے جاتے ہیں۔ اس قسم کی دیکھ بھال طلبہ کے نصاب کا ایک جز قرار دے دی جاتی ہے۔ جاپان میں جن دنوں یہ تعلیمی دورے شروع ہوتے ہیں تو ریل گاڑیاں ہفتوں طلبہ سے بھری ہوئی چلتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارا ملک غریب ہے، ہمارے یہاں صنعت و حرفت کے صرف گنتی کے کارخانے ہیں اور ذرائع آمد و رفت میں وہ سہولت نہیں ہے جو ان ترقی یافتہ ممالک میں ہے۔ لیکن اس سے بھی انکار نہیں کہ ہمارے پاس جو ذرائع ہیں ہم اُن سے بھی کام نہیں لیتے۔ بلدہ میں پڑھنے والے طلبہ برقی کارخانے، واٹر ورکس، گیس ورکس، آگ بجھانے کے انجن، لاشعاؤن کے تجربہ لاسلکی اسٹیشن، صابن اور بٹن بنانے کے کارخانے تھوڑی سی کوشش کے بعد دیکھ سکتے ہیں۔ ان باتوں کے علاوہ سائنس کے دوران درس میں ہم صرف اُس کے اُصول ہی سمجھانے پر اکتفا کرتے ہیں اور ان اُصولوں کے عملی رُخ کی طرف کبھی نظر نہیں ڈالتے ایک یا دو مثالیں اس خیال کو واضح کر دیں گی۔ مثلاً

ارشمیدس کا اُصول پڑھانے میں شیشہ یا لوہے کے ٹکڑوں کو ہوا اور پانی میں متعدد مرتبہ تول کر مندرجہ ذیل نتیجہ طلبہ سے اخذ کرایا جاتا ہے "اگر کسی چیز کا جز یا کل پانی میں ڈبویا جائے تو اس پر اوپر کی طرف اُچھال پڑے گا اور یہ انتصابی اُچھال کی طاقت پانی کے اُس حجم کے وزن کے مساوی ہوگی جتنا پانی اُس چیز کے ڈبونے سے ہٹ جاتا ہے" لیکن اس اُصول کے عملی حصہ کو ہم بالکل چھوڑ دیتے ہیں مثلاً اس اُصول کو اخذ کرانے کے قبل اگر ہم وزنی جہازوں کا سمندر میں تیرنا۔ سمندر میں ڈوبتے مسافروں کو بچانے کے واسطے تیرنے والے ڈاکس (DOCKS) اور ربر کے لباس جس کے پہننے کے بعد انسان پانی کے اُوپر قائم رہتا ہے۔ غرق شدہ جہازوں کا پتہ سمندر سے نکالنا۔ آبدوز کشتیوں کا حسب خواہش پانی کے اندر جانا اور اُوپر نکلنا، غبّاروں اور طیّاروں کا ہوا میں اُڑنا تصاویر اور ماڈل کے ذریعہ دکھایا جائے تو سبق میں ایک خاص دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔

مادّہ کی تین حالتیں۔ ٹھوس، مائع، گیس کو عام طور سے برف، پانی، بھاپ کی آپس میں تبدیلیوں سے سمجھا دیا جاتا ہے اور اس کے بعد ٹھوس، مائع، گیس کی تعریفیں لڑکوں کو یاد کرا دی جاتی ہیں۔ لیکن اگر اسی سبق میں زمین کی ابتدائی حالت نظام شمسی کے سیاروں کی

بناوٹ اور اُن کے گرد سوڈیم، ہائیڈروجن، ہیلیم وغیرہ عناصر کے ابخرات کا خول اور اُن کی شناخت، دھاتوں اور پتھروں کا برقی بھٹی میں پگھلنا، تارون کی برقی ترتیب میں فیوز کا استعمال، گیس کاربن ڈائی آکسائڈ کا مایع اور ٹھوس میں تبدیل ہونا اور اُس کے ذریعہ ہوا کا مایع میں تبدیل ہونا اور اسی طرح کے دوسرے عملی کاموں کے متعلق دلچسپ معلومات دی جائیں تو طلبہ کی دلچسپی ابتدا ہی سے اُس سبق سے وابستہ ہو جاتی ہے اور اِن تمہیدی واقعات کو تفصیل سے معلوم کرنے کا شوق پیدا ہو جاتا ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ طلبہ سائنس کو نہایت مشکل مضمون خیال کرتے ہیں اور اس میں شک بھی نہیں کہ اگر ہم صرف سائنس کے دقیق اُصولوں پر اکتفا کریں تو مضمون سوکھا اور غیر دلچسپ ہو جاتا ہے اور طلبہ کی بیزاری کا باعث بنتا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ابتدائی جماعتوں سے کامیاب ہو کر جب میں نے سائنس کو اپنا مضمون اختیاری قرار دیا اُس وقت سائنس میرے خیال میں نہایت دلچسپ مضمون تھا۔ سائنس کے کمرہ اور دار التجربہ میں برق اور نور سے متعلقہ جو آلات تھے اُن سے عجیب عجیب خیالات اور اُمیدیں وابستہ تھیں۔ تعلیم کا آغاز ہوا اور جس قسم کے تجربات اور طریقہ تعلیم سے سابقہ پڑا اُن سے جلد اِس امر کا پتہ چل گیا کہ ہمارے خیالات اور اُمیدیں ایک خواب یا افسانے سے زیادہ نہ تھیں۔ ذیل میں ابتدا کی دو ایک باتیں دی جاتی ہیں۔

۱۔ متعدد مختلف لمبائیوں کے خطوط مستقیم کھینچو پھر اُن کو انچ اور سینٹی میٹروں میں ناپو اور یہ معلوم کرو کہ ایک انچ میں کتنے سینٹی میٹر ہوتے ہیں۔

۲۔ چند دائرے مختلف نصف قطر کے کھینچو پھر دھاگے کے ذریعہ اُن کے محیط کی لمبائیاں ناپو اور یہ معلوم کرو کہ اُن کے محیط اور قطر میں کیا نسبت ہے۔ بعد ازاں رقبہ اور حجم کے پیمانہ شروع ہوئے۔ اُن کو زبانی یاد کرنا پڑا۔ گراف کاغذ پر متعدد مثلثات، مستطیل۔ زوار بعۃ الاضلاع بنا بنا کر اور خانے گن گن کر اُن کے رقبے معلوم کئے گئے۔ شیشے کے ٹکڑوں کو دھاگے سے باندھ کر اُن کے حجم معلوم کرنا پڑا۔ وغیرہ وغیرہ اور یہ سلسلہ ۴ یا ۵ ماہ تک جاری رہا۔ ظاہر ہے کہ اِس سوکھی ساکھی ابتدا سے مبتدی کی کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔ اگر اِس قسم کی ابتدا ضروری ہے تو زیادہ بہتر ہوتا کہ یہ عملی حصہ ریاضی کے اسباق کے ساتھ شامل کر دیا جاتا۔ اِس طرح سے ریاضی کا مضمون بھی پہلے کی بہ نسبت دلچسپ ہو جاتا اور سائنس کا پھیکا پن بھی دور ہو جاتا۔ سائنس ٹیچر کو چاہیئے کہ وہ اس مضمون میں طالب علم کا

ابتدائی ذوق اپنے دلچسپ طریق عمل سے برابر قایم رکھے۔ دلکش تجربوں کو وقتاً فوقتاً طلبہ کے سامنے عمل میں لانے کی اہمیت کو برابر مدنظر رکھے۔ تجربات اِس نوعیت کے ہوں کہ جس اُصول کی وہ وضاحت کردے وہ بھی طالب علم پر پورا پورا واضح ہوجائے اور طالب علم کی دلچسپی بھی قایم رہے اِس سے یہ مطلب نہیں ہے کہ سائنس ٹیچر مثل آتش بازیا بازیگر کے ہمیشہ دلچسپی کی خاطر تماشا دکھایا کرے۔ بلکہ موقعہ اور محل کے لحاظ سے وقتاً فوقتاً ایسے تجربات کی ضرورت ہے جو وقتی سبق پر بھی روشنی ڈالتے ہوں اور ساتھ ہی ساتھ خوش کُن بھی ہوں۔ بطور مثال کلورین گیس پر ایک تمہید دی جارہی ہے۔

**مدعا۔** کلورین گیس کی تیاری اور خواص۔

تمہید۔ یہ گیس آج سے قریب ۱½ سو برس پیشتر شیل نے دریافت کی تھی (شیل کی تصویر دکھائی جائے)۔ لیکن ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم میں جرمنی نے اتحادیوں کے مقابلے میں اول اول وائی رِس (YPRES) کے میدان میں زہریلی گیس کی حیثیت سے اس کو استعمال کیا۔ ذیل کا خاکہ وائی رِس کا میدان۔ جرمنوں کی خندقیں جن کے سامنے فولادی استوانوں کی قطاریں جن سے حسب خواہش ٹونٹی گھما کر کلورین گیس کھولی یا بند کی جاسکتی ہے دکھارہا ہے۔ کلورین کا خارج ہونا اور شمالی ہواؤں سے اِس ہلکی ہلکی سبز اور زرد گیسوں کے دل بادلوں کا




ایک نقاب پوش سپاہی ناک کو ایک چمٹے سے دبا لیا ہے اور منہ پر ایک نقاب چڑھا رہی ہے۔ سانس منہ کے ذریعہ لیتا ہے۔ زہریلی گیس نقاب میں جذب ہوکر ہوا کے ساتھ منہ کے اندر نہیں جاسکتی۔

زہریلی گیس سے حفاظت اور کیمیائی ۲۱۱۲

مرکبات سے بنی ہوئی ایک نقاب جسمیں سے ایک سونڈ کی طرح نالی نکلکر ایک صندوقچہ میں داخل ہوتی ہے اس میں گیس کو جذب کرنے کے لئے ایک مرکب رہتا ہے

فرانسیسی فوجوں کی طرف حرکت کرنا۔ اِن سپاہیوں کی اِس گیس سے غیر واقفیت اُن کا کلورین کے سبز اور زرد دھوئیں میں دُشمن کی گولہ باری سے پناہ لینے کیواسطے چھپنا اور اِس زہریلی گیس سے متاثر ہوکر بہتوں کا وہیں پر ایسے گرنا کہ پھر تا قیامت نہ اُٹھنا۔ اِسطرح سے ۲۰۰۰ سپاہیوں کا اس کا شکار ہو جانا، بچے ہوئے سپاہیوں کا مثل پاگلوں کے بدحواس ہوکر اِدھر اُدھر بھاگنا بعد ازاں اِس گیس کے زہریلے اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے چہروں پر کیمیائی مرکبات سے بنی ہوئی نقابیں ڈالنا۔ جو مثل جاذب کے کام کرتی ہیں۔ وغیرہ وغیرہ طلبہ کے سامنے بیان کرنا اور اُن کو ضروری متعلقہ تصاویر دِکھانا۔ کلورین گیس کی سمیت کے متعلق اِس واقعہ کے بتانے کے بعد طلبہ کو یہ بتایا جائے کہ یہی مُہلک گیس معمولی نمک کا ایک جُز ہے جو کہ ہم سب روزمرّہ کھانے میں اِستعمال کرتے ہیں۔ نمک کا دوسرا جُز سوڈیم جو مثل موم کے نرم ایک دھات ہے (اِس کے ایک ٹکڑے کو چاروں طرف چاقو سے تراش کر اس کی چاندی کی ایسی چمک لڑکوں کو دکھائی جائے) پانی پر سوڈیم کا تعمّل اور اُس کا پانی کی سطح پر مثل مکھی کے بھنبھنانا اور ادھر اُدھر گردش کرنا اور چھوٹا پڑتے پڑتے غائب ہو جانا اس کے بعد ایک چوڑے برتن میں پانی لے کر اُس کی سطح پر ایک جاذب کاغذ کا ٹکڑا رکھنا۔ اُسپر سوڈیم کا ایک ٹکڑا رکھنا۔ پانی کے چھوٹے چھوٹے قطرے جاذب کے مسامات سے نکلکر سوڈیم سے مَس ہونگے اور کاغذ میں آگ لگ کر شعلہ پیدا ہو جائے گا۔ اب طلبہ سے اِس کیمیائی تعمّل کے متعلق دو ایک سوال کئے جائیں۔ (نمبر۱۔ سوڈیم کا ٹکڑا خشک جاذب کاغذ پر رکھنے سے شعلہ کیوں نہیں پیدا کرتا؟ نمبر۲۔ جاذب کاغذ کے نم ہو جانے کے بعد آگ کیوں لگتی ہے؟ پانی کی سطح پر سوڈیم مثل مکھی کے کیوں اِدھر اُدھر گردش کرتا ہے؟) اِن تمام تجربات اور واقعات دیکھنے اور سننے کے بعد طلبہ کو نہایت حیرت ہوگی کہ نمک کے دونوں اجزا علیحدہ علیحدہ اِنسانی زندگی کے واسطے کس قدر مہلک ہیں لیکن دونوں کیمیائی تعمّل کے بعد کس قدر مُفید ثابت ہوتے ہیں۔ (اُستاد کو اِس موقع پر اِس امر پر پھر روشنی ڈالنا چاہیئے کہ ۲ یا ۲ سے زیادہ عناصر یا مرکبات میں کیمیائی تعمّل کے بعد اُن کے خواص میں کتنی اہم تبدیلیاں ہوتی ہیں) اِس تمہید میں ۱۰ سے ۱۵ منٹ کا وقفہ صرف ہوگا اُسوقت جماعت کا ہر طالب علم کلورین کے متعلق اور زیادہ معلومات حاصل کرنے کے لئے خاص طور پر بے چین نظر آئے گا۔ اب اصل سبق پر آنا چاہیئے دار التجربہ میں اِس کی تیاری اور خواص دیکھنے کے

بعد اِس گیس کے متعلق مزید اور تفصیلی حالات معلوم کرنے کے لئے طلبہ کو چند کیمیا سے متعلق کتابیں پڑھنے کو بتادی جائیں۔

اِس طرح سے طلبہ میں مطالعہ کا شوق پیدا کیا جائے اور یہ کام اُستاد کا ہے کہ وہ اُن کے واسطے اُن کی قابلیت کا لحاظ کرتے ہوئے مناسب کتب کا انتخاب کرے اور اُن کو اپنے اِسکول کے سائینس کے کتب خانہ میں فراہم کرے۔ اگرچہ ہماری زبان میں سائینس سے متعلقہ مناسب کتابوں کی نہایت ضرورت ہے لیکن انگریزی میں اِس مضمون پر سینکڑوں کتابیں موجود ہیں اور ہمارے مدارس کی نوین جماعت کے لڑکے تھوڑے سے اصطلاحات سمجھنے کے بعد اِن کو آسانی سے پڑھکر سمجھ سکتے ہیں۔ عام طور سے ہمارے مدارس میں اُردو میں سائینس کی کتابیں نہ ہونے کی وجہ سے طلبہ کو نوٹس لکھا دئے جاتے ہیں۔ اور طلبہ اُنہیں پر اکتفا کر لیتے ہیں۔ یہہ طریقہ ممکن ہے کہ امتحان کی کامیابی کے واسطے مناسب ہو لیکن اِس طریقہ سے لڑکوں کے عام معلومات بالکل محدود ہو جاتے ہیں اور سائینس کے آسان اُصولوں کا مفہوم بھی اُن پر پوری طور سے واضح نہیں ہوتا۔ ذیل میں میٹرک جماعت کے ایک طالب علم کا اسکول میں لکھا ہوا نوٹ متعلقہ برقی لیمپ درج کیا جاتا ہے۔

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ برقی لیمپ میں جو برقی توانائی صرف ہوتی ہے اُس کو واٹون سے تعبیر کرتے ہیں اور واٹ سیرون کے اختلاف قوت اور رو کے حاصل ضرب سے حاصل ہوتا ہے۔ ۱۰۰۰ واٹس مِلکر ایک کِلواٹ بناتے ہیں اور ۷۴۶ واٹس مِلکر ایک گھوڑے کی طاقت کے مساوی ہے۔ ذیل کی مثال سے تم واٹ کے معنی پورے طور سے سمجھ جاؤگے۔

۰٫۲۸ امپری کے رو ۲۲۰ وولٹ کے دَور سے گذرتی ہے تو بتاؤ فی گھنٹہ کتنی برقی توانائی صرف ہوتی ہے۔

واٹ = برقی رَو × اختلاف قوۃ

= ۰٫۲۸ × ۲۲۰


= ۶۱٫۶ وَاٹ فی گھنٹہ "

یہہ طالب علم میرے ایک دوست کا لڑکا تھا اُس کے مکان کے برآمدہ میں بجلی کا میٹر نصب تھا میں نے اُس لڑکے سے کہا کہ اِس میٹر کو پڑھ کر بتاؤ کہ اس وقت تک تمہارے مکان میں کتنی بجلی صَرف ہو چکی ہے اُس طالب علم نے جواب دیا کہ اگر آپ اس نوٹس کو ایک منٹ

پڑھنے کی اجازت دیں تو غالباً میں آپ کے سوال کا جواب دے سکوں گا۔ میں نے نوٹ بک اُس کے حوالے کر دی اُس نے متعدد مرتبہ غور سے اِس بات کو پڑھا "برقی لیمپ میں جو برقی توانائی صَرف ہوتی ہے اُس کو واٹون سے تعبیر کرتے ہیں اور واٹ سیرون کے اختلاف قوۃ اور رَو کے حاصل ضرب سے حاصل ہوتا ہے۔"

بعد ازاں اُس طالب علم نے بجلی کے میٹر کو غور سے پڑھا اور ایک ایسا جواب دیا جو میرے خیال میں بھی نہ آسکتا تھا۔ اگرچہ جواب بالکل غلط لیکن نہایت دلچسپ تھا۔ ذیل میں اُس وقت میٹر کی سوئیاں جن نشانات پر تھیں درج کی جاتی ہیں۔

بجلی کا میٹر




طالب علم کا جواب یہ تھا۔ " ۲۸ ؍ × ۲۳۰ = ۶۴۴۰ واٹس "

سوال۔ تم نے یہ جواب کیسے معلوم کیا؟

جواب۔ میرے خیال میں پہلی دو گھڑیوں کی سوئیاں برقی رَو کو ظاہر کر رہی ہیں اور دوسری دو گھڑیاں اختلاف قوۃ کو اور دونوں کا حاصل ضرب ۶۴۴۰ واٹس ہوا۔

سوال۔ یہ تم کو کیسے معلوم ہوا کہ پہلی دو گھڑیاں برقی رَو اور دوسری دو گھڑیاں اختلاف قوۃ کو بتاتی ہیں۔

**جواب** ۔ (اگرچہ غلط لیکن دلچسپ ہے) نوٹ میں دیا ہے کہ واٹس دو عددوں کے حاصل ضرب سے ملتا ہے۔ ایک برقی رَو اور دوسرا اختلاف قوۃ۔ یہاں پر دو عددوں کا ہونا ضروری ہے اِس لئے میرے خیال میں پہلی دو گھڑیاں برقی رَو کو ظاہر کر رہی ہیں (دی ہوئی مثال میں بھی ۲۸ء۱ امپیری کی رَو دی ہے) اور آخری دو گھڑیاں اختلاف قوۃ کو کیونکہ ان سے ۲۳۰ کا نمبر ظاہر ہوتا ہے)

**سوال** ۔ لیکن مثال میں اختلاف قوۃ ۲۲۰ لکھا ہے۔ یہاں پر ۲۳۰ ہے۔ یہ کیوں؟

**جواب** ۔ چونکہ روزآنہ بجلی کا پنکھا اور برقی لیمپ چلتے ہیں اس لئے اس میں اِضافہ ہوگیا۔

اِن جوابات سے پتہ چلتا ہے کہ طالب علم مذکور صرف واٹس ہی سے ناواقف نہیں ہے بلکہ برقی رَو، اختلاف قوۃ کے متعلق اُس کے عملی معلومات بالکل غلط ہیں۔ اُس کے جواب سے یہ پتہ چلتا ہے کہ برقی رَو کی مقدار ہمیشہ مستقل رہے گی اور اختلاف قوۃ میں کمی بیشی اور یہ صرف نوٹ پر اکتفا کرنے کا نتیجہ ہے۔ صحیح جواب جو طالب علم مذکور کو سمجھا دیا گیا پہلی گھڑی ۸ء۱ ۔ دوسری گھڑی ۲ ۔ تیسری گھڑی ۳۰ اور چوتھی گھڑ ۲۰۰ جملہ ۲۳۲ء۸ واٹس تھے۔


اگر ہم کو اپنے طلبہ کی عام معلومات اور قابلیت میں اضافہ منظور ہے تو ابتدا سے اُن میں مطالعہ کی عادت پیدا کرنا ضروری ہے۔ عام طور سے طلبہ کی کیفیت یہ رہتی ہے کہ جب امتحان کے دو چار ہفتے باقی رہ جاتے ہیں تب وہ اپنی داخلی کتب یا نوٹس کو یاد کرنا شروع کرتے ہیں۔ اور اپنے دماغوں میں تاریخ، جغرافیہ، سائنس اور ریاضی وغیرہ کے واقعات اُصول اور ضابطے ایسا ٹھوس ٹھوس کے بھرتے ہیں جیسے فٹ بال میں ہوا بھری جاتی ہے۔ امتحان میں شرکت کی اور اگر خوش قسمتی سے کامیابی حاصل کرلی اور معیار قابلیت کا صداقت نامہ مل گیا تو پھر کبھی بھول کر بھی ان پڑھی ہوئی یا ایسی دوسری کتابوں پر نظر نہیں ڈالتے اور بموجب ذیل کے مصرع کے

"ایسے بیگانے بنے گویا شناسائی نہ تھی"

اِن کی غرض وغایت امتحان، امتحان اور امتحان تھی۔ امتحان ختم ہوا سمجھے کہ سر سے بلا اُتری۔ ہم کو چاہیئے کہ اپنے بچوں کی طبیعتوں میں ابتدا ہی سے مطالعہ کا شوق پیدا کردیں اور بتادیں کہ اِن کتابوں کے اوراق میں ایک بیش قیمت اور لافانی سرمایہ

زمانہ سلف سے جمع ہوتا آرہا ہے اور یورپین قومیں آج اسی خزانہ سے مالا مال ہو رہی ہیں
اکثر مدارس کے طلبہ میں مطالعہ کا شوق اور سائنس کی فضا پیدا کرنے کے لئے دارالمطالعہ
اور دارالتجربہ اور جماعت کے کمروں میں مشہور مشہور سائنسدان کے فوٹو۔ صنعت و حرفت کے
بڑے بڑے کارخانہ جات، طبیعات اور کیمیا سے متعلق دلچسپ گراف اور خاکے آویزاں
رکھتے ہیں۔ ان تصاویر اور خاکوں میں اِن کے متعلق ضروری اور مختصر حالات بھی درج
کر دئے جاتے ہیں۔ تفصیلی حالات اُستاد موقع اور محل کے لحاظ سے یا تو دوران سبق میں
بتا دیتا ہے یا کسی کتاب کے مطالعہ کی سفارش کرتا ہے۔ فراڈے (ڈائینمو۔ موٹر اور
موجودہ برقی کارنجات کا موجد)۔ نیوٹن (نور اور کشش زمین)۔ ڈیوی (برق کشیدگی
اور ملمع سازی)۔ رانجن (لاشعائین)۔ ڈارون (وجود انسانی)۔ مارکونی (لاسلکی)
ہالینڈ (آبدوز کشتیاں)۔ دِلبرائیٹ (ہوائی جہاز)۔ بل BELL (لاؤڈ اسپیکر)۔ بے یر
(رنگ)۔ نوبل (بمب کا مادہ) اور دوسرے مشہور سائنسدان کی تصاویر آسانی سے
دستیاب ہو سکتی ہیں۔ اگر ان تصاویر کے ساتھ ان قابل فخر ہستیوں کے کارناموں کا
کوئی خاکہ بھی بنا رہے تو اور بھی زیادہ مناسب ہو۔ مثلاً رانجن کی تصویر کے ساتھ لاشعاؤں
کا برقی لیمپ۔ یا لاشعاؤں سے فوٹو لیا ہوا کسی بیمار کے اندرونی جسم کا ایسا حصہ جس کی خرابی باہر سے
نظر نہ آتی ہو۔ یا مارکونی کی تصویر کے ساتھ لاسلکی کا آلہ۔ بڑے بڑے کارنجات میں مصنوعی
ربر۔ مصنوعی ریشم کے تیار کرنے کے کارخانے، کاغذ، برقی لیمپ۔ آلات جنگ۔ ہوائی
جہاز۔ ریلوے انجن۔ لاسلکی آلات۔ رنگ سازی اور دوسرے کارخانہ جات کا انتخاب کیا
جا سکتا ہے۔ خاکے اور ماڈل اگر طلبہ ہی کے تیار کردہ ہوں تو اور زیادہ مناسب ہے۔
یہ خاکے اور ماڈل اس قسم کے ہوں کہ ان سے سائنس کے کسی اہم اصول کی توضیح ہو رہی ہو
بطور نمونہ ذیل میں بھاپ سے چلنے والے انجن کا ایک خاکہ دیا جاتا ہے۔

نوٹ:۔ بھاپ پہلے راستہ سے داخل ہوتی ہے
نمبر ا پسٹن بائیں جانب حرکت کرتا ہے۔ اور پسٹن نمبر ۲
داہنی طرف جب بھاپ دوسرے راستہ سے
داخل ہوتی ہے تو پسٹن نمبر ا داہنی طرف اور نمبر ۲
بائیں طرف۔




طلبہ اِس قسم کے خاکے اور ماڈل بنانے میں خاص دلچسپی لیتے ہیں۔ اِس قسم کا کام دستی مشاغل کے اسباق کے ساتھ وابستہ کیا جا سکتا ہے۔ لڑکوں کی خوشی کی کوئی حد نہیں رہتی جب وہ اپنے ہاتھ سے تیار کردہ ماڈل کو حرکت کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ برق اور مقناطیس کے اسباق میں اِس قسم کے دستی کام کے واسطے کافی مواد ہے۔ مثال کے طور پر مُتحرک موٹر۔ ڈائنمو۔ برقی گھنٹی۔ ٹیلیفون۔ اور ٹیلگرام۔ برقی سِل تیار کر کے چھوٹے چھوٹے لیمپ کا روشن کرنا۔ برقی مقناطیس کے ذریعہ جاپانی گتا پارچہ کی بنی ہوئی بطون اور آبدوز کشتیوں کا حسب خواہش پانی کے اندر اور اُوپر آنا۔

نور سے متعلق۔ قوس قزح، نیوٹن ڈسک، ٹیلس کوپ، پن ہول کیمرہ۔ فوٹو لینا اور اُن کا دُھونا۔ اسٹریا سکوپ کیلڈاسکوپ وغیرہ بنانا۔

گرمی سے متعلق۔ بھاپ کا انجن۔ تپش پیما۔ باد پیما۔ مختلف دھاتوں کو پگھلا کر آپس میں جوڑنا۔ اِن کے علاوہ پانی کے دباؤ سے گردش کرنے والے چکر یا فوارے ہائیڈروجن سے بھرے ہوئے غباروں کا ہوا میں اُڑنا۔ برق کشیدگی اور ملمع سازی وغیرہ۔ ایسے ہی دوسرے کام جو تھوڑی سی کوشش اور خیال کے بعد انجام دئے جا سکتے ہیں۔ جارج اسٹوانسن، نیوٹن، مارکونی۔ تھامسن۔ رانجن کے مثل سائنس کی ممتاز ہستیاں ہمیشہ اِس قسم کے دستی مشاغل کے شیدائی رہیں۔ اور اِن کے معرکتہ الآرا کارنامے

اِس شوق اور شغل ( HOBBY ) کے نتائج تھے۔

اِن تمام باتوں کی کامیابی کا انحصار بہت کچھ سائینس ٹیچر کی ذات سے وابستہ رہتا ہے۔ دارالتجربہ سائنس کے تمام ضروری سامان سے آراستہ ہو۔ کتب خانہ میں سائینس سے متعلقہ تمام مفید کتابیں موجود ہوں۔ سائینس کا نصاب بھی نہایت سوچ سمجھکر مرتب کیا گیا ہو لیکن اگر سائینس ٹیچر کو اپنے کام سے کوئی دلچسپی نہیں ہے اور اُس میں ضروری علمی قابلیت کی بھی کمی ہے تو یہ سب سامان بیکار ہے اِس کے برعکس ان تمام سامان اور آسایشوں کی غیر موجودگی میں بھی اگر اُستاد کو اِس مضمون سے دلچسپی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اُس میں ذاتی قابلیت بھی موجود ہے تو وہ اپنے کام کو کامیاب بنالے گا۔ وسطانیہ اور فوقانیہ جماعتوں کی حد تک اُستاد کا سائینس سے متعلق ایک یا دو مضامین میں گریجویٹ ہونا کافی نہیں ہے۔ مثلاً کیمیا اور طبیعات کا گریجویٹ اگر علم نباتات اور علم حیوانات کے معمولی اُصولوں سے ناواقف ہے تو وہ اپنے کام کے لئے پورے طور سے موزوں نہیں ہے اور یہی صورت علم نباتات اور علم حیوانات کے گریجویٹ کی ہے۔ سائینس ماسٹر حتیٰ الامکان ٹرینیڈ اور اپنے مضمون کا اسپشلِسٹ ہونا چاہیئے ورنہ کم از کم فنِ تعلیم سائنس کی ضروری کتابوں کا ضرور مطالعہ کر چکا ہو۔ اِس میں شک نہیں کہ کسی فن میں اُس فن کے متعلق قدرتی موزونیت ہونا بھی بہت بڑی نعمت ہے۔ لیکن اگر اِس قدرتی موزونیت کے ساتھ ساتھ ضروری تربیت اور اُس شخص کا اِنہماک بھی شامل کر لیا جائے تو کیا کہنا۔ سائینس میں آئے دن اہم انکشافات اور ایجادات ہوتے رہتے ہیں۔ اور اِن سے اکثر سائینس کے پُرانے نظریہ بالکل غلط ثابت ہو جاتے ہیں۔ ابھی زیادہ عرصہ نہیں گذرا جب کسی عنصر کا جوہر اُس عنصر کا جزو لاینجزا سمجھا جاتا تھا لیکن جوہر کا رُون ( الکٹرون ) میں منتشر ہونا اِس نظریہ کو غلط کر دیتا ہے۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ سائینس ٹیچر سائینس سے متعلقہ مضامین اور رسالوں کے مطالعہ سے اپنے معلومات کو برابر تازہ رکھے۔ اور اُنہیں معلومات پر قانع نہ رہے جو اُس نے دورانِ تعلیم میں اِسکول یا کالج کے درس میں دس پانچ برس قبل حاصل کئے تھے۔ فنِ تعلیم میں بھی برابر نئے نئے خیالات اور مفید طریقوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ ہم کو چاہیئے کہ بحیثیت اساتذہ ہم اپنے فن کی تمام ضروری ترقیوں سے واقف رہیں اور اُن میں عملی حصہ لیں۔

# خطبۂ جلسۂ تقسیم اسناد
## عثمانیہ یونیورسٹی

از عالی جناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے، آکسفورڈ
(صدر المہام سیاسیات)

یہہ پُر مغز خطبہ نواب صاحب ممدوح نے جلسۂ تقسیم اسناد عثمانیہ یونیورسٹی کے موقع پر دیا تھا۔ جس کا ضروری اقتباس درج ذیل ہے۔

صاحب مُعزز نے ہماری نظام تعلیم کا مطالعہ بنظر تعمق فرما کر بکمال سلامت وجدت اچھوتے خیالات ظاہر فرمائے اور بعض سُلجھی ہوئی اہم تجاویز پیش کی ہیں، جو ارباب فن کے لئے غور و فکر اور سابقہ خیالات کے نظر ثانی کا باعث ہون گی۔

بلحاظ سہولت اِس اقتباس میں جا بجا سُرخیاں بھی قائم کر دی گئی ہیں جو ہماری ہیں۔ (شریک مدیر)

**قیام جامعہ کے اُصول اور اُن پر ایک نظر**

مجھ کو اِن اُصولوں پر بیحد اعتقاد ہے جن پر آپ کی جامعہ مبنی ہے اور مجھے یہ بھی کامل اُمید ہے کہ اِس میں آئندہ ترقی کی بہت کچھ استعداد موجود ہے۔ میں نے اِس عظیم الشان منصوبہ کو بغور دیکھا توصاف معلوم ہوا کہ یہہ کوئی انگلو ورنیکولر مخلوط مرکب نہیں ہے بلکہ خالص ہندوستانی پیداوار ہے۔ گویا آخر کار ہم کو اپنی زبان پر اعتماد ہو چلا جو قومی اتحاد کی پہلی شرط ہے اِس کے ساتھ ہی ساتھ طرز تعلیم کی کمزوری بھی نمایاں ہونے لگی جس نے ہماری زبان کو بے قصور

قعرِ مذلت میں ڈال رکھا تھا اور اس نظریہ کو بطور ایک حقیقت کے تسلیم کر لیا تھا (جس میں دراصل ہم ہندوستانیوں کی خاصی توہین مضمر تھی) کہ کوئی جدید علم نہ تو ہم سیکھ سکتے ہیں اور نہ سکھا سکتے ہیں جب تک کہ ہم ایک غیر زبان کا وسیلہ اختیار نہ کریں اس کے ساتھ ہی مجھ کو یہ بھی یقین ہونے لگا کہ قطع نظر اس دشواری کے جو ایک غیر زبان کے حاصل کرنے میں لابد ہے اور جو نفس مضمون کی مشکلات پر مزید ہے۔ اس مروجہ طریق تعلیم سے ہم لوگوں کو اپنی پستی کا ایک وہم سا ہو گیا تھا جو طبیعت میں جدت کے پیدا ہونے کے مانع تھا اور دیسی کتابوں کو زبانی رٹنے کی عادت پیدا ہو گئی تھی جس کی وجہ سے انسانی علوم کے ذخیرہ میں ہم کوئی تازہ اضافہ بہت کم کر سکتے تھے۔

اس مفروضہ کو تسلیم کر لینا کہ ہماری زبان ایسی مفلس اور ادنیٰ ہے کہ وہ نہ تو علم کا مخزن بن سکتی ہے اور نہ تعلیم کا ذریعہ بعینہ وہ ذہنیت پیدا کرنا ہے جو علمی اور عملی جدت کے حق میں سم قاتل ہے۔

کامل ایک صدی تک ہماری زبان کی پستی کا یہہ غلط اعتقاد بلا کسی تردید کے جاری رہا۔ بلکہ جس وقت سے مکالے نے اپنی مشہور مگر بد اصول رپورٹ (انگریزی میں تعلیم دینے کی نسبت) مرتب کی اُس وقت سے اب تک اس کو خاموشی سے تسلیم کیا گیا۔ حتیٰ کہ لوگ اِس خیال سے اتنے متاثر ہو گئے کہ ہماری نئی جامعہ عثمانیہ کو جس نے ہندوستانی زبان کو تعلیم کا ذریعہ قرار دیا سخت اختلاف بلکہ مخالفت کا مقابلہ کرنا پڑا۔ اِس اعتبار سے یہہ طفل بہت ناموافق آب و ہوا میں پیدا ہوا۔ بعض طفل کش موقع پاتے تو فوراً اس کا گلا ہی گھونٹ دیتے۔ بعض یہہ پیشین گوئی کرتے تھے کہ یہہ بچہ جیا بھی تو بالغ ہو کر اپنے پورے قد و قامت کو نہیں پہنچے گا۔ کیونکہ ان کی رائے میں ہندوستانی زبان اعلیٰ علوم کا مخزن اور تعلیم کا ذریعہ بننے کی استعداد ہی نہیں رکھتی تھی۔

نتائج قیام جامعہ متعدد ہندوستانی اور برطانوی جامعات نے اس کو تسلیم کر لیا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ ہمارا تعلیمی معیار دیگر مماثل جامعات کے مقابل میں پست نہیں ہے اس سے بڑھ کر یہہ کہ مختلف طور پر طلبہ میں علمی احساس کے آثار نمودار ہونے لگے۔ مثلاً دوسری جامعات کے اساتذہ جو ہمارے طلبہ کے ممتحن مقرر ہوئے تو اُنہوں نے اپنی رائے میں اِس بات کا خصوصیت سے اِظہار کیا کہ ہمارے

طلبہ میں بہ نسبت ہندوستان کی دوسری جامعات کے ذاتی تحقیق کا مادہ زیادہ نظر آتا ہے۔ اِس کے سوا ہمارے بعض طلبہ نے برطانیہ عظمیٰ کی جامعات میں اعلیٰ ترین درجہ کی ڈگریاں حاصل کیں بالخصوص سائنس اور ریاضی میں اُنہوں نے کچھ جدید کام بھی کرکے دکھایا ہے۔ علاوہ برین اِن نوجوانوں میں تصنیف و تالیف کا بھی شوق بڑھ رہا ہے۔ اور کئی علمی کاموں میں مشغول ہیں۔ یہہ بھی امید افزا ہے کہ اسی جامعہ میں علوم جدیدہ نے بہت مقبولیت حاصل کی ہے اور بالخصوص سائنس، ریاضی اور معاشیات طلبہ میں بہت عام پسند ہیں۔

حاصل کلام یہہ کہ گوناگون علوم و فنون میں ہندوستانی زبان سے خواہ کیسا ہی سخت کام لیا گیا ہو وہ ہر ایک موقع پر ہر ضرورت کو کافی ثابت ہوئی۔ اِس تجربہ نے نوجوانان ملک میں خود اعتمادی کی ایک تازہ لہر دوڑا دی اور اُس زبان پر فخر و اعتماد پیدا کر دیا جو اپنی زبان ہے۔

**ابتدائی و ثانوی تعلیم**

یہہ مسلّمہ اصول ہے کہ ابتدائی تعلیم بچوں کی مادری زبان میں دینی چاہیئے اور اس ریاست میں ہندوستانی کے سوا اور بھی کئی زبانیں رائج ہیں لہٰذا تحتانیہ مدارس میں اس اُصول پر عملدرآمد ضروری ہے رہی ثانوی تعلیم تو بدقسمتی سے اس ریاست میں اس کے دو جداگانہ طریق مروج ہیں اور اس کی وجہ یہہ ہے کہ بعض درس گاہیں اب تک انگریزی کو ذریعہ تعلیم بنائے ہوئے ہیں۔ ان کا کام یہہ ہے کہ مدراس یونیورسٹی کے واسطے طالب علم مہیا کریں۔ لیکن میں اس موقع پر اسی طریق کا سرسری ذکر کرون گا جو جامعہ عثمانیہ سے متعلق ہے۔ یہہ تو ہر کسی کے واسطے ممکن نہیں کہ جامعہ میں داخل ہونے کے واسطے اس کو مہلت اور استطاعت میسر ہو اور دوسری طرف جامعہ کو بھی اپنی گنجایش اور کارکردگی کے مدنظر داخلہ کو محدود کرنا ضروری ہے اور علاوہ اس کے یہہ بھی کچھ مناسب اور مفید نہیں ہے کہ محض ادبی تعلیم دے کر کوئی بڑی جماعت تیار کی جائے۔ اِس لئے یہہ سوال بہت اہم ہو جاتا ہے کہ جو لوگ جامعہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں اور اُن سے کہیں زیادہ وہ لوگ جو کسی نہ کسی وجہ سے عملی پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہیں؛ اِن دونون طبقون کے درمیان کس طرح اور کہاں حد فاصل قائم کی جائے۔ اس ضمن میں میں خیال کرتا ہون کہ چند سال قبل کی تجویز کو دوبارہ زندہ کرنا چاہیئے۔ وہ یہہ کہ ثانوی مدارس میں دو قسم کی تعلیم جاری ہو۔ یعنی جو جامعہ میں داخل ہونا چاہیں وہ بدستور عثمانیہ میٹرک کے ذریعہ داخل ہون اور جو باقی رہیں اُن کو حرفتی تعلیم دی جائے۔ اِس تعلیم کا دیہاتی علاقون میں زراعت اور قصباتی مرکزون میں

صنعت وحرفت سے تعلق ہوگا اور اِس طرح سے ایک چھوٹی تعداد میں، فوقانیہ مدارس جو معدودے چند ہونے کی وجہ سے اعلیٰ کارگزاری دکھا سکیں گے، جامعہ عثمانیہ کے واسطے طلبہ مہیا کریں گے۔ اور عام طور پر جو حرفتی تعلیم دی جائے گی، اس سے بے روزگاری کا مسئلہ ایک حد تک حل ہوجائے گا۔

**مقصد تعلیم** جامعہ کی تعلیم کا بلکہ تمام تعلیم کا نصب العین کیا ہے؟ میرے نزدیک تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ ہم میں جو اعلیٰ ترین اوصاف ہوں وہ ظاہر ہوجائیں اور اس طرح دنیا میں ہمارے فرائض جو کچھ ہوں وہ سب سے احسن طریق پر انجام پائیں۔ یہ تعریف جامع ہے اور اس میں ہر قسم کی دماغی، اخلاقی، اور جسمانی ترقی شامل ہے بلکہ یہ تعریف حاوی ہے ہر اُس چیز پر جو زندگی کے لئے ہم کو تیار کرسکتی ہے۔ یہ سوال کہ کس حد تک یہ ترقی ممکن ہے اور انسان میں کمال عروج کس چیز کو کہتے ہیں، ایسا ہے جس پر قیاس دوڑانا بے سود ہے۔ مگر کوئی وجہ نہیں کہ ہم میں سے ہر شخص ترقی کے لامتناہی راستہ پر جس حد تک اس سے ممکن ہو، گامزن کیوں نہ ہو۔ اسی طریق سے جس چیز کو اصطلاح میں ہم "تکمیل" کہتے ہیں وہ عمل میں آسکتی ہے، یعنی جس حد تک ممکن ہو ہم کمالات حاصل کرسکتے ہیں اور جن فرائض زندگی کا ادا کرنا ہمارے ذمہ ہو اُن کو بجالانے کی قابلیت حاصل کرسکتے ہیں ورنہ زندگی کا کوئی نتیجہ نہ ہوگا۔ مختلف لوگ مختلف طریقوں سے اپنے آپ کو دُنیوی زندگی کے لئے تیار کرتے ہیں مثلاً اپنے میلان طبع یا حوصلہ کے مطابق کسی خاص پیشہ یا کسب معاش کے کسی مخصوص طریقہ کے لئے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اِس طرح کی مخصوص اغراض کے لئے تیاری ہماری ترقی کی معاون ہوسکتی ہے نہ کہ مانع بشرطیکہ ہم تناسب کا لحاظ رکھیں یعنے جو مقاصد مقابلتاً ادنیٰ ہوں اُن کو اعلیٰ مقاصد پر ترجیح نہ دیں کیونکہ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ہمارا سب سے افضل اور اعلیٰ نصب العین انسانی تکمیل ہے۔ ہم جس قدر بہتر انسان بن سکیں گے اُسی قدر ہم پیشہ یا شغلہ کو بہتر انجام دے سکیں گے۔ ہمارا مسلک یہ ہونا چاہیئے کہ "اول انسان بنو اُس کے بعد جو چاہے بن سکتے ہو"۔ یہ طریق دراصل اُن خصائل انسانی کے حاصل کرنے کا ہے جو آدمی میں سب سے اعلیٰ ہوں۔ اس طریق سے انسان گویا کثافت کو دُور کرکے لطیف ہوجاتا ہے اور ساتھ ہی اس کی قابلیتیں نشوونما پاتی ہیں۔ اس مذکورہ "انسانیت" اور خلوص کا حصول صرف اس علم کے ذریعہ سے ممکن ہے جو صحیح ہو یعنی

جو حقیقت پر مبنی ہو اور اس میں عمل بھی شرط ہے، محض اکتساب علم کافی نہیں کیونکہ ہماری قابلیتیں صرف استعمال ہی سے ترقی کرتی ہیں۔ پس ہم کو چاہیئے کہ ہر چیز میں سچائی یعنی حقیقت کو تلاش کریں اور اپنے اعمال کو کسی اور غرض کا تابع نہ کریں مثلاً مصلحت وقت کا کہ اس لفظ کے پردہ میں بہت سے معائب پنہاں رہتے ہیں اور مصلحت کوشی کو اکثر ان طریقوں کے اختیار کرنے کا بہانہ بنایا جاتا ہے جو خلوص اور راستی سے بہت دور ہوتے ہیں، یاد رہے کہ غلط راستوں سے کوئی اعلیٰ مقصد کو نہیں پہنچ سکتا۔

علاوہ حقائق کی تلاش و تجسس کے اور علاوہ اس آمادگی کے کہ ہم اپنے کردار کو ہمیشہ راست بازی اور غیرت کی تحت میں رکھیں گے جس چیز کی ضرورت ہے وہ جد و جہد اور کاوش کا ولولہ ہے۔ اس سے میرا مطلب وہ جوش و انہماک ہے جس کی بدولت زندگی کارآمد اور نتیجہ خیز بن جاتی ہے۔ اس عملی طاقت کے بغیر حقیقت کا تجسس صرف ایک آرام طلب اور کاہلی پسند سا فلسفہ ہوگا۔

**جسمانی تربیت** کسی ایسے ادارہ میں جہاں بہت سے نوجوان جمع ہوں اس سرگرمی اور انہماک کو (جس کا میں نے ذکر کیا) ہر وقت اور ہر کام میں نمایاں ہونا چاہیئے۔ اگر اس میں کمی یا زوال نمودار ہو تو یہ بری علامت ہوگی جوان مرد قومیں مثلاً انگریز، فرانسیسی اور المانی لوگوں میں ہر ایک صحیح الجسم شخص یا تو فی الواقع سپاہی ہوتا ہے یا وقت پر بآسانی سپاہی بن سکتا ہے۔ اسی قسم کی روح ہمارے نوجوانوں میں بھی پیدا ہونی چاہیئے۔ کیونکہ جو شخص اپنی حفاظت خود نہ کر سکے اس کی کوئی عزت نہیں کرتا۔ اس لئے کمزور خواہ اپنے حقوق کی بابتہ کیسی ہی لسانی کرے اس کی دنیا میں کوئی توقیر نہیں ہوتی۔ سپاہیانہ تربیت دنیوی زندگی کے محاربہ کے لئے سب سے بہتر تیاری ہے اور جو اس طرح تیار اور مسلح نہ ہو، اس کو شکست اور ذلت کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔

# ہماری تعلیم سے متعلق چند مشورے

از ایس۔ ڈبلیو کلکر صاحب

تعلیم سے کیا مُراد ہے؟ بظاہر سوال معمولی معلوم ہوتا ہے اور اس کا جواب بھی اسی طرح سادہ طور پر دیا جا سکتا ہے کہ لکھنا پڑھنا سیکھنے کا نام تعلیم ہے۔ اور اس لحاظ سے ہر ایسا شخص جو تھوڑا بہت پڑھا لکھا ہو تعلیم یافتہ کہلانے کا مستحق ہو جائے گا۔ لیکن ہم تعلیم کے لفظ کو اُس کے وسیع معنوں میں اِستعمال کرنا چاہتے ہیں۔

انسان سے عقل و تمیز کی قوت علیحدہ کر دی جائے تو حیوان و انسان میں کوئی مابہ الامتیاز فرق باقی نہیں رہتا۔ کھانے، پینے، رہنے، سہنے، اور توالد و تناسل میں وہ دوسرے حیوانوں کے برابر ہو جاتا ہے۔ صرف عقل و تمیز کی قوت سے کام لے کر انسان ان ضروریات کو بہتر سے بہتر صورت میں پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور عقل و تمیز کو ٹھیک طور پر استعمال کرنے کی صلاحیت تعلیم ہی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ صحیح اُصول پر حاصل کی گئی ہو۔

ہمارا خیال ہے کہ تعلیم صحیح اُصول پر نہ دی جائے تو اُس سے بُرے نتائج پیدا ہوتے ہیں۔ مثلاً سینما کو لیجئے، سب مانتے ہیں کہ اس کو تعلیم کا ذریعہ بنایا جا سکتا ہے گھنٹہ دو گھنٹے میں یہاں حاصل کرنے والا کسی درسی کلاس میں ۵، ۶ گھنٹے صرف کر کے تعلیم حاصل کرنے سے زیادہ معلومات حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن ساتھ ہی اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس کو عام طور پر بری طرح استعمال کیا جا رہا ہے۔ مُخرب اخلاق تماشے دکھلائے جاتے ہیں۔ اکثر ظلم متمدن ممالک کے ڈاکوؤں کے کارناموں سے بھرے رہتے ہیں۔ اور بعض بدطینت تماشہ بین ان تصاویر کو دیکھ کر چوری کے نئے نئے کرتبوں سے واقف ہو جاتے ہیں۔ اور انہیں ان کے افعال شنیعہ میں مدد ملتی ہے۔ برخلاف اس کے اخلاقی اور تعلیمی ڈرامے جو متحرک تصاویر کے ذریعے پیش کئے جاتے ہیں تھوڑی سے

دیر میں دیکھنے والوں کو بہت کچھ بتلا جاتے ہیں۔ یہی حال تعلیم کا ہے۔

تعلیم کے کئی شعبہ ہیں:۔ شعبہ فنون، پیشہ وری تعلیم، صنعت وحرفت، طب، تجارتی تعلیم وغیرہ۔

(۱) شعبہ فنون:۔ جس میں ادب وغیرہ شامل ہیں عام طور پر تعلیم کا مقصد بنے ہوئے ہیں۔ لوگوں کا رجحان زیادہ تر اسی طرف پایا جاتا ہے۔ اس شعبے میں طالب علم کی علمی ترقی کے لئے اعلیٰ اعلیٰ مدارج موجود ہیں۔ وہ اے۔ بی سے لیکر پی۔ ایچ۔ ڈی وغیرہ تک ترقی کرسکتا ہے۔ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد ایک وسیع میدان اس کے سامنے پیش ہوتا ہے سرکاری ملازمت میں وہ داخل ہوسکتا ہے۔ خانگی طور پر معلمی کا پیشہ اختیار کرکے روزی وہ کما سکتا ہے۔ کسی اخبار کا اڈیٹر وہ بن سکتا ہے۔ تصنیف وتالیف کو اپنی روزی کا ذریعہ بنا سکتا ہے۔ کوئی مذہبی خدمت انجام دے سکتا ہے۔ غرض اپنے مذاق کے مطابق کوئی نہ کوئی کام اختیار کرلیتا ہے۔ خود بھی اچھا شہری بنتا ہے اور اپنے ساتھیوں کو بھی اچھے شہری بنا سکتا ہے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ اگر بھٹک جائے تو اپنے ساتھ دوسروں کو گمراہ کرنے میں بھی کافی حصہ لیتا ہے۔

(۲) پیشہ وری تعلیم:۔ اس سے وہ تعلیم مراد ہے کہ انسان مقررہ نصاب ختم کرنے یا علمی امتحان پاس کرنے کے بعد آزادی کے ساتھ روزی حاصل کرنے کے قابل ہوجائے۔ اگرچہ کہ وہ معمولی ہی کیوں نہ ہو۔ پیشہ وری تعلیم، طبابت، انجینئرنگ، قانون وغیرہ پر مشتمل ہے۔ ان میں ترقی غیر محدود ہوتی ہے۔ پولس، جنگلات، فنانس، مالگزاری اور کروڑگیری بھی اگرچہ کہ اسی شعبہ سے تعلق رکھتے ہیں لیکن یہ بہت ہی محدود شاخیں ہیں۔ جو لوگ ان میں مہارت حاصل کرتے ہیں صرف سرکاری ملازمت ہی پر ان کی روزی کا انحصار ہوتا ہے۔

(۳) صنعت وحرفت:۔ اس شعبے میں بہت سی شاخیں داخل ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ میانچسٹر کی صنعتی جامعہ سے کم وبیش ۸۰ صنعتی پیشوں کا ڈپلوما اصولی طور پر مل سکتا ہے موجودہ زمانے میں جب کہ کسب معاش کے لئے مشکل سے مشکل وقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے یہاں ان اصولی پیشوں کی بحث کرنا تحصیل حاصل ہے۔ ہمارے ملک کے لئے صنعت وحرفت کی یہ شاخیں مثلاً:۔ نجاری، لوہاری، پارچہ بافی، سناری، کارچوب

سازی، مصوری، طباخی، جوتہ سازی، دُھلوائی، فرنیچر سازی وغیرہ اہم ہیں۔ جو ہماری زندگی کے ضروری حوائج کی تکمیل کرتے ہیں۔

متذکرہ بالا شاخوں میں سے ہر ایک میں کمال حاصل کیا جا سکتا ہے۔ شعبہ فنون کے مدارج کی طرح اس کے بھی درجے قرار دئیے جا سکتے ہیں۔ جس طرح مدرسہ یا کالج میں طالب علم علمی ترقی حاصل کر سکتا ہے اسی طرح یہاں بھی انسان کافی ترقی کر سکتا ہے۔

ان سب پیشوں میں سے ہم صرف پکوان کی تعلیم پر مختصر طور پر کچھ عرض کریں گے۔ اس وجہ سے کہ ہر شخص کے لئے یہ ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ حال حال تک یہہ کام ہندوستان میں گھر کی عورتیں انجام دیتی تھیں۔ اور یہ علم یہاں اپنے کمال کو پہنچ گیا تھا۔ آج کل مغربی تہذیب کے اثر سے ہوٹل اور رسٹورانٹ کا عام طور پر رواج ہو چلا ہے۔ بڑے بڑے شہروں میں لوگ زیادہ تر یہیں کے کھانے کھاتے ہیں۔ اور بعض لوگ بٹلر نوکر رکھ کر اپنے کھانے پینے کا انتظام کر لیتے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہہ ہوا کہ ہماری کاہلی کی وجہ سے یہہ ایک نیا گروہ پیدا ہو گیا۔ چونکہ بٹلری کا پیشہ اختیار کرنے والوں کی تعداد بہت ہی کم ہوتی ہے اس لئے وہ ملازمت کے وقت من مانے شرائط پیش کرتے ہیں۔ جن کا قبول کرنا ناگزیر ہوتا ہے۔ اور اکثر یہ مالک کا ناک میں دم کر دیتے ہیں۔

عموماً دیکھا جا رہا ہے کہ زمانے کے ساتھ ساتھ ہمارے کھانے کے ذائقے بھی بدلتے جا رہے ہیں۔ یہہ عیب ہم میں اس لئے پیدا ہو گیا ہے کہ ہماری نگاہ امیر لوگوں کی غذاؤں پر رہتی ہے جنہیں شاید ہی حقیقی بھوک کا لطف حاصل ہوتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ وہ غذا کو مرغوب بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مرغن اور پر تکلف غذا سے سیدھی سادھی تازہ غذا بہت بہتر ہوتی ہے۔ اس طرح ہماری زندگی کے اس شعبے کی ضرورت بڑھتی جا رہی ہے اور اس کی تکمیل کے ذرائع محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ یعنی بٹلروں کی تعداد ضرورت کے لحاظ سے کم ہے۔ جس کی وجہ سے ہماری تقلید ہمارے لئے مصیبت کا باعث بن جاتی ہے۔

یہی حال درزیوں کا ہے۔ ایک امیر آدمی اپنے لئے کسی خاص وضع قطع کا لباس تیار کروا کر جدت اختیار کرتا ہے۔ اور دوسرے لوگ اس کی تقلید کو فیشن کا ضروری جز سمجھ لیتے ہیں۔ اسی طرح آئے دن نئے نئے طرز کے لباس وجود میں آتے رہتے ہیں۔

اور درزی ہیں کہ من مانے مزدوری حاصل کرنے کے ذریعے نکال لیتے ہیں۔ اِن کی تعداد بھی ہماری اس ضرورت کی تکمیل کے لئے عام طور پر ناکافی معلوم ہوتی ہے۔ اِس قسم کی جدتوں کی وجہ سے ہماری زندگی تصنع کا شکار ہوتی جارہی ہے۔ اگر ہم اپنے اسلاف کی سادہ زندگی سے ہماری پر تکلف زندگی کا مقابلہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ہم ایسی خطرناک چٹان کی طرف چلے جارہے ہیں جس کے خطرے سے بچنا ہمارے امکان سے باہر ہوجائے گا

ہمارے متذکرہ بالا بیان سے ظاہر ہے کہ کاریگروں کی تعداد ہماری ضروریات کے لحاظ سے بہت کم ہوتی جارہی ہے۔ اور ہماری پر تکلف زندگی کی وجہ سے ضروریات میں برابر اضافہ ہورہا ہے۔ لوگ عام طور پر فنی تعلیم کی طرف بہت کم توجہ کرتے ہیں۔ کالج کے تعلیم یافتہ لوگوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ اور کاریگروں کی تعداد بجائے بڑھنے کے گھٹ رہی ہے۔

مثلاً بعض پیشہ ور لوگ بھی عام لوگوں کے رجحان کو دیکھ کر اپنی اولاد کو عام لوگوں کی طرح مروجہ تعلیم دلاتے ہیں۔ وہ تھوڑی بہت تعلیم پانے کے بعد اپنے آبائی پیشہ کو حقیر سمجھ کر ملازمت کے دائرے میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ اِس طرح تعلیم یافتہ لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اور کاریگروں کی تعداد گھٹ رہی ہے۔

حال ہی کا واقعہ ہے کہ ایک ادارہ میں دس بارہ تنخواہ یاب امیدواروں کی ضرورت تھی اعلان کرنے پر کئی سو درخواستیں وصول ہوئیں۔ جن میں زیادہ تر گریجویٹ اور انڈر گریجویٹ کی تھیں۔ برخلاف اس کے اگر آپ کو کسی کاریگر کی ضرورت ہو تو بجائے اِس کے کہ وہ آپ کے پاس آئے آپ کو اس کے پاس تلاش کرکے جانا ہوگا۔ مختصر یہ کہ تعلیم یافتہ لوگوں کی کثرت تعداد کا اثر زندگی کے دوسرے شعبوں پر بُرا پڑ رہا ہے۔

(۳) تجارتی تعلیم:۔ اِس تعلیم میں تجارتی لین دین کا حساب اور اُس کے عام معلومات وغیرہ شامل ہیں۔ زراعتی تعلیم بھی ہمارے مُلک کے لئے ضروری ہے۔ اِس وجہ سے کہ ۷۰ فی صدی آبادی زراعت پیشہ لوگوں کی ہے۔ لیکن یہاں ہم ان سب پر تفصیلی بحث کرنے سے قاصر ہیں۔

اِنسان کو جسمانی قوت قائم رکھنے کے لئے غذا، تن ڈھانکنے کے لئے کپڑا، اور رہنے سہنے کے لئے مکان کی ضرورت ناگزیر ہے۔ ان میں سے ہر ایک چیز بغیر محنت کے

حاصل نہیں ہوسکتی۔ ان ضروریات کی تکمیل کے لئے یا تو انسان کو خود محنت کرنی چاہیئے یا دوسروں سے محنت لے کر ان کا معاوضہ نقد کی شکل میں ادا کرے۔ یہاں ہمارے ملک کی مالی حالت کی نسبت بھی کچھ اشارہ کر دینا نامناسب نہ ہوگا۔

ایک زمانہ ہندوستان میں ایسا بھی تھا کہ صرف سونے اور چاندی کا سکہ ہی عام طور پر پسند کیا جاتا تھا۔ اِس طرح سونے کی حفاظت کا خیال ہر ایک کے دل میں خود بخود پیدا ہوتا تھا۔

آج کل سونے، چاندی اور تانبے کے سکوں کا رواج کسی خاص وجہ سے برابر زوال پذیر ہے۔ اور اس کا حال دن بدن پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے۔ ملک کی درآمد برآمد سے کئی حصے بڑھی ہوتی ہے۔ ملک کی زیادہ پیداوار خواہ صنعتی ہو یا زراعتی دوسرے ممالک کو بھیج کر دولت حاصل کی جائے تو ملک کو فائدہ پہنچ سکتا ہے اور عام مالی حالت درست رہ سکتی ہے۔

باوجود عام مالی انحطاط کے ہمارے اخراجات روز افزوں زیادہ ہوتے جا رہے ہیں مثال کے طور پر تعلیمی اخراجات کو لیجئے اب سے ۲۰ سال پہلے کسی طالب علم پر ۵۰ روپیہ سالانہ صرف ہوتے تھے تو اب ۱۵۰ روپیہ سالانہ اخراجات ہوتے ہیں۔ شائد آپ خیال کریں گے کہ تعلیمی استعداد پہلے سے بڑھ گیا ہے۔ نہیں معاملہ بالکل اس کے برعکس ہے۔ گذشتہ زمانے کے تعلیم یافتہ لوگوں اور موجودہ زمانے کے تعلیم یافتہ لوگوں میں عام طور پر فرق ضرور محسوس کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اتنے اخراجات برداشت کرنے کے بعد بھی اس زمانے کی طالب علم کی آئندہ زندگی میں مالی حالت درست رہنے کی توقع نہیں۔

اس زمانے میں ایک طالب علم کو میٹرک کی تعلیم ختم کرنے کے لئے کم از کم ۵۰۰ روپیہ کی ضرورت ہوتی ہے وہ بھی اس شرط کے ساتھ کہ وہ سال بہ سال بلا رکاوٹ تعلیمی ترقی حاصل کرتا جائے۔ اس کے بعد اگر وہ گریجویٹ ہونا چاہتا ہے تو مزید ۱۰۰۰ روپیہ کا صرفہ برداشت کرنا پڑے گا۔ اِس قدر اخراجات برداشت کرنے اور محنت اُٹھانے کے بعد بھی وہ ۵۰ تا ۶۰ کے گریڈ کی توقع نہیں کر سکتا۔

برخلاف اِس کے اگر کوئی طالب علم کسی ایسے مدرسہ میں تعلیم پائے جہاں

صنعت وحرفت کی تعلیم دی جاتی ہو یا کوئی لڑکا کسی فرم یا کارخانے میں کام سیکھنے کے لئے باامعاوضہ یا بلا معاوضہ امیدوار ہو جائے تو یقین ہے کہ تھوڑے عرصہ کے بعد وہ اس قابل ہو جائے گا کہ کم از کم (عصم) ایک روپیہ روز حاصل کر سکے۔ اور وہ ابھی آزادی کے ساتھ۔

اِن سب باتوں سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہمارے لڑکوں کو تعلیم ایسی دی جائے جس کے بعد وہ اپنی روزی آسانی کے ساتھ حاصل کرنے کے قابل ہو جائیں۔ یہ جب ہی ممکن ہے کہ ہمارے مدارس میں مروّجہ تعلیم کے ساتھ ساتھ صنعتی تعلیم کا بھی اِنتظام کیا جائے۔ طلبہ کو نجاری، پارچہ بافی، زراعت وغیرہ کی تعلیم دی جائے اور طالبات انتظام خانہ داری، نرسنگ سینا پرونا اور مختلف گھریلو صنعتوں کی تعلیم پائیں۔

صرف سررشتہ تعلیمات ان سب باتوں پر بذات خود کوشش نہیں کر سکتا۔ اس کام کے لئے پبلک کی مدد کی بھی ضرورت ہے اور اس بات کی کوشش کی جائے کہ اس تعلیم کے لئے ایسے اساتذہ مقررہ ہوں جو صنعت وحرفت میں کافی مہارت رکھنے کے علاوہ دوسروں کو سکھانے کی بھی صلاحیت رکھتے ہوں۔ اس قسم کے اداروں کا انتظام ایسے عہدہ داروں کے ہاتھ میں ہو جو صنعت وحرفت سے دلچسپی رکھنے کے علاوہ ملک کو فائدہ پہنچانے کا سچا ذوق بھی رکھتے ہوں اور اس کام کے لئے ایثار سے کام لینے کو باعث فخر سمجھتے ہوں نیز قوم کی خدمت کے خیال سے ان عہدوں کو قبول کرنے کے خواہش مند ہوں۔ غرض موزوں عہدہ داروں کا انتخاب ضروری ہوگا۔

ہم نے اس قسم کی تعلیم کا ایک مختصر سا خاکہ کھینچنے کی کوشش کی ہے۔ تاکہ لوگ اس پر مختلف طریقوں سے غور کریں۔ اور کسی صحیح نتیجہ پر پہنچ جائیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہمارے مدارس میں صنعتی تعلیم موزوں طریقہ پر لازمی طور سے جاری کر دی جائے اور ارباب مقتدر سے استدعا ہے کہ وہ اس طرف اپنی توجہ مبذول کریں۔

# کارگزاری

## انجمن اساتذہ بلدہ بابت شش ماہی اول ۱۳۴۳ف

از مرزا ضیاء الدین بیگ صاحب معتمد عمومی

امسال آل انڈیا ایجوکیشنل کانفرنس کے سالانہ جلسوں میں جو بہ تواریخ ۲۷، ۳۰ دسمبر ۱۹۳۳ء بہ مقام کراچی منعقد ہوئے جناب مولوی سجاد مرزا صاحب ایم۔ اے (کنٹب) پرنسپل ٹریننگ کالج بلدہ نے شرکت فرمائی اور جناب ممدوح نے ہماری استدعا پر انجمن کی نیابت بھی فرمائی۔

شش ماہی اول ۱۳۴۳ف میں مرکزی انتظامی کمیٹی کے دو جلسے منعقد ہوئے جن میں اہم و ضروری امور طے پائے۔ حسابات انجمن کی تنقیحی مبسوط رپورٹ کا خلاصہ جس کو مسٹر وینکٹ نرسمہم و مولوی شرف الدین صاحب نے محنت سے مرتب کیا ہے پڑھا گیا۔ رپورٹ میں جو مفید مشورے دیئے گئے ہیں اُن پر و دیگر امور پر غور کر کے قطعی رائے ظاہر کرنے کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر ہوئی جو حسب ذیل حضرات پر مشتمل ہے۔

(۱) جناب مولوی سید خیرات علی صاحب۔ (۲) جناب مولوی سعادت اللہ خاں صاحب

(۲) " " عبدالوہاب " (۴) معتمد عمومی۔

آئندہ سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ میں رپورٹ پیش ہونے کے لئے "امتحان" عنوان مقرر ہوا۔ رپورٹ کی تیاری کے لئے حسب ذیل اصحاب کا انتخاب عمل میں آیا ہے:۔

(۱) جناب مولوی نورالحسن صاحب ایم۔ اے (گلاسگو) معتمد۔

(۲) " " محمد عبدالستار صاحب سبحانی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ رکن۔

(۳) جناب مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی بی۔ اے۔ ڈپ۔ ایڈ (لیڈز) رکن
(۴) ریورنڈ جی۔ بی۔ گارڈن۔ بی۔ اے۔
(۵) مسٹر جی۔ اے۔ چندراور کر ایم۔ اے۔

ذیلی مرکزوں کے ماہواری جلسوں کے لئے مضامین ذیل منتخب کئے گئے۔

| | |
|---|---|
| ماہ آذر ۱۳۴۳ف | خانگی تعلیم۔ |
| 〃 دی | جماعتوں میں ڈرامہ کے انداز پر اسباق۔ |
| 〃 بہمن | مدرسہ میں سزا کی نوعیت۔ |
| 〃 اسفندار | ہر جماعت کے لئے سال میں کتنے امتحان ہونے چاہئیں |
| 〃 فروردی | ذہنی مقابلوں کے جدید طریقے یا تعلیمی تفریح۔ |
| 〃 اردی بہشت | امتحان کے پرچہ کی ترتیب وجانچ۔ |

انجمن کی جن شاخوں سے رپورٹیں وصول ہوئی ہیں ان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

**شاخ قلعہ گولکنڈہ** علاوہ دیگر مضامین کے خانگی تعلیم پر کافی بحث ہوئی اور اس بات پر زور دیا گیا کہ مدرسین کو متعدد ڈیوشن کی بجائے اعتدال سے کام لے کر اصلی ضرورت کو پورا کرنا اور صحت کو مقدم رکھنا چاہیئے۔ اساتذہ کی کمزوری بھی طالب علم کو خانگی تعلیم حاصل کرنے کے لئے مجبور کرتی ہے طلبہ کی آوارگی کی وجہ سے خانگی تعلیم کی جو ضرورت ہوتی ہے اس کے ذمہ دار والدین ہیں۔ خانگی تعلیم میں بجائے بے فائدہ کے کمزوری پیدا ہوتی ہے جس کا سبب مدرسہ و گھر کی تعلیم کا اختلاف ہے خانگی تعلیم کی ضرورت نہ ہوگی جب کہ نصاب مقررہ یا استعداد سے زیادہ ہوم ورک نہ دیا جائے۔ مدارس کے طلبہ کی حد تک خانگی تعلیم کی ضرورت نہیں بشرطیکہ مدرس، طالب علم و والدین مذکورہ بالا امور سے واقف ہوں۔

**شاخ وسطانیہ سلطان بازار**، کلاس میں ذریعہ ڈرامہ تعلیم پر پُرجوش تقاریر ہوئیں۔ مسٹر گیش پرشاد، مسٹر سبرو مونم، ومولوی صدرالدین صاحب، مسٹر شیشا چاری ومسٹر ایس، ایم نائیک نے نمایاں حصہ لیا۔ مسٹر گیش پرشاد مددگار نے مولوی محمد ابراہیم صاحب صدر مدرس تحمانیہ عثمان شاہی کا تیار کردہ ڈرامہ، ایفائے عہد، خوش اسلوبی سے پیش کیا جو کامیاب رہا۔

مسٹر سبرومونم مددگار سلطانیہ سلطان بازار نے Duke of the Gaunt کے نام سے ڈرامہ تیار کیا ہے جس کو نوآموز طلبہ نے بہ زبان انگریزی دلچسپی اور خوبی سے ادا کیا۔ مسٹر ایس۔ ایم نایک مددگار کنٹرولر دیالہ گولی پورہ نے کہا کہ انسان کی زندگی ایک ڈرامہ ہے۔ ڈرامہ کے ذریعہ تعلیم دینے سے کمزور طلبہ دلچسپی سے کام کرتے ہیں خصوصاً تاریخ و جغرافیہ کی تعلیم کے لئے یہ طریقہ مناسب و مفید ہے۔ مولوی صدرالدین صاحب نے ڈرامہ کی مخالفت تو نہیں کی مگر اس سے اخراجات کی زیادتی کا ذکر کیا۔ مسٹر جی۔ اے چندراور کر صدر نشین جلسہ نے فرمایا کہ یہ طریقہ جدید مغربی اصول پر ہی نہیں ہے بلکہ بہت قدیم ہے چنانچہ ہمارے اسلاف اس پر اُس وقت عمل پیرا تھے جب کہ کتابوں کا وجود نہ تھا چنانچہ وید وغیرہ میں تعلیم کا یہی طریقہ بتلایا گیا ہے اور شاہان سلف کے درباروں میں بھانڈ قدیم تاریخی حالات بیان کرتے وقت یہی طریقہ اختیار کرتے تھے جس کے حسب ذیل فوائد ہیں (۱) پورا سین پیش نظر ہوجاتا ہے۔ (۲) قوت مشاہدہ و سامعہ کی تربیت کے سبب سے تاثرات دیرپا ہوتے ہیں۔ (۳) اس کی مدد سے طلبہ عام تقاریر میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**شاخ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ**۔ سزا کی مختلف قسموں پر تقاریر ہوئیں۔ مولوی شیخ مہتاب صاحب مددگار و مسٹر وینکیشور صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ تعلیم العلوم۔ و مولوی خواجہ حفیظ الدین صاحب و مولوی بہاء الدین صاحب نے حصہ لیا۔ مولوی بہاء الدین صاحب نے فرمایا کہ جسمانی سزا ماہران فن تعلیم کے نزدیک حیوانیت کا درجہ رکھتی ہے امپوزیشن کی سزا آسان تو ہے لیکن بچہ کی دلچسپی جاتی رہتی ہے ورزشی سزا کے متعلق ماہران نفسیات کا خیال ہے کہ بچے اس کی تعمیل حکماً کرتے ہیں۔ امریکی ممالک میں بلا سزا جو کام کیا جاسکتا ہے وہ وہاں کے ماحول کا نتیجہ ہے۔ ہمارا ماحول اس بات کا مقتضی ہے کہ سزا دی جائے جو بچہ کی اصلاح کی غرض سے ہو۔ مولوی یوسف حسین صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی صدر جلسہ نے بیان کیا کہ امپوزیشن کے غلط طریقہ استعمال کی وجہ سے بچہ کی دلچسپی مفقود ہوجاتی ہے صدر جلسہ نے جلسہ کی کامیابی پر اظہار خوشنودی فرمایا۔

**شاخ وسطانیہ شاہ گنج**۔ طلبائے مدرسہ نے ایک مختصر ڈرامے کا ایک دلچسپ سین

اداکاری کے ساتھ حاضرین کے سامنے پیش کیا۔ مولوی کرم علی صاحب، مولوی احسان علی صاحب و مولوی حفیظ اللہ میر صاحب نے تقاریر میں حصہ لیا۔

اظہار مدعا کے ذرائع، اشارے، حرکات و سکنات، تحریر و تقریر کا ذکر کرتے ہوئے عملی طور پر کام یعنی ڈرامہ کا ذکر کیا گیا۔ اس کے اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے مولوی کرم علی صاحب مددگار نے فرمایا کہ ڈرامہ کرانے سے بچوں کا ناجائز رعب مجلس دور ہوتا ہے جو ہم لوگوں میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔ مولوی احسان علی صاحب نے ڈرامہ کے فوائد و نقصانات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کے انتخاب کرنے میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔ مولوی حفیظ اللہ میر صاحب مددگار نے ڈرامہ کی ماہیت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ بچوں کے لئے ڈرامے مختصر ہونے چاہئیں۔ اور تعلیمی ڈرامون میں زندگی کے مختلف پہلوؤں کو پیش نظر رکھا جائے۔ مولوی اللہ بخش صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی صدر جلسہ نے فرمایا کہ ہم کو صرف تعلیمی ڈرامہ کی ضرورت ہے۔ تاریخی ڈراموں سے گذشتہ زمانہ کے حالات ہمارے سامنے پیش ہوتے ہیں۔ بعض ادبی شہ کار اداکاری کے بعد ہی صاف طور پر سمجھ میں آسکتے ہیں۔ ڈرامہ سے اظہار خیال کے صحیح طریقے عملی طور پر معلوم ہوتے ہیں۔ پس لڑکوں کو اخلاقی و تعلیمی ڈرامون کی جانب راغب کرنا چاہیئے۔

**شاخ فوقانیہ چنچل گوڑہ۔** زیر صدارت جناب مولوی سید ابرار حسین صاحب ایم اے جلسے منعقد ہوئے جن کی کارروائیوں کا خلاصہ موصوف نے مختصر و نہایت موزون طریقہ پر ترتیب دیکر بھجوایا ہے جن میں بیان کیا گیا کہ امتحان کے موقعون پر جب بچے کمزوری کے سبب سے ناکام رہ کر اوپر کی جماعتوں میں ترقی نہیں کرتے تو خانگی استاد مدرسہ میں آکر ان کی ترقی کے لئے مجبور کرتے اور ان تھک کوشش کرتے ہیں اور بعض دفعہ جب کمزور بچون کو شرکت مدرسہ سے روک دیا جاتا ہے تو والدین ٹیوشن کے انتظام پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ یہ دونوں صورتیں نامناسب ہیں۔ ڈرامہ کے مفید اثرات بتلاتے ہوئے بیان کیا گیا کہ ڈرامہ کے طریق پر تعلیم سے بچہ عملی کام سے واقف ہوتا ہے اور عمل سے علم کو تقویت پہونچتی ہے اور تعلیم ڈرامہ کی غرض یہ ہے کہ خصوصاً پرائمری جماعتوں کے بچے کام کرنا سیکھ جائیں۔ عملی حیثیت سے بعض اسباق سینما کے ذریعہ دئے جاتے ہیں اور موجودہ زمانہ میں ڈرامہ کی تعلیم کو زیادہ پسند نہیں کیا جاتا

ڈرامہ کی تعلیم مدارج کے لحاظ سے تینوں طبقوں (تحتانیہ۔ وسطانیہ۔ فوقانیہ) میں ہوسکتی ہے بیان کیا گیا کہ تعلیمی اور اخلاقی قصور سے سزا کی ضرورت پیش آتی ہے۔ تعلیمی قصور میں ہوم ورک نہ لانا۔ غیر حاضر ہوجانا، واسباق یاد نہ کرنا۔ اور اخلاقی قصور میں کوئی ایسا فعل جو خلاف تہذیب خلاف انسانیت ہو سرزد ہونا بیان کیا گیا۔ نیز کہا گیا کہ بصورت اول یعنی تعلیمی قصور میں صرف تنبیہ کرنے اور سمجھا کر کام لینے کی ضرورت ہے اور طلبہ کی توجہ قایم رکھنا بڑی چیز ہے۔ بصورت دوم یعنی اخلاقی قصور میں حقیقتاً سزا کی ضرورت ہے تاکہ دوسرے بچوں پر برا اثر نہ پڑے۔

سزا کا مقصد اصلاح ہے اس لئے سزا دیتے وقت انتقامی جذبات سامنے نہ آنے پائیں۔ بچوں کو ایسی سزا نہ دی جائے جو ان کے حق میں ضرر رساں ہو بلکہ علی الرغم نفع رساں ہو۔ استاد بچوں کے حق میں مشفق ماں باپ کی طرح ہے بدیں وجہ ہر وقت ان کی بہبودی اور بھلائی اس کے پیش نظر رہے۔

شاخ چنچل گوڑہ کے جلسوں میں علاوہ مولوی ابرار حسین صاحب معتمد کے مولوی عبدالغفور صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ مولوی شیخ محبوب صاحب۔ مولوی محمد ابراہیم صاحب مولوی سید علی محمد صاحب اجلال۔ مولوی ظل حسین صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ مولوی نعمت اللہ خان صاحب صوفی اور مولوی ظفر الرحمن صاحب مددگاران مدرسہ فوقانیہ چنچل گوڑہ اور مولوی محمد عبدالرحمن صاحب مدرسہ تحتانیہ دائرہ برہنہ شاہ صاحب مولوی شیخ امان اللہ صاحب مددگار مدرسہ تحتانیہ الاوہ یتیمان اور مولوی فصیح الدین صاحب مدرسہ تحتانیہ رین بازار نے تقاریر میں حصہ لیا۔ انجمن کی دوسری شاخوں کے معتمد صاحبان سے استدعا کی جاتی ہے کہ ہر سہ ماہی کے اختتام پر براہ کرم جلسوں کی روئیداد معتمد عمومی کے پاس بروقت روانہ فرمائیں تاکہ وہ رسالہ حیدرآباد لیچر میں طبع کی جاسکیں۔

# تقسیم

پہاڑے پڑھاتے وقت تقسیم کے عمل کے چند سوالات بچے حل کر چکے ہیں اگرچہ ان کو تقسیم کی اصطلاح معلوم نہ ہو۔ مثلاً (۱) ۲۴ بیر ۳ لڑکوں میں برابر برابر تقسیم کرو۔ (۲) ہر لڑکے کو ۹ گولیوں کے حساب سے ۲۷ گولیاں کتنے لڑکوں میں تقسیم ہو سکیں گی۔ وغیرہ اس قسم کے سوالات بچے مقرون اشیاء کی مدد سے اور پہاڑوں کے ذریعہ حل کر چکے ہیں۔ اس قسم کے سوالات حل کرنے سے دی ہوئی چیزوں کے حصے یا ڈھیر کس قدر بنتے ہیں اس کا علم ان کو ہو سکتا ہے۔

تقسیم دو طرح کی ہوتی ہے۔

(۱) چیزوں کی کل تعداد معلوم ہے۔ اُن چیزوں کے جتنے مساوی حصے یا ڈھیر بنانے ہیں اُن حصوں کی یا ڈھیروں کی تعداد معلوم ہے اب ہر ایک حصہ یا ڈھیر کی مقدار معلوم کرنی ہے

رنج اور ہر آرام کے ساتھ تکلیف شامل رہتی ہے۔ اب یہ اُمید کرنا کہ ڈالٹن طریق تعلیم میں خوبیاں ہی خوبیاں ہیں اور کوئی بھی خرابی نہیں بالکل بے اصول امر ہے۔ یا یہ کہ جماعت واری طریقہ تعلیم عیوب سے پر ہے اور اس میں کوئی خوبی نہیں ہے غلط ہے۔ اب ہم مضمون کے بقیہ حصہ میں اس بات کو دکھائینگے کہ معترضین کو ڈالٹن طریق تعلیم کے خلاف کیا اعتراضات ہیں۔

**اعتراض نمبر (۱) گروپ اسپرٹ**

اس طریق تعلیم کے تحت طلبہ میں ( Group Spirit ) یا اتحاد باہمی کی اعلیٰ صفت پیدا نہیں ہوتی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ گروپ اسپرٹ صرف اسکول کی فضا اور اساتذہ کے خیالات پر منحصر ہے۔ اگر اسکول کے اسٹاف کو طلبہ میں گروپ اسپرٹ پیدا کرنے کا خیال ہے تو وہ مناسب موقع پر طلبہ میں یہ صفت پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن اگر اساتذہ کو اس کا خیال نہیں ہے۔ اور مدرسہ میں نا اتفاقی کی فضا ہے تو طلبہ جماعت واری طریقہ تعلیم میں بھی اس صفت سے اتنا ہی محروم رہیں گے جتنا کہ ڈالٹن طریق تعلیم میں۔ ڈالٹن طریق تعلیم میں طلبہ صرف اپنی ہی مدد کرنا نہیں سیکھتے بلکہ اُن کو اپنے ہم جماعت طلبہ کو بھی مدد دینے کا کافی موقع ملتا ہے۔ اور روزانہ ترسیمات کے اندراج کرتے وقت ان میں مقابلہ کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔

**کاہلوں کو آسائش کا موقع**

(۲) کاہلوں کو اس نئے طریق تعلیم میں آسائش کی زندگی گزارنے کا اچھا موقع مل جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں ڈالٹن طریقہ تعلیم میں اُستاد ہمیشہ اس خطرہ کو مدنظر رکھے لیکن یہ خطرہ بہت کچھ ترسیمات کی مدد سے وقت پر دبایا جاسکتا ہے۔ ایک طریقہ اس خطرہ سے مقابلہ کرنے کا اور ہے وہ یہ کہ تمسک طلبہ کے سامنے دلچسپ پیرایہ میں پیش کئے جائیں۔ اس طرح سے اگر طلبہ میں اپنے مضامین سے ابتدا میں دلچسپی پیدا ہو جائے گی تو جتنا لطف ان کو اپنے کام کی تکمیل میں آئیگا اُن کو اور دوسرے کام میں حاصل نہ ہوگا اور اس طرح سے کاہلوں کی تعداد خود بہ خود کم ہو جائے گی۔ لیکن ان تمام حالات کے باوجود بھی اگر کوئی طالب علم اپنی کاہلی اور بے فکری سے باز نہیں آتا ہے تو ایسی صورت میں اس کی وہ آزادی جو ڈالٹن طریق تعلیم کے تحت میسر ہے ایک خاص مدت کے واسطے چھین لی جاتی ہے۔ اور اس کو نظام الاوقات کی تحت استاد کی نگرانی میں کام کرنا ہوتا ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ یہ سزا طالب علم کے واسطے نہایت موزوں ہے۔ اس کا یہ زمانہ مثل ایک قیدی کے گزرتا ہے اور جب اس کو اپنی سزا کی مدت ختم کرنے کے بعد پھر آزادی

ملتی ہے تو پھر وہ کبھی ایسی غلطی نہیں کرتا۔

**پسندیدہ مضامین پر زیادہ توجہ۔**

(۳) تیسرا اعتراض اس طریقہ کے خلاف یہ ہے کہ طالب علم اپنے پسندیدہ مضمون پر زیادہ توجہ دیگا بہ مقابلہ ان مضامین کے جن میں اُسے دلچسپی نہیں ہے اور اس کے علاوہ یہ ایک بالکل قدرتی امر ہے کہ طلبہ ان اساتذہ کے کمروں میں زیادہ تعداد میں پہنچنے کی کوشش کریں گے جو اُن کا محبت اور ہمدردی کے ساتھ خیر مقدم کریں گے اور ان کو دوستانہ طریقہ پر مدد دیں گے۔ بہ مقابلہ ان اساتذہ کے جو سخت طبیعت کے ہوتے ہیں۔ اور جن سے طلبہ ڈرتے ہیں۔ یا اُن اساتذہ کے کمروں میں جانے سے بھی پس وپیش کریں گے جن کو اپنے مضامین پر عبور حاصل نہیں ہے۔ لیکن چونکہ طلبہ کو ہر مضمون میں ایک مقررہ کام کرنا ہوتا ہے اور ترسیمات سے برابر اس امر کا پتہ چلتا رہتا ہے کہ ہر طالب علم کا مضمون واری کتنا کام ختم ہو چکا ہے اور کتنا باقی ہے۔ ایسی صورت میں طالب علم کے واسطے اس کا موقع تو نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی کے موافق ایک مضمون میں تو مقررہ کام سے دو چند اور سہ چند کر ڈالے اور دوسرے مضمون میں ہاتھ نہ لگائے۔ جن مدارس میں یہ طریقہ مروج ہے وہاں دیکھا گیا ہے کہ جب طلبہ کسی مضمون میں دلچسپی لینے لگتے ہیں تو وہ اس کی پروا نہیں کرتے کہ کون استاد سخت ہے اور کون نرم کیونکہ وہ کتاب کو اپنا معلم بناتے ہیں اور اسی میں منہمک ہو جاتے ہیں۔

**زیادہ وقت صرف ہونا**

(۴) چوتھا اعتراض یہ ہے کہ اسباق کا کتابوں سے جمع کرنے میں زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔ بہ مقابلہ اس کے کہ استاد اُن کو بتادے اور بعض لڑکوں میں اپنے خیالات کو مجتمع کرنے کی عادت نہیں ہوتی اور اُن کو کتابوں سے واقعات نکالنے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ اور بعض میں یہ صلاحیت نہیں ہوتی کہ وہ ضروری باتیں کتاب سے اخذ کرلیں اور غیر ضروری باتوں کو چھوڑ دیں۔ لیکن ان مشکلات کا حل تمسک ہے۔ اس میں طلبہ کو یہ صاف صاف بتادیا جاتا ہے کہ ان کو کیا پڑھنا ہے اور کیا چھوڑ دینا ہے۔ دوسرے یہ کہ وقتاً فوقتاً اُستاد ان کو ایک جگہ جمع کرکے ضروری ہدایات بھی دیا کرتے ہیں۔ پھر دوران مطالعہ میں ہر وقت ان کی مدد کے واسطے ان کے پاس موجود رہتا ہے۔

(۵)۔ ایک معترض کا اعتراض ہے کہ ہم اس جدید طریقہ کے تحت طلبہ میں یہ عادت

پیدا کرتے ہیں کہ وہ اپنی مرضی کے موافق جو طریق کار چاہیں اختیار کریں۔ اُن کو آزادی رہتی ہے کہ کسی کام کو جب تک اُن کی طبیعت چاہے کریں اور جب گھبرا جائیں تو چھوڑ کر دوسرا کام کریں۔ لیکن آیندہ عملی زندگی میں ان کو اس کے برعکس کرنا پڑے گا یعنی ان کو اپنے فرائض کے انجام دہی میں ایسا طریقہ اختیار کرنا پڑے گا اور اتنا وقت دینا پڑے گا جتنا کہ اس موقع اور محل کے لحاظ سے اس کام کے واسطے ضروری ہوگا۔ ان کی یہ آزادی کہ جو مرضی میں آئے کریں اور جتنا وقت چاہیں صرف کریں ختم ہو جائے گی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا نظام الاوقات کی پابندیوں کے تحت جو تعلیم دی جاتی ہے اس میں یہ خوبی موجود ہے کہ وہ ہمارے بچوں میں صلاحیت پیدا کرتی ہے کہ وہ اپنی آیندہ آنے والی دشواریوں کا کامیابی سے مقابلہ کر سکیں۔ اگر ایسا ہے تو ہم کو اپنے موجودہ طریق تعلیم میں کسی قسم کی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن کم از کم نصف صدی کا تجربہ تو یہ بتا رہا ہے کہ ہمارے طلبہ کو عملی زندگی میں اسکول کی دی ہوئی تربیت سے بہت کم فائدہ ہوتا ہے۔ اگر ہم اپنے لڑکوں کو اس قابل بنانا چاہتے ہیں کہ وہ اپنی زندگی کامیابی سے بسر کر سکیں تو ہم کو ابتدا سے ان کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونا سکھائیں۔ ان کو اس بات کا عادی بنائیں کہ وہ اپنی مشکلات کا حل خود نکال سکیں اور اُن کا نصاب تعلیم ایسا مقرر کریں جس کی فی زمانہ قوم اور ملک کو ضرورت ہو۔ اس میں سے اکثر باتیں ڈالٹن طریق تعلیم کے تحت نہایت خوبی سے تکمیل پا جاتی ہیں۔

---

# پروجکٹ میتھڈ یعنی منصوباتی طریقہ تعلیم

(از سید اللہ بخش صاحب بی۔اے بی ٹی مدرس گارفوقانیہ دارالعلوم)

تعلیم کا اصل مقصد یہی ہے کہ ایک تو بچے کے اندرونی قوے اور جبلتوں کی نشوونما ہو اور دوسرا اس میں ایسی صلاحیت پیدا ہو جائے کہ وہ اپنے ماحول سے اچھی طرح مطابقت پیدا کرلے اسی مقصد کی تکمیل کے لئے موجودہ دور کے ماہرین تعلیم نے متعدد طریقے ایجاد کئے اور نہایت شدومد کے ساتھ اس امر پر زور دیا کہ اصولی وعملی تعلیم ساتھ ساتھ دی جائے۔ اسی اصول کو مدنظر رکھ کر فی زمانہ یورپ اور امریکہ میں اسی قسم کے عملی طریقے رائج ہیں جن میں پروجکٹ میتھڈ یعنی منصوباتی طریقہ تعلیم بھی ہے جو نہایت موثر اور کامیاب ثابت ہوا ہے۔

پروجکٹ کے لغوی معنی منصوبے یا تجویز کے ہیں۔ جس کے ضمن میں ایسی ایسی معلومات بہم پہونچتی ہیں کہ لڑکوں کے لئے تعلیم کا کافی مواد حاصل ہو سکتا ہے۔ حساب، تاریخ، جغرافیہ، مساحت، ادب غرض کہ ہر ایک فن کی تعلیم اسی کے ذریعہ سے دی جاسکتی ہے۔ مثلاً تعمیر مکان کے پروجکٹ کو لیجئے اس کے لئے کن کن چیزوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔ سب سے پہلے محل وقوع دیکھا جاتا ہے جس کے ضمن میں آب وہوا اور اصول حفظ صحت کی بہت سی باتیں ذہن نشین کرائی جاسکتی ہیں پھر دوسری چیزیں قطعہ زمین کی پیمائش اور مکان کی نقشہ کشی ہے جس میں علم حساب، مساحت، ہندسہ ونقشہ کشی کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ تیسری چیز برآورد مصارف کی تیاری ہے جس کے ذریعہ سے علم حساب کی عملی اور مفید تعلیم دی جاسکتی ہے۔ چوتھی چیز سامان اور اشیاء کی فراہمی ہے جس میں مطالعۂ فطرت، معلومات عامہ اور نیز جغرافیہ کی تعلیم کے لئے کافی مواد بہم پہونچ سکتا ہے۔ پانچویں چیز یہ ہے کہ معماروں اور مزدوروں کی اجرت کے حساب کتاب اور مکان میں پتھر اور دری کا فرش کروانے کے ضمن میں رقبہ اور پیمائش کے متعدد سوالات حل کرائے جاسکتے ہیں۔ چھٹی چیز مکان کی چمن بندی ہے جس کے ضمن میں باغ بانی اور نباتات کی تعلیم کا کافی مواد مل سکتا ہے۔ روشن دانوں اور دریچوں کی اہمیت کا اظہار کرتے وقت حفظ صحت کے متعدد اصول طلبہ کے ذہن نشین ہو سکتے ہیں۔ پھر سب سے آخری

چیز جو رہ جاتی ہے مکان کی ارائش ہے جس میں نہ صرف بچوں کی خوش مذاقی، سلیقہ مندی، حسن تربیت، طبیعت کی جدّت و لطافت کا پورا پورا اظہار ہو سکتا ہے۔ بلکہ اسی کے ضمن میں اُن کو مختلف فنون مثلاً معاشرت، سیاست مدن، تاریخ، جغرافیہ، مبادیات سائنس، مطالعۂ فطرت وغیرہ کی تعلیم بخوبی دی جاسکتی ہے۔ اب رہ گئی ادبی تعلیم وہ اس طرح دی جاسکتی ہے کہ طلبہ سے مختلف ممالک کے باشندوں کے طرز ماند و بود کے متعلق ادبی مضامین منتخب کرکے پڑھوائے جائیں اور پھر سوالات کے ذریعہ ان کی کُل معلومات کو ایک مربوط سلسلے میں مرتب کروانے کے بعد ان کو ہدایت کی جائے کہ وہ صاف و سلیس زبان میں مضامین لکھیں اور انہیں مضامین کی اصلاح کے ضمن میں زبان اور قواعد کے بہت سارے نکات بتلائے جاسکتے ہیں اس کے علاوہ تعمیر شدہ مکان پر بھی ہر ایک طالب علم سے مضمون لکھوایا جائے اور اُن کی اصلاح ہر ایک طالب علم کے مواجہ میں کی جائے۔ غرض کہ ایک مکان کی تعمیر کے دوران میں جو کم سے کم چھ ماہ تک جاری رہ سکتی ہے۔ طالب علم کو علوم مروّجہ کی نہ صرف تعلیم دی جاسکتی ہے بلکہ اس میں اس بات کی بھی صلاحیت پیدا کرائی جاسکتی ہے کہ وہ زندگی کے ہر ایک شعبہ میں عمدگی کے ساتھ کام کرسکے اور اپنے ماحول سے بالکلیہ مطابقت پیدا کرلے۔

ماہرین تعلیم کا خیال ہے کہ ہر زمانے میں بہترین دماغ جن کو تعلیمی معاملات سے خاص لگاؤ رہا ہے بچوں کو ایسے کاموں کی جانب اکساتے تھے جن کا مقصد معین ہو اور تعلیمی مباحث کو دلچسپ بنانے اور اُن کو بخوبی ذہن نشین کروانے کی غرض سے عملی شاغل کے ضمن میں علمی مسائل کی تفہیم کروایا کرتے تھے مگر ازمنۂ ماضیہ میں ایسی صورتیں عام نہیں ہوتی تھیں بلکہ جن اساتذہ کو قسام ازل نے درس تدریس کا فطری ملکہ ودیعت کیا تھا۔ وہی ان طریقوں سے کام لیا کرتے تھے۔ مگر فی زمانہ ان عملی طریقہ ہائے تعلیم کی باقاعدہ تدوین و تنظیم ہو چکی ہے اور عام طور پر یہ رواج پا چکے ہیں خصوصاً منصوباتی طریقہ تعلیم اپنی دلچسپیوں اور تنوع کے لحاظ سے ہر جگہ ایک مرغوب طریقہ ثابت ہوا ہے اور تعلیم کے ہر ایک شعبہ میں اس سے کام لیا جارہا ہے۔

سب سے بڑی خوبی اس طریقۂ تعلیم کی یہ ہے کہ اُس میں بچوں کو اس امر کی آزادی حاصل ہوتی ہے کہ وہ اپنے اپنے مذاق اور دل چسپی کے مطابق کوئی منصوبہ منتخب کرلیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اس کام کو نہایت ہی انہماک اور دل چسپی کے ساتھ انجام دیتے ہیں جو طلبہ غبی اور کند ذہن سمجھے جاتے ہیں وہ بھی اس طریقۂ تعلیم کے ذریعہ سے ذہین اور چالاک بن سکتے ہیں۔ جن مدارس میں یہ طریقہ رائج ہے وہاں کا طرز عمل یہ ہے کہ ہفتے میں ایک پروجکٹ پورا کروایا جاتا ہے استاد بچوں سے کہتا ہے کہ وہ ایسے منصوبے منتخب کریں جو ایک ہفتے میں ختم ہوسکیں لڑکے اپنی اپنی

سمجھ اور مذاق اور قوت فیصلہ کے مطابق منصوبے منتخب کر سکتے ہیں لیکن یہ طرز عمل صرف اُنھیں مدارس میں رائج ہے جہاں لڑکے اُس طریقۂ تعلیم سے واقف ہو چکے ہیں اور منصوبہ منتخب کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں مگر اُن مدارس میں جہاں منصوباتی تعلیم پہلے پہل شروع کی جائے مذکورۂ بالا طرز عمل مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ بلکہ خود اساتذہ لڑکوں کے مذاق اور طبیعت کے رجحان کو دیکھ کر منصوبے منتخب کیا کریں تو بہتر ہے۔ بعض مدارس میں جہاں طلبہ کو اُستادوں سے سوالات کرنے اور اپنی اپنی پسند کے مطابق منصوبے منتخب کرنے کی آزادی حاصل ہے وہاں ایسے ایسے مختلف و متضاد منصوبے پیش کئے جاتے ہیں کہ مدرس کا دماغ پریشان ہو جاتا ہے۔ مثلاً ایک لڑکا ڈرامہ میں حصہ لینا چاہتا ہے تو دوسرا کسی کھیل کی تجویز پیش کرتا ہے اور بعض لڑکے سیر و تفریح کا منصوبہ پیش کرتے ہیں یا کوئی نئے قسم کی دستکاری شروع کرنا چاہتے ہیں جب صورت حالات ایسی ہو تو مدرس کو کرنا یہ چاہیئے کہ ان منصوبوں میں سے جو اس کے خیال میں اچھا معلوم ہو اُسی کے انتخاب میں لڑکوں کی مدد اور رہنمائی کرے۔

وہی مدرس نہایت قابل، کار داں اور تجربہ کار سمجھا جائے گا جو نہایت دل دہی کے ساتھ کاروبار میں بچوں کی رہنمائی کرے۔ شروع شروع میں استاد کی زیادہ ضرورت پڑتی ہے۔ لیکن رفتہ رفتہ یہ ضرورت کم ہوتی جاتی ہے پھر بھی اس بات کا ضرور لحاظ رکھا جائے کہ لڑکے بالکلیہ آزادانہ چھوڑ دیئے جائیں اور ان کی مصروفیت ایسی ہو کہ جو وقت اور کوشش صرف ہو بیکار نہ جائے چنانچہ مدرس کا یہی فرض ہے کہ وہ ایسے ہی مفید انتخابات میں لڑکوں کی رہنمائی کرے اور جہاں ضرورت لاحق ہو اپنی صوابدید سے منصوبوں کا انتخاب کرے۔ مدرس کا یہ بھی فرض ہے کہ جہاں اس کو یہ محسوس ہو کہ بچے کام سے جی ہارنے لگے ہیں یا اُن کی دلچسپی کم ہو چلی ہے تو اُن کی مدد کرے اور جب کام ختم ہو جائے تو اس کے نقائص و محاسن کے جانچنے اور سمجھنے میں اُن کی رہنمائی کرے۔

**منصوبوں کے اقسام** یوں تو منصوبے کئی شقوں پر منقسم ہو سکتے ہیں لیکن عام طور پر اس کی دو شقیں قرار دی جا سکتی ہیں یعنی چھوٹے اور بڑے۔ بڑے منصوبے سے وہ منصوبہ مراد ہے جس کی انجام دہی میں جماعت ختم میقات یا سال بھر مشغول رہ سکے۔ مکان کا منصوبہ جس کا ذکر بطور تمثیل اوپر کیا گیا ہے اسی قبیل کا ہے۔ بڑا منصوبہ کئی چھوٹے چھوٹے منصوبوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ماہرین تعلیم کا خیال ہے کہ بڑے منصوبوں میں کثیر مصارف ہوتے ہیں۔ اس لئے بجز اُن اساتذہ کے جو منصوباتی تعلیم کا اچھا خاصہ تجربہ رکھتے ہیں اور خاص طور پر اس صنف میں تربیت

حاصل کر چکے ہیں کوئی دوسرا مدرس ہرگز اس سے کام نہ لے۔

چھوٹے منصوبوں سے وہ منصوبے مراد ہیں جن کی مدت ایک دن سے لیکر ایک مہینے تک ہوسکتی ہے۔ البتہ وہ مدرسین جو زیادہ تجربہ کار نہ ہوں اس قسم کے چھوٹے منصوبوں کا تجربہ کرنے کی جرات کریں تو کوئی ہرج کی بات نہیں۔

کیا یہ ممکن ہے کہ وہ تمام نصاب تعلیم جو سال بھر کے لئے مقرر کیا گیا ہے ایک بڑے منصوبے کے تحت لایا جاسکتا ہے۔ اس کا یہی جواب ہوگا کہ بالفرض یہ بات ممکن بھی ہو تو اس پر عمل کرنا کسی طرح مناسب نہیں معلوم ہوتا کیونکہ سال بھر کے نصاب کو منصوبے کے ذریعہ سے ختم کروانے میں ایک تو بہت کچھ تکلیف اور آورد سے کام لینا ہوگا دوسرا جو چیز کم وقت میں آسانی کے ساتھ حاصل ہوسکتی ہے وہ زیادہ دیر میں اور بہت کچھ ہیر پھیر کے بعد حاصل ہوگی۔ جن مضامین میں اس قسم کی صلاحیت موجود ہو کہ بلا تکلیف منصوباتی تعلیم کے سانچے میں ڈھل سکیں ڈھال لئے جائیں لیکن ہرگز اس امر کی کوشش نہ کی جائے کہ نصاب مقررہ کا ہر ایک مضمون منصوباتی طریقے کے ذریعہ پڑھایا جائے۔

منصوباتی طریقہ تعلیم میں مصارف کا سوال بھی اہمیت رکھتا ہے۔ کیونکہ اکثر اصحاب محض اس خیال سے کہ منصوباتی طریقہ میں مصارف زیادہ ہوتے ہیں اس سے گریز کرتے ہیں لیکن فی الحقیقت منصوباتی تعلیم بہت کم مصارف میں انجام پاسکتی ہے۔ مثلاً اگر کسی دیہاتی مدرسہ میں غیر ملکی کھلونوں، رنگوں اور آلات و اوزار سے کام لیا جاتا ہے تو یہ بہت بڑی غلطی ہے کیونکہ یہ سب چیزیں ایسی ہیں جن کو دیہاتی ماحول سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ تو وہی مثل ہے کہ رہیں جھونپڑیوں میں اور خواب دیکھیں محلوں کا اس کا یہ مطلب ہے کہ مدرسہ بچوں کو دیہاتی زندگی کی ضروریات کے مطابق تعلیم نہیں دیتا بلکہ اُن کو اس سے بالکل الگ تھلگ رکھتا ہے۔ ایک دیہاتی مدرسہ میں جو منصوباتی طریقہ پر چلایا جارہا ہو صرف انہیں اشیاء سے کام لیا جائے جو کہ اسی ماحول میں قدرتاً فراہم ہوسکتی ہیں چکنی مٹی، پتھر، روئی، سن، بیج، گھونگے، کنکر، جھاڑو کی کاڑیاں وغیرہ نقاشی کے کام میں معمولی رنگوں یا کوئلے یا گھر کی بنی ہوئی سیاہی سے کام لیا جاسکتا ہے اور نقاشی کے نمونوں کے طور پر وہی پھول پتے استعمال کئے جائیں جو آس پاس پیدا ہوتے ہیں۔ شہری مدارس میں بھی علاوہ ہذا مندرجۂ ذیل اشیاء استعمال کی جائیں جن کو لوگ بے کار سمجھ کر ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتے ہیں مثلاً مکھن کے خالی شدہ ڈبے، دھاگے کی خالی شدہ چرخیاں،

ردی کاغذ اور مقوّے بھلّی جو کتابوں پر چڑھائی جاتی ہے اس کے علاوہ اور بہت سی چیزیں جو ردّی کے ٹوکرے کی نظر کر دی جاتی ہیں اس مقصد کے لئے کام میں لائی جا سکتی ہیں۔

کسی درس گاہ میں منصوباتی طریقہ کے رائج کرنے سے قبل اس امر کا بھی ضرور خیال رکھا جائے کہ وہاں ایسے مدرسین موجود ہوں جو اس خصوص میں تربیت حاصل کر چکے ہیں یا کافی طور پر اس کی معلومات رکھتے ہیں محض ایک یا دو سال کسی تربیتی درس گاہ میں تعلیم پانے سے کوئی مدرس جدید طریقوں کو کامیابی کے ساتھ چلانے کا اہل نہیں بن سکتا بلکہ اس کے لئے فن تعلیم سے فطری مناسبت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ محض نقالی کام نہیں دے سکتی بلکہ اجتہادی صلاحیت کا ہونا بھی لازمی امر ہے۔ انہیں وجوہ کی بنا پر مدرسین کے کام کی نگرانی ضروری و لابدی چیز ہے صدر مدرس کا فرض ہے کہ اس خصوص میں وقت بہ وقت مدرسین کے کام کا نہ صرف معائنہ کیا کرے بلکہ اُن کو مدد اور مشورہ بھی دیا کرے۔ بعض اُن اساتذہ سے جو منصوباتی تعلیم میں خاص طور پر مہارت رکھتے ہیں درخواست کی جائے کہ وہ بھی مدرسین کے کام کا معاینہ کریں اور مفید مشورے دیں۔ جو مدرسین تربیت یافتہ ہیں وہ اپنا تعلق تربیتی درس گاہ سے بالکلیہ منقطع نہ کریں بلکہ وقت بوقت وہاں سے تازہ معلومات حاصل کرتے رہیں الغرض جب تک کامل نگرانی اور مدد نہ کی جائے معمولی مدرسین کا کام اصلاح نہیں پا سکتا۔

اس مختصر تمہید کے بعد ہم تمثیل کے طور پر گودھرا انسٹیٹوشن کے کچھ حالات قارئین کرام کے روبرو پیش کرتے ہیں جہاں منصوباتی طریقہ پر تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے۔

گودھرا انسٹیٹوشن تین مدارس پر منقسم ہے، پہلا مدرسۂ تحتانیہ ہے جہاں جماعت چہارم تک تعلیم ہوتی ہے، دوسرا مدرسہ نسوان ہے، جہاں لڑکیوں کو ورناکیولر فائنل (مڈل) تک تعلیم دی جاتی ہے۔ تیسری تربیتی درس گاہ ہے جس میں مدارس تحتانیہ و وسطانیہ میں تعلیم دینے والے مدرسین فن تعلیم کی تربیت حاصل کرتے ہیں ان تینوں مدارس میں سرکاری مروجہ نصاب تعلیم اور قواعد ضوابط کی پابندی کی جاتی ہے۔ مدرسہ کا معائنہ بھی سرکار کی جانب سے ہوتا ہے اور امتحانات کا انتظام بھی سرکار ہی کرتی ہے۔ اسی انسٹیٹوشن میں بہت سے چھوٹے چھوٹے منصوبوں یا بہ الفاظ دیگر مشاغل ( Activities ) کے تجربات کروائے گئے ہیں۔ اسی خاطر بعض منصوبے خاص خاص مباحث کے سلسلہ میں

اور بعض بالکل علیحدہ طور پر انجام دیئے گئے ہیں لیکن ان تمام منصوبوں میں جو خیال مرکوز ہے۔ وہ یہی ہے کہ بچوں کے ذاتی تجربہ میں اضافہ ہو قابل ستائش بات تو یہ ہے کہ سرکاری کوڈ (Code)، کے اکثر مضامین کی تعلیم انہیں منصوبوں کی وساطت سے تکمیل کو پہونچی ہے چنانچہ منصوبہ باغ بانی جو ہر ایک جماعت کے لئے مقرر ہے سال بھر تک جاری رہتا ہے اور سرکاری مروجہ نصاب تعلیم کے ہر مضمون کے کچھ نہ کچھ حصہ کی تعلیم اسی کی وساطت سے دی جاتی ہے باغ بانی کے سوا دوسرے منصوبے محدود پیمانہ پر رکھے گئے ہیں جن کی مدت چند یوم یا چند ہفتوں سے بڑھ کر نہیں ہوتی۔ ہم ذیل میں اسی درس گاہ کے رائج شدہ چند منصوبے مثال کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ جن کو پڑھ کر مدرسین بہت کچھ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

**(۱) طوطے کا منصوبہ** جماعت اول کے بچے اپنے طوطے کی نگہداشت نہایت ہی شوق سے کرتے ہیں یہ طوطا ان کے لئے نہ صرف ایک جی بہلانے کا ذریعہ ہے بلکہ مطالعہ فطرت کے سرکاری نصاب کا ایک بڑا جز بھی اسی کی وساطت سے انجام کو پہونچتا ہے۔ بچے طوطے کے متعلق اپنی ذات سے کہانیاں بناتے اور اس کی غذا، عادات اور شکل وصورت کو اپنے ذاتی مشاہدے کی بنا پر بیان کرتے ہیں۔ زبانی مضمون میں یہ طوطا ان کی بڑی مدد کرتا ہے کیونکہ اسی کو پیش نظر رکھ کر بچے زبانی مضمون کے سبق نہایت دلچسپی اور انہماک سے سنتے ہیں، چکنی مٹی سے طوطے کا نمونہ بناتے اور اس پر رنگ چڑھاتے ہیں اور اس گیت کو جو مدرس نے طوطے کی نسبت بنا دیا ہے شوق سے گایا کرتے ہیں۔ ہفتے کے ہر آخری دن اس کو اپنے اقامت خانے کے باغ میں لے جا کر خوب ہنستے، کھیلتے، گاتے ہیں اور باغ سے پھل توڑ توڑ کر کھاتے اور اُسے بھی کھلاتے ہیں غرض کہ یہ طوطا ان کے لئے گوناگوں مسرتوں کا باعث ثابت ہوتا ہے۔

**(۲) توراۃ کا منصوبہ** بچے حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے قصے کا پورا مرقع اپنے سینڈ ٹیبل (ریگ دار میز) پر بناتے ہیں۔ شیشے کے ٹکڑوں کو نیلے کاغذ پر جما کر ندی بتلائی جاتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی ٹہنیوں پر کاغذ کے پتے چپکا کر درخت بتلائے جاتے ہیں۔ ردی مقوے کو کاٹ چھانٹ کر ملک کی شبیہہ بنائی جاتی ہے۔ جس کا تاج اس روپہلی کاغذ سے جگمگ جگمگ کرتا نظر آتا ہے، جو کار بالک صابون، پر لپیٹا جاتا ہے۔ موسیٰ علیہ السّلام

کے عالم شیر خوارگی کا نمونہ چکنی مٹی سے بنایا جاتا ہے اور جس ٹوکرے میں یہ شیر خوار چھپایا گیا تھا۔ اس کو بچے خود گھاس سے بُن کر تیار کرتے ہیں۔ اس طریقے سے حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا قصہ بچوں کے ذہن نشین ہو جاتا ہے اور محض اس مرقع کے مشاہدے کی بنا پر وہ پوری کی پوری کہانی نہایت روانی کے ساتھ کہہ سکتے ہیں۔

**(۳) گڑیا کا منصوبہ** پہلی جماعت میں سب سے زیادہ مقبول و مرغوب گڑیا کا منصوبہ ہے۔ ہر لڑکی کو مدرسہ میں شریک ہوتے ہی ایک ایک گڑیا دیدی جاتی ہے جس کو وہ جماعت سوم کے آخر تک یعنی تین سال اپنے پاس رکھتی اور اُس کی وساطت سے بڑی بڑی دل چسپ باتیں سیکھتی ہیں۔ جب کوئی طویل تعطیل ہوتی ہے تو لڑکیاں اپنی گڑیا کو بھی گھر لے جاتی ہیں اور رنگ برنگ کے کپڑوں کے ٹکڑوں سے جو کتربیوت کے بعد بیکار سمجھ کر پھینک دئے جاتے ہیں ان کے لئے لباس تیار کر کے لاتی ہیں۔ پہلی جماعت میں ایک بڑی گڑیا بھی ہوتی ہے جس کے صدریہ اور دامن اور ساڑی کی قور کی سلائی کا کام مروجہ نصاب کے مطابق لڑکیوں ہی سے پورا کروایا جاتا ہے لڑکیاں اپنی گڑیوں کے لئے ٹوٹی ہوئی سلیٹوں کے چوکھٹوں سے اچھے اچھے پلنگ بھی بناتی ہیں، جن کے پایوں میں دھاگے کی چرخیاں لگائی جاتی ہیں۔ اگر چوکھٹے نہ مل سکیں تو لکڑی کے ٹکڑوں کو کیلوں سے جوڑ کر پلنگ بنا لیتی ہیں ان کی رنگائی کے لئے معمولی بازار کا رنگ استعمال کیا جاتا ہے اور نوار کے بدلے سُتلی کام میں لائی جاتی ہے۔ جب پلنگ تیار ہو چکتا ہے تو بستر اچادریں اور تکیے بھی تیار کئے جاتے ہیں۔ غرض کہ لڑکیوں کو امور خانہ داری کی خوب تربیت ہوتی ہے گڑیاں ان کی مدت کی زندگی کا اصلی جزو ہوتی ہیں اور ان کی تمام مصروفیتوں یعنے کھیلوں، گیتوں میں دخیل نظر آتی ہیں۔ حفظ صحت کے سبق کے ضمن میں لڑکیوں نے گڑیوں سے جو ڈرامہ کروایا وہ دل چسپی سے خالی نہیں مثلاً ننھی گڑیا یک بیک بیمار ہو جاتی اور دوا پینے سے انکار کرتی ہے۔ یہاں تک کہ بخار بہت تیز ہو جاتا ہے جو اُس کے گالوں کی تمتماہٹ سے ظاہر ہونے لگتا ہے۔ لہذا لڑکیوں سے ایک لڑکی ڈاکٹر بنتی اور بیمار بچی کی صحت کی نگہ داشت کے متعلق عمدہ عمدہ ہدائتیں دیتی ہے۔ غرض کہ گڑیا کے منصوبے کے تحت نصاب مقررہ کی بہت سی چیزوں کی تعلیم دی جا سکتی ہے۔

**بھیل گھر کا منصوبہ** گودرا کے اطراف واکناف میں بھیلوں کے مکان ہیں ایک روز مقامی جغرافیہ کی تعلیم کے ضمن میں قدیم اور اصلی باشندوں کے مشاہدے کی غرض سے جماعت دوم کے لڑکوں اور لڑکیوں کو بھیلوں کے مکان دکھائے گئے۔ یہ منصوبہ دو حصوں پر منقسم تھا پہلا حصہ یہ تھا کہ سیانڈ ٹیبل (ریگ دار میز) پر بھیل کے مکان کا نمونہ بنایا جائے اور دوسرا حصہ یہ تھا کہ بچے اس معلومات کو جو بھیلوں کے متعلق وہ فراہم کریں اپنی جماعتی بیاض میں قلم بند کرتے جائیں اور حسب موقع وضرورت نقشے اور تصاویر بھی بنائیں۔ ریگ دار میز کا سارا کام زیادہ تر ردّی سامان سے کروایا گیا تھا اور اساتذہ اور طلبہ دونوں نے اس کو نہایت نفاست اور ہنرمندی سے انجام دیا تھا۔ مکان کی تعمیر میں مٹی اور بانس سے کام لیا گیا تھا اور چھت چھوٹی چھوٹی چٹائیوں اور پھوس سے بنائی گئی تھی۔ پکانے اور کھانے پینے کے برتن چکنی مٹی سے بنائے گئے تھے اور اناج رکھنے کی ٹوکریاں گھانس سے بُنی گئی تھیں۔ چکنی مٹی کے بیل گھانس، غلے یا لکڑی سے لدی ہوئی گاڑیوں کو جو لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں اور تیلیوں سے بنائی گئی تھیں اور جن کے پہیے دھاگے کی خالی شدہ چرخیوں سے بنائے گئے تھے کھینچے لئے جا رہے تھے۔ گھر کے صحن میں مٹکے یا چکنی مٹی سے بنے ہوئے مویشی کھونٹیوں سے بندھے ہوئے تھے۔ نیز ادھر ادھر پڑے ہوئے لکڑی کے ٹکڑوں کو چُن کر ہل بنائے گئے تھے اور دیگر آلات واوزار کے بنانے میں وہ ٹین استعمال کیا گیا تھا جو بسکٹ کے ڈبوں پر لپیٹا جاتا ہے۔

اس بھیل گھر کے منصوبے سے جو مفید اور نتیجہ خیز باتیں بچوں کو حاصل ہوئیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں:۔

(۱) ریگ دار میز اور بیاضی معلومات کی تیاری میں بچوں کا اتحادِ عمل سے کام کرنا۔

(۲) معلومات فراہم کرنا اور پھر آپس میں ایک دوسرے کی معلومات سے استفادہ کرکے اپنی معلومات میں اضافہ کرنا۔

(۳) بھیلوں کے عادات واطوار اور رسوم کے متعلق معتد بہ معلومات حاصل کرنا اور پھر اپنے عادات ورسوم کا اُن سے مقابلہ کرکے مماثلت اور فرق معلوم کرنا۔

(۴) بھیلوں کے باہمی دوستانہ اور ہمدردانہ سلوک اور نیز کاروبار زندگی میں اُن کے صبر و تحمل اور جفاکشی کو دیکھ کر بہت سی سبق آموز باتوں کا حاصل کرنا۔

(۵) بھیلوں کی طرز معاشرت سے اس امر کی واقفیت حاصل کرنا کہ ابتدائی زمانہ کے لوگ کس طرح مکانات بناتے اور اپنی مویشیوں کی رکھوالی اور خبر گیری کیا کرتے تھے اور بڑھیوں، معماروں اور دیگر کاریگروں کی مدد کے بغیر اپنی زندگی بسر کرتے تھے۔ نیز اس بات کا معلوم کرنا کہ بھیلوں کے مکانات اُن کے معاشرتی اور اقتصادی حالت سے کس حد تک مطابقت رکھتے ہیں۔

(۶) آخر میں اس مقام کے تاریخی حالات سے واقفیت حاصل کرنا جہاں یہ قبیلہ قدیم زمانہ میں بود و باش رکھتا تھا۔

(باقی دارد)

---

# جان لاک

(مولوی حبیب احمد صاحب فاروقی بی۔ اے۔ ڈپ، ایڈ مددگار عثمانیہ سنٹرل ٹیکنکل انسٹیٹوٹ)

یوں تو انگلستان نے کئی تعلیمی مصلح پیدا کئے مگر لاک کی طرح سارے یورپ میں شہرت و مقبولیت کسی نے حاصل نہیں کی۔ فن تعلیم پر براعظم میں کوئی کتاب مکمل تصور نہیں کی جاتی۔ جب تک اس میں مشہور انگریز تعلیمی مصلح جان لاک کا ذکر نہ ہو۔ ایک جرمنی ماہر تعلیم نے جان لاک کی اہمیت اس طرح ظاہر کی ہے کہ دنیا کی تاریخ تعلیم میں لاک کو ہمیشہ ایسا وقیع مرتبہ حاصل رہے گا جیسا کہ تاریخ عالم میں یورپی اقوام کو حاصل ہے۔ یہ بلند پایہ مصلح تعلیم ۱۶۳۲ء میں سومرسٹ کے قریب ایک قصبے میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ ایک خوش حال شریف انگریز تھا۔ اس کا خاندان اپنی خوش حالی اور وجاہت کی وجہ سے وقعت کی نظروں سے دیکھا جاتا تھا اور وہ تمام روایات و رواجات کا حامل تھا جن کو انگریز متوسطین اب بھی ملحوظ رکھتے ہیں۔ لاک کی ابتدائی تعلیم ایک پیورٹن پادری کے

تفویض رہی۔ اس کے بعد وہ "ویسٹ منسٹر" میں داخل ہوا جو انگلستان کا ایک مشہور و معروف مدرسہ ہے۔ مدرسے کی تعلیم سے فارغ ہوا تو کرائسٹ چرچ کالج میں شریک ہوا۔ اس نے ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی اور اس کے بعد ایم۔ بی کی وقیع ڈگری بھی لی۔ تعلیم کی تکمیل کے بعد جامعہ آکسفورڈ ہی کے ایک کُلیے کا ٹیوٹر مقرر ہوا اور پھر جامعی پروفیسر بنایا گیا۔ اس کے بعد لاک سرکاری ملازمت میں داخل ہوا، چنانچہ ۱۶۹۵ء سے ۱۷۰۴ء تک وہ کمشنر تجارت و نوآبادیات رہا۔ ۱۶۸۹ء ہی سے وہ کمشنر اپیلز تھا۔ اس طرح آخری زمانے میں اُس نے دو ممتاز عہدوں کو انجام دیا۔

۱۶۹۳ء سے ۱۶۹۷ء کا زمانہ ہماری نقطہ نظر سے، لاک کی زندگی کا اہم زمانہ ہے۔ کیوں کہ اسی زمانہ میں لاک کے تین مشہور و معروف تصانیف لکھے گئے تھے۔ اس کی پہلی تصنیف (Some thoughts Concerning Education) ہے۔ جس میں اس نے اپنے تعلیمی خیالات ظاہر کئے ہیں۔ شافٹسبری کے پہلے نواب نے لاک کو اپنے پوتے کے لئے بحیثیت اتالیق کے مقرر کیا تھا۔ اس دور میں جو تجربے حاصل ہوئے اُن کا بھی اس تصنیف پر اثر پایا جاتا ہے۔ مگر صرف اس تصنیف سے لاک کے تمام خیالات کا پورا اور صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا۔ لاک نے یہ کتاب اپنے ایک دوست کے لڑکے کی تعلیم میں مدد دینے کے لئے لکھی تھی۔ وہ بیان کرتا ہے کہ بچوں کے لئے مدرسے کی تعلیم مفید نہیں ہوتی، اتالیق کے ذریعے تعلیم ہونی چاہیے۔ پھر وہ اتالیق کے متعلق تفصیل سے بحث کرتا ہے اور رائے ظاہر کرتا ہے کہ اتالیق نہایت مہذب شائستہ اور لائق فرد اور حتی الامکان اسی طبقے اور درجے کا ہو جس طبقہ کا بچہ ہے۔

اس کی اور دو تصانیف (On Human understanding) اور (On the conduct of understanding) (جو لاک کے بعد شائع ہوئے) اہم ہیں۔ ان میں اس نے اپنے خیالات کے اصول اور اُن کا فلسفہ بیان کیا ہے۔ اس میں وہ یہ بھی بیان کرتا ہے کہ تعلیم از دیاد معلومات کے لئے نہ دی جائے بلکہ اس لئے کہ اس سے ذہنی نشو و نما ہو۔

ان کے علاوہ لاک کی اور بھی تصانیف ہیں جن میں خصوصاً سیاسیات سے بحث کی گئی ہے۔ چونکہ تعلیمی خیالات سے ان میں بحث نہیں کی گئی ہے اس لئے وہ ہمارے لئے

زیادہ اہم نہیں ہے۔

لاک ایک آزاد خیال آدمی تھا۔ مدرسۂ وسٹ منسٹر ہی میں اس کے استاد بُش بی (Bushby) کی آزاد خیالی کا اثر پڑا تھا۔ ڈیکارٹ کے تصانیف بھی اس کی نظر سے گذریں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اس کی ہر تحریر میں آزادی کا انداز پاتے ہیں۔ مثلاً اس زمانہ کے قدیم خیال (Divine right of kingship) کا وہ قائل نہ تھا اور بادشاہت کی بجائے اُس نے آئینی حکومت کو فوقیت دی۔ یہی حال اس کا تعلیمی مسائل میں بھی ہے۔ وہ اپنے مقلدین رُوسو وغیرہ کی طرح اپنے زمانے کے خیالات کو بغیر تنقید کے قبول کرنے سے انکار کرتا تھا۔ وہ مروجہ اور قدیم خیالات کو عقل کی کسوٹی پر پرکھنے سے پہلے قبول کرنا غلطی سمجھتا تھا۔ صداقت ہمیشہ لاک کا مطمح نظر رہی ہے۔ اور اس کا خیال تھا کہ عقل کی رہبری ہی سے صداقت تک رسائی یقینی ہو سکتی ہے۔ اس کا خیال ہے کہ ہمارے تعصبات اور مروجہ خیالات ہم کو صداقت تک پہونچنے سے باز رکھتے ہیں۔ اس لئے ہم ان قدیم چیزوں کا لحاظ نہ کریں اور ہر خیال کی تنقید کر کے عقل کی رہبری میں صداقت تک رسائی حاصل کریں۔ عقل کی رہبری پر اس کو کامل اعتماد ہے اور اس کو یقین ہے کہ اس طرح پر عمل کرنے سے انسان بھٹکنے سے محفوظ رہتا ہے۔ اس ایقان میں اس کو غلو ہو گیا ہے۔ چنانچہ وہ کہتا ہے کہ اگر ایمانداری کے ساتھ مسائل پر معقول غور و خوض کیا جائے تو اختلاف پیدا ہی نہیں ہو سکتا۔ صداقت کی تلاش اور عقل کی رہبری پر اعتماد یہ دو، لاک کے خصوصیات ہیں۔

لاک کے تعلیمی خیالات دوسرے مصلحین تعلیم سے مختلف تھے، جو اس سے پہلے گذرے ہیں۔ وہ یہ کہتا ہے کہ تعلیم کا مقصد ذہنی نشو و نما ہے نہ کہ اضافۂ معلومات۔ نیز مُروجہ تعلیم میں طلبہ کو جو معلومات حاصل ہوتی ہیں وہ مفید نہیں ہوتیں کیوں کہ طلبہ ان خیالات کو اساتذہ سے سن کر یاد کر لیتے ہیں۔ ان پر غور و خوض کر کے جذب نہیں کرتے۔ اس کی رائے میں صرف وہی علم پختہ ہے جو اپنے حواس کی مدد اور ذاتی غور و خوض سے حاصل ہوا ہو۔ اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ بچپن میں ذہن اس قدر پختہ نہیں ہوتا کہ خیالات پر اس طرح غور و خوض کرے۔ پھر اس زمانے میں کس قسم کی تعلیم دی جانی چاہئے؟ لاک کا خیال ہے کہ بچپن میں صرف جسمانی تربیت کا بطور خاص اہتمام کیا جائے اور دوسرے یہ کہ بچوں میں اچھے عادات پیدا کئے جائیں۔ اس باب میں بھی لاک کے خیالات اور دل

سے مختلف ہیں۔

بچے کے متعلق اس کا خیال ہے کہ اس کا ذہن ایک معرّا کاغذ کے مثل ہے یا بالفاظ دیگر موم کی طرح ہے اور وہ جس طرح چاہیں موڑا جا سکتا ہے۔ مگر لاک کا یہ خیال دوسرے ماہرین تعلیم سے بالکل مختلف ہے۔ چنانچہ کمینیس کا خیال ہے کہ فطرت نے ہم میں علم، نیکی اور پرہیزگاری کی صلاحیت رکھی ہے۔ تعلیم کی غایت یہ ہے کہ ان میں زیادتی اور پختگی پیدا کرے" لاک نے ہمیں بتلایا ہے کہ بچے کی تعلیم وہی قابل لحاظ ہے جو وہ خود اپنے حواس اور عقل کی مدد سے حاصل کرے، اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ایک (Sense Realist) کی طرح تجربے اور مشاہدے پر زور دیتا ہے۔ لاک میں اس کے علاوہ Humanistic Realism بھی پایا جاتا ہے۔ مثلاً وہ یونانی السنہ کو کلچرل فوائد کے خیال سے شامل نصاب کرنے کی سفارش کرتا تھا۔ کیوں کہ اس کا خیال تھا کہ شرفا زادے یونانی تعلیم کے ذریعہ تہذیب و شائستگی حاصل کر سکیں گے۔ مگر وہ لاطینی زبان کی تحصیل کو غیر ضروری قرار دیتا ہے۔ بہر حال قدیم زبانوں کی تحصیل کی سفارش بھی اس لئے کی ہے کہ اس سے اہم اور مفید نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ لاک ( Socialistic Realist ) بھی تھا۔ تعلیم میں وہ ایسے مصروفیات اور مشاغل کی سفارش کرتا ہے جس سے طلبہ آگے چل کر عملی، سماجی اور سیاسی زندگی میں کامیاب طور پر حصہ لے سکیں۔ مثلاً وہ زمانۂ تعلیم میں سیر و سیاحت کو بھی ضروری خیال کرتا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ سیر و سیاحت ۱۶ سال سے پہلے کی جائے۔ کیوں کہ اس زمانے میں طلبہ غیر زبان آسانی سے سیکھ سکتے ہیں۔ یا ۲۱ سال کے بعد جب طلبہ اس قابل ہوں گے کہ وہ بیرون ممالک کے حالات پر غور کر سکیں۔ ۱۶ سے ۲۱ سال کا زمانہ وطن ہی میں رہ کر حصول علم میں گذارنا چاہئے۔ لاک کی رائے میں یہ زمانہ سیر و سیاحت کے لئے مفید نہیں۔ اس کے خیالات پر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان میں مانٹین، ملٹن، بیکن، راٹکے اور کمینیس کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ مثلاً مانٹین نے بھی سیر و سیاحت کو طلبہ کے لئے ضروری قرار دیا ہے گو اس نے عمر کی کوئی قید نہیں عائد کی دوسری چیز جس میں ہم لاک کو مانٹین کا ہم خیال پاتے ہیں وہ نصاب تعلیمی سے متعلق ہے، دونوں، عمرانی علوم کو زور دیتے تھے مثلاً سیاسیات، تاریخ اور قانون جس میں بین الاقوامی قانون

بھی شامل ہو۔

قدیم ادبی تعلیم کے متعلق لاک کے خیالات پر ملٹن کا اثر پایا جاتا ہے۔ دونوں قدیم کلچر کو پسند کرتے تھے اور دونوں کا خیال یہ تھا کہ یونانی السنہ جاننے سے مقصد یہ نہیں کہ طلبہ میں مشق پیدا کی جائے بلکہ یہ کہ قدیم تمدن سے واقف ہو کر اپنے زبان کے حالات میں مناسب اصلاحات کی جائیں۔ اس طرح لاک اور ملٹن دونوں یہ چاہتے تھے کہ ایسے خیالات و معلومات حاصل کرنے چاہئیں جو ہماری زندگی میں کام آئیں۔

کمینیس کی طرح لاک بھی وسیع بنیاد پر تعلیم دینے کا حامی تھا۔ اور دونوں دوران تعلیم میں مشاہدات و تجربات پر زیادہ زور دیتے تھے۔ ان کے خیال میں حواس کی تربیت اہم تھی۔ نصاب تعلیمی میں بھی ان میں ہم خیالی پائی جاتی ہے۔ مثلاً دونوں نیچر اسٹڈی پر زور دیتے ہیں گو اس باب میں لاک کے خیالات کمینیس کی طرح واضح اور صاف نہیں ہیں۔ طریق تعلیم میں بھی دونوں اس حد تک متفق ہیں کہ تدریس دل چسپ ہو اور ضبط ایسا ہو کہ اس میں نرمی اور صلاحیت پائی جائے۔

سب سے بڑی خدمت جو لاک نے کی وہ یہ تھی کہ سترہویں صدی میں اس نے موضوعی تربیت کے نظرئے کی بنا ڈالی۔ اس نظرئے کا تعلق اس کے فلسفے سے بھی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ بچے کا ذہن بالکل ایک معرا کاغذ کی طرح خالی ہوتا ہے جس پر تجربے اور مشاہدے کے اثرات حواس کے ذریعے ہوتے ہیں۔ جب ذہن میں خیالات آجائیں تو اُن کے صحت اور خوبی کی جانچ ضروری ہو جاتی ہے۔ اُن میں امتیاز محسوس کرنے کے لئے مشق اور تربیت درکار ہے۔ کیونکہ اُس کی رائے میں وہی آدمی اچھے اور معقول امتیازات کر سکے گا جس نے مشق بہم پہنچائی ہو اب رہا یہ سوال کہ یہ ذہنی تربیت اور مشق کس طرح بہم پہونچائی جائے تو اُس کے لئے لاک ریاضی کی تحصیل پر زور دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ریاضی کی تعلیم سے ان کو بڑے عالم ریاضی بنانا مقصود نہیں بلکہ ان میں معقول ذہنیت پیدا کرنا ہے۔ جس سے وہ دوسرے امور میں بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اسی طرح بہت سے ( Sciences ) کے اکتساب پر بھی زور دیتا ہے۔ تاکہ وسیع نظر اور امتیازی قوت پیدا ہو سکے جو طلبہ کی ذہنی تربیت کا باعث ہو۔

اخلاقی تربیت کے متعلق وہ کہتا ہے کہ انسان غلط اور مضر خیالات کو عقل

کی رہبری سے روک سکتا ہے۔ مگر اس کے لئے مشق کی ضرورت ہے۔ اس لئے ابتدا ہی سے اپنے نفس پر قابو حاصل کرنے کی تعلیم پر زور دینا چاہئے۔

جسمانی تربیت کے لئے وہ سفارش کرتا ہے کہ بچے کو سختیاں برداشت کرنے کا عادی بنانا چاہئے۔ اس پر بے ضرورت لباس لادنے اور جسم کو حساس بنانے سے پرہیز کیا جائے بچھونا بہت نرم نہ ہو اور اس کو دھوپ میں کھیلنے کی اجازت ہو۔ اس طرح لاک کے تعلیمی خیالات میں جو اصول ساری نظر آتا ہے وہ تربیت ( Disc ipline ) ہے۔ ذہنی تربیت کے لئے وہ ریاضی اور دوسرے سائنسوں کی تحصیل پر زور دیتا ہے۔ اخلاقی تربیت کے لئے عقل کی رہبری پر اور جسمانی تربیت کے لئے سختیاں برداشت کرنے کی ( Hardening Process ) سفارش کرتا ہے۔

اس طرح لاک موضوعی تربیت کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔ جس کے رو سے بعض مضامین کی تحصیل سے ایک عام ذہنی تربیت ہوتی ہے اور اس سے دوسرے تمام مضامین کے حصول میں مدد ملتی ہے۔ انیسویں صدی کے آخری حصے میں اس نظرئے کی بہت مخالفت کی گئی۔ مگر یہ رد عمل اب بہت کم ہو گیا ہے اور لاک کے خیالات کی خوبی ایک حد تک تسلیم کی جاتی ہے۔

لاک کے تعلیمی مقاصد کے ۴ حصے کئے جا سکتے ہیں۔ نیکی، فہم، تربیت اور تعلیم۔ مگر اس نے اپنی کتابوں میں اس امر کی وضاحت نہیں کی ہے کہ طلبہ کو نیکی کس طرح سکھائی جائے۔ اسی طرح فہم کے باب میں بھی کوئی وضاحت نہیں پائی جاتی۔ گو اس نے بیان کیا ہے کہ فہیم وہی شخص ہے جو روزمرہ زندگی کامیابی سے بسر کرے۔ بچوں کی تربیت کے متعلق بھی اس نے اپنے خیالات کی توضیح نہیں کی ہے۔ البتہ تعلیم کے متعلق ایک تفصیلی اور مقرون تجویز پیش کی ہے۔ اس نے نصاب تعلیم کے چھ حصے کئے ہیں۔ پہلے حصے میں پڑھنا، لکھنا اور نقاشی شامل ہے۔ دوسرے حصے میں جدید و قدیم السنہ کی تعلیم شریک ہے۔ تیسرے حصے میں جغرافیہ حساب، ہیئت تاریخ اور ہندسہ شریک ہیں۔ چوتھا حصہ وہ ہے جس میں اخلاقیات۔ ملکی اور بین الاقوامی قانون شامل ہیں۔ پانچویں حصے میں فن تقریر و تحریر اور ان کے لوازمات شریک ہیں اور آخری حصے میں گھوڑے کی سواری، رقص، دستی مشاغل باغ بانی وغیرہ کے حصول کی سفارش کی گئی ہے۔

اس نصاب سے واضح ہے کہ لاک کے تعلیمی خیالات میں کافی وسعت تھی اس میں

میں وہ تمام مضامین شریک ہیں جو ہماری روزمرہ زندگی میں کارآمد ہوتے ہیں۔ البتہ اس نصاب میں قدیم السنہ پر زیادہ زور نہیں دیا گیا اور نہ فنون لطیفہ کو جگہ دی گئی۔ کیونکہ لاک اُن کی تحصیل کو نسبتاً کم مفید سمجھتا تھا۔ بجائے ان کے قانون اور عملی مصروفیات پر وہ زیادہ زور دیتا تھا۔

لاک کے خیالات کا اثر صرف انگلستان تک ہی محدود نہیں۔ سارے یورپ میں اس کے تعلیمی خیالات کا اثر پایا جاتا ہے۔ مثلاً فرانس اور جرمنی میں جسمانی تربیت کو جو اہمیت دی جاتی ہے وہ اس کے خیالات کا اثر ہے گو فلسفے کا ماہر ہونے کی حیثیت سے بھی اس کو کافی شہرت حاصل ہے۔ مگر تعلیمی خیالات کے لحاظ سے بھی نہ صرف انگلستان بلکہ سارے یورپ کا ایک قابل قدر ماہر تعلیم شمار کیا جاتا ہے۔

---

# کارگذاری انجمن اساتذہ بلدہ

## بابتہ ششماہی دوم سنہ ۴۳ف

(از مرزا غیاث الدین بیگ صاحب۔ بی۔ اے۔ بی ٹی ناظم تعلیمات ملدہ)

انجمن اساتذہ بلدہ کے حسابات بابتہ سنہ ۴۳ف کی تنقیح کے لئے مسٹر وینکٹ رسمم و مولوی شرف الدین صاحب کو مقرر کیا گیا تھا، جنہوں نے بعد تنقیح ایک مبسوط رپورٹ پیش کی۔ اس رپورٹ پر رائے ظاہر کرنے اور طریقہ کار کے متعلق مفید مشورہ دینے کے لئے ایک ذیلی کمیٹی جو ارکان ذیل پر مشتمل تھی مقرر کی گئی - جناب مولوی سید خیرات علی صاحب۔ جناب مولوی سعادت اللہ خاں صاحب و جناب مولوی عبدالوہاب صاحب معتمد عمومی۔

اس کمیٹی کے دو جلسے منعقد ہوئے۔ جس میں رپورٹ مرتب کر کے مرکزی انتظامی کمیٹی میں پیش کی گئی۔ جو بہ غلبۂ آرا منظور ہوئی۔ امید ہے کہ اس رپورٹ پر عمل پیرا ہونے سے کارپردازان انجمن کو سہولت ہوگی۔

آیندہ سالانہ کانفرنس کا اجلاس ماہ دسمبر ۴۴ء ف کے ہفتہ اول میں منعقد ہونا قرار پایا ہے۔ کانفرنس کی تاریخ مقرر کرنے و دیگر ضروری انتظامات پر غور کرنے کے لئے حسب ذیل ارکان کی ایک ذیلی کمیٹی مقرر ہوئی۔ یقین ہے کہ ارکان کمیٹی کے مفید مشوروں سے کانفرنس نہایت کامیاب ثابت ہوگی۔

(۱) جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔اے میر مجلس انجمن۔
(۲) " " سید خیرات علی صاحب۔
(۳) " " عبدالستار صاحب سبحانی۔
(۴) " " سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی۔
(۵) " مس ولبسٹر۔
(۶) " مسٹر جی۔ سندرم۔
(۷) " مسٹر چندراورکر۔
(۸) " مولوی نظیر حسین شریف صاحب۔
(۹) معتمد عمومی۔

جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب اسپیشل مددگار نظامت تعلیمات ملک سرکار عالی کا جو وائس پریسیڈنٹ انجمن تھے صدر مہتممی تعلیمات اورنگ آباد پر تبادلہ ہونے سے مرکزی انتظامی کمیٹی نے جناب مولوی عبدالستار صاحب سبحانی کو بہ غلبۂ آرا وائس پریسڈنٹ مقرر کیا ہے۔

جناب مولوی سالم بن سعید صاحب کو جو بغرض تعلیم ولایت گئے ہیں مرکزی انتظامی کمیٹی نے آخر ماہ اگسٹ میں آل ورلڈ ایجوکیشن کانفرنس میں بہ مقام وائنا (آسٹریا) شرکت کے لئے انجمن ہذا کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے۔

سر ماہی حال میں مختلف مراکز انجمن میں حسب ذیل عنوان مباحث کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔

(۱) کتب خانۂ مدرسہ اور طلبہ کا اُس سے استفادہ۔
(۲) یہ کہاں تک ممکن ہے کہ مروجہ تحریری امتحان کے ساتھ ساتھ تقریری آزمائش بھی شریک رہے۔
(۳) ہر مرکز میں عنوان کشادہ پر ایک لکچر ہو اور جناب سید محمد ہادی صاحب سے استدعا کی جائے کہ اس کا انتظام فرمائیں۔ (۴) مادری زبان کی تعلیم۔

مسٹر ترے صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ امدادی اعزہ کے انتقال پُر ملال پر مرکزی انتظامی کمیٹی نے اُن کے پس ماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا۔

# تنقید و تبصرہ

**شہادت نامہ** مولوی عبد السلام صاحب ذکی بی۔ اے (عثمانیہ) کی تازہ تالیف ہے۔ واقعہ فاجعہ کربلا کو نہایت سلیس اور عام فہم زبان میں مستند تواریخ سے قلم بند کیا ہے، واقعات کا تسلسل اور اُن کی صحت نیز ارتقائے مضامین قابل تعریف ہونے کے علاوہ اسالیب بیان مؤثر اور پُر درد ہیں۔

قیمت ایک روپیہ سکہ عثمانیہ۔ حیدر آباد کے مشہور کتب فروشوں سے مل سکتی ہے۔

**گلزار اطفال** یہ مجموعہ جو ۲۵ نظموں پر مشتمل ہے۔ مولوی عبد السلام صاحب ذکی کی ذکاوت طبعی کا نتیجہ ہے۔ ننھے ننھے بچوں اور لڑکوں کی جبلتوں کو پیش نظر رکھ کر اُن کے مذاق اور استعداد کے مطابق خوب خوب نظمیں لکھی گئی ہیں۔ اردو ادب میں ایسی نظموں کی کمی ہے۔ جس خوبی کے ساتھ ذکی صاحب نے اس کمی کو پورا کیا ہے وہ لائق داد اور قابل مبارک باد ہے یقین ہے کہ یہ مجموعہ قبول ہوگا اور تونہالان ملک اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

قیمت ۶ر حیدر آباد کے مشہور کتب فروشوں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**راہ سعادت** جماعت تحتانیہ کی اخلاقی تعلیم کے لئے سررشتہ تعلیمات کے ایک پختہ کار مدرس مولوی محسن خاں صاحب متین نے تالیف کی ہے۔ اس میں گیارہ عنوانات پر نہایت ہی سلیس اور سبق آموز حکایات قلم بند کی گئی ہیں جو ہندو اور مسلمان طلبہ دونوں کے لئے یکساں طور پر مفید ہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ متین صاحب نے چھوٹے بچوں کے استعداد کے مطابق بالکل اُن کی سطح پر آکر یہ کتاب تالیف کی ہے۔ ایسی کتابوں کی اُردو ادب میں بہت کمی ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب طلبہ کے لئے مفید ثابت ہوگی۔

قیمت ۴ر ۶ر۔ مؤلف یا حاجی غلام دستگیر تاجر کتب حیدر آباد سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**اصول حفظ صحت** مؤلفہ سید شرف الدین قادری ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی

چونکہ مضمون حفظ صحت مدارس سرکار عالی میں داخل نصاب ہے اس لئے اس مضمون پر بچوں کے لئے چھوٹے چھوٹے رسالے تالیف ہوئے ہیں اُن میں سے "اصول حفظ صحت" مؤلفہ سید شرف الدین قادری ایم۔ اے۔ بی ٹی بھی ہمیں ریویو کی غرض سے وصول

ہوا ہے اس رسالے کو شروع سے آخر تک پڑھنے کے بعد یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ یہ مدرسین کی رہنمائی کے لئے بہ نسبت بچوں کے زیادہ مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ کیوں کہ اس میں بیماری کے عام اسباب ہوا، پانی، غذا، روشنی، ورزش، صفائی، امراض متعدی وغیرہ کے متعلق بالکل سائنٹیفک طریقے پر بحث کی گئی ہے بچے خود اس کو پڑھ کر بغیر ایک قابل مدرس کی مدد کے سمجھ نہیں سکتے البتہ جماعت ہفتم کے بچے اس کو سمجھ سکیں تو سمجھ سکیں اگر انہیں مباحث کو جدید اصول تعلیم کے مطابق آسان اور عام فہم سوال و جواب کی شکل میں پیش کیا جاتا اور موقع بہ موقع بچوں کی دل چسپی کے لئے تصویریں بھی دی جاتیں تو طبقہ تحتانیہ کے لئے نہایت موزوں ثابت ہوتا۔

حفظان صحت کی ترکیب صحیح نہیں ہے اس کی جگہ حفظ صحت استعمال ہونا چاہئے بررشتہ تعلیم کے ارکان کا فرض اولین ہے کہ الفاظ کی صحت کے متعلق کافی تحقیق سے کام لیں۔ گو عوام میں یہ غلط اصطلاح رائج ہے مگر ہمیں اس کی تقلید کی کیا ضرورت ہے۔ بجائے اصول حفظان صحت، اصول حفظ صحت، لکھنا درست ہوگا۔

آخر میں ہم قابل مؤلف کی تحقیق اور مضامین کی حسن ترتیب و اختصار کے معترف ہیں کہ انہوں نے ایک چھوٹے سے رسالے میں حفظ صحت کے متعلق کافی مواد جمع کر دیا ہے اور سب ضروری امور پر روشنی ڈالی ہے اور اس امر کی سفارش کرتے ہیں کہ جو اساتذہ صاحبان "حفظ صحت" پڑھاتے ہیں وہ ضرور اس رسالے کو اپنے پاس رکھیں گے۔

---

ضرب ۴۲۷ یہ ۴۷۸ سے تفریق کرنے پر باقی ۵۱ بچے۔ لہذا جواب ۶۷ اور باقی ۵۱۔

اس کے بعد متعدد سوالات اسی قسم کی مشق کے لئے دئے جائیں۔

اس کے بعد ایسی مثالیں پیش کی جائیں کہ خارج قسمت دریافت کرنے میں بچوں کو اور بھی مشکل محسوس ہو۔ یعنی مندرجہ بالا طریقوں پر صحیح خارج قسمت دریافت کرنے میں مشکل پیش آوے۔

مثال ۹۲ ÷ ۳۲

سوال مذکور کے حل میں یہ دیکھنا ہوگا کہ ۹ دہائیوں میں ۳ کتنی مرتبہ تفریق ہوسکتا ہے۔ جواب ۳ بار۔ اب ۳۲ کو ۳ میں ضرب دینے سے حاصل ضرب ۹۶ آتا ہے جو ۹۲ سے بڑا ہونے کی وجہ سے ۹۲ میں سے تفریق ہونا ممکن نہیں (حسابی لحاظ سے)۔ چونکہ ۹۲ میں سے ۹۶ تفریق نہیں ہوسکتا لہذا خارج قسمت ۳ صحیح نہیں ہوسکتا۔ اب ۳۲ کو ۲ میں ضرب دینا ہوگا جس کا حاصل ضرب ۶۴ ہے یہ ۹۲ میں سے تفریق کرنے پر باقی ۲۸ رہے لہذا خارج قسمت میں بجائے ۳ کے ۲ لکھنا ہوگا۔ جواب ۲ باقی ۲۸

```
   2
32 ) 92
     64
     28
```

اسی نمونہ کا دوسرا سوال ۲۶۵۵ ÷ ۴۹ دیکر بچوں سے حل کروایا جائے۔ نہ آنے کی صورت میں مدرس واضح طور پر سمجھائے اور مشق کرائے۔

**چھوٹی تقسیم میں باقی ظاہر کرنے کا طریقہ**

چھوٹی تقسیم میں باقی ظاہر کرنے کے دو طریقے ہوتے ہیں۔

مثال۔ ۲۴۷ ÷ ۷ کا عمل و جواب دو طرح سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(ا) ۷ ) ۲۴۷ باقی ۲ - ۳۵

(ب) ۷ ) ۲۴۷ $\frac{2}{7}$ ۳۵

یا خارج قسمت ۳۵ اور باقی ۲ یا $\frac{2}{7}$ ۳۵ جواب

ان میں سے طریقہ (ا) چھوٹی جماعتوں کے لئے استعمال میں لایا جائے۔ اور جماعت چہارم کے طلبہ کے لئے جن کو کسر کا تصور دلایا گیا ہو طریقہ (ب) بتایا جائے تو کچھ عیب نہ ہوگا۔ بعض طلبہ باقی کچھ اور ہی طریقہ سے ظاہر کرتے ہیں جو بالکل غلط ہے وہ مندرجہ بالا سوال کو حسب ذیل طور پر بتاتے ہیں۔ ۷ ) ۲۴۷ اس طریقہ سے باقی ظاہر کرنے میں ۳۵ اور ۲ ۳۵ + ۲ کے درجے بالکل ہی نظر انداز کئے جاتے ہیں۔ شاید اُن کا یہ خیال ہوگا کہ علامت + سے اور کے معنی ظاہر ہوتے ہیں لہذا ۳۵ + ۲ سے مراد

ان کے خیال سے خارج قسمت ۳۵ اور باقی ۲ ہوگا۔ اور باقی ۲ رہتے ہیں' اس جملہ کے بجائے مختصر طور پر +۲ لکھ دیتے ہیں جو بالکل غلط ہے۔

بعض طلبہ جواب لکھنے میں ایک اور غلطی کرتے ہیں وہ یہ بتاتے ہیں کہ جواب = ۳۵ باقی ۲۔ صحیح طریقہ یہ ہے کہ خارج ۳۵، باقی ۲ یا $۳۵\frac{۲}{۴۲}$ (جن کو کسر سے واقفیت ہو)

ایسی صورت میں طلبہ کو یہ بتایا جائے کہ ۳۵ + ۲ کے معنی ۳۷ ہوتے ہیں لہذا خارج قسمت اور باقی کو علامت + سے کبھی مربوط نہ کیا جائے۔ اُن کو علامت + سے الگ کیا جائے اور لفظ باقی استعمال میں لایا جائے۔

## تقسیم بذریعہ اجزاء ضربی

بعض وقت اجزاء ضربی کے ذریعہ تقسیم کا عمل زیادہ آسان ہوتا ہے۔

مثال۔ ۳۳۶ ÷ ۴۲


سوال مذکور کو اگر بذریعہ اجزاء ضربی حل کرنا ہو تو پہلے ۴۲ کے اجزاء ضربی دریافت کرنے ہوں گے۔

۴۲ کے اجزاء ضربی ۲ × ۳ × ۷ ہیں اِن اجزاء ضربی پر ۳۳۶ کو متواتر تقسیم کیا جائے۔

| | |
|---|---|
| ۸ | ۲) ۳۳۶ |
| ۴۲) ۳۳۶ | ۳) ۱۶۸ |
| ۳۳۶ | ۷) ۵۶ |
| خارج قسمت ۸ | ۸ جواب |

۴۲ {

تقسیم بذریعہ اجزاء ضربی مندرجہ ذیل شکل سے زیادہ واضح ہو سکتی ہے۔




تقسیم کے بغیر باقی کے سوالات اجزاء ضربی کے ذریعہ حل کرنا کسی قدر آسان ہے۔ مگر ایسے سوالات جن میں باقی بچے۔ حل کرنا مشکل ہے۔ ہر ایک جزو ضربی پر تقسیم کرنے سے باقی بچے تو جملہ باقی دریافت کرنا

چھوٹے بچوں کے لئے ایک پیچیدہ کام ہے۔ لہذا ایسے سوالات حل کرنے کا اور کل باقی دریافت کرنے کا قاعدہ احتیاط سے سمجھایا جائے۔ اور سہولت سے کام لیا جائے۔ عجلت سے کام لینا فائدہ مند نہ ہوگا اجزاء ضربی کی تقسیم میں باقی دریافت کرنے کا مسئلہ پریشانی پیدا کرتا ہے۔ اور یہ طریقہ عام طور پر رائج بھی نہیں ہے۔ لہذا بالکل چھوٹے بچوں کو یہ قاعدہ سمجھانے میں زیادہ وقت صرف نہ کیا جائے۔ البتہ بڑی (اعلیٰ) جماعتوں کو حسب ذیل طریقہ پر یہ قاعدہ سمجھانا مناسب ہوگا۔

مثال۔ ۴۷ ÷ ۶ بذریعہ اجزاء ضربی ۶ کے اجزاء ضربی ۲ × ۳

| | |
|---|---|
| ۴۷ | ۲ |
| ۲۳ | ۳ |
| ۷ | |

← ڈھیر ہر ایک ڈھیر دو دو کا باقی ۱ اکائی

← ڈھیر ہر ایک ڈھیر چھ چھ کا باقی ۲ ڈھیر دو دو کے


جواب خارج قسمت ۷ کل باقی ۴ + ۱ یعنے ۵ اکائیاں یا ۴ اکائیاں

$$\begin{array}{r} 2 \overline{)47} \\ 3 \overline{)23} \\ \hline 7 \end{array}$$

باقی ۱ } = ۱ + ۴
باقی ۲ × ۲ = ۴

∴ کل باقی ۱ + ۴ = ۵

مثال ۴۷ ÷ ۶




$$\begin{array}{r} 7 \\ 6 \overline{)47} \\ 42 \\ \hline 5 \end{array}$$

خارج قسمت ۷ باقی ۵ (= ۴ + ۱)

مثال۔ ۳۷ ÷ ۱۵ بذریعہ اجزاء ضربی

۱۵ کے اجزاء ضربی ۳ × ۵

$$\begin{array}{r} 2 \\ 15 \overline{)37} \\ 30 \\ \hline 7 \end{array}$$

خارج قسمت

باقی

| | |
|---|---|
| ۳۷ | ۳ |
| ۱۲ | ۵ |
| ۲ | |


← ڈھیر تین تین کے باقی ۱ اکائی

← ڈھیر پندرہ پندرہ کے باقی ۲ ڈھیر تین تین کے یعنے ۶ اکائیاں

∴ کل باقی ۶ + ۱ = ۷

∴ جواب خارج قسمت ۲ اور کل باقی ۷

مثال۔ مذکور کو بذریعہ شکل زیادہ واضح کیا جا سکتا ہے۔




∴ جواب خارج قسمت ۲ باقی ۶ + ۱ یعنی ۷

۲
۳۷ (۱۵
۳۰
۷

مثال۔ ۲۳۷ ÷ ۴۲ کو بذریعہ اجزاء ضربی حل کرو۔

۴۲ کے اجزاء ۲ × ۳ × ۷ عمل حسب ذیل ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| | ۲ | ۲۳۷ |
| باقی ۱ | ۳ | ۱۱۸ |
| باقی ۱ | ۷ | ۳۹ |
| باقی ۴ | | ۵ |

اگر سوال کا حل اس طرح بتایا جائے تو نیچے کل باقی کو ٹھیک طور پر نہیں بتا سکیں گے۔ ہر ایک باقی میں باقی کا درجہ (اصل مقدار) اگر معلوم ہو تو کل باقی دریافت کرنا آسان ہوگا۔

متذکرہ بالا سوال میں ۲۳۷ کو ۲ پر تقسیم کرنے سے ۱۱۸ حصے ہوں گے ہر ایک حصے میں دو دو اکائیاں ہوں گی اور باقی ۱ اکائی رہیگی ۱۱۸ حصوں کو ۳ پر تقسیم کرنے سے ۳۹ حصے بڑے ہوں گے اور ہر ایک ایسے حصے میں ۲ × ۳ یعنی چھ چھ اکائیاں ہوں گی اور باقی ایک حصہ دو اکائیوں کا رہے گا یعنی یہاں ایک کی اصل قیمت ۱ × ۲ = ۲ ہے یعنی دوسری تقسیم میں دراصل ۲ اکائیاں باقی رہیں۔ ۳۹ بڑے حصوں کو اور ۷ بہت بڑے بڑے حصوں میں تقسیم کیا تو ایسے حصوں کی تعداد ۵ ہوئی لیکن ہر ایک حصہ کی مقدار دراصل ۲ × ۳ × ۷ = ۴۲ ہوئی اور باقی ۴ بڑے حصے رہے۔ اُن ۴ حصوں کی اصل مقدار ۴ × ۶ = ۲۴ اکائیاں ہے یعنی تینوں تقسیم میں اصل باقی بالترتیب ۱، ۲، ۲۴ اکائیاں رہی یعنے کل باقی ۱ + ۲ + ۲۴ = ۲۷ اکائیاں ہوئیں جس کی تصدیق لمبی تقسیم سے کی جا سکتی ہے۔

۵ خارج قسمت
۴۲) ۲۳۷
۲۱۰
۲۷ باقی

۴۲ = ۶ × ۷

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۲ | ۲۳۷ |
| | ۳ | ۱۱۸ ڈھیر دو دو کے ڈھیر باقی ۱ اکائی |
| ۷ | | ۳۹ ڈھیر (۲×۳) کے باقی ایک ڈھیر دو کا یعنی اصل باقی ۲ |
| | | ۵ = ۶ |


ڈھیر (۲×۳×۷) کے باقی ۴ ڈھیر ۲×۳ کے یعنی اصل باقی

۴۲ = ۴ × ۳ × ۲ = ۲۴

∴ خارج قسمت ۵، باقی ۲۴ + ۲ + ۱ = ۲۷

∴ جواب ۵ باقی ۲۷

مثال مذکور کی تصدیق بذریعہ شکل۔




خارج قسمت ۵ باقی ۱ + ۲ + ۲۴ = ۲۷

اجزاء ضربی کے ذریعہ تقسیم سمجھنے اور سمجھانے میں کسی قدر مشکل تو محسوس ہوگی۔ اس کے عادی ہونے کے لئے بہت کچھ مشق کی ضرورت ہے۔ چھوٹے ہندسوں کی حد تک یہ طریقہ آلات تعلیمی کے ذریعہ سمجھایا جاسکتا ہے۔ بڑے بڑے اعداد کی تقسیم کے لئے صرف الفاظ اور علامات ہی کام میں لانے پڑتے ہیں۔ مدرس صبر سے کام لے تو وہ کامیاب ہوسکتا ہے۔ جس قدر دیگر قاعدوں کے سوالات عجلت اور صحت کے ساتھ حل کرنا مشق پر مبنی ہے اسی قدر اس میں بھی سوالات عجلت اور صحت کے ساتھ حل کرانے کی غرض سے کافی مشق کی ضرورت ہے۔

## لمبی تقسیم کا ایطالوی ( Italian ) یا آسٹریائی ( Austrian ) طریقہ

مندرجہ ذیل مثال کا عمل لمبی تقسیم اور ایطالوی طریقہ تقسیم سے بتایا جاتا ہے۔

مثال۔ ۱۴۹۷۸۹ ÷ ۶۵

معمولی طریقہ

۲۳۰۴ خارج قسمت
۶۵ ) ۱۴۹۷۸۹
۱۳۰
۱۹۷
۱۹۵
۲۸۹
۲۶۰
۲۹ باقی

ایطالوی یا اسٹریائی طریقہ

۲۳۰۴
۶۵ ) ۱۴۹۷۸۹
۱۹۷
۲۸۹
۲۹ باقی

ایطالوی طریقہ تقسیم میں ضرب اور تکمیلی جمع کے عمل دل میں ہی کرنے ہوتے ہیں صرف باقی نیچے اتارا جاتا ہے۔ ایطالوی طریقہ تقسیم کا عمل الفاظ میں ذیل میں درج ہے۔

(ا) ۲ پنجے ۱۰ اور ۹ ۱۹ حاصل آیا ۱
۲ چھکے ۱۲، ۱۲ اور ۱ ۱۳، ۱۳ اور ۱ ۱۴ } پہلی باقی ۱۹ اوپر لئے ۷

(ب) ۳ پنجے ۱۵ اور ۲ ۱۷ حاصل آیا ۱
۳ چھکے ۱۸ اور ۱ ۱۹ اور صفر ۱۹ } دوسری باقی ۲ اوپر لئے ۸

(ج) ۲ کے ساتھ ۸ رکھنے سے ۲۸ ہوتے ہیں جو ۶۵ سے کم ہیں لہذا خارج قسمت میں صفر ۲۸ کے ساتھ ۹ لئے۔

(د) ۴ پنجے ۲۰ اور ۹ ۲۹ حاصل آئے ۲
۴ چھکے ۲۴ اور ۲ ۲۶ اور ۲ ۲۸ } آخری باقی ۲۹

یہ طریقہ بالکل مختصر اور سادہ ہے اور حقیقت میں بڑی عمر کے طلبہ کے لئے کافی شق ہونے پر یہ طریقہ آسان اور تیز بھی ہے۔ چھوٹے بچوں کو یہ طریقہ بتانا گویا اُن کو پریشان کرنا ہوگا۔

ایطالوی طریقہ سے تقسیم کے سوالات حل کرنے کے لئے بالکل ایک ہی طرف متوجہ رہنے کی ضرورت ہے ورنہ غلطی کا اندیشہ ہے۔ معمولی طریقہ سے سوالات حل کرنے میں غلطی اگر ہو تو اُس کو جلد معلوم کرسکتے ہیں۔ کیونکہ ہر ایک ذیلی اور جزوی عمل وہاں موجود ہوتا ہے۔ لیکن ایطالوی طریقہ میں غلطی ہو تو سوال پھر ابتدا سے کرنا پڑتا ہے۔ بعض وقت یہ طریقہ زیادہ طول طویل بھی ہوتا ہے۔ مثلاً تقسیم کے کسی سوال میں اگر خارج قسمت میں ۴۳۴۳ عدد آجائے تو طریقہ مذکور میں ۴ مرتبہ زبانی ضرب کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، لیکن معمولی طریقہ میں ۳ اور ۴ کی ایک مرتبہ کی ہوئی ضرب کی نقل اُتارنے سے کام ہوسکتا ہے یعنی صرف دو ہی مرتبہ ضرب

کا عمل کرنا پڑتا ہے۔

بعض لوگ تقسیم کے سوالات حل کرنے میں حسب ذیل طریقہ اختیار کرتے ہیں۔ مقسوم علیہ میں جو عدد ہو اُس کے اسے ۹ تک کے حاصل ضرب کاغذ کے ایک طرف لکھ رکھتے ہیں اور اُن میں سے جس حاصل ضرب کی ضرورت ہو اُس کو تفریق کے لئے اتار لیتے ہیں۔ مثلاً مندرجہ بالا مثال میں ۱۴۹۷۸۹ ÷ ۶۵ کا عمل کرنے کے لئے ۶۵ × ۹ تک کے حاصل ضربوں کا ایک نخشہ تیار کرتے ہیں اُن میں سے جس حاصل ضرب کی ضرورت ہو لیتے ہیں اور مقسوم میں سے تفریق کرتے ہیں۔ اس طریقہ سے غلطی ہونے کا اندیشہ کسی قدر کم ہوسکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | ۶۵ |
| ۲ | ۱۳۰ |
| ۳ | ۱۹۵ |
| ۴ | ۲۶۰ |
| ۵ | ۳۲۵ |
| ۶ | ۳۹۰ |
| ۷ | ۴۵۵ |
| ۸ | ۵۲۰ |
| ۹ | ۵۸۵ |

**تقسیم کے مختصر طریقے** بعض صورتوں میں تقسیم کے عمل میں ضرب کی مدد سے کسی قدر تخفیف ہوسکتی ہے۔ مثلاً

(۱) اگر کسی عدد کو ۵ پر تقسیم کرنا ہو تو اُس عدد کو ۱۰ پر تقسیم کیا جائے اور خارج قسمت کو ۲ میں ضرب دی جائے۔ یا پہلے ۲ میں ضرب دیکر بعد میں ۱۰ پر تقسیم کی جائے۔

مثال۔ ۱۳۲۵ ÷ ۵ = ۱۳۲٫۵ × ۲ = ۲۶۵

= (۲ × ۱۳۲۵) ÷ ۱۰ = ۲۶۵۰ ÷ ۱۰ = ۲۶۵

(۲) اگر کسی عدد کو ۲۵ پر تقسیم کرنا ہو تو اس عدد کو ۱۰۰ پر تقسیم کیا جائے اور خارج قسمت کو ۴ میں ضرب دی جائے یا پہلے ۴ میں ضرب دے کر بعد میں ۱۰۰ پر تقسیم کی جائے۔

مثال۔ ۱۳۲۵ ÷ ۲۵ = ۱۳٫۲۵ × ۴ = ۵۳

= (۴ × ۱۲٫۲۵) ÷ ۱۰۰ = ۵۳۰۰ ÷ ۱۰۰ = ۵۳

(۳) اگر کسی عدد کو ۱۲۵ پر تقسیم کرنا ہو تو اس عدد کو ۱۰۰۰ پر تقسیم کیا جائے اور خارج قسمت کو ۸ میں ضرب دی جائے یا پہلے ۸ میں ضرب دے کر بعد میں ۱۰۰۰ پر تقسیم کی جائے۔

مثال۔ ۱۶۲۵ ÷ ۱۲۵ = ۱۶۲۵ × ۸ ÷ ۱۰۰۰ = ۱۳

= (۱۶۲۵ × ۸) ÷ ۱۰۰۰ = ۱۳۰۰۰ ÷ ۱۰۰۰ = ۱۳

**ضرب کے مختصر طریقے** اب اُن کو ضرب کے بھی مختصر طریقے بتائے جاسکتے ہیں۔

(۱) اگر کسی عدد کو ۵ میں ضرب دینا ہو تو اُس عدد کو ۱۰ میں ضرب دے کر حاصل ضرب کو ۲ پر تقسیم کیا جائے۔

مثال۔ ۱۲ × ۵ = (۱۲ × ۱۰) ÷ ۲ = ۱۲۰ ÷ ۲ = ۶۰

(۲) اگر کسی عدد کو ۲۵ میں ضرب دینا ہو تو اُس عدد کو ۱۰۰ میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو ۴ پر تقسیم کیا جائے۔

مثال۔ ۲۴ × ۲۵ = (۲۴ × ۱۰۰) ÷ ۴ = ۲۴۰۰ ÷ ۴ = ۶۰۰

(۳) اگر کسی عدد کو ۱۲۵ میں ضرب دینا ہو تو اُس عدد کو ۱۰۰۰ میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو ۸ پر تقسیم کیا جائے۔

مثال۔ ۱۱۲ × ۱۲۵ = (۱۱۲ × ۱۰۰۰) ÷ ۸ = ۱۴۰۰۰

**تقسیم میں ذیل کے چار اعداد ہوتے ہیں** (۱) مقسوم علیہ (۲) مقسوم (۳) خارج قسمت (۴) باقی

اِن میں سے مقسوم علیہ اور خارج قسمت آپس میں تبدیل کئے جاسکتے ہیں بشرطیکہ باقی ہر دو سے کم ہو۔ لہذا مشق کے لئے مندرجہ ذیل قسم کے سوالات دیکر مُعرّا خانوں کی تکمیل بچوں سے کرائی جائے تو مناسب ہوگا۔

| مقسوم علیہ | مقسوم | خارج قسمت | باقی |
|---|---|---|---|
| ۲۳ | ۶۸۴۱ | ؟ | ؟ |
| ۲۷ | ؟ | ۱۳ | ۲۵ |
| ؟ | ۴۹۸۱ | ۲۷ | ؟ |
| ؟ | ۱۰۰۰ | ۱۲ | ۲۸ |

**مرکب قاعدے** سکے۔ وزن۔ ناپ۔ طول وغیرہ کے پیمانوں کا تصور پیمانے سکھاتے وقت مندرجہ ذیل اصول مدنظر رکھے جائیں۔

(۱) پیمانے حساب کی کچھ الگ شاخ نہیں ہیں۔ چند پیمانوں کا تصور پہاڑے سکھاتے وقت بھی دیا جاسکتا ہے۔ مثلاً ۴ پیسے کا ایک گنڈہ یا ۴ انگریزی (کلدار) پیسے کا ایک آنہ

وغیرہ پیمانے ۴ کا پہاڑہ سکھاتے وقت بتائے جا سکتے ہیں۔ اور اُس پر سوال بھی کئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً ۴ پیسے کا ایک گنڈہ ہوتا ہے تو ۱۲ پیسوں کے کتنے گنڈے ہوں گے ؟ کلدار ۴ پیسوں کا ایک آنہ ہوتا ہے تو ۲۰ پیسے کلدار کے کتنے آنے ہوں گے ؟ ۶ کا پہاڑہ پڑھاتے وقت اُن کو یہ بتایا جا سکتا ہے کہ ۶ پیسے حالی کا ایک آنہ ہوتا ہے ۱۲ پیسے حالی کے دو آنے ہوں گے ۱۸ پیسوں کے ۳ آنے وغیرہ اور اُس پر سوالات بھی کئے جا سکتے ہیں جو ۶ کا پہاڑہ استعمال میں لاکر بچے حل کر سکیں گے۔ مثلاً ۶ پیسے کا ایک آنہ ہو تو ۳۰ پیسے کے کتنے آنے ہوں گے۔

جہاں تک ہو سکے پیمانوں کی تفہیم بذریعہ اشیا متعلقہ دلائی جائے۔ مثلاً تولہ کا تصور روپیہ یا آدھا آنہ بتا کر دلایا جائے۔ اوزان کا تصور دلاتے وقت ترازو کا استعمال بچوں سے کرایا جائے انہیں کی کوشش سے چیزیں تُلوا کر پیمانہ اخذ کرایا جائے۔ ترازو کا استعمال کرکے ایک پلڑے میں ۵ تولے (روپے یا آدھ۔ آنے) اور دوسرے پلڑے میں چھٹانک کا بٹ رکھ کر اُن سے دونوں وزنوں کا مقابلہ کرا کے یہ نتیجہ اخذ کرایا جائے کہ ۵ تولے کا وزن ایک چھٹانک کے وزن کے برابر ہوتا ہے۔ یعنی ۵ تولے = ایک چھٹانک یہ پیمانہ ۵ کے پہاڑے کے ساتھ بتایا جا سکتا ہے تاکہ ۵ کے پہاڑے مشق اور چھٹانک کا تصور دونوں باتیں آسانی سے وقت واحد میں تکمیل کو پہونچ جائیں۔ ۲ آنہ کی ایک دوانی۔ چار آنہ کی ایک چوانی ۲ چونّیوں کی ایک اٹھنّی ۴ چونّیوں کا ایک روپیہ وغیرہ کے پیمانے پہاڑوں کے ساتھ بھی بتائے جا سکتے ہیں۔

(۲) پیمانے ایسے ہی بتائے جائیں کہ جو روزمرہ کاروبار میں یا لین دین میں استعمال میں آتے ہوں۔ جماعت اول کے طلبہ کو پنس۔ شلنگ۔ پونڈ وغیرہ کے پیمانے بتانے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ کیوں کہ یہ سکے ہندوستان میں رائج نہیں ہیں اور وہ اکثر طلبہ کے دیکھنے میں بھی نہیں آتے۔ البتہ پیسہ۔ پاؤ آنہ (کلدار)۔ آنہ دوانی وغیرہ سکے وہ ہر روز دیکھتے ہیں لہذا اِن پیمانہ کی تفہیم دینے میں کچھ ہرج نہیں ہے۔ اسی طرح دوسری جماعت کو اونس۔ پونڈ۔ کوارٹر وغیرہ ٹن تک کا پیمانہ بتانا بھی بے سود ہے کیونکہ یہ اوزان اُن کے دیکھنے میں نہیں آتے۔ البتہ ماشہ۔ تولہ چھٹانک۔ پاؤ سیر۔ سیر وغیرہ اوزان و ناپ بتا کر پیمانہ سکھایا جائے۔

(۳) پیمانوں کی لفظی تعلیم ہرگز نہ دی جائے۔ کیوں کہ محض لفظی معلومات دل پر نقش نہیں ہو سکتے۔ اور جلد بھول جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔ لہذا اُن کی تعلیم حتی الامکان بہ ذریعہ اشیاء متعلقہ ہی دی جائے۔ سکّوں کا پیمانہ بتاتے وقت سکّے بتائے جائیں۔ ہاتھ میں دئے جائیں

بچوں میں مختلف سکّے تقسیم کرا کے آپس میں اُن کا تبادلہ کرایا جائے مثلاً کسی کے پاس ۴ چونّیاں ہوں وہ جس کے پاس ایک روپیہ ہو اُس کو ۴ چونّیاں دے کر اُن کے عوض میں ایک روپیہ لے لئے۔ ۴ دوانّیاں جس کے پاس ہیں وہ اٹھنّی والے کے پاس جاکر ۴ دوانّیاں دے کر ایک اٹھنّی لے گا۔

